UNIVERSAL
LIBRARY

OU_224503

UNIVERSAL
LIBRARY

۹۸۰۷

نمبر ۷۸۶

تذکرۂ ادویۂ طبی

المعروف بہ

مخزن الادویہ

یعنی

ڈاکٹری نئی ادویہ کا مبسوط مکمل رسالہ

مشتمل بر

کیمیائی نباتی جمادی حیوانی ہیئت ادویہ مانعہ تحفظات بدرت ادرات کے تجویز اجزاء اعمال وخواص طریق استعمال مقدار خوراک کا مفصل بیان اور آخر میں ایک فرہنگ بطور ضمیمہ جس میں ڈاکٹری اصطلاحات کی طبی مترادفات سے صحیح تطبیق کیگئی ہے اور علاوہ ازیں بعض کثیر الاستعمال ادویہ کی طبی تاریخ نہایت شرح وبسط کے ساتھ درج ہے

مولفہ

مالجناب سید عبدالرزاق صاحب ایم۔ پی سی۔ آئی (لندن)، ممبر برٹش فارماسیوٹیکل کنفرنس

آف

مسرس سید عبدالرزاق اینڈ کو کسٹ خاص

مطبوعہ حسینی پریس واقع پرانی حویلی حیدرآباد دکن

سنہ ۱۳۳۴ھ

تعداد طبع ۱۰۰۰ جلد

اس کے جملہ حقوق محفوظ ہیں

اعلیحضرت بندگانعالی متعالی مدظلہ العالی

۶۸۶

برکات عثمانی

المعروف بہ

مخزن ادویہ جدیدہ

یعنی

ڈاکٹری نئی ادویہ کا مبسوط و مکمل مخزن

مشتمل بر

کیمیائی، نباتی، جمادی، حیوانی، پیٹنٹ ادویہ ساختہ حکمائے یورپ اور انکے ترکیبی اجزا افعال و خواص، طریق استعمال، مقدار خوراک کا مفصل بیان اور آخر میں ایک فرہنگ بطور ضمیمہ جس میں ڈاکٹری اصطلاحات کی یونانی طبی مترادفات سے صحیح تطبیق کیگئی ہے اور علاوہ ازیں کثیر الاستعمال ادویہ کی طبی تاریخ نہایت شرح و بسط کے ساتھ درج ہے

مولفہ

عالیجناب سید عبدالرزاق صاحب ایم بی سی۔ آئی (لنڈن)، وممبر برٹش فارماسیوٹیکل کنفرنس

آف

مسرس سید عبدالرزاق اینڈ کو کمسٹ خاص

مطبوعہ چشمہ برقی پریس واقع پرانی حویلی حیدرآباد دکن

۱۳۳۴ھ

بار اول

تعداد طبع ایکہزار جلد

(رجسٹرڈ نمبر ۲)

قیمت علاوہ محصول ڈاک (صحہ ہمسکہ عثمانیہ (۷) سکہ صورتی

فہرست مضامین کتاب

دیباچہ	از یک تا ۱۶ صفحہ
اصل مضامین	از یک تا ۷۰۹ صفحہ
فرہنگ	از صفحہ ۷۱۰ تا صفحہ ۱۲۵۸
فہرست ادویہ مندرجہ کتاب اور انکی تقسیم بلحاظ افعال و خواص	از صفحہ ۱۲۵۹ تا صفحہ ۱۳۰۹
فہرست عوضات	از صفحہ ۱۳۱۰ تا صفحہ ۱۳۲۱
فہرست ادویات متشابہتہ الاثرات	از صفحہ ۱۳۲۲ تا صفحہ ۱۳۲۸
فہرست ادویات جو بطور بدرقہ استعمال کیجاتی ہین ۔	از صفحہ ۱۳۲۹ تا صفحہ ۱۳۳۰
فہرست امراض بہ تصریح ادویات	از صفحہ ۱۳۳۱ تا صفحہ ۱۴۰۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ مَا خَلَقَ دَاءً اِلَّا خَلَقَ لَہٗ دَوَاءً وَجَعَلَ الصِّحَّۃَ مِنْ اَفْضَلِ النِّعَمِ اَعُوْذُ بِہٖ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِہٖ وَتَحَوُّلِ عَافِیَتِہٖ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَیْرِ الْخَلَائِقِ وَاَفْضَلِ الْبَشَرِ وَشَفِیْعِ یَوْمِ الْحَشْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَدِیْنَۃِ الْعِلْمِ الَّذِیْ فِیْ شَاْنِہٖ یُعَلِّمُھُمُ الْکِتَابَ وَالْحِکْمَۃَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ

اُس حکیم حقیقی کا لاکھ لاکھ شکر ہے جس نے جمیع مفردات کو پیدا کیا اور ہر ایک مرض کے لیے سیکڑوں دوائیں خلق فرمائیں اور ہر دوا میں جو افعال و خواص مضمر رکھے ہیں اگرچہ وہ ایک حد تک معلوم ہو سکتے ہیں لیکن کما حقہٗ اُن کی حقیقت معلوم کرنے سے انسان کے حواس ظاہری و باطنی معذور ہیں اور سخت سے سخت حالت مرض میں اُن کے تاثیرات کا دفع مبدأ فیاض کے کمال صنعت پر گواہ ہے۔ منافع کثیرہ کا اجزائے نباتات و جمادات وغیرہا میں وضع کرنا

اُس کے بے انتہا عنایت کی دلیل ہے اور مرکبات مین جو خواص عجیبہ و اسرار غریبہ
اُس نے ودیعت کی ہین۔ اُس کے بیان سے زبان قاصر ہے غرض کائنات کی ہر ایک
شئے اُس کی اعلیٰ صنعت کا نمونہ اور معرفت کردگار کا ذریعہ ہے ؎

برگ درختان سبز در نظرِ ہوشیار
ہر ورقے دفتریست معرفت کردگار

اور درود نامحدود اُس سردار دو عالم پر نازل ہو جو باعث تکوین کونین اور معلم
علم حقایق الاشیا ہین اور امراض ضلالت کے دافع و مانع اور جن کا نام پاک
علل جسمانی و روحانی کے لئے موجب شفا ہے۔ خوش نصیب ہے وہ شخص جس کے
مزرع دل مین سید الحرمین شافع المذنبین کا تخم الفت ہو اور صلوات وسلام آل اطہار
و اصحاب کبار رضی اللہ عنہم پر جن کی پیروی خوشنودی خدا و رسول ہے اور اُنکی
اطاعت عین اطاعت احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

حشمت
بگوہتہ دل سے ستاد و نیاز فلک بارگاہ سلطان زمان رستم دوران دارا
سکندر شوکت حامی شریعت مظفر الممالک آصف جاہ نظام الملک **نواب**
میر عثمان علی خان بہادر حضور پرنور حضرت بندگان عالی متعالی
مدظلہم العالی خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ کا شکریہ ادا کرنا واجب ہے جن کے عہد معدلت
مہد مین رعایا شاد و آباد اور ترقی علوم و فنون کا آوازہ بلند ہے اور جس کی
سرکار ہمیشہ علم و فن کی سرپرستی کرتی آئی ہے۔

ناظرین دالاتمکین کی خدمت مین یہ ناچیز سید عبد الرزاق ابن سید سلطان صاحب کان اللہ لہم مالک شاپ سید عبد الرزاق اینڈ کو کمسٹ خاص اعلیحضرت بندگان عالی متعالی مدظلہم العالی عرض پرداز ہے کہ ملک ہندوستان مین عرصہ دراز سے جدید ادویات ساختہ یورپ و امریکہ استعمال ہو رہے ہین جن کے افعال و خواص و طریق استعمال انگریزی زبان مین ہین چنانچہ پبلک اردو زبان مین اُن کے اجزائے ترکیبی اور منافع و ماہیت پر بخوبی واقفیت حاصل کرنے کے لئے مضطرب ہے اسلئے راقم کو یہ خیال ہوا کہ ایک ایسی کتاب لکھی جائے کہ جس مین اُن تمام نئی ادویہ کے حالات مندرج ہون جنکا ذکر موجودہ اردو کتابون مین نہین ہے تاکہ اطباء یونانی اور اردو دان ڈاکٹر فائدہ اُٹھا سکین مگر دنیوی کاروبار نے کچھ ایسا عدیم الفرصت بنا رکھا تھا کہ بادی النظر مین اس کام کا انجام پانا ہی مجھ سے دشوار تھا لیکن احباب کے اصرار اور پبلک کے احساس سے متاثر ہوکر راقم کو اس کام کے لئے کچھ وقت نکالنا ہی پڑا اور کئی سال کی باقاعدہ محنت کے بعد کتاب تیار ہوئی چونکہ اس کا موضوع جدید ادویہ ہے اسلئے **برکات عثمانیہ** معروف بہ مخزن ادویہ جدیدہ نام رکھا۔

مخفی مباد کہ تمامی ادویات مندرجہ کتاب اقسام ذیل پر منقسم ہین -

(۱) کیمیائی۔ جو کہ کیمیائے جدید کے اصول پر تحلیل و ترکیب کے عمل سے تیار کی جاتی ہین جیسے یوکین۔ ہیوسین۔ اسپامین۔ اسی ٹوزون وغیرہ -

(۲) نباتی۔ جو نو دریافت شدہ جڑی بوٹیون سے قوی الاثر جوہر اور ربوب وغیرہ کی صورت مین بنائی جاتی ہین جیسے یوسیم ہن۔ اپیال وغیرہ۔

(۳) جمادی۔ جو سونے چاندی اور گندھک وغیرہ معدنیات سے بنتی ہین جیسے آرگونن۔ ارجنٹو فارمن وغیرہ۔

(۴) حیوانی۔ جو حیوانات وغیرہ کے خون اور اجزا سے ترکیب دیجاتی ہین مثلاً انٹی تھیرائیڈن وغیرہ۔

(۵) پیٹنٹ یعنی رجسٹر شدہ جن کو حق ہن۔ فرانس۔ انگلستان اور امریکہ وغیرہ کے نامی گرامی اطبائے حاذق اور ماہران علم الادویہ نے تیار کیا ہے۔ جیسے سفائی ماگلائی سن، گلی کو بنائی مولن وغیرہ۔ ان رجسٹر شدہ ادویات مین سے اکثر و بیشتر ایسی ہوتی ہین کہ اُن کے اجزا کا سوائے اُن کے موجد کے کسی اور کو علم نہین ہوتا لیکن حال مین چند ماہران فن نے اُن کے اجزا بھی تحلیل کیمیائی کے اصول پر دریافت کر لئے ہین۔

تقریباً ہر دوا کا بیان مندرجۂ ذیل معلومات پر حاوی ہے۔

(۱) علمی و تجارتی مترادفات و مصطلحات۔ (۲) ماہیت (۳) منابع یا ماخذات (۴) اجزائے ترکیبی (۵) بنانے کی ترکیب (۶) وزن متناسبہ (۷) تحلیلات (۸) نقطۂ گداخت (۹) تقضیات (۱۰) افعال و خواص (۱۱) طریق استعمال (۱۲) مقدار خوراک۔

کتاب ہذا مین بعض ایسے ادویہ بھی ہین جن کے متعلق بہت کم صراحت درج ہے لیکن اُس کی وجہ یہ نہین کہ مولف نے مطالب کے فراہم کرنے مین تساہل کیا ہو بلکہ اُن ادویہ کے متعلق صرف اُسی قدر کیفیت دستیاب ہوئی جو بجنسہ لکھدی گئی ہے۔

ورق گردانی سے بچنے کے لئے اسمار ادویہ کو ردیف وار یعنی اُردو حروف تہجی کے لحاظ سے ترتیب دیا گیا ہے و نیز صحت تلفظ کے لئے اُن پر اعراب لگائے گئے ہین اور اُن کے نام انگریزی حروف مین بھی لکھے گئے ہین۔ کسی دوا کے ضمن مین اگر انگریزی ادویات کا ذکر آیا ہو (خواہ اُن کا اندراج اجزائے ترکیبی کی حیثیت سے ہو یا کسی اور وجہ سے) تو قوس مین اُن کے عربی فارسی اُردو نام تحریر کئے گئے ہین تاکہ اُنکی حقیقت حاملین طب قدیم پر منکشف ہو جائے۔ ادویہ مفیدہ اور کثیر الاستعمال کے بیان مین خاص شرح و بسط سے کام لیا گیا ہے۔

آخر کتاب مین بطور ضمیمہ ایک فرہنگ لگا دی گئی ہے جس مین عربی فارسی و انگریزی اور غیر مانوس الفاظ کی توضیح اور اصطلاحات فن کی تشریح کی گئی ہے اس طرح لفظی اختلاف کو دور کرکے کسی شئے کی اصلیت کو ظاہر کیا گیا ہے جس سے وہ نفرت جو اطبا مین ڈاکٹری ادویہ کے استعمال کی نسبت پیدا ہے دور ہو جائے اور بیان ادویات مندرجہ کتاب مین جو دوائین ضمناً لکھی گئی ہین اُن کی کیفیت مع افعال وخواص و مقدار خوراک وغیرہ فرہنگ مین درج ہے۔ علاوہ ازین بعض جگہ محققانہ نوٹ۔ لکھے گئے ہین جن کے مطالعہ سے حاملین طب جدید و قدیم کے اشتباہات

دور ہو جائین گے مثلاً دیکھو بیان آرس روٹ و نبزائن وغیرہ -

ادویات مندرجہ کتاب کے افعال و خواص کی فہرست بھی شامل ہے جس مین اُن کی تقسیم بلحاظ اُن کی تاثیرات کے کی گئی ہے ورنہ ناظرین کو متفرق الاثر ادویات کا معلوم کرنے مین بیحد دقت ہوتی اور ایک فہرست اُن امراض کی دی گئی ہے جن مین ادویات مندرجہ کتاب استعمال کی جاتی ہین - یہ بڑی کارآمد فہرست ہے جس کے ذریعے سے ہر خواندہ شخص یہ معلوم کرسکتا ہے کہ کس مرض مین کونسی دوا استعمال ہین -

یہ ظاہر ہے کہ جس طرح ہر شخص اپنی زبان مین اپنے مافی الضمیر کو ادا کرسکتا ہے اس طرح کسی دوسری زبان مین ادا کرنے سے قاصر رہتا ہے - اس کے علاوہ اپنی مادری زبان مین جو خوبیان ہوتی ہین اور اُس مین علوم و فنون کا حصول جس درجہ آسان ہے اُن مین سے ایک بھی غیر زبان کو حاصل نہین جس قوم نے اپنی زبان مین علوم و فنون حاصل کئے وہ بہت جلد بام ترقی پر پہنچ گئی دنیا مین کوئی ایسی مثال نہین ملتی کہ کسی قوم نے اپنی زبان کے علاوہ دوسری زبان مین علوم و فنون حاصل کی ہو اور ترقی یافتہ قومون مین اُس کا شمار ہو تاریخ اس کی گواہ ہے اور واقعات اس کے موید کہ جتنی ترقی یافتہ قومین گذرین یا اب موجود ہین اُنہون نے پہلا کام یہ کیا کہ علوم و فنون کے تراجم اپنی زبان مین کئے اور اُن کا حصول اُن اقوام کیلئے معراج ترقی کا باعث ہوا - عربون نے یہی کیا، یورپ اسی اصول پر کاربند ہوا،

جاپان نے اسی کو اپنا دستور العمل بنایا پھر اس سے جو عمدہ نتائج پیدا ہوئے وہ روز روشن کی طرح آج تمام دنیا کے روبرو ہین الحاصل کوئی قوم اُس وقت تک ترقی نہین کر سکتی جبتک وہ خود اپنی مادری زبان مین علوم وفنون کی اشاعت نہ کرے۔

ہندوستان کے لئے علوم و فنون کی اشاعت کس زبان مین ہونی چاہیئے اور اہل ہند دنیا کی ترقی یافتہ قومون سے کیون پیچھے ہین؟

باشندگان ہند کا سیاق سخن اس بات کو بتا رہا ہے کہ اُنکی زبان اُردو ہے اور علوم وفنون کی اشاعت بھی اُردو ہی مین ہونا چاہیئے۔ دیگر زبانون مین علم وفن کی تعلیم اُن کے لئے سخت مضرت رسان ہے اور بجز اس کے کہ اُن کی عمر کا ایک معتدبہ حصہ زبان کے حاصل کرنے مین ضائع ہو اور کوئی فائدہ بخش نتیجہ نہین پیدا کرتا۔ یہی ایک اصولی غلطی ہے کہ قوم اپنی زبان مین نہین بلکہ دوسری زبانون مین علوم وفنون کو تلاش کرتی ہے جس کی وجہ سے کبھی اُس کو بام ترقی پر پہنچنا نصیب نہین ہوا دیکھو جاپان اپنی مادری زبان کی بدولت ہی ایک قلیل عرصہ مین بہت بڑی ترقی کر گیا اور ہندوستان اپنی زبان کی ناقدری کے باعث افلاس ونکبت کی حالت مین گرفتار ہے۔ بہرحال قوم کو ضرورت اس امر کی ہے کہ اُس کو اُردو زبان ہی مین علوم وفنون سکھائے جائین جب قوم مین اس امر کا احساس پیدا ہو جائے تو ہر تعلیم یافتہ شخص کا یہ فرض ہونا چاہیئے کہ مختلف علم وفن کی کتابین اُردو زبان مین ترجمہ ہون اور پبلک مین اُن کے رواج پانیکی ان تھک کوشش کی جائے۔

اس کتاب کے مطالعہ سے ناظرین پر یہ بات منکشف ہوجائیگی کہ جن ادویات کا بیان اس میں مندرج ہے اُن کا اکثر حصہ وہی دیسی ادویہ ہیں جن پر ہندوستانی صدیون پیشتر سے واقف ہے۔ صرف یورپ نے تھوڑی سی تبدیلی کے ساتھ ایک دوسری شکل میں ہمارے سامنے پیش کردیا جس کو ہم سرتاپا جدید دوائین سمجھ رہے ہیں یہ ہے عدم واقفیت ہماری زبان کی جس کی وجہ سے ہم روپیون کے دام کوڑیون کے دو بات خریدا کئے اور جن سے ہمارے مالی سرمایہ میں ایک حد تک کمی واقع ہوگئی اور ہماری کمائی کو نقصان پہنچا۔

مجھے اُن مولفین و مصنفین کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہیئے جن کی کتابون سے میں نے استفادہ حاصل کیا ہے اور میری کتاب کے معتبر ہونے کا حصر اُنہین کی تصنیفات و تالیفات پر ہے۔ ہو ہذا۔

ماخذات کتاب مخزن ادویہ جدیدہ

(۱) یونائیٹڈ اسٹیٹس آف امریکہ ڈسپنسیٹوری مولفہ ڈوڈ مینگٹن سیاوٹر سنہ ۱۹۰۶ء

(۲) اے پریکٹیکل گائڈ ٹو ڈی میٹیریا میڈیکا مولفہ فوسکم سیرگ ڈیل سنہ ۱۹۱۰ء۔

(۳) ڈی میٹیریا میڈیکا مولفہ ورجل کاب سنہ ۱۹۰۸ء۔

(۴) [illegible] ماکو چیا مولفہ مارٹنڈیل اینڈ وسکاٹ سنہ ۱۹۰۹ء۔

(۵) اسکوپرس کمپنین ٹو ڈی پرٹش فارماکوپیا مولفہ پیٹر۔ ویاٹ اسکوپر ۱۹۰۸ء۔

(۶) نیو اینڈ نن آفشیل ریمیڈیز ۱۹۱۰ء مرتبہ امریکن میڈیکل ایسوسی ایشن۔

(۷) ڈی پروپاگنڈا فاری فارماسیوٹیکل پروپرائٹری میڈیسنز۔

(۸) سکریٹ ریمیڈیز مرتبہ برٹش میڈیکل ایسوسی ایشن ۱۹۰۹ء

(۹) مور سکریٹ ریمیڈیز مرتبہ برٹش میڈیکل ایسوسی ایشن ۱۹۱۲ء

(۱۰) نیشنل فارمیولاری مرتبہ امریکن فارماسیوٹیکل ایسوسی ایشن ۱۸۹۳ء

(۱۱) ڈی نیو اسٹینڈرڈ فارمیولاری مولفہ اے۔ ایل ہیس۔

(۱۲) برٹش فارماسیوٹیکل کاڈکس مرتبہ فارماسیوٹیکل سوسائٹی ۱۹۰۸ء۔

(۱۳) ڈکشنری آف نیو۔ ریمیڈیز مرتبہ پراکٹیکل میڈلین ۱۹۰۶ء۔

(۱۴) پرس کرائی برس ہینڈ بک مولفہ رام نرائن۔ ایل۔ ایم۔ ایس ۱۸۹۹ء۔

(۱۵) ڈکشنری آف اکانومک پراڈکٹس آف انڈیا مولفہ ڈاکٹر جارج واٹ ۱۸۸۹ء نو جلد کامل۔

(۱۶) سپلی منٹ ٹو ڈی فارماکوپیا انڈیکا مولفہ ڈاکٹر محی الدین شریف صاحب مدراس ۱۸۶۹ء۔

(۱۷) لکزکین آف میڈیسن اینڈ الائیڈ سائنسز مولفہ ہنری پور۔ ایم۔ بی۔ اور لیونارڈ۔ ڈبلیو سیج ویک ایم۔ ڈی پانچ جلد کامل۔

(۱۸) اکانومک پراڈکٹس آف ڈی پنجاب مولفہ باڈن ایچ۔ پول ۱۸۶۸ء۔

(۱۹) فارماکوگرافیا مصنفہ فلکی جرائیڈ۔ ہان بری ۱۸۷۹ء

(۲۰) ایرانی فارمیولاری مرتبہ فارماسیوٹیکل ایرانی ۱۸۹۳ء

(۲۱) میٹریا میڈیکا اینڈ تھراپیوٹکس مولفہ رکھالداس گھوش۔ ایل۔ ایم ایس ۱۹۱۰ء

(۲۲) انڈکس تو ڈی ٹیکسٹو اینڈ سائنٹفک نیس آف انڈین اینڈ اڈر ایسٹرن اکانو

بلینٹس اینڈ پراڈکٹس مولفہ جے۔ فاربس۔ واٹسن۔ ایم۔ ڈی ۱۸۶۸ء۔

(۲۳) میٹریا میڈیکا آف ہندوستان مولفہ وہائیٹ لا انسلی۔ یم۔ ڈی ۱۸۱۳ء۔

(۲۴) ری پرٹ میٹریا میڈیکا مولفہ لیف۔ ہارڈ ولشر۔ لیف سی ایس ۱۸۹۶ء۔

(۲۵) تھرلی فائیٹ ایس ان ڈی ایسٹ مولفہ جان مارٹن ہونگ برجز ۱۸۵۲ء

عربی

(۲۶) قاموس طبی انگریزی و عربی مولفہ ڈاکٹر خلیل خیر اللہ صاحب مطبوعہ مصر ۱۸۹۳ء

(۲۷) انگریزی عربی لغت مولفہ ڈاکٹر ابراہیم منصور مطبوعہ مصر ۱۸۹۱ء۔

(۲۸) کتاب المغنی فی الادویۃ المفردہ مولفہ حکیم یوسف بن عمر مطبوعہ مصر۔

فارسی

(۲۹) مخزن الادویہ مولفہ حکیم محمد حسین۔

(۳۰) خیط اعظم مولفہ حکیم شمس اعظم خان المخاطب بہ ناظم جہان۔

مختلف رسائل انگریزی

(۳۱) ارکن ڈگسٹ اینڈ فارماسیوٹیکل ریکارڈ۔ (۳۲) اسپا میولا (۳۳) پاکستیکل میڈیسن (۳۴) پرس کرائی

وغیرہ وغیرہ۔

انگریزی زبان کے معلومات فن کو اُردو زبان مین لانے کے لئے سب سے پہلے جو دقت لاحق ہوتی ہے وہ اُس فن کے اصطلاحات ہین جس مین وہ کتاب لکھی گئی ہے اصطلاحات کا لفظی ترجمہ فائدہ نہین دیتا بلکہ ایک زبان کے اصطلاحات کے مقابل دوسری زبان کے اصطلاحات بلا کسی تبدیلی کے لکھدینا ترجمہ و تفہیم معنی کے لئے کافی اور فائدہ پہنچانے کے لئے وافی ہے۔ مگر یہ کوئی آسان کام نہین۔ اس کام کو وہی شخص بخوبی انجام دے گا جو دونون زبانون کا ماہر ہونے کے سوائے اُس فن سے بھی کماحقہ واقفیت رکھتا ہو ورنہین تو تنہا زباندانی کام دیگی اور نہ فن کی واقفیت۔

کسی قوم کے متصبانہ خیالات جو ایک فن کی نسبت اُس کو حاصل ہون اُس وقت تک دور نہین ہوسکتے جبتک اُس فن کی حقیقت اُس قوم کی زبان مین نہ پیش کی جائے پس تعلیم یافتہ حضرات کا فرض ہے کہ حاملین طب جدید اور طب قدیم مین جو منافرت ہے اُسکو دور کرین تاکہ اُن کی باہمی بیگانگی دور ہو جائے۔ مین نے بھی بقدر معلومات اسی قسم کی خدمت کی ہے چنانچہ ڈاکٹری اصطلاحات کے ساتھ ساتھ ہی طبی اصطلاحات بھی درج کردئے ہین۔

فی زمانا جبکہ ہر فن کی ترقی ہو رہی ہے اور روز افزون اُس مین جدید معلومات کا اضافہ ہوتا جاتا ہے طب قدیم مین بھی طب جدید کے معلومات کا اضافہ لابدی ہے اور چونکہ قوم کی ترقی تراجم و تالیفات ہی سے شروع ہوتی ہے اس لئے تعلیم یافتہ حضرات کا فرض ہے کہ مفید کتب طبیہ کے تراجم کے ذریعے اُسکی کمی کو پورا کرین۔

اور اُسکی روبہ انحطاط حالت کو سنبھالین غفلت و بے اعتنائی سے کام لینے کا وقت نہین بلکہ اُسکی بگڑی حالت کو بنانے کا وقت ہی۔ طب قدیم کو اس وقت بجائے خود مکمل سمجھنا فن کی ترقی کا مانع اور طبی زندگی کے لئے ایک تباہ کن خیال ہے۔

ویدک کی پرانی کتابون مثلاً "چرک سنگھیتا" اور "سسرت" وغیرہ کے دیکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ قدیم مصری اطبا بھی فن دواسازی سے بخوبی واقف تھے۔ چنانچہ کتب مذکورہ مین سیکڑون مرکبات کا ذکر ہے اور اُن کے اجزاے ترکیبی اور بنانے کا مفصل بیان بھی درج ہے بلکہ اُنھون نے بعض کتابین مستقل عنوان پر لکھی ہین جیسے "عرق پرکاش" جس کا موضوع محض عرقیات ہے جس مین صدہا نسخے عرقیات کے موجود ہین جس سے اُن کے وسعت معلومات کا اندازہ ہوتا ہے۔

ترکیب الادویہ کے اصول کا اُنھین اچھا علم تھا مراہم مین موم وغیرہ کو بطور بدرقہ استعمال کرنا اُنھین کی ایجاد ہے۔ حبوب و معجون کے اکثر نسخے اُنھین کے مجوزہ ہین چنانچہ جب گھوڑچڑھی اور سپاری پاک وغیرہ کا استعمال بلا کسی تبدیلی کے اب بھی کیا جاتا ہے جنکی حیرت انگیز تاثیرات طبی دنیا پر اس بات کو ثابت کر رہی ہین کہ وہ اپنے وقت کے ماہرین علم الادویہ تھے اور اُنھین ادویات کے ترکیب دینے مین بڑا دخل تھا۔ اکاسینی کشتہ جات کے بنانے مین اُنکو جو مہارت تامہ حاصل تھی اُسکی نظیر کسی علاقہ مین نہین پائی جاتی۔ غرض انفرادی قوت سے اُنھون نے جو کچھ کیا وہ قابل تحسین ہے۔ اور باوجود اسکے کہ اُنکی ترقیات محدود ہوگئی ہین اور یورپ

فارمیسی مین بیحد ترقی کرگیا تاہم اُن کے قدیم مرکبات اسوقت بھی قدر کی نگاہون سے دیکھے جاتے ہین اور اُنکی عظمت جو صدیون پہلے تھی وہ اب بھی ہے ۔

اسکے بعد یونانی اطبا کا دور شروع ہوتا ہی فن دواسازی مین اُنہون نے باقاعدہ ترقی کی اور علم الادویہ سے مرکبات کو علحدہ کرکے قرابادین کے نام سے موسوم کیا اور لفظ قرابادین کی وجہ تسمیہ اسبات پر دلالت کرتی ہے کہ یونانی اطبا ترکیبی ادویات کے موجد ہین اور اُنکے قائم کردہ اصول متعلقہ ترکیب الادویہ تا حال طب یونانی مین رائج ہین اِن مین جالینوس سقراط ۔ بقراط لوغاذیا ۔ روفس وغیرہ اکابر حکما سے ہین اور اعلیٰ پایہ کے طبیب مانے جاتے ہین اور صدہا مرکبات ان فاضل طبیبون کے نام سے موسوم ہین ۔ جیسے جوارش جالینوس ایارج جالینوس معجون سقراط ایارج لوغاذیا ایارج روفس وغیرہ ایسی بہت سی ادویات ہین جو انہین کی تیار کی ہوئی ہین جنکی تاثیرات مسلم الثبوت اور لاکھون بندگان خدا کو نفع پہنچا رہی ہین اور اسوقت تک حکمائے عصر نے اُن کے مجوزہ نسخون کو معمولہ مطب رکھا ہی غرض اُن مرکبات کے ایجاد کرنے والے گذر گئے اُنکی ہڈیان تک باقی نہ رہین مگر اُنکے نام اُنکی ادویات مین بطور یادگار چلے آرہے ہین اور جبتک علم طب کا وجود صفحہ ہستی پر باقی رہیگا اُنکی کارگذاری محو نہین ہوسکتی بہرحال وہ قابل قدر کام کرگئے اور اُن کے علمی کارنامے نظر انداز کرنیکے قابل نہین ۔

اسلامی اطبا نے علم الادویہ کے متعلق جو کچھ خدمت کی ہے وہ بہت ہی قدر و تحسین کے قابل ہے ۔ اُنہون نے ہر دوا کی کیفیت شناخت ۔ اُنکے تفیضات قدر شربت مصلح بدل

اور افعال وخواص وغیرہ کو جس عمدگی سے لکھا ہے وہ بلا اختلاف اس وقت تک مسلم ہین
کسی دوا کو عضو مقصود تک پہنچانے کے لئے وہ ایسی دوا کو شریک کرتے تھے جس سے
پہلی دوا کی قوت اور بڑھ جاتی تھی۔ اس طرح ضعیف العمل دوا مین بہت بڑا تغیر پیدا
کیا جاتا تھا جن سے بعض اوقات تن بیجان مین جان آجایا کرتی تھی۔ مکروہ دوا کو خوش
ذائقہ کرنے کے لئے اس مین شیرینی ادویات کا اضافہ کرنا مناسب جانتے تھے۔
زمانہ ان بہترین کوششون کو کبھی نہ بھولے گا۔ دوا کا اندرونی و بیرونی استعمال
بتلایا اور یہ ظاہر کیا کہ کونسی دوا کس خاص عضو پر اپنا عمل کرتی ہے۔ افعال وخواص کے
لحاظ سے ادویات کی تقسیم کی امراض مین اُن کا طریق استعمال بوضاحت لکھا سیکڑون
ادویات کمال تجسس و تحقیق سے دریافت کین۔ اُنکے مزاج قرار دینے کے لئے اصولی
قاعدے وضع کئے بیسون نہین بلکہ سیکڑون مرکبات اُنکی ایجاد کردہ ہین جو اپنے قدیم
نام سے اپنے موجد کا پتہ دے رہی ہین۔ جیسے یاقوتی بوعلی سفوف ابن ماسویہ وغیرہ
فن دواسازی مین اُنہون نے بہت کچھ ترقی کی اور ایک دوا کے متعدد مرکبات بنائے
غرض علم الادویہ کو اُنہون نے باقاعدہ ترتیب دیا جس کے مطالعہ سے اُنکا کمال فن
ظاہر ہوتا ہے گو وہ نہین رہے مگر اُنکی یادگارین دیرینہ خدمت کو لئے ہوئے تا حال
باقی ہین اور اُنکی پیروی کرنے والون کی قدر و عزت اس زمانے مین بھی ہر جگہ
کی جاتی ہے۔

یورپ نے علم الادویہ مین جو ترقی کی ہے وہ تمام دنیا پر آفتاب نصف النہار سے زیادہ

روشن ہے اور وہ اس فن پر جس قدر فخر کرے بجا ہے۔ اُنہون نے اسکو علیحدہ اصول پر ترتیب دیا جن کے معلومات زیادہ تر کیمسٹری سے وابستہ ہین اس کے پہلے کسی نظام طب کو یہ بات حاصل نہ تھی۔ علم العلاج سے اس فن کو بالکل علیحدہ کر دیا جو اس وقت مٹیریا میڈکا اور فارمیسی کے نام سے موسوم ہے۔ اس فن پر مستقل کتابین لکھین۔ اُنکی کامرانی و اقبال کے ساتھ اُنکے علوم و فنون مین بھی زیادتی ہوتی جاتی ہے۔ اُن کے علمی ذخیرے کو فخر کے ساتھ ہر قوم اپنی زبان مین ترجمہ کرنے لگی ہے۔ غرض علم الادویہ اور فارمیسی کوئی ایسا شعبہ نہین ہے جو اُن کے ہاتھون درجۂ کمال کو نہ پہنچا ہو۔ ہر دوا کے افعال و خواص تجارب عدیدہ سے معلوم کیے۔ یہی ایک ایسا اصول ہے جس پر کاربند ہونے سے اُنکے علم الادویہ کی وقعت طبی دنیا کے نزدیک بہت بڑھی ہوئی ہے۔ علم الادویہ کے تحقیقات و انکشافات کی مسلسل تاریخ لکھی۔ دواؤن کے سیکڑون آلات ایجاد کیے جن سے ادویات کی تیاری مین بے حد سہولت ہوگئی۔ کیمیائی اصول پر ہر دوا کے جزو اعظم کو معلوم کیا اور اُن سے مفید جوہر نکالے۔ اس طرح علم الادویہ مین اُنہون نے ایک تازہ روح پھونکدی۔ آج تمام دنیا پر اُنکی قابلیت کا سکہ بیٹھا ہوا ہے۔ اُنکی محنت شاقہ نے اُنکو کامیابی سے کہین بڑھکر اور روانی سے کہین زیادہ ثمرہ دیا۔ اُنکی مشفقہ سعی نے دنیا پر اس بات کو ثابت کر دیا کہ بغیر اتفاق کے علم و فن کی ترقی محالات سے ہے۔ الحاصل اُن کے مقابلے مین اجسام فن کا مبارک تمغہ کسی اور قوم کو حاصل نہین ہوا اور وہ ہر طرح مستحق مبارکباد ہین۔

میرے معلومات نہ اس قدر وسیع ہین اور نہ میرا شغل تصنیف و تالیف ہے اسلئے اصحاب نامی و ڈاکٹران گرامی کی خدمات بابرکات مین بہ عجز و انکساری التماس ہے کہ اگر اس کتاب مین کوئی سہو یا غلطی پائین تو بفحوائے الانسان مرکب من الخطأ والنسیان معاف فرما کر مولف کو اطلاع دین تاکہ طبع ثانی مین شکریہ کے ساتھ اصلاح کی جائے ؎

بپوش گر بخطائے رسی وطعنہ مزن
کہ ہیچ نفس بشر خالی از خطا نبود

آخر مین اللہ جلشانہ سے دست بہ دعا ہون کہ اس تالیف کو مفید عام اور مقبول انام کرے۔ آمین ثم آمین۔

خادم قوم

سید عبدالرزاق

حیدرآباد دکن

غرہ محرم سنہ ۱۳۳۴ ہجری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

باب الف

آئی اوتھیان مترادف۔ ڈائی۔ آئی۔ اوڈو۔ ہیڈرائکسی۔ پروپین + جوہیان IOTHION. زرد رنگ روغنی سیال جس کا وزن متناسبہ ۲٫۴ سے ۲٫۵ تک ہے ۷۵ حصہ پانی۔ ۲۰ حصہ گلیسرن اور ۱½ حصہ روغن زیتون اور تمامی قسم کے فرار محللات مین مل جاتا ہے مگر بن زن مین نہین۔ اس مین ۸۰ فیصدی آئی اوڈن موجود ہے۔ اسکو بجائے آئی اوڈن بیرونی استعمال کرتے ہین۔ جلد مین ۵۰ فیصدی جذب ہوجاتا ہے اسلئے اکثر اسکو روغن یا لیانولن مین ۲۵ سے ۵۰ فی صدی ملا کر جلد پر لگاتے ہین جس کے استعمال سے

نہ آئی اوڈیزم کے علامات ظاہر ہوتے ہین۔ خصوصاً اسکو جلد میوکس کی سطح۔ ہڈیون کے تیسرے درجہ کی آتشک اور پیریاس ٹائی الس (ہڈی کو غلاف دینے والی جھلی کی سوزش) مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار استعمال ۳۰ سے ۶۰ گرین تک روزانہ کسی روغن کے ہمراہ ملا کر بیرونی استعمال کرتے ہین۔

آئی اوٹان۔ IOTAN. ملاحظہ ہو بیان۔ نے بیولاٹا۔

آئی اوڈائی لن۔ مترادف آئی اوڈو سیانی سلیٹ آف بزمتھ IODYLIN. بھورے رنگ کا سفوف جس مین خفیف سی آئی اوڈن کی بو آتی ہو خراش نہین پیدا کرنے والا۔ انٹی سپٹک (مزیل العفونت) ہے جسکو زخمون پر چھڑکتے ہین اور اس کا گاز بھی استعمال کرتے ہین۔

آئی اوڈائی لوفارم۔ آئی اوڈن۔ ملا ہوا خیلا مین ہے جس مین ۱۰ فی صدی آئی اوڈن موجود ہے۔ بعوض آئی اوڈوفارم بیرونی IODYLOFORM واندرونی استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ۴½ سے ۳۰ گرین تک۔

آئی اوڈائزڈ اسٹارچ IODIZED STARCH. مترادف آئی نم آئی اوڈائم۔

آئی اوڈائزڈ سیسم آئیل۔ IODIZED SESAME OIL. مترادف۔ آئی اوڈنی ہین۔

آئی اوڈڈ سیرم۔ یہ ایک قسم کی سیرم ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین IODID SERUM.

اسکوکرانک رُومیاٹزم یعنے مُزمن وجع مفاصل مین زیر جلد پچکاری کرتے ہین ۔

نسخہ

سوڈیم فاسفیٹ	۵ ۷ گرین ۔
سوڈیم سلفیٹ	۲ ڈرام ۳۰ گرین ۔
سوڈیم آئی اوڈائڈ	۲ ڈرام ۳۰ گرین ۔
اسٹیری لائزڈ کیا ہوا پانی	۳½ سیال اونس ۔

آئی اوڈن ۔ آئی اوڈن ۔ کے بخارات کونٹ آئیل یعنے مونگ کی پھلی کے روغن پر ڈالنے سے بنتا ہے ۔ سیاہ رنگ IODIN.
روغنی سیال جس مین چربی کی سی بو آتی ہے ۔ بعوض مرکبات آئی اوڈن استعمال کرتے ہین ۔

آئی اوڈن سیالی سلیٹ ۔ کِن نارڈ صاحب کا قول ہے کہ یہ آئی اوڈن کا مرکب ملیریا مین کوی ٹن کے ویسا ہی IODIN SALICYLATE.
مفید ہے ۔ جوڑون کا درد بخار کی حالت مین ہوتا ہے ۔ اُس کو بہت جلد دفع کر دیتا ہے

آئی اوڈور ۔ آئی اوڈن کا سولیوشن ہے جو آرگینانک یعنے حیوانی و نباتی IODOR.
اجزا کے ساتھ بنایا گیا ہے اِس کے استعمال سے آئی اوڈزم نہین ہوتا ہے ۔

مقدار خوراک ۔ جوانون کے لئے ۱۵ سے ۵۰ قطرے تک ۔

آئی اوڈول - مترادف - ٹیٹرا آئی اوڈو پیرال -

IODOL. زرد رنگ بے بو اور بے مزہ سفوف جو پانی مین حل نہین ہوتا ہے مگر الکحل اور ایتھر مین حل ہو جاتا ہے - ۱۵ حصہ روغن اور ۵۰ حصہ گلیسرو فارم مین بھی حل ہوتا ہے اسمین ۸۸٫۹ فیصدی آئی اوڈین موجود ہے - آئی اوڈو فارم کا عوض ہی - اندرونی اسکو آتشک اسکروفیولا (خنازیر) اور ذیابطیس مین بعوض الکالی آئی اوڈائڈز استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۱/۲ گرین سے ۲/۱ گرین تک - ۵ سے ۱۰ فیصدی کا مرہم بیرونی استعمال کرتے ہین -

آئی اوڈول کیافین - کیافین کے الکحل سے بنائے ہوئے سولیوشن پر آئی اوڈول کا اثر ڈالنے سے بنتا ہے -

IODOL CAFFEIN. زرد مائل کسیقدر بھورے رنگ کا سفوف جسمین ۶٫۴ فیصدی آئی ڈول اور ۴٫۵ فیصدی کیافین موجود ہے بعوض آئی ڈول استعمال کرتے ہین -

آئی اوڈون - آئی ڈو پیپٹون کا مرکب ہے جو فرانس مین تیار ہوتا ہے -

IODONE. اس کے ایک قطرے مین ۱/۲۵ گرین آئی اوڈین موجود ہے -

آئی اوڈی پامس - آئی اوڈین ملی ہوئی چربی ہے جس مین ۱۰-۲۰ اور ۳۰

IODIPALMS فیصدی آئی اوڈین ہوتا ہے - اسکروفیولا (خنازیر) اور آتشک مین استعمال کرتے ہین -

آئی او ڈی پن ۔مترادف۔آئی او ڈائیڈ سی سیم آئیل۔

IODIPIN. زرد رنگ کا گاڑھا سیال بے بو اور بے مزہ بروی پن کے ویسا ہی بنایا جاتا ہے سی سیم آئیل یعنے روغن کنجد پر آئی او ڈن مونو کلورائیڈ کے الکحالی سولیوشن کا اثر چند بار تک ڈالنے سے بنتا ہے۔الکحل اور پانی مین نہین ملتا ہے۔مگر کلوروفارم اور ایتھر مین ملجاتا ہے۔دو قسم کی طاقت کا بنایا جاتا ہے۔ایک ۱۰ فیصدی اور دوسرا ۲۵ فیصدی اول الذکر کو اندرونی استعمال کرتے ہین۔اور آخر الذکر کی زیر جلد آئی او ڈوز کے عوض آتشک اور اسکروفیولا (خنازیر) مین استعمال کرتے ہین اس کے کیاپسلز کھلاوین یا گم اکیشیا (صمغ عربی) کے ساتھ امشن بنا کر پلاوین۔

مقدار خوراک۔۔۱۰ فی صدی کا سولیوشن ایک سے ۳ ڈرام تک اور ۲۵ فیصدی کا ۳۰ سے ۶۰ منم تک زیر جلد پچکاری کرین۔

آئی او ڈی پن سالڈ۔منجمد آئی او ڈی پن ہے جو بذریعہ رو بوراٹ (ملاحظہ ہو بیان رو بوراٹ) آئی او ڈی پن کا امشن بنا کر منجمد کیا گیا ہے۔بھورے مائل بہ زرد رنگ کے ٹکڑے جس مین ۴۰ فیصدی آئی او ڈی پن (۲۵ فیصدی کا) موجود ہے جو برابر ہے ۱۰ فیصدی خالص آئی او ڈن سے یہ ۲۵ فیصدی کا بھی فروخت ہوتا ہے۔جو بے بو اور بے مزہ کا ہوتا ہے۔بجائے آئی او ڈن اور آئی او ڈوز استعمال کرتے ہین۔

IODIPIN SOLID.

مقدار خوراک۔۳۰ گرین دن مین ۳ مرتبہ اسکے قرص بھی ہوتے ہین جس وزن

۷½ گرین ہے۔

آئی اوڈی پن فاسفورٹیڈ۔ آئی اوڈی پن جس مین ۳۳ء۰ فیصدی فاسفورس ملایا گیا ہے بعوض فاسفورٹیڈ آئیل بچون کو استعمال کراتے ہین۔ IODIPIN PHOSPHORATED

آئی اوڈی نال۔ یہ بھی آئی اوڈن ملایا ہوا روغن کنجد ہے جو آئی اوڈی پن کے موافق ہے ملاحظہ ہو بیان آئی اوڈی پن۔ IODINOL.

آئی اوڈیا۔ IODIA. اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین

نسخہ

فلوئڈ اکسٹراکٹ آف اسٹی لنجیا	۳ سیال اونس
فلوئڈ اکسٹراکٹ آف پرک لی آش	۱ سیال اونس
فلوئڈ اکسٹراکٹ آف سیاکسی فریج	½ سیال اونس
فلوئڈ اکسٹراکٹ آف لیوپیاریا	½ سیال اونس
فلوئڈ اکسٹراکٹ آف بلو فلاگ	½ سیال اونس
آئی اوڈائیڈ آف پوٹاسیم	۲۵۶ گرین۔
پائی رو فاسفیٹ آف آئرن	۲۵۶ گرین۔
ڈائیلوٹڈ فاسفارک ایسڈ	½ سیال اونس
گرم پانی	۲ سیال اونس

ترکیب۔ تمام اکسٹراکٹ کو باہم ملاکر پوٹاسیم آئی اوڈائیڈ شریک کرین اور بائی رو فاسفیٹ آف آئرن کو پانی مین حل کرکے دونون عرقون کو باہم ملاکر آہستہ آہستہ فاسفارک آسڈ ملاکر ۲۴ گھنٹے تک رکھکر فلٹر کرلین۔ اسکرفیولا (خنازیر) آتشک جلدی امراض تعسر حیض احتباس حیض سیلان رحم۔ اسقاط حمل کی عادت اور یوٹی رن ڈی بی لیٹی (رحم کی کم قوتی) مین فائدہ مند ہے۔

مقدار خوراک۔ ایک سے دو چاء کے چمچے تک دن مین تین مرتبہ۔

آئی اوسیالائین۔ جیلاٹن آئی اوڈین (۵ ۷ فی صدی کا ہو) نتھال اور آئیل آف ونٹرگرین کا مرکب جو نیم شفاف فالودہ کے مانند ہے IOSALINE.

یہ جلد مین بہت جلد نفوذ کرتا ہے۔ وجع مفاصل عصبی درد اور عرق النسا مین مفید ہے۔

آئی اوسیانگون۔ بکرون کے خون مین آئی اوڈین ملایا ہوا مرکب ہے جس کو انی میا لینے کی خون مین استعمال کرتے ہین IOSANGUIN.

آئی اوکولی نم۔ یہ ایک قسم کی مرہم کی زمین ہے جو روغن ماہی اور چربی سے بنائی جاتی ہے اس کے تین اقسام ہوتے ہین جو ذیل مین درج ہین۔ IOCOLEINUM.

آئی اوکولی نم ہیڈریٹڈ	اسمین ۱۰ فیصدی پانی موجود ہے
آئی اوکولی نم جیلاٹی نے ٹڈ	اس مین ۱۰ فیصدی جیلاٹین موجود ہے
آئی اوکولی نم گلیسری نے ٹڈ	اسمین ۱۰ فیصدی گلیسرین موجود ہے

آئی اونون ۔بنفشہ کی خوشبو ہے جو اسی ٹون کا اثر سٹرال اور بڑی ٹاوٗ آرٹیپر
IONONE. ڈالنے سے تیار ہوتی ہے۔اس کا وزن متناسبہ ۱۹۳۵ء ۰
۲۰ درجہ کی حرارت پر ۲۶ سنٹی گریڈ کی حرارت پر کھولتی ہے۔اس مین بہت ہی تیز لوہو ہونکی
وجہ سے اس کا ۱۰ فی صدی کا الکحل سے بنایا ہوا سولیوشن فروخت ہوتا ہے۔اس سولیشن
کا نام آئی اونون ہے۔ایک فیصدی کا الکحل سے بنایا ہوا سولیوشن برابر ہے۔ٹرپل کسرا کٹ
وائیولٹ سے ہموزن آٹو آف آرس یعنے عطر کیوڑہ بھی ملاتے ہین۔ایک یا دو اونس
۱۱۲ پونڈ صابون کو خوشبو دینے کے لئے کافی ہے۔

آئی اونیارال ۔بنفشہ کی خوشبو ہے جو کیمیائی طور سے بنائی جاتی
IONAROL ہے۔

آئی اوڈاسیپ ٹال ۔مترادف ۔ڈائی آئی ۔اوڈو۔آرتھو فینال
IODASEPTOL سلفونک آسڈ۔

اس دوا کو بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔

آئی اوڈاسی ٹون ۔آئی اوڈون کا اثر اسی ٹون پر ڈالنے سے بنتا ہے ایک ڈرام
IODACETONE آئی اوڈون لیکر ۲½ ڈرام اسی ٹون پر اثر ڈالین۔
اس ترکیب سے تازہ تیار کر لیا جاتا ہے۔ابتدائی شب چراغ (ان سائی۔پی انٹ کا رنگ)
اور پھوڑون پر لگاتے ہین۔بہت ہی احتیاط سے لگاوین تاکہ نازک جلد پر اثر نہو اسوجہ سے
کہ اتکال ہے۔

آئی اوڈال لا۔ مترادف۔ لائسنز آئی اوڈو فرریسے ٹڈ کاڈلیور آئیل۔
IODELLA. یہ مرکب اس طریقہ سے بنایا جاتا ہے۔

رے ڈیوسٹڈ آئرن۔	ایک حصہ
الکحل۔	ایک حصہ
آئی اوڈین	۲ حصہ

ادویات بالا کو باہم ملا کر اس مین تین حصہ الکحل شریک کر کے ایک لیٹر یعنے ۳۵ ۱/۴ سیال اونس کاڈلیور آئیل مین فلٹر کر لین۔

آئی اوڈ البا سڈ۔ آئی اوڈین اور البیومن کا مرکب ہے جس مین دس فیصدی
IODALBACID. آئی اوڈین موجود ہے۔ زرد مائل بہ سفید بے بو اور بے مزہ کا حل ہونے والا سفوف اسکو بجائے آئی اوڈ ڈز آفشنک مین استعمال کرتے۔

مقدار خوراک۔ ۱۵۔ گرین دن مین ۳ سے ۶ مرتبہ تک۔

آئی اوڈ البن۔ سرخ رنگ کا سفوف۔ الکالین سیالون مین حل ہو جاتا ہے
IODALBIN. آئی اوڈین اور البیومن کا مرکب ہے جس مین ۱۵، ۲۱ فیصدی آئی اوڈین موجود ہے۔ اس کو بجائے الکالی آئی اوڈ ڈز استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ۷ ۱/۲ گرین سے ۱۵ گرین تک۔

آئی اوڈ الجن۔ حل ہونے والا بے بو کا سفوف جسکو بعوض آئی اوڈوفارم
IODALGIN. استعمال کرتے ہین۔ اس مین ۵۰ فیصدی آئی اوڈین

موجود ہے۔

آئی اوڈالیا ۔ آرگینک آئی اوڈین اور ٹیانین کا مرکب ہے جسمین شکر بھی ملائی گئی ہے۔ بچون کو آئی ڈین کھلانے کے لئے IODALIA.
بہت ہی عمدہ ذریعہ ہے۔ ہر ایک چاء کے چمچے مین ایک گرین آئی اوڈین ہمراہ ٹیانین موجود ہے۔

آئی اوڈامل ۔ آئی اوڈین ملایا ہوا اسٹاچ یعنے نشاستہ ہے۔ ڈیاریا یعنی اسہال مین استعمال کرتے ہین۔ بطور انٹی سپٹک پاؤڈر IODAMYL.
(مزیل العفونت سفوف) بھی مفید ہے۔

مقدار خوراک ۔ ۷½ گرین۔

آئی اوڈامل فارمال ۔ یہ ایک قسم کا انٹی سپٹک (مزیل العفونت) مرکب ہے جس کے کیمیائی اجزا حسب ذیل ہین۔ IODAMYLFORMOL.

آئی اوڈین ۔	۲٫۵ فیصدی
نشائی مال ۔	۱۲٫۵ فیصدی
اسٹاچ ۔	۹۰٫۲۵ فیصدی
فارمال ڈی ہائیڈ	تھوڑا سا۔

آئی اوڈامیلوفارم ۔ انٹی سپٹک پاؤڈر (مزیل العفونت سفوف) ہے۔ جس مین اسٹاچ (نشاستہ) فارمال ڈی ہائیڈ IODAMYLOFORM.

اور آئی اوڈن موجود ہین ۔

آئی اوڈآن ۔ ۱۰ اور ۲۵ فیصدی آئی اوڈن کا سولیوشن جو قارز کے روغن مین بنایا گیا ہے ۲۵ فیصدی کا سولیوشن اندرونی استعمال کرتے ہین ۔ اسکے ۵ منم کے کیاپسلز ہوتے ہین جس مین ۱½ گرین آئی اوڈن ہوتا ہے ۔ IODAN.

مقدار خوراک ۔ ایک سے دو کیاپسلز تک ۔ ۱۰ فیصدی کا آئی اوڈآن بیرونی استعمال کرتے ہین ۔ روزانہ ۶ سے ۱۰ کیاپسل تک ۔

آئی اوڈانی سال ۔ مترادف ۔ آرتھو آئی اوڈانی سال ۔ زرد یا سرخ رنگ کی شفاف لگدی ۔ ۷۴ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتی ہے ۔ ۲۴۰ پر کھولتی ہے ۔ بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین ۔ IODANISOL.

آئی اوڈ ایتھل ۔ ایتھل آئی اوڈڈ کا دوسرا نام ہے ۔ IODETHYL.

آئی اوڈ بلوٹان ۔ پینٹین آئی اوڈن اور فسفرو میانگا نیز کا سولیوشن ہے ۔ IOD-BLUTAN.

آئی اوڈ بن زن ۔ آئی اوڈن کا سولیوشن جو بن زن مین بنایا گیا ہے ۔ ہاتھون کو ڈس انفکٹ (دافع سم و بائی) کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین ۔ IOD-BENZEN.

آئی اوڈ ٹرپن ۔ آئی اوڈن کا اثر ٹرپن ہیڈریٹ پر ڈالنے سے بنتا ہے سیاہ مائل IODTERPIN

کسی قدر بھورا رنگ سیال جس مین ٹرپٹین ٹائین کی بو آتی ہے۔ اسکا وزن مناسبہ ۱۹ء۱ (۵ اسنٹی گریڈ کی حرارت پر ہے) ۱۶۵ سے ۱۷۰ درجہ کی حرارت پر کھولتا ہے۔ ۱۰ حصہ الکحل مین حل ہوتا ہے۔ دوسرے قسم کے محلات مین بھی فوری حل ہوجاتا ہے اس مین ۵۰ فیصدی آئی اوڈن موجود ہے ایک کو ۲۰ حصہ کائی اولن ملا کر بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اس سفوف کو زخمون پر چھڑکتے ہین۔

آئی اوڈ جیلاٹن - یہ مرکب حسب ذیل طریقہ سے بنایا جاتا ہے۔

IOD GELATIN.

نسخہ

جیلاٹن	۳۰ گرین۔
پوٹاسیم آئی اوڈائڈ	۳۰ گرین۔
آئی اوڈین	۱۸ گرین۔
پانی	۶ اونس ۲ ڈرام (وزن کیا ہوا)
سوڈیم ہائی پوفاسفائیٹ	۳۰ گرین
کیالسیم ہائی پوفاسفائیٹ	۳۰ گرین

سب کو باہم ملا کر فلٹر کرین۔

بجائے آئی اوڈین اسکو اندرونی استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ایک چاء کا چمچہ ہر دوسرے روز زیادہ کرتے جاوین۔

آئی اوڈ فرراٹن - فرراٹن اور آئی اوڈین کا مرکب ہے جسمین ۶ فیصدی آئرن اور آئی اوڈین موجود ہے - IODFERRATIN.

سُرخ مائل کسیقدر بھورے رنگ کا سفوف -

آئی اوڈ فرراٹوز - IODFERRATOSE. آئی اوڈ فرراٹن کا شربت ہے -

مقدار خوراک - ۳ سے ۴ میز کے چمچے تک -

آئی اوڈ فرال - روغن ماہی جس مین فرس آئی اوڈ ڈالا گیا ہے IODFERROL.

آئی اوڈ کارٹن IODCARTIN. ملاحظہ ہو بیان نے بیولاٹا -

آئی اوڈ کلوروفارم IODCHLOROFORM. حسب ذیل ادویات کا سولیوشن ہے

آئی اوڈین	۵ اگرین -
کلوروفارم	۲ ڈرام ۴۰ منم -

بجائے ٹنکچر آئی اوڈین اسکو استعمال کرتے ہین -

آئی اوڈ کیاٹی کن - یہ ایک قسم کا مرکب ہے جو ٹیوسوڈ (ملاحظہ ہو بیان نیوسوڈ) کے موافق ہے - IODCATECHIN

آئی اوڈ کیازین - آئی اوڈین اور کیازین کا مرکب ہے - سوڈیم کیازین کے سولیوشن کو بذریعہ آئی اوڈین سولیوشن (جو پوٹاسیم آئی اوڈ کے ساتھہ بنایا گیا ہو) تہ نشین کرنے سے بنتا ہے - زرد رنگ کا سفوف IODCASEIN.

زخمون کو ڈس اِن فکٹ (دافع سم دبائی) کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین۔

آئی اوڈگلائی ڈین - آئی اوڈین کا مرکب ہے جو نباتی البیومن کے ساتھ بنایا گیا ہے اس مین ۱۰ فیصدی آئی اوڈین موجود ہے۔ IODGLIDINE.

اسکروفیولا (خنازیر) دمہ اور اکسیوڈیے شن (مقام مجرائے الریم) مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - روزانہ ۳۰ سے ۹۰ گرین تک۔

آئی اوڈی سی تھن - بھوری مائل بہ زرد رنگ موم کے مانند لگدی۔ اسمین ۷ سے ۸ فیصدی تک آئی اوڈین موجود ہے۔ IODLECITHIN.

الکحل اور ایتھر مین حل ہوجاتی ہے۔ اسکروفیولا (خنازیر) مین بعوض پوٹاسیم آئی اوڈائد استعمال کرتے ہین۔

آئی اوڈو یا زوجن - IODVASOGEN. ملاحظہ ہو یاں وایا زوجن

آئی اوڈیوجی نال - ارسٹال کے مانند یہ مرکب بھی بنایا جاتا ہے آئی اوڈین کا اثر یوجی نال کے الکالین سولیوشن پر ڈالنے سے IODEUGENOL.

تیار ہوتا ہے۔ زرد رنگ کا سفوف جو پانی مین حل نہین ہوتا ہے مگر ایتھر اور چربیون مین حل ہوجاتا ہے۔ مگر الکحل مین تھوڑا سا ۱۷۸ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے۔ ارسٹال کے موافع اسکے بھی خواص و فوائد ہین۔

آئی اوڈو اسٹارچ - مترادف - امی لم آئی اوڈائم۔ IODOSTARCH

آئی اوڈو اسی ٹون ۔ یہ ایک قسم کا سولیوشن ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔ IODOACETONE

آئی اوڈین	ایک ڈرام
اسی ٹون	۲ ڈرام ۳۰ گرین (وزن کیا ہوا)

اس دوا کو ابتدائی شب چراغ مین لگاتے ہین ۔

آئی اوڈو انٹی پائی رن ۔ مترادف ۔ آئی اوڈو پائی رن ۔
IODOANTIPYRIN

آئی اوڈو اولی اک آسڈ ۔ مترادف ۔ آئی اوڈو اولی ایٹ ۔
IODOOLEIC ACID

آئی اوڈو اولی ایٹ ۔ مترادف ۔ آئی اوڈو اولی اک آسڈ ۔
IDO-OLEATE. آئی اوڈین اولی اک آسڈ کا مرکب ہے ۔

چند دن مین اسکے اجزا متفرق ہوتے ہین ۔ اسلئے اس مین الکحل ملایا ہوا امونیا ملا دیتے ہین ۔

آئی اوڈین ۔	۳½ ڈرام
اولی اک آسڈ	۳½ ڈرام (وزن کیا ہوا)
الکحل	۲½ ڈرام (وزن کیا ہوا)
الکحالک امونیہ	۵۶½ گرین (وزن کیا ہوا)

آئی اوڈو بلوٹان ۔ اس مرکب مین ۱۰ فیصدی آئی اوڈین آرگینک مرکب ہے
IODO-BLUTAN.

کے ساتھ ہے۔ آئی اوڈن کے دوسرے مرکبات سے یہ مزے دار ہے۔

آئی اوڈوپائی رن ۔ مترادف۔ آئی اوڈو ائٹی پائی رن۔

IODOPYRIN.

بے رنگ کے منشور نما سوئی کے مانند قلمین الکحل اور گرم پانی مین حل ہوتے ہین۔ ۶۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین۔ آئی اوڈن کلورڈ کا اثر انٹی پائی رن پر ڈالنے سے بنتے ہین۔ اسکا انٹی پائی رٹیک (دافع حرارت) اثر انٹی پائی رن کے اثر سے زیادہ نہین ہے۔ پیوریپرل فیور۔ (سمی بخار جو بعد وضع حمل ہوتا ہے) اور اکیوٹ آرٹی کیولر ریمیاٹزم (حاد جوڑون کا وجع) مین مفید ہے۔ مفاصل

مقدار خوراک۔ ۵ سے ۱۵ گرین تک۔

آئی اوڈوتھائی رن ۔ مترادف۔ تھائی رو۔ آئی اوڈن۔

IODOTHYRIN.

تھائی رائیڈ گلانڈ۔ کے قوی الاثر جوہر فعال کیساتھ ملک شکر ملا کر یہ دوا بنائی گئی ہے۔ بہورا مائل بہ سفید بے بو اور بے مزہ سفوف فہی۔ کٹنی یا۔ گائیٹر (گھینگا) اور امراض لسنوان مین مفید ہے۔

مقدار خوراک۔ ۵ گرین دن مین ۲ سے ۶ مرتبہ تک۔

آئی اوڈوتھائی مافارم ۔ مترادف۔ آئی اوڈوتھائی مالوفارم۔

IODOTHYMOFORM.

آئی اوڈوتھائی مالوفارم ۔ مترادف۔ آئی اوڈوتھائی مافارم۔

IODOTHYMOLOFORM.

نہائی ما فارم کے ساتھہ آئی اوڈن ملانے سے بنتا ہے۔ سندر رنگ اور بے بو کا سفوف جس مین بمقدار زائد آئی اوڈن موجود ہے۔ فرار محللات اور روغنیات مین حل ہوتا ہے۔ پانی اور گلیسرن مین حل نہین ہوتا ہے۔ بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔

آئی اوڈو تھیو برومن ۔ مترادف۔ تھیو برومن سوڈیم آئی اوڈڈ۔

IODOTHEOBROMIN. اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

تھیو برومن	۴۰ فیصدی
سوڈیم آئی اوڈڈ	۲۱٫۶ فیصدی
سوڈیم سیالی سلیٹ	۳۸٫۴ فیصدی

سفید سفوف پانی مین حل ہوتا ہے۔ آئی اوڈو کیافین کے ویسے ہی اس کے بھی خواص خوراک مین

آئی اوڈو ٹرپین ۔ ہموزن آئی اوڈن اور ٹرپن ہیڈریٹ کو گرم کرنے سے یہ

IODOTERPIN. مرکب بنتا ہے۔ اس کا وزن متناسبہ ۱۹۱٫۱۵ اسنٹی گریڈ کی حرارت پر ہے ۱۶۵ سے ۱۷۵ اسنٹی گریڈ کی حرارت پر کھولتا ہے۔ الکحل ایتھر کلوروفارم اور بنزن مین حل ہوتا ہے و نیز پانی مین مل جاتا ہے۔ بعوض آئی اوڈو فارم مرہم بنا کر یا کافی اولن ملا کر استعمال کرتے ہین۔

آئی اوڈو ٹیانال ۔ IODOTANNOL. آئی اوڈن اور ٹیانن کا سولیوشن ہے۔

آئی اوڈو جیلاٹن ۔ آئی اوڈن ملایا ہوا جیلاٹن ہے جس مین حسب ذیل

IODOGELATIN.

ادویات موجود ہین۔

جیلاٹن	۲ حصہ
پوٹاسیم آئی اوڈائڈ	۲ حصہ
آئی اوڈین	۱/۲ حصہ
ہائی پو	۲ حصہ
کیاسیم ہائی پوفاسفائیٹ	۲ حصہ
پانی	۱۰۰ حصہ

اس آئی اوڈین کے مرکب کو اندرونی استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ۱۵ سے ۶۰ منم تک۔

آئی اوڈو جینال سیپ ہن ملایا ہوا البیومن اور آئی اوڈین سے بنایا جاتا ہے۔ IODOGENOL آرتھرائی ٹس (جوڑون کی سوزش) اور نفرس مین بجائے آئی اوڈائڈ استعمال کرتے ہین۔

آئی اوڈوزان۔ IODOZON. مترادف سیانو فارم۔

آئی اوڈوزن میتھل سیالی سلینٹ اور آئی اوڈین کا کیمیائی مرکب ہے IODOZEN. بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔

آئی اوڈوسال۔ یہ ویاز وجن ہے (ملاحظہ ہو بیان ویاز وجن) جسمین ۶ فیصدی آئی اوڈین ملایا گیا ہے۔ IODOSOL.

آئی اوڈوسالون - آئی اوڈن کا مرکب ہے جس مین ۱۵ فیصدی آئی اوڈن موجود ہے - آئی اوڈ دیازوجن کے مانند اسکے بھی خواص دوا لمدہین - IODOSOLVIN

آئی اوڈوسل - آئی اوڈ فارم کا عوض ہے جسمین بو نہین ہے - IODOSYL.

آئی اوڈوسنز - آئی اوڈن اور البیومن ملے ہوئے مرکبات کا نام ہے جو جسفیل ہین پیور - آئی اوڈوسن - اس مین ۱۵ فیصدی آئی اوڈن موجود ہے - IODOSINS.

مقدار خوراک - ۳ سے ۴ گرین - بعوض ۱۵ گرین الکالی آئی اوڈڈ استعمال کرتے ہین آئی اوڈوسن لائیکر - اس مین ۲۵ ر۰ فی صدی آئی اوڈن موجود ہے -

مقدار خوراک - ایک منیر کا حجیہ - دن مین تین مرتبہ استعمال کرین -

آئی اوڈوسیالی سلیٹ آف بزمتھ - مترادف - آئی اوڈائی لن IODOSAIJCYLATE OE BISMUTH

آئی اوڈوفارم البیومن مترادف IODOFORM ALBUMIN آئی اوڈوفارموجن -

آئی اوڈوفارم انی لن - آئی اوڈوفارم ایک حصہ اور انی لن ۷ حصہ کا سولیوشن ہے - روئی پر لگا کر کان کے کہنار (زکام) مین استعمال کرتے ہین - IODOFORM ANILIN

آئی اوڈوفارم سیالال - آئی اوڈوفارم اور سیالال کا مرکب ہے جو ۴۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے۔ IODOFORM SALOL

ہڈیون مین ٹی برکیولوسز کی وجہ سے جو سوراخ ہوجاتے ہین اُس مین بھرنے کے لئے استعمال کرتے ہین۔

آئی اوڈوفارم کیالومل - ہموزن آئی اوڈوفارم اور کیالومل کا مرکب ہے جو زخمون کو انٹی سپٹک (مزمل العفونت) کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین۔ IODOFORM CALOMEL

آئی اوڈوفارمال - مترادف - آئی اوڈوفارمین ایتھل آئی اوڈوڈ۔ IODOFORMAL

ایتھل آئی اوڈوڈ پر آئی اوڈوفارمین کا اثر ڈالنے سے بنتا ہے سفید رنگ سوئی کے مانند قلمین یا سفوف جو گرم پانی مین حل ہوتے ہین ۳۸ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین۔ بعوض آئی اوڈوفارم استعمال کرتے ہین

آئی اوڈوفارمین - مترادف - آئی اوڈوفارمولن کیساتھی ایتھرامین آئی اوڈوفارم۔ IODOFORMIN

الکحل سے بنائے ہوئے آئی اوڈوفارم کے سولیوشن کا اثر یوروٹروپین پر ڈالنے سے بنتا ہے سفید چمکدار سفوف جس مین آئی اوڈوفارم کی بو آتی ہے ۷۸ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے اور پانی مین حل نہین ہوتا ہے بعوض آئی اوڈوفارم استعمال کرتے ہین۔ اسکا گاز بھی ہوتا ہے جس مین ۵ فیصدی آئی اوڈوفارمین موجود ہے۔

آئی اوڈوفارمن ایتھل آئی اوڈڈ - مترادف - آئی اوڈوفارمال -
IODOFORMIN ETHYL IODID

آئی اوڈوفارموجن - مترادف - آئی اوڈوفارم - البیومن -
IODOFORMOGEN الکحل سے بنائے ہوئے آئی اوڈوفارم کے سولیوشن کا اثر البیومن کے سولیوشن پر ڈالنے سے بنتا ہے - زرد رنگ کا حل نہین ہونے والا سفوف جس مین خفیف سی آئی اوڈوفارم کی بو آتی ہے - آئی اوڈوفارم کا عوض ہے جسمین بو نہین ہے - آئی اوڈوفارم سے کم سمیت رکھتا ہے -

آئی اوڈوفارموسال - ویازوجن (ملاحظہ ہو بیان) جس مین تین فیصدی
IODOFORMOSOL آئی اوڈوفارم ملایا گیا ہے -

آئی اوڈوفارمولن - IODOFORMOLIN مترادف - آئی اوڈوفارمن

آئی اوڈوفارمیم لکویڈم - سیال آئی اوڈوفارم - آئی اوڈوفارم کا صابونی
IODOFORMIUM LIQUIDUM سولیوشن ہے جو حسب ذیل ترکیب سے بنایا جاتا ہے -

کاسٹک پوٹاش	۳۵ حصہ
پانی	۲۵ حصہ

ان دونون کا سولیوشن بنالین -

اولی اک آسڈ	۵۰ حصہ

الکحل	۳ حصّہ۔
آئی اوڈن	۳۰ حصّہ

اولی اک آسڈ اور الکحل کو ملا کر تھوڑا تھوڑا آئی اوڈن شریک کرین بعد ازان اس مین الکلی کا سولیوشن ملاوین۔ چند دن تک اسکو رکھین تا کہ جو تہہ نشین کے پیدا ہوا ہے وہ بیٹھ جاوے بعد ازان شفاف سیال کو نتھار لین زرد رنگ کا گاڑھا سیال جس مین آئی اوڈ فارم کی بو آتی ہے۔ پانی الکحل گلیسرن ایتھر چربیون اور روغنیات مین مل جاتا ہے۔ اس مرکب کو زخم ہونے کے لئے استعمال کرتے ہین جو جلد مین بہت جلد نفوذ کرتا ہے۔

آئی اوڈوفان ۔ مترادف ۔ مونو آئی اوڈو ڈائی آکسی نیزال فارمال ڈی ہیڈ۔

IODOFAN آئی اوڈن کا اثر فارمال ڈی ہیڈ اور ہری زار سن پر ڈالنے سے بنتا ہے سرخ مائل بہ زرد رنگ بے بو اور بے مزہ قلمین جو پانی مین حل نہین ہوتے ہین بے بو کا انٹی سیپٹک (مزیل العفونت) ہے۔

آئی اوڈوفی نن ۔ مترادف ۔ آئی اوڈو فینا سی ٹن۔ فینا سی ٹن آئی اوڈو

IODOPHENIN فینا سی ٹن کا سولیوشن (جو ہیڈروکلورک آسڈ سے بنایا گیا ہو) پر یوٹایم آئی اوڈو کا اثر ڈالنے سے بنتا ہے۔ ناسی رنگ کا حل نہین ہوتا الاسفوف جو ۱۳۰ سے ۱۳۱ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے۔ اس مین ۵۲ فیصدی آئی اوڈن موجود ہے عضلاتی وجع مفاصل مین مفید ہے۔ بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) بھی استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۷½ گرین۔

آئی اوڈوفیناسیٹن - IODOPHENACETIN مترادف آئی اوڈوفینی ٹن۔

آئی اوڈوفینال سولیوشن فار ہائپوڈرمک یوز - آئی اوڈو IODOPHENOL SOLUTION FOR HYPODERMIC USE

فینال کا سولیوشن جو زیر جلد پچکاری کرتے ہین حسب ذیل طریقے سے بنایا جاتا ہے۔

نسخہ

پوٹاسیم آئی اوڈائڈ۔	۴½ گرین
آئی اوڈین	۹/۱۰ گرین
کاربالک آسڈ	۳۰ گرین (وزن کیا ہوا)
گلیسرن	۷۵ گرین (وزن کیا ہوا)
پانی معہ ادویہ	۳½ سیال اونس۔

ایک ڈرام، ۴۰ منم سے ۴ ڈرام، ۶۰ منم تک زیر جلد پچکاری کرین۔

آئی اوڈوفینوکلورل - ہموزن ٹنکچر آئی اوڈین، فینال اور کلوربل کا مرکب ہے IODOPHENOCHLORAL جسکو جومین پیدا ہونے والے جلدی امراض مین استعمال کرتے ہین۔

آئی اوڈوکال - IODOKOL (IODOOL) مترادف۔

آئی اوڈو گوی اے کال۔

اس مین مرقومۃ الذیل ادویات موجود ہین۔

آئی اوڈین۔ ڈیو آڈمال۔ اسٹرانشیم آئی اوڈو آرسینک آئی اوڈو۔ آئرن پوٹینٹ میانگنیز پوٹینٹ پیپسین نکسوامیکا۔

اِس کوشش کے ٹیوبر کیولوسز۔ مرمن براؤن کائی ٹس۔ اور نیومونیا (ذات الریہ) مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۳ سے ۶ گرین تک دن مین کئی مرتبہ۔

آئی اوڈو کرال ۔ مترادف۔ کارواکرال آئی اوڈو۔

IODOUROL آئی اوڈو فارم کا عوض ہے جس مین بو نہین ہے۔ اسٹال کے موافق یہ کارواکرال سے بنایا جاتا ہے۔ زرد مائل سفید بہورے رنگ کا سفوف جو سیماب طبع روغنیات اور محللات مین حل ہوجاتا ہے (ملاحظہ ہو بیان اسٹال)

آئی اوڈو کریسال۔ IODOCRESOL مترادف ٹرامائل

آئی اوڈو کلورآکسی کوی نولن ۔ مترادف۔ ویو فارم۔

IODOCHLOROXY QUINOLIN

آئی اوڈو کوڈین ۔ زرد رنگ سوئی کے مانند قلمین۔ گرم پانی مین اسکے اجزا متفرق ہوتے ہین شش کی بیماریون مین استعمال کرتے ہین

IODOCODEINE

آئی اوڈوکیازین ۔ آئی اوڈن اور کیازین کا مرکب ہے جس مین ۲۰ فی صدی آئی اوڈن موجود ہے بعوض تنہائی کے آئی اوڈن استعمال کرتے ہین ۔ IODOCASEIN

آئی اوڈوکیافین ۔ مترادف ۔ کیافین سوڈیم آئی اوڈیڈ ۔ سفید حل ہونے والا سفوف جسمین ۶۵ فیصدی کیافین ہمراہ الکالی آئی اوڈیڈ موجود ہے ۔ اسکو جلندھر مین استعمال کرتے ہین ۔ IODOCAFFEINE

مقدار خوراک ۔ ۳ گرین سے ۷½ گرین تک دن مین کئی مرتبہ ۔

آئی اوڈوگالی سین ۔ مترادف ۔ بزمتھ آکسی ۔ آئی اوڈو متھل گالال ۔ بزمتھ آکسی آئی اوڈوڈ کا اثر گالی سین پر ڈالنے سے بنتا ہے ۔ IODOGALLICIN

سفید یا بھورے رنگ کا سفوف معمولی محللات مین حل نہین ہوتا ہے ۔ حموضات اور الکالیز سے اسکے اجزا متفرق ہوتے ہین ۔ اس مین ۲۳٫۶ فیصدی آئی اوڈن اور ۳۸٫۴ فیصدی بزمتھ موجود ہے ۔ بطور ڈس انفکٹنٹ (دافع سم وبائی) اور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین ۔

آئی اوڈوگلائی سین ۔ کائی اولین ۔ آئی اوڈن اور گلیسرن کا مرکب ہے بچون کو برانکائی ٹس مین بیرونی استعمال کرتے ہین ۔ IODOGLYCIN

آئی اوڈوگوئی اے کال ۔ IODOGUAIACOL مترادف آئی اوڈو کال ۔

آئی اوڈو لائین - آئی اوڈو سیالی سلیٹ آف بزمتھ ہے جسکو بجائے آئی اوڈو فارم استعمال کرتے ہین -
IODOLINE

آئی اوڈلن - مترادف - کوی نولن کلوری تھی لیٹ آئی اوڈو کلورڈ -
IODOLIN کوی نولن اور متیل آئی اوڈڈ سے نکالا جاتا ہے زرد رنگ کا حل نہین ہے نیوالاسفوف بعوض - آئی اوڈو فارم - استعمال کرتے ہین -

آئی اوڈولن - آئی اوڈن ملایا ہوا البیومن ہے - زرد رنگ اور بے بو بے مزہ
IODOLEN سفوف - ڈائیلوٹ الکالیز مین حل ہو جاتا ہے یہ دو قسم کا ہوتا ہے آئی اوڈولنم - اکسٹرنم جسمین ۳۶ فیصدی آئی اوڈون موجود ہے - بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اسکا سفوف چھڑکتے ہین - آئی اوڈولی نم ان ٹرنم - اس مین ۱۰ فیصدی آئی اوڈون موجود ہے اسکو بجائے آئی اوڈڈ استعمال کرتے ہین - اس کے استعمال سے آئی اوڈورزم نہین ہوتا ہے -

مقدار خوراک - ۳۰ گرین دن مین کئی مرتبہ -

آئی اوڈولوز گال برن - آئی اوڈن اور پیپٹون کا سولیوشن ہے جسکو
IODOLOSE GALBRUN بجائے آئی اوڈڈز استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۱۰ سے ۵۰ قطرے تک -

آئی اوڈو مسمتھ - سرخ مائل کسقدر بھورا رنگ بے بو اور بے مزہ سفوف جسمین
IODOMUTH ۲۵ فیصدی آئی اوڈن موجود ہے بطور انٹی سپٹک

(فریل العفونت) استعمال کرتے ہین۔ بطور اسٹرنجنٹ (قابض) ہل کے اسہال مین مفید ثابت ہوا ہے۔

مقدار خوراک ۔ ۷½ گرین سے ۳۰ گرین تک۔

آئی اوڈو مرکیورک ہی مال ۔ اس مرکب مین ۱۳ فیصدی سیماب۔ ۸ ۲ فیصدی آئی اوڈن اور ہی ماٹن موجود ہے آتشک مین استعمال کرتے ہین۔ IODO-MEROURIC-HEMOL

مقدار خوراک ۔ ۱½ گرین۔

آئی اوڈو مے سن ۔ آئی اوڈن اور البیومن کا مرکب ہے جو مے سن سے بنایا جاتا ہے۔ زرد مائل بہ سفید رنگ نمی کو جذب کرنے والا سفوف تیسرے درجہ کی آتشک اور بجائے اوڈز استعمال کرتے ہین۔ IODOMAISIN

مقدار خوراک ۔ ۱½ سے ۳ گرین تک۔

آئی اوڈو میتھل فنیل پائی رازولان ۔ مترادف ۔ مڈرال۔

IODO-METHYL-PHENYL-PYRAZOLAN

آئی اوڈو نیا فتھال ۔ IODONAPHTHOL مترادف ٹو آئی آئی اوڈو ٹیا نیا فتھال۔

آئی اوڈو ہی مال ۔ IODOHEMOL ملاحظہ ہو بیان ہی مال۔

آئی بٹ ۔ IBIT مترادف ۔ بزمتھ اکسی آئی اوڈو ٹیانیٹ ۔ یہ دوا

اے رائل کے موافق ہے سبز مائل کسیقدر بھورا رنگ حل نہین ہونے والا سفوف۔ پانی یا حیوانی رطوبات کے ساتھ یہ ملنے سے آئی اوڈن نکلتا ہے۔ بطور دافع عفونت اور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) زخمون اور جلے ہوئے مقامون مین استعمال کرتے ہین۔

آئی بوگین IBOGAIN ۔ یہ ایک قسم کا الکالائیڈ ہے۔ جو آئی بوگا۔ ٹے برنیان تھے کی جڑ سے نکالا جاتا ہے زرد رنگ قلمین جو ۳۲ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین پانی مین حل نہین ہوتے ہین مگر الکحل مین حل ہوجاتے ہین سلی نگ سک نس (سُبات) مین مفید ہے۔ اسکے ہیڈرو کلورڈ کو ۱/۱۰ سے ۱/۴ گرین کی خوراک مین ان فلوان زا (زکام) اور نیورائس تھے نیا مین استعمال کرتے ہین۔

آئی را IRA ۔ واڑہ کے درد کا علاج ہی جس مین سب ذیل ادویات موجود ہین۔

نسخہ

کافور	۷½ گرین
کیاجی پٹ آئل	۷½ گرین (وزن کیا ہوا)
پیپرمنٹ آئیل	۴½ گرین (وزن کیا ہوا)
کلوز آئیل	۷½ گرین (وزن کیا ہوا)
آئیل آف ہاپس	۷½ گرین (وزن کیا ہوا)
اسپیانش پیپر	½ گرین (وزن کیا ہوا)
ایتھر	۴۵ گرین (وزن کیا ہوا)

الکحل ۵ گرین (وزن کیا ہوا)

آئی روسل - یہ ایک قسم کی گولیاں ہین جس مین سب ذیل ادویات موجود ہین -
IROSYL

پائی روفاسفیٹ آف آئرن - پائی روفاسفیٹ آف سوڈیم
پوٹاسیم برومڈ - کوی نن ہیڈرو برومڈ -

آئی زال - یہ دواکوک (ایک قسم کا کویلہ ہے) سے مقطر کی جاتی ہے - اور ایک مضر
IZAL ڈس انفکٹنٹ (دافع سم وبائی) ہے یہ تین اشکال مین فروخت ہوتی ہے - نمبر ۱ - مڈکیل آئی زال یعنے طبی آئی زال - نمبر ۲ - ۴۰ فیصدی کا امشن ہے جو صاف کئے ہوئے مقطر شدہ روغن سے بنایا جاتا ہے - نمبر ۳ معمولی آئی زال یعنے ۴۰ فیصدی کا امشن جو نہ صاف مقطر شدہ روغن سے بنایا جاتا ہے - سیل کے علاج مین دس منم کی خوراک مین تھوڑا سا روغن ماہی ملا کر پلاتے ہین - اور بستر کے قریب بذریعہ حرارت اڑا کر سنگھاتے ہین - پیاز ولین کے ساتھ اس کا سولیوشن بنا کر بذریعہ اسپرے (آبشار) استعمال کرتے ہین - سیل مین ان ٹراٹرے کی نیل انجکشن (قصبۃ الریہ یعنے ہوا کی نالی مین پچکاری کرین) آئی زال آئیل کا گلیسرن مین ۱۰ فیصدی کا سولیوشن بنا کر ۱۰ منم کی خوراک مین استعمال کرتے ہین - آئی زال ۴۰ منم ایک اونس گلیسرن مین ملا کر استعمال کرتے ہین بعض وقت اسکے ساتھ ۱۰ منم گوی اے کال بھی ملایا جاتا ہے - واد مین استعمال کرنے کے لئے بھی رائے دیگئی ہے مقام ماؤف پر اسکی مالش کرین پیچش مین اس طریقے سے استعمال کرتے ہین - ایک یا دو ڈرام

ایک پائینٹ ۱۰۰ سنٹی گریڈ کی حرارت کے پانی مین حل کرین۔ ایک یا دو پائینٹ یہ سولیوشن بڑی آنت مین پہونچاوین اور دس یا پندرہ منٹ تک سولیوشن کو روک رکھین۔ ایسا ہی علاج دن مین ۲ مرتبہ اکیوٹ (حاد) حالتون مین ایک مرتبہ سب اکیوٹ (قریب حاد) اور کرانک (مزمن) حالتون مین استعمال کرتے ہین۔ ۱۵ سے ۲۵ قطرے دن مین ۶ یا ۷ مرتبہ حسب ذیل ادویات ملاکر انجیکشن مین استعمال کرتے ہین۔ کلورک ایتھر۔ ٹنکچر کارڈیم گلیسرین یا اسیٹ کلورو فارم۔ اور پرمنٹ آئیل۔

آئی سکارال ISAROL مترادف۔ اکتھیوڈن۔

سُرخ رنگ کا گاڑھا سیال جسکے خواص و فوائد۔ اکتھیال کے موافق ہین۔

آئی سن ISYN شکر اور کوکا مرکب ہے۔

آئی سو آئرن ISO IRON بنفشہ کا عطر ہے جو کیمیائی طریقے سے تیار کیا جاتا ہے۔

آئی سو بیوٹل آرتھو کزی سال آئی اوڈو۔ مترادف یوروفین۔

ISOBUTYL CRESOD IODID

آئی سو پروپل کاربال لی لک آسڈ۔ مترادف۔ کیاسفوزونک آسڈ۔

ISOPROPYL CABBALLYLIC ACID

آئی سوٹانک سالٹ سولیوشن۔ مترادف۔ فزیولاجیکل سالٹ سولیوشن۔ ISOTONIC SALT SOLUTION

آئی سوٹیاکیال۔ چاندی کا نمک ہے جو ٹیاکیال کے موافق ہو بطور انٹی سپٹک ISOTACHIOL (مزیل العفونت) اور بیاکٹری سائیڈ (مع جراثیم) استعمال کرتے ہین۔

آئی سوسیافرال۔ ISO SAFROL روغن سونف ہے جو کیمیائی طریقے سے بنایا جاتا ہے۔

آئی سوفارم۔ آئی اوڈو۔ اِنی سال پر آکسیجن کا اثر ڈالنے سے بنتا ہے۔ سفید چمکدار ISOFORM ٹکڑے جو ٹھنڈے پانی مین مشکل حل ہوتے ہین۔ مگر گرم پانی اور اسپرٹ وائن سپرٹ مین فوری حل ہوجاتے ہین۔ اسکے دو مرکبات ہین جو حسب ذیل ہین۔

آئی سوفارم پاؤڈر

آئی سوفارم	ایک حصّہ
کیلشیم فاسفیٹ	ایک حصّہ

آئی سوفارم پیسٹ

آئی سوفارم	ایک حصّہ
گلیسرن	ایک حصّہ

½ سے ۱ فی صدی کا گاز بھی ہوتا ہے۔

بعوض آئی اوڈوفارم استعمال کرتے ہین۔ امعاء کے انٹی سپٹک (مزیل العفونت) کے طور بھی اندرونی استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۷½ سے ۳۰ گرین تک ۔

آئی سُوفی سا س ٹگ مِن ۔ یہ ایک قسم کا الکالائیڈ ہے جو فی سا س ٹگ مِن ۔ ISOPHYSOSTIGMIN کے موافق ہے ۔ کیالا بار بِن کا اکسٹرا کٹ جو انتھر مِن حل نہین ہوتا ہے ۔ اِس سے نکالا جاتا ہے ۔ اِس الکالائیڈ کو آنکھ کے علاج مین پتلی کو سکڑانیکے لیے استعمال کرتے ہین جو بہ نسبت ایسیرِن جلد اثر کرتا ہے ۔ ایسیرِن کے سُولیوشن کے موافق اِس کا بھی سُولیوشن بنایا جاتا ہے ۔

آئی سُونیا فتھال ISONAPHTHOL بیٹا نیا فتھال کا دوسرا نام ہے ۔

آئی سُووَیالِی رِک گُوئی اے کال ایسٹر ۔ مترادف ISOVALERIC GUAIACOL ESTER جیوسوٹ ۔

آئی سُوویالی رِل پیارا فِنے ٹی ڈِن ۔ مترادف ۔ ویالی رِی ٹِن ISOVALERYL PARAPHENETIDIN

آئی سُوپ رال ۔ مترادف ۔ ٹرائی کلورو ۔ آئی سُوپرو پِل الکحل ۔ ISOPRAL بے رنگ قلمین جس مین مثل کافور کے بو آتی ہے ۔ جو الکحل ایتھر اور چربیون مین حل ہو جاتے ہین ۔ پانی مین کم ۔ بطور منوم نیا دہ خوراک مین اور بطور مسکن کم خوراک مین استعمال کرتے ہین ۔ ان سا مینا ۔ یعنے بے خوابی مین مفید ہے ۔ ۵ فیصدی کا الکحل سے بنایا ہوا سُولیوشن مالش کرتے ہین ۔

مقدار خوراک - ۷½ سے ۱۵ گرین تک -

آئی سی سل بوزیز ISIOYL BOUGIES یہ ایک قسم کے بوزیز (شیافہ) ہین جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

فینی فارم	۵ فیصدی
لارے ٹن	۵ فیصدی
آئی اوڈو سیالی سلک ایسٹر	۱۰ فیصدی

آئی سیوٹان - ISUTAN مترادف - بزمیوتان -

آئی گیازال - IGAZOL اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

پیارا فارمال ڈی ہیڈ - ٹرین ہیڈریٹ - آئی اوڈو فارم -

ٹیوبر کیولوسز مین اسکے بخارات سنگھاتے ہین -

آئی مائی ڈیاڈ - پیارا - ایتھا کسی فینیل سکسی نی ہڈ - اور آئی اوڈین - کاسولیشن IMIDIOD (جو پوٹاسیم آئی اوڈ کے ساتھہ بنایا گیا ہو) گرم کرنے سے بنتا ہے - ۷۵ اسنٹی گریڈ کی حرارت پر اس کے قلمین گداخت ہوتے ہین - بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین -

آئرن آرسی نو امونیو سٹریٹ - اس دوا کو بچون کے تپ ولرزہ مین زبر IRON ARSENO-AMMONIO-CITRATE جلد پچکاری کرتے ہین - آئی میا

(کمی خون) میں مفید ہے۔

مقدار خوراک ۔ ½ سے ۱½ گرین تک۔

آئرن اکتھیولیٹ ۔ مترادف ۔ فرنک تھال ۔ آئرن سلفو اکتھیولیٹ۔

IRON ICHTHYOLATE بھورے رنگ کا سفوف جو آئرن اور اکتھیال سے بنایا جاتا ہے۔ بطور مقوی خون استعمال کرتے ہیں۔

مقدار خوراک ۔ ۵ سے ۳۰ گرین تک بطور قرص۔

آئرن پروٹائی لن ۔ IRON PROTYLIN مترادف ۔ پروٹائی لن

آئرن پکریٹ ۔ پرانس ٹرٹیٹ گلانڈ (مذی کا غدود) جو بڑھ جاتے ہیں۔ اس میں اس دوا کو استعمال کرتے ہیں۔

مقدار خوراک ۔ ½ سے ۹½ گرین تک۔

آئرن پیکرانک لی نیٹ ۔ IRON PICRATE مترادف ٹرائی فیرن۔

آئرن ٹروپان ۔ حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے جسکو بطور مقوی و پرورش کنندہ استعمال کرتے ہیں۔ IRON TROPON

پیپٹونائزڈ ٹروپان	۹۰ فی صدی
کوکو	۶ فی صدی
آئرن	۲½ فیصدی

آئرن روبورات IRON ROBOROT مترادف۔ ای سن روبورات

آئرن سلفو اکتھیولیٹ IRON SULPHO ICHTHYOLATE مترادف فرک سلفاٹ۔

آئرن فاسفوسارکولیٹ ۔ مترادف۔ کارنی فرین۔

IRON PHOSPHOSARCOLATE

آئرن کاکوڈائی لیٹ ۔ مترادف۔ فرم کاکوڈائی لیکم۔

IRON CACODYLATE

ائرن گلی سری نو آرسی نیٹ ۔ ملاحظہ ہو بیان۔ نارسٹ ریال۔

IRON GLYCERINO ARSENATE

آئرن گلی سرو فاسفیٹ ۔ سبز مائل بہ زرد رنگ ٹکڑے یا سفوف جو پانی

IRON GLYCEROPHOSPHATE مین حل ہوتے ہین۔ کلورو سز اور نیورا ستھینیا مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۳ سے ۱۵ اگرین تک۔

آئرن نکلی ان ۔ IRON NUCLEIN ملاحظہ ہو بیان۔ فرم الوجن۔ اور فرسی نال۔

آئرن ویل الن ۔ IRON VILELLIN مترادف۔ اوو وڈ۔ فرن۔

آئرن ہی مال۔ IRONHEMOL ملاحظہ ہو بیان ہی مال

آئیل اَرِسٹال۔ ۱۰ فی صدی اَرِسٹال کا سولیوشن جو روغن کنجد مین بنایا گیا ہے۔ بطور اَنٹی سپٹک (مزیل العفونت) امراضِ چشم مین استعمال کرتے ہین۔ OIL ARISTOL

آب طُنڈو۔ یہ ایک قسم کا مخدر ہے جس کو دندانسازی مین استعمال کرتے ہین۔ اِس مین مرقومۃ الذیل ادویات موجود ہین۔ OBTUNDO

آئیل کلوری ٹون۔ کوکین۔ نائیٹروگلیسرن۔ ہائی مال منتھال۔ ونٹرگرین آئیل۔ یوکالپٹس آئیل کلوز آئیل۔

اَبرَاٹونال پیاسٹلز۔ ان پیاسٹلز مین۔ ابراٹونم کا اکسٹراکٹ اور منتھال موجود ہے۔ بطور اسٹمکِ ایمینی مقوی معدہ اور اِن ٹسٹی نَل اَنٹرنجنٹ (قابض امعاء) اور ڈس اِن فکٹنٹ (دافع سم وبائی) استعمال کرتے ہین۔ ABRATONAL PASTILLES

اَبرَاسٹال۔ ABRASTOL مترادف۔ اسپرال۔

اَبرِن۔ ABRIN مترادف جیکیوری ٹن۔

جیکیوری ٹی سیڈز۔ یعنی کہونچی سے یہ دوا نکالی جاتی ہے۔ زرد مائل کسیقدر بھورا رنگ سفوف جو پانی مین حل ہوتا ہے۔ امراضِ چشم مین بعوض جیکیوری ٹی انفیوژن (خیساندہ کہونچی) ایک کو ۵ لاکھہ کی طاقت کا سولیوشن استعمال کرتے ہین۔ اندرونی بہت ہی سخت

زہر ہے (ملاحظہ ہو بیان جیکیوری ٹائل)

اَبْ سَارِبْن - یہ ایک قسم کا لینمنٹ (روغن مالش) ہے جسکو علاج حیوانات ABSORBINE مین استعمال کرتے ہین -

اَبْ سَارْبِن - ABSORBINE یہ ایک قسم کا پارے کا مرہم ہے -

اَبْ سَالَنْ - یہ ایک قسم کا بالون کو بڑہانے والا تیل ہے جس مین نمک امونیا ABSALON کافور الکحل اور سیماب طبع روغنیات موجود ہین -

اَپل مالٹ ٹی - بعوض چاء اسکو استعمال کرتے ہین - ہمین حسب ذیل ادویات APPLE MALT TEA موجود ہین -

سیب (بریان)	۷ حصّہ
مالٹ	۹ حصّہ
تمبخ	ایک حصّہ

اَپ سَامِن - APSOMIN اس دوا کو ٹیوبر کیولوسز مین استعمال کرتے ہین -

اَپ نَالْ - APNOL اِس دوا مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

(پی رب لوسن (پی رب لوکا - گرمی کا - کا جوہر ہے)
بائی کلسرن سوڈیم آئی اوڈائڈ بائی رمی ڈن ہیپٹ آئل

اس دوا کو ضیق النفس مین استعمال کرتے ہین۔ جو بذریعہ اسپرے (آبشار) ناک مین پہونچایا جاتا ہے۔

اپاُل لے جن ۔ مترادف ٹیٹرا آئی اوڈو فینال تہالی ان مرکیوری۔

APALLAGIN مترادف۔ مرکیوری نوسوفین۔

زرد رنگ کا سفوف جو ایتھر مین حل ہوتا ہے۔ روشنی سے محفوظ رکھتین۔ جراحی مین بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔

اپاُن ۔ کیا پسیکرمی مرچ کا بہت تیز اکسٹراکٹ ہے جسکو وجع مفاصل مین بیرونی APON استعمال کرتے ہین۔

اپرگاُلز۔ APERGOLS یہ ایک قسم کے کیا پسلز ہین جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

ایپاُل۔ ازگوٹن۔ سنے ون۔ آلم۔ ارومیانکس (اخاویہ)

احتباس اور تشنجات مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ایک سے دو کیا پسلز تک۔

اپوکوڈین ہیڈروکلورڈ۔ مارفیا سے جیسا اپومارفین نکالا جاتا ہے ویسا ہی ایپوکوڈین APOCODFINE HYDROCHLORIDE کوڈیا سے نکالا جاتا ہے بہورا مائل بہ زرد رنگ کا سفوف جو پانی مین حل ہوتا ہے۔ کوڈین کے اثر سے اس کا اثر زیادہ ہے۔ بطور مخرج بلغم مسکن اور منوم۔ ½ سے ¼ گرین کی خوراک مین استعمال کرتے ہین۔ مزمن برانکائی ٹس

مین بہت ہی فائدہ مند ہے۔ ایک کو۔۔ اجسے کا سولیوشن ۴ ۳ منم لیکر زیر جلد پچکاری کرتے ہین۔

اپولائی سن ۔ سٹرک آسڈ اور پیار افنے ٹی ڈین کو باہم ملا کر۔۔ ۲ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گرم کرنے سے بنتا ہی سفید سفوف جو ۲ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہی اور گرم پانی مین بخوبی حل ہوتا ہی۔ بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور مسکن اوجاع استعمال کرتے ہین۔

APOLYSIN

مقدار خوراک ۔ ۷/۱ سے ۲۲ ½ گرین تک۔

اپومارفن برومیتھی لیٹ ۔ مترادف ۔ یوپارفن ۔

APOMORPHINE BROM METHYLATE

اپی رن ۔ APEREN فینائل تہالی ان کے قرص ہین۔

اپی رینٹ پلز ۔ (کلی ون) APERIENT PILLS ان گولیون مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

کیاسکیارا اکسٹراکٹ	۴۵ گرین
رہوبرب اکسٹراکٹ	۴۵ گرین
پاڈوفلن	۷ ½ گرین
بلاڈونا اکسٹراکٹ	۷ ½ گرین

کیاسکیارا کا خشک اکسٹراکٹ لیکر ۵۰ گولیان بناوین۔

اپی سن ۔ یہ ایک قسم کے لازنجر ہین جسمین کیالسیم فاسفو گوی اسے کولیٹ ۔

APICIN

موجود ہے۔ آلات تنفس کے امراض مین استعمال کرتے ہین۔

اپیال۔ APIOL اس دوا کے دو اقسام ہین۔

(۱) اپیال کرسٹالائین۔ یعنے چمکدار قلمین متراوف۔ پارزلی کیا مفر۔ اے پیم۔ پیٹروسلی نم یعنے آمہود سے یہ دوا نکالی جاتی ہے۔ سوی کے مانند قلمین جو ۳۰ سینٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت اور ۲۹۴ کی حرارت پر کھولتے ہین تقسیر حیض۔ اور احتباس حیض مین مفید ہے۔ ملیریا مین بعوض کوئی ہن استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ۳ سے ۵ گرین تک۔

۳ گرین یا ۲۰ فیصدی کا روغنی سولیوشن ۱۰ منم زیر جلد استعمال کرین۔

(۲) اپیال لکوڈ یعنی سیال اپیال۔ شفاف سبز یا سیاہ رنگ کا سیال جس مین آمہود کی بو آتی ہے۔ الکحل اور ائتھر مین حل ہوجاتا ہے۔ احتباس اور تقسیر طمث مین بہت ہی فائدہ مند ہے۔ ایک کیا پسل صبح و شام ۴ یا ۵ دن تک استعمال کراوین۔

مقدار خوراک۔ ۲ سے ۶ منم تک۔

اپیالن کیا پسلز۔ اپیال کے کیا پسلز ہین جو فرانس مین بنائے جاتے ہین مذکورہ بالا امراض نسوان مین استعمال کرتے ہین۔

اپیالن کیا پسلز۔ APIOLIN CAPSULES ملاحظہ ہو بیان اپیال

اٹ ٹارجنٹو۔ ITTARGENTO متراوف۔ اکتہارگن۔

اٹ ٹیولیاٹو۔ ITTIOLATO اکتہیال کا دوسرا نام ہے۔

اٹ ٹیولیاٹو IT TIOLATO اکہتیال کا دوسرا نام ہے۔

اٹاک سل سفید بے بو جمکدار سفوف ایک کو ۵ حصے پانی مین حل ہوتا ہے۔ مگر ۹۰ ATOXYL فیصدی الکحل مین حل نہین ہوتا ہے۔ ٹری پیانو سومیا ہنز (سبات) مین اس مرکب کا علاج مفید ہے۔ بہ نسبت معمولی ہم الفار کے علاج سے اس وجہ سے کہ اسکو زیادہ خوراک مین استعمال کرنے سے سمیت کا اثر نہین ہوتا ہے۔ اسکو زیادہ خوراک مین اور زیادہ تک ورید کی پچکاری کے ذریعے سے استعمال کر سکتے ہین۔ اسکی خوراک کو اتنا زیادہ کرین کہ مریض کو درد سر اور متلی نہو۔ اور اسیوقت ایسے ادویات بھی دین کہ جو مریض کو انیمیا (کمی خون) نہو برٹش میڈیکل جرنل ۱۹۰۶ء نمبر (۱) صفحہ ایک ہزار ستاون کا حسب ذیل اقتباس ہے۔ ٹری پیانو سومیا ہز مین اس طریقے سے استعمال کرین ۲۰ فیصدی کا سولیوشن (جو نارمل سیالائن سولیوشن مین بنایا گیا ہو) ۰٫۶ کیوبک سنٹی میٹر (۱۰ منم) لیکر ۴ یا ۶ دن تک جلدی پچکاری کرین بعد ازان ۰٫۸ کیوبک سنٹی میٹر (۱۳ منم) تک زیادہ کرکے ۴ یا ۶ دن تک استعمال کراوین۔ پھر ایک کیوبک سنٹی میٹر (۱۷ منم) تک روزانہ زیادہ کرین اسی طرح خوراک کو زیادہ کرین یہانتک کہ سمیت کا اثر معلوم ہووے یہ بیماری سرایت کرنے کے ساتھ ہی اس دوا کو دین۔ اور ہر وقت تازہ سولیوشن استعمال کرین (لیان سٹ ۱۹۰۶ء حصہ ایک صفحہ ۱۱۳) یا زمین استعمال کرنے سے بہت مفید ثابت ہوا ہے اور اس بیماری کا علاج شافی اور محافظ مانا گیا ہے۔ (لیان سٹ ۱۹۰۶ء نمبر (۲) صفحہ ۱۴۵۹) ۲ر کیوبک سنٹی میٹر (۳۰ منم) ۱۰ فیصدی کا سولیوشن سلیر یا مین دو انجکشن کرنیکے بعد پوری طرح

صحت ہوئی ہے (برٹش میڈیکل جرنل اے پی ٹوم ۱۹۰۶ء نمبر (۲) صفحہ ۵۲)
بیان کیا جاتا ہے کہ یہ ۲۰ حصہ سیمت مین کم ہے بہ نسبت سیم لفاجبکہ زیر جلد استعمال کرین
اٹاک سل۔ کاسولیوشن حموضات الکالی (القلی) اور روشنی کا اثر ہونے سے ڈبی کمپوزیشن
(تحلیل) ہو جاتا ہے اسلئے اسکو چند دن کے بعد تازہ تیار کر لیا کرین اسکا سولیوشن زرد
یا بھورے رنگ کا ہو جاتا ہے۔ تازہ سولیوشن استعمال کرنے سے خراش نہین ہوتی ہے
جو سولیوشن کہ چند دن تک رکھا ہوا ہو اسکو استعمال کرنے سے تکلیف دہ خراش ہوتی ہے۔
بچکاری کو گرم پانی مین اسٹری لائیزڈ۔ کرلین نہ کہ کوئی انٹی سپٹک دوا کے ذریعہ سے۔ لذا مین
اسکو حسب ذیل طریقہ سے استعمال کرتے ہین۔

ابتدا مین ایک گرین شروع کرین اسی طرح ہر دوسرے روز بچکاری کرتے جاوین اور
اُس مین ½ گرین اضافہ کرتے جاوین یہانتک کہ ۳ گرین ہوے تک اور اسکو جاری
رکھین بعض بیمارون کو ہفتہ مین دو مرتبہ ۸ گرین کی ضرورت ہوتی ہے شہر برمنگھم مین
اسکو حسب ذیل طریقہ سے استعمال کرتے ہین۔ پہلے دن اتنے سولیوشن کی بچکاری
کرین کہ جسمین ۳ گرین اٹاک سل ہو ۴ یا ۵ دن کے بعد اسمین ½ ۳ گرین زیادہ کرین
ہر ۳ یا ۴ روز استعمال کرین۔ ہر خوراک مین ½ ۳ گرین زیادہ کرتے جاوین یہانتک کہ
۱۲ گرین فی خوراک ہو۔ ٹہری پیا نوسومیا مزمن مین بھی علاج ۲ یا ۳ مہینے تک جاری رکھین
بعد ازان ۲ مہینے کا وقفہ دین اسی طرح جاری رکھین اٹاک سل بہت ہی کم خوراک مین
یعنے ایک گرین ہفتے مین ۲ مرتبہ شروع کرین بعد ازان بتدریج زیادہ کرین حسب ذیل امراض کے

علاج مین۔

لیوکی میا۔ (خون کا پھیکا پڑجانا) پرنی شیس انی میا (مہلک انی میا) ہاوکنس ڈزیز ڈی ہاسپٹل مورخہ ۲۱ ستمبر ۱۹۰۷ء صفحہ ۶۵۷)

مقدار خوراک ۔ ½ سے ۳ گرین تک۔

اسکے ہر ایک سیال ڈرام الکسیر مین ½ گرین اور ہر ایک منم انجکشن مین ½ گرین اٹاک سل موجود ہے۔

اٹاک سل آئرن واٹر ۔ اٹاک سل کا سولیشن جو کاربونیٹڈ واٹر (کاربانک ایسڈ گیاس ملا ہوا پانی) مین موجود ہے۔ ATOXYL IRON WATER

اس مین کسیقدر فرک سٹریٹ بھی ملایا گیا ہے۔

آٹان ۔ اس مرکب مین پیارا فارم۔ اور پراکسیڈ موجود ہے اس دوا کو پانی کے ساتھ ملانے سے فارمال ڈی ہیڈ نکلتا ہے۔ آٹان ٹیلیون مین فروخت ہوتا ہے۔ ایک نلی پانی بھرے برتن مین ڈالین تو اُس مین سے فارمال ڈی ہیڈ گیاس نکلے گا۔ جو ایک چھوٹے سے حجرے کو۔ ڈس اِن فکٹ (دافع سم وبائی) کر دیگا۔ اور حجرے کے فرنیچر اور کپڑون وغیرہ کو کسی قسم کا نقصان نہین پہونچے گا۔ AUTAN

فارمال ڈی ہیڈ۔ کے بخارات دفع کرنے کے لئے دوسری نلی جس مین امونیم کلورائڈ ہوتا ہے پانی کے برتن مین ڈالین تو اُس مین سے امونیا گیاس نکلے گا۔

امونیا گیاس فارمال ڈی ہیڈ۔ کی بو کو دفع کر دے گا۔

اٹرائی ٹن۔ ATRITIN اس سولیوشن مین حسب ذیل ادویات موجود ہین

سوڈیم سیانی سلیٹ	۱۷ ½ حصے
کیفین	۲ ½ حصے
پانی مع ادویہ	۱۰۰ حصے

جس وقت سیانی سلک آسڈ۔ کو وریدون مین پچکاری کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اُس وقت اس سولیوشن کا استعمال کرتے ہین۔ ۳۰ گرین یہ دوا ۱۲ گھنٹے یا ۳ دن کے فاصلے سے پچکاری کرین۔

لمبے گو (درد کمر) اہکیاس۔ اور عضلاتی۔ وجع مفاصل مین مفید ہے۔

اٹرابی لن۔ یہ دوا سُپراری نل۔ کیا بسل سے نکالی جاتی ہے۔

ATRABILIN زرد رنگ کا نیم شفاف سیال ایک کو ۵ حصہ ڈائیلوٹ (آب آگندہ) کرکے امراض چشم مین بطور مڈریاسز (انساع الحدقہ) اور مخدر استعمال کرتے ہین۔ ملاحظہ ہو بیان اٹروپی نا لن۔

اٹرال۔ مترادف۔ سلور سٹریٹ + ارجنٹم سٹرکم۔

ITROL یہ دوا اس طریقے سے بنائی جاتی ہے۔

نمبر ۱۔ سلور نائیٹریٹ ۲۴ ۳/۱۰ حصے

پانی ۱۰۰ حصے

نمبر ۲۔ سٹرک آسڈ ۱۰ حصے

پانی ۱۵۰ حصے

سوڈیم کاربونیٹ - نیوٹرل کرنے کے موافق دونون کو باہم ملالین - سفید حل نہین ہونیوالا سفوف جس پر روشنی کا اثر ہوتا ہے - اسکے سولیوشن کو ۳۰ سنٹی گریڈ کی حرارت سے زیادہ گرم نہ کرنا چاہیئے - ۰٫۲ سے ۲٫۵ فی صدی کا سولیوشن بطور انٹی سپٹک (مزیل التعفونت) استعمال کرتے ہین -

سوزاک مین ایک کو آٹھہ ہزار کی طاقت کا سولیوشن مفید ہے - زخمون کو دھونیکے لئے ۰٫۱ سے ۰٫۵ فیصدی کا سولیوشن استعمال کرتے ہین -

اٹروپین میتھل برومڈ - جمدار سفوف جو پانی مین حل ہوتا ہے - اس مین ۴۸٫۲ فیصدی برومین موجود ہے

ATROPINE METHYLBROMID

ایک فیصدی سولیوشن کے ۲ قطرے آنکھ مین ٹپکانے سے تلی پھیل جاتی ہے جسکا اثر ۴ گھنٹے تک رہتا ہے ۱/۱۰ سے ۱/۱۵ گرین کی خوراک مین ٹیوبرکیولوسز مین کھلاتے ہین تاکہ راتون کا پسینہ رک جاوے - نیورائس سٹھے نیا - اور ہسٹیریا (اختناق الرحم) بیمارون کو بجائے مارفن کھلاتے ہین -

اٹروپین میتھل نائیٹریٹ - مترادف - یوہڈرن -

ATROPIN JMETHYL NITRATE

اٹروسل - کنسنٹریٹیڈ ایتھل نائیٹریٹ ہے جو نائیٹرک ایتھر بنانے کے لئے

ITROSYL. استعمال کرتے ہین - ایک حصہ یہ اور ۹ حصے ۹۰ فیصدی کا

الکحل ملانے سے برٹش فارماکوپیا کی طاقت کا اسپیرٹس ایتھر نائیٹرس تیار ہوتا ہے

اٹروسوجن۔ ATROSOGEN یہ ایک قسم کا مقوی معدہ ہے۔

جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

نسخہ

بزمتھ سب نائٹریٹ	۷۵ گرین
کیالسیم کاربونیٹ	۳ ڈرام
سوڈیم کلورائڈ	۲½ ڈرام
سوڈیم سلفیٹ	۴۵ گرین
سوڈیم بائی کاربونیٹ	۲ اونس ۵ گرین
پیپسن	۴۵ گرین
ملوئس رہوبرب	۳۰ گرین

آٹوپائی رن AUTOPYRIN آسپائی رن۔ اور انٹی پائی رن کا مرکب ہے۔

آٹوپلاسٹ۔ کالوڈی ین۔ کا مرکب ہے جسکو بطور انٹی سپٹک (مزیل التعفن) جلے ہوئے مقامون اور زخمون مین لگاتے ہین۔ AUTOPLOST

آٹورن۔ حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے جسکو پسینے کی بدبو دفع کرنیکے لئے استعمال کرتے ہین۔ AUTORIN

بورک آسڈ	۱۰ حصے
ٹارٹارک آسڈ	۳ حصے
آئل آف ونٹر گرین	ایک حصہ
بطریق کیمیائی میوہ کا بنایا ہوا اسنس	۲ حصے
اسنیرٹ آف روز	۴ ۸ حصے

اَٹولین ATOLEINE - یہ ایک قسم کا شعلہ پذیر ہیڈرو کاربن ہے جسکو بالون کے علاج مین استعمال کرتے ہین -

اَجاکال AJAKOL - مترادف رائیتا کال -

اَجی رال AGYROL - مترادف - سلوردی ٹل لن -

اِچال ITCHOL - یہ ایک قسم کا مرہم ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

لیانولن	۴۲۰ حصے
آئی اوڈوفارم	۴۵ حصے
وایزلن	۴۲۰ حصے
گلیسرن	۳۲ حصے
کاربالک آسڈ	۳۴ حصے
یوکالپٹس آئل	۱۲ حصے

لاونڈر آئیل ۱۲ حصے

اڈیپس آسیم - ADEPS OSSIUM - مترادف - آسی ائن

اڈرالجن - اڈرینالین کوکین - اور کاربالک ایسڈ - کا مرکب ہے جس کو دندان سازی مین استعمال کرتے ہین - ADR LGIN

اڈرن - مترادف - ای پی نف رن ہیڈرئیٹ - ADRIN

سپرارینل گلانڈ سے یہ دوا نکالی جاتی ہے - اسکے حسب ذیل مرکبات ہین -

(۱) اڈرن یا وڈر - سفیدی کو جذب نہین کرنے والا سفوف -

(۲) اڈرن - ایک کو ہزار حصے کا سولیوشن -

(۳) اڈرن ٹیابلٹس $\frac{1}{65}$ گرین - ایک کو ہزار حصے کا سولیوشن بنانے کے لئے ایک قرص ایک کیوبک سنٹی میٹر لیننے ، امنم اسٹیری لائیزڈ - کئے ہوئے پانی مین حل کرین -

(۴) اڈرن سبازی ٹوریٹز (شیافہ) اس مین $\frac{1}{25}$ گرین - اڈرن موجود ہے جو برابر ہے ۱۰ منم ایک کو ایک ہزار کے سولیوشن سے -

(۵) اڈرن ہیروڈ ٹیابلٹس - اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

اڈرن	$\frac{1}{500}$ گرین
منتھال	$\frac{1}{55}$ گرین

آسڈ بنزواک	۱/۱۲ گرین
آئیل گال تھے ریا	۱/۱۶ گرین
یوکالپٹال	۱/۱۶ گرین
شکر	حسب ضرورت

(۶) اڈرن انڈ اسپارٹین اِس اڈرن کے مرکب کو بطور مقوی قلب استعمال کرتے ہین۔

(۷) اڈرن انڈ کوکین اِس اڈرن کے مرکب کو بطور مخدر استعمال کرتے ہین (ملاحظہ ہو بیان اڈری نالن)

اڈری نال (یو ہل) سپراری نل کیا پسل سے یہ دوا نکالی جاتی ہے چمکدار سفوف جو پانی مین کم حل ہوتا ہے مگر کسی قدر ہیڈروکلورک ایسڈ ADRENAL ملانے سے بخوبی حل ہوجاتا ہے۔ سوجے ہوئے میوکس ممبرین۔ کو کم کرنیکے لئے مفید ہے۔ ایک کو ایک ہزار اور ایک کو دس ہزار کی طاقت کا سولیوشن بیرونی ۵ سے ۱۰ قطرے ایک کو ایک سو کی طاقت کا سولیوشن اندرونی استعمال کرین اِسکے دو مرکبات ہین۔

اڈری نال یوہل سکم سولیوبل دو فیصدی کا سولیوشن جس مین کسیقدر سوڈیم کلورڈ بھی موجود ہے۔

اڈری نال یوہل سولیوشن ایک کو ایک ہزار۔ اڈری نال کا سولیوشن جو فزیولاجکل سالیٹ سولیوشن مین بنایا گیا ہے۔

اڈری نالن ADRENALIN سپراری نل گلانڈ کا

قوی الاثر جوہر فعال ہے۔

سفید مائل کسیقدر بھورے رنگ کا سفوف جو گرم پانی مین بخوبی حل ہوتا ہے مگر ٹھنڈے پانی مین نہین۔ ۷۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے۔ اس کے مائی سولیوشن پر ہوا اور روشنی کا اثر ہونے سے سرخ رنگ کا ہوتا ہے اڈری نائن کلورائیڈ سولیوشن ایک کو ایک ہزار کا سولیوشن جس مین۔ اڈری نائن کلورائیڈ ایک حصہ فنزولیا جنک سالٹ سولیوشن ایک ہزار حصہ۔ کلوری ٹون ½ فیصدی موجود ہے اس مین وہ چند نارمل سیالائن سولیوشن ملا کر بطور ہائی پوڈرمک استعمال کرتے ہین ڈیجی ٹیلس۔ کے ویسا ہی قلب کی حرکت کو برابر کرتا ہے۔ یہ اسقدر طاقتور ہے کہ ½ گرین سے دل کی حرکت جو بقاعدہ ہوگئی ہو وہ برابر ہو جاتی ہے۔ چند قطرے کسی جگہہ پر لگا کر جراحی کرنے سے خون نہین نکلتا ہے۔ کوکین۔ اور یوکین۔ ملا کر زیر جلد پچکاری کرنے سے اس جگہہ کی جلد بیحس ہو جاتی ہے۔ اور مقام مامون پر جراحی کرنے سے خون نہین نکلتا ہے۔

برائن صاحب کا قول ہے کہ بہت زیادہ ڈائیلوٹ (آب گندہ) کر کے پچکاری کرین ۱۰ منم ایک کو ایک ہزار کا سولیوشن ۱½ اونس سے ۶ اونس تک کوکین کا سولیوشن ملا کر جلدی پچکاری کرین۔ یہ قوی الاثر مانع اجرائی خون ثابت ہوا ہے مائی فائیڈ۔ کے ہموریج (جریان خون) مین ایک کو ہزار کا سولیوشن ۲ منم ہر ۳ گھنٹے کے فاصلے سے زیر جلد پچکاری کرین۔ خون بند ہونے تک یا ۱۰ منم ہر گھنٹے کو پلاوین آنکھہ۔ ناک اور کان کے اجتماع خون کو دفع کرتا ہے۔ معدہ۔ شانہ۔ اور امعا کے

خون کو فوری روک دیتا ہے۔

مقدار خوراک۔ اندرونی ۵ سے ۳۰ منم تک۔

ایک کو ۵۰ ہزار یا ایک کو لاکھ کی طاقت کا سولیوشن بطور ہائی پوڈرمک استعمال کرین اسکے حسب ذیل مرکبات ہین۔

(۱) لائیکر اڈرہی نی نی ہیڈرو کلورہی کس۔ اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

اڈرہی نالین	۱۱۰ حصہ
کلورو فارم	۵۰ ر حصہ
سوڈیم کلورائیڈ	۹۰ ر حصہ
ڈائیلوٹیڈ ہیڈرو کلورک ایسڈ	۲۵ ر حصہ
ڈسٹلڈ واٹر مع ادویہ۔	۱۰۰ حصہ

(۲) ان سفلے میڈ اڈرہی نالی نی کمپوزیٹا۔ اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

اڈرہی نالین	ایک گرین
بورک ایسڈ	ایک اونس
کیا نقسہ سفوف کیا ہوا۔	ایک اونس
کوکین ہیڈرو کلورڈ	ایک گرین
منتھال	۴۰ گرین

یوکالپٹس آئل	۱۰ منم
لائی کوپوڈیم	۲-۱ اونس

(۳) کمپونڈ سپراری نائن اسٹف۔ اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

بورک آسڈ	۲۴۰ گرین
کیا مفر	۲۰ گرین
کوکین ہیڈروکلورڈ	ایک گرین
سپراری نائن پاؤڈر	ایک گرین
لائی کوپوڈیم	۲-۱ اونس
منتھال	۶۰ گرین
پوٹاسیم کلورٹیٹ	۲ ڈرام
آئیل یوکالپٹس	۱۰ منم

اڈری نائن آئنمنٹ۔ اس مرہم مین ایک حصہ اڈری نائن ہیڈروکلورڈ اور ہزار حصہ ویازلین موجود ہے۔

اڈری نائن انڈسپراری ہن ڈریسنگز۔ جراحی کے لئے اڈری نائن مین تر کی ہوئی روئی اور گاز ہے۔ گاز مین ایک فیصدی اور روی مین ۲½ فیصدی اڈری نائن موجود ہے چند دن تک رہنے سے اس کا رنگ بھورا ہو جاتا ہے۔ تجربے سے ثابت ہوا ہے کہ بہر حال اسکا اثر چند مہینے تک قائم رہتا ہے۔

حسبِ ذیل ادویات کے خواص و فوائد۔ اڈری نالن کے موافق ہین۔

اڈری نال	ہی می سن
اڈرن	سپرای نن
اڑابی لن	پیارانفرن
ای پی نفرن	ٹونوجن
ای پی ری نان	ای پی نفرن ہیڈریٹ

اڈری نالن اسٹری لیٹ۔ انٹری لائزڈ کیا ہوا۔ اڈری نالن کا سولیو شن ہائی جس کو ہے نیوز مین استعمال کرتے ہین۔ ADRENALIN STERILETTE

اڈری نامن بائی لا ADRENAMIN BYLA یہ ایک قسم کا انجکشن اڈری نالن ہے۔

اڈلر فلوئیڈ۔ ADLER FLUID یہ ایک قسم کا لینمنٹ (روغن مالش) ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

فلوئیڈ اکسٹراکٹ آف ہینڈرا سٹس

فلوئیڈ اکسٹراکٹ آف ہمامیلس

ٹنکچر آف بنزائن

ٹنکچر آف بلاڈانہ

کاربالک آسڈ

اڈلر فلوئیڈ (فرانک فرٹ) یہ ایک قسم کا لینیمنٹ (روغن مالش) ہے جس مین
ADLER FLUID
حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

صابون۔ کافور۔ امونیا۔ اسی ٹک ایتھر۔ آئیل آف مسٹرڈ۔ آئیل آف جونی پر۔
آئیل آف ٹرپن ٹائین۔

اڈلفِ رن اسپرے ۔سپراری نل گلانڈ کا ایک کوہزار کا سولیوشن جو
ADNEPHRIN SPRAY
خوشبودار تیل مین بنایا گیا ہے۔ بطور
اسپرے استعمال کرتے ہین۔

اڈلفِ رن سپازی ٹوریز۔ اڈلفِ رن۔ کے سپازی ٹوریز
ADNEPHRIN SUPPOSITORIES
(شیافہ) ہین۔

اڈلفِ رن سولیوشن۔سپراری نل گلانڈ کا ایک کو ایک ہزار کا سولیوشن
ADNEPHRIN SOLUTION
جو فزیولاجک سالٹ سولیوشن
مین بنایا گیا ہے جس مین ½ فیصدی نیتہا فارم بھی موجود ہے۔ بطور ہی ماسٹیٹک
(مانع جریان خون) کارڈیاک اسٹیمولنٹ (محرک قلب) استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۳ سے ۳۰ منم تک۔

(ملاحظہ ہو بیان سپراری نل)

اڈورن۔ ADORIN کف پا کا پسینہ جو بکثرت نکلتا ہے

اُس مین اِس سفوف کو چھڑکتے ہین۔ اسمین سڑائی اکسی ہیتی لِن موجود ہے۔

اڈونائی ڈِن ۔ اڈونس وُرنالِس سے یہ گلوکوسائڈ۔ حاصل کیا جاتا ہے۔

ADONIDIN بھورے رنگ کا سفوف جو مئی کو جذب کرتا ہے

اور پانی مین حل ہوتا ہے۔ بطور کارڈیاک اسٹیمولینٹ (محرکِ قلب) اور مدر استعمال کرتے ہین۔ کرانک نفرائی ٹس (مزمن سوزشِ گردہ) مین مفید ہے۔ نکوٹِن کے فاور ہر کے طور پر بھی استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۱/۲۵ سے ۱/۲ گرین تک دن مین ۴ مرتبہ ۱/۲ فیصدی کا سولیوشن زیرِ جلد استعمال کرتے ہین۔

اڈونِن ۔ اڈونس وُرنالِس کے گلوکوسائڈ کا جوہر ہے۔

ADONIN سفید مائل سیقدر بھورے رنگ کا مئی کو جذب کرنے والا سفوف۔ الکحل اور پانی مین حل ہوتا ہے۔ ایتھر مین حل نہین ہوتا ہے۔ بطور مدر اور محرکِ قلب استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۱/۲ سے ۱/۶ گرین تک۔

اڈہائی سال ۔ انٹی سپٹک (مزیل العفونت) وارنش ہے جسکو بعوض۔

ADHAESOL انٹی ری سال۔ استعمال کرتے ہین۔

اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

کوبال ریزن ۳۵۰ حصے

بینزائین	۳۰ حصے
بالسم آف ٹلو	۳۰ حصے
آئل آف ہیم	۲۰ حصے
الفا نیفتھال	۳ حصے
ایتھر	۱۰۰۰ حصے

اڈی پیاٹم ADIPATUM مرہم کی زمین ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

اَن ہیڈرس لیانولین	۳۵ حصے
ویازلین	۵۲ حصے
پیارافن	۷ حصے
پانی	۵ حصے

اڈیورال ADUROL برومم ہیڈروکونی نون ہے جس کو فوٹوکے ڈے وڈوبڑ کے طور استعمال کرتے ہین۔

آرازایتھر AURAUS ETHER مترادف ایتھی لی ڈین کلورائڈ۔

آربرآئل ARBOR OIL اس روغن مین حسب ذیل ادویات موجود ہین کہ نی سائل فینائل۔ اَن ہیڈرس۔ اس مین ہموزن ایتھر ملا کر جلدی امراض اور وجع مفاصل مین استعمال کرتے ہین۔

آربیوٹن - یہ جوہر بیر بری سے حاصل کیا جاتا ہے سفید چمکدار ٹکڑے ۱۶۶ سے ۱۶۸ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین ۸ حصے پانی اور ۱۶ حصے الکحل مین حل ہوجاتے ہین - برائٹس ڈزیز مین بطور مدر استعمال کرتے ہین - ARBUTIN

مقدار خوراک - ۲½ سے ۴½ گرین تک دن مین ۳ یا ۴ مرتبہ انتہا خوراک اسکی ۱۵ گرین تک ہے -

اِرپائیل - یہ ایک قسم کے کیاپسلز ہین جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین - ERPOIL

اِپیائل	۵ منم
ارگوٹن (بان جن)	۹/۱۰ گرین
گاسی پیم ربڑ ہی نائیڈ	۳ گرین

لقسترا ور احتباس حیض مین استعمال کرتے ہین -

آرتھرائی ٹی سن - یہ ایک قسم کے قرص ہین جسکو گوٹ یعنی نقرس مین استعمال کہتے ہین - ARTHRITICIN

آرتھوآئی اوڈوانی سال - مترادف - آئی اوڈوانی سال -

ORTHO IODOANISOL

آرتھروسان ٹیابلٹس - فارمال ڈی ہیڈ اور سوڈیم سٹرٹیٹ - کے قرص ہین جسکو گوٹ یعنے نقرس مین استعمال ARTHROSAN TABLETS

کرتے ہین۔

آرتھو آکسی بنزل الکحل ۔مترادف ۔سیالی جی ہن۔

ORTHO OXY BENZYL ALCOHOL

آرتھو آکسی بنزی لی ڈن فنی ٹی ڈن ۔مترادف ۔سلاکین ۔

ORTHO OXY BENZYLIDEN PHENETIDIN

آرتھو آکسی کوی نولن میٹا سلفونک اسڈ ۔مترادف ۔ڈائی افتھال

ORTHO OXY QUINOLIN META SULPHOHIC ACID

آرتھو امیڈو سیالی سلک آسڈ ۔سبز مائل سفید رنگ اور بے بو کا سفوف معمولی محللات مین

ORTHO AMIDO SALICYLIC ACID

حل نہین ہوتا ہے جوڑون کے وجع مفاصل مین استعمال کرتے ہین۔

آرتھو فارم ۔مترادف ۔ پیارا امیڈو میٹا ہیڈرا کسی بنزوا ئک آسڈ میتھل ایسٹر۔

ORTHOFORM سفید بے بو اور بے مزہ چمکدار سفوف ۔ ۱۲ سنٹی گریڈ کی حرارت سے گداخت ہوتا ہے۔ ایک کو ۵۰ حصہ پانی ایک کو چھ حصے الکحل ایک کو ۱۳ ½ حصہ ایتھر مین حل ہوتا ہے۔

آرتھو فارم نیو۔مترادف ۔میٹا امیڈو پیارا امیڈو ہیڈرا کسی بنزوا ئک آسڈ میتھل ایسٹر۔

ایڈیر یا پاسیج کے زخمون مین بطور مخدر لگاتے ہین۔ ۱۰ فیصدی کا سولیوشن جو ۴۵ فیصدی الکحل سے بنایا گیا ہو بطور اسپرے (آبشار) استعمال کرتے ہین ہموزن لائی کو یوڈو فارم ملا کر بطور ان سفلیشن (تفوخ) استعمال کرتے ہین ۱۰ فیصدی کا مرہم بھی مفید ہے ۔ ۱۶ گرین بطور مسکن معدہ زخم اور سرطان مین

اندرونی استعمال کرتے ہین۔ جلے ہوئے مقامون اور آتشک کے زخمون مین بطور مرہم لگاتے ہین۔ اِس کے الکحل سے بنائے ہوئے سولیوشن مین روی کا پہاہا بھگو کر داڑھ کے درد مین رکھتے ہین جس سے فوری فائدہ ہوتا ہے۔ کارسی نوما (سرطان) گیاسٹرک اُلسر (زخم معدہ) اور نروس ڈس پیپسیا (اعصابی بدہضمی) مین ۳ گرین کی خوراک مین مفید ہے ۲۵ حصہ آرتھو فارم اور ۰۰ حصہ الیوائیل ملا کر جخرہ مین لگاتے ہین۔ یہ کوکین کا بہت ہی عمدہ عوض ہے۔

آرتھو فارم نیو ORTHOFORM NEW ملاحظہ ہو بیان۔ آرتھو فارم۔

آرتھو فینال سلفونک آسڈ۔ مترادف۔ اسپ ٹال۔

ORTHOPHENOL SULPHONIC ACID

آرتھو کال۔ ORTHOCOL یہ تھیو کال ہے جو آرتھو کال کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ الکسراف آرتھو کال کمپونڈ۔ اِس کے ہر دو ڈرام مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

تھیو کال	۴ گرین
ٹرپین ہیڈریٹ	۲ گرین
کوڈین فاسفیٹ	۱/۱۲ گرین

یران کائی ٹس مین استعمال کرتے ہین۔

آرٹی زیوز۔ ARTERIOSE آرٹن سیانگنیر البنومی نیٹ کا ایکذی

جو بغیر الکحل بنایا گیا ہے اس مین ۴ فیصدی آئرن۔ اور ایک فی صدی میانگنیز موجود ہے۔

آرٹی می سن ARTEMISIN مترادف۔ اکنی سیا نوٹن۔

سفید چمکدار سفوف جو آرٹی می سیا میاری نائی ما۔ کے تخم سے نکالا جاتا ہے۔ ۱۰۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے۔ گرم پانی اور گرم الکحل مین حل ہوجاتا ہے۔ بطور مقوی معدہ اور مشہی اسکے ساتھ دوسرے اجزا ملا کر استعمال کرتے ہین۔

آرٹی می سن	۰٫۱ گرام
کواسن	۰٫۱ گرام
آئرن اکسائلیٹ	۰٫۱ گرام

آرجن ٹامن ARGENTAMIN مترادف۔ ایتھی لین۔ ڈیامن۔ سلور فاسفیٹ۔

مترادف۔ لائیکر آرجن ٹامی نی۔

۱۰ فی صدی سلور فاسفیٹ کا سولیوشن جو ایتھی لین ڈیامن مین بنایا گیا ہے سفید سیال جو البیومن کو تہ نشین نہین کرتا ہے۔ دوسرے قسم کے سلور سالٹس کے مانند اسکو بھی استعمال کرتے ہین۔ آلات البول کے امراض مین ایک کو ۵۰ حصے کا مائی سولیوشن بنا کر پچکاری کرتے ہین۔ امراض چشم مین ۵ فیصدی کا سولیوشن مفید ہے بعوض سلور نائیریٹ استعمال کرتے ہین۔

آرجن ٹال ARGENTOL مترادف ۔ سلور اکسی کینو سیٹو لینٹ ۔
مترادف آرجنٹم کوئی ناسیٹالیکم ۔ آرجنٹم کینا سیٹالیکم ۔ اکسی کوئی نولین سلفونیٹ آف سلور ۔
سفید جل نہین ہونے والا سفوف ۔ اسکے استعمال سے خراش نہین ہوتی ہے حسب ذیل
طاقت کا سولیوشن بنا کر سوزاک اور آتشک مین استعمال کرتے ہین ۔

ایک کو	۳۰۰ حصے کا سولیوشن
ایک کو	۱۰۰۰ حصے کا سولیوشن
ایک کو	۵۰ حصے کا مرہم
ایک کو	۱۰۰ حصے کا مرہم

آرجنٹم آئی اوڈاٹم نے سنز ۔ یہ دوا حسب ذیل طریقے سے
ARGENTUM IODATUM NASCENS بنائی جاتی ہے ۔

سلور نائیٹریٹ	۳۰ گرین
پوٹاسیم آئی اوڈائڈ	۳۳ گرین
ڈسٹلڈ واٹر	۱½ سیال اونس

میو سلیج آف آئی رش ماس مع ادویہ ۳½ سیال اونس ۔
اس سولیوشن کو آلات البول کے متعدی امراض مین پچکاری کرتے ہین ۔

آرجنٹم پروٹی نیکم ARGENTUM PROTEINIOUM یہ ایک قسم کا
چاندی کا نمک ہے ۔

آرجنٹم پکرونائیٹریکم۔ ARGENTUM PICRONITRICUM مترادف
پکرانائل۔

آرجنٹم سٹرِی کم۔ APGENTUM CITRICUM مترادف
اٹرائل۔

آرجنٹم سلفوفنائی لیکم۔ مترادف سل بی رائل۔
ARGENTUM SULPHOPHENYIICUM

آرجنٹم سولیوبل۔ ARGENTUM SOLUBLE مترادف
کولارگال۔

آرجنٹم فلوا وراٹم۔ مترادف۔ ٹیاکیال۔
ARGEETUM FLUORATUM

آرجنٹم کالائیڈیل۔ مترادف۔ کولارگال۔
ARGENTUM COLLOIDALE

آرجنٹم کرِے ڈا۔ ARGENTUM CREDE مترادف
کولارگال۔

آرجنٹم کوی ناسیپٹالیکم۔ مترادف۔ آرجن ٹال۔
ARGENTUM QUINA SEPTOLICUM

آرجنٹم کینا سپٹالیکم۔ مترادف آرجن ٹال۔
ARGENTUM CHINASEPTOLICUM

آرجنٹم لیاکٹیکم۔ ARGENTUM LACTICUM مترادف اکٹال۔

آرجنٹوز۔ ۳۰ فی صدی چاندی اور نک لیوپروٹیڈ کا مرکب ہے۔ ARGENTOSE بطور اسٹرنجنٹ (قابض) اور جرمی سائیڈ (مضیت جراثیم) سوزاک دیجائی نائی اٹس (ورم المخاسر) اوٹائی اٹس (کان کی سوزش) رہی نائی اٹس۔ (ناک کی میوکس ممبرین کی سوزش) مین استعمال کرتے ہین۔ سلور نائیٹریٹ کے مانند اسکے بھی خواص و فوائد ہین۔

آرجنٹوفارمن۔ مترادف۔ ہکسامیتھی لن ٹیٹرامین سلور نائیٹریٹ۔ ARGENTOFORMIN یہ ایک قسم کا انٹی سپٹک ہے۔

ارجنٹی فلورائیڈم۔ مترادف۔ ٹیا کیال۔ ARGENTII FLUORIDUM

آرجی آل۔ ORGEOL عطر گلاب کی خوشبو ہے جو ترکیب کیمیائی بنائی جاتی ہے۔

آرجی رآل۔ ARGYROL مترادف سلوردی ٹل لن + اجی آل سیاہ رنگ چمکدار نمی کو جذب کرنے والے ٹکڑے۔ جو آسانی سفوف ہو جاتے ہین۔ پانی مین حل ہوتے ہین مگر ۹۰ فیصدی الکحل مین نہین۔ اس مین ۳۰ فی صدی چاندی ہمراہ پروٹین موجود ہے۔ ۵ فیصدی کا سولیوشن اکیوٹ گنوریا (سوزاک حاد) مین مفید ہے

ایک یا ۲ قطرے ۲۰ سے ۵۰ فیصدی کا سولیوشن افتہال میانیو نے ٹورم (نوزائیدہ بچہ کا آشوب چشم) مین ٹپکاتے ہین جسکے استعمال سے خراش نہین ہوتی ہے۔ اور بہ نسبت نائیٹریٹ آف سلور زیادہ موثر بھی ہے۔ اس دوا سے مائیکرو آرگیانزم (وہ حیوانات جو بذریعہ خوردبین نظر آتے ہین) بہت جلد نیست و نابود ہو جاتے ہین۔ ۲۵ فیصدی کا سولیوشن کنجنکٹیوا سے جو پیپ نکلتا ہے اُسکو فوری روک دیتا ہے۔ کیریٹائی ٹس (سوزش قرنیہ) فوٹو فوبیا (روشنی کی برداشت نہ کرسکنا) بلیفرو اسپازم (پلکون کا بے اختیار بار بار زور سے بند ہونا) مین حسب ذیل مرہم استعمال کرتے ہین۔

آرجی رال	۱۰ گرین
ویازلن	ایک اونس

پیورولنٹ افتہال میا (ریمی آشوب چشم) مین یہ بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ اس کو ۵۰ فیصدی کے سولیوشن سے بھی زیادہ استعمال کرسکتے ہین۔ سلور نائیٹریٹ پر اسوجہ سے ترجیح دی جاتی ہے کہ اسکے استعمال سے خراش بہت کم ہوتی ہے۔ گنوریا مین ۲ سے ۵ فیصدی اور سنسائی ٹس (سوزش مثانہ) مین ۲۰ فیصدی کا سولیوشن پچکاری کرتے ہین کوکین ہیڈروکلورڈ اور دوسرے الکائیڈس کے نقیضات ہین۔

آرجی مُون مکسے کانا ۔ بعوض مارفن اس دوا کو استعمال کرتے ہین۔

ARGEMONE MEXICANA

مارفیا کا بہت ہی عمدہ فاوزہر بھی ہے۔

آرسال - آرسی نیٹ آف کیا نسیم اور فاسفورس کا مرکب ہے جسکو اعصاب کی کم قوتی مین استعمال کرتے ہین - ARSOL

آرسن پراٹائی لن ARSEN-PRATYLIN مترادف آرسی لین

آرسن فراٹن - فراٹن مین ۷ فیصدی آئرن اور ۶۰ فیصدی آرسنس آسڈ ملایا گیا ہے - ARSEN FERRATIN

آرسن فراٹن ٹیابلٹس - ان قرصون مین حسب ذیل ادویات موجود ہین - ARSEN FERRATIN TABLETS

آئرن	½ گرین
آرسنک آسڈ	۱/۱۰۰ گرین

آرسن فراٹوز - ARSEN FERRATOSE اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

فراٹن	۱۵ فیصدی
آرسنیک	۱۵،۱۰۰ فیصدی

انی میا یعنی خون مین استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - جوانون کے لئے ۳ سے ۴ منیر کے چمچے تک بچون کیلئے ۶ ڈرام تک -

آرسن آورو - ARSEN AURO بروماڈ آف گولڈ اور

بروماٹ آف آرسینک کا سولیوشن ہے۔ جسکے ہر ۱ قطرے مین $\frac{1}{32}$ گرین دونون دوائین موجود ہین۔ رعشہ اور صداع مین استعمال کرتے ہین۔

آرسن ہی مال۔ ARSEN HEMOL ملاحظہ ہو بیان ہی مال۔

آرسینک البیومی نیٹ۔ مترادف۔ اکارکن۔

ARSENIC ALBUMINATE

آرسینک پیسٹ۔ ARSENIC PASTE اس دوا مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

آرسی نس آسڈ	ایک حصہ
گوکین ہیڈرو کلورڈ	ایک حصہ
آرسنو فارم	۸ حصے

دندان سازی مین استعمال کرتے ہین۔

آرسو فرن (یا ربر) یہ ایک قسم کے پیانسٹلز ہین جس مین حسب ذیل ادویات

ARSO FERRIN موجود ہین۔

آرسو فرن	۱ $\frac{1}{2}$ گرین
اکسٹرکٹ جنشن	۳ $\frac{3}{4}$ گرین

آرسی کوڈائیل۔ اس دوا کو نیورائس سفلیٹک ملیریا۔ ذیابیطس اور جلدی امراض مین استعمال کرتے ہین۔ اس کے حسب ذیل مرکبات ہین

ARSYCODILE

(۱) اِس کا سیال جو کلایخ کے نلیون مین فروخت ہوتا ہے اُسکو زیر جلد استعمال کرتے ہین۔

(۲) گولیان جس مین ایک گرین سوڈیم کا کوڈائی لیٹ ہے۔

(۳) گولیان جسمین سوڈیم کا کوڈائی لیٹ اور آئرن موجود ہے۔ کلورو ہنرانی میادکی خون مین استعمال کرتے ہین۔

آرسی لن۔ مترادف۔ آرسن پراٹائی لن۔

ARSYLIN پراٹائی لن اور آرسینک کا مرکب ہے جسمین ۱، فیصدی آرسینک اور ۲۱/۲ فیصدی فاسفورس موجود ہے۔ زرد مائل سفید رنگ کا سفوف جو پانی مین حل نہین ہوتا ہے۔

مقدار خوراک۔ ۵ گرین دن مین ۳ یا ۴ مرتبہ۔

آرسی نل۔ ARSINYL مترادف۔ آرہی نال۔

آرفال۔ مترادف۔ برمتھ ہیٹانیفتھولیٹ۔

ORPHOL زرد مائل سفید رہورا بے بو اور بے مزہ حل نہین ہونیوالا سفوف۔ بطوران ٹش ہی ٹنگ ڈش ان فکٹنٹ (دافع سم وبائی امعاء) استعمال کرتے ہین

مقدار خوراک۔ جوانون کے لئے ایک ڈرام۔ بچون کے لئے نصف ڈرام استعمال کرین۔

آرکائی پن ORCHIPIN بیلون کے خصیون کا اکسٹراکٹ جسکو

بطور مقوی استعمال کرتے ہین۔

آرگائی ڈی نم گوئی اے سی نا ٹم ۔ ببولون کے خصیون کا اکسٹراکٹ
ORCHIDINUM GUAIACINATUM اور گوی اے سن کا مرکب ہے۔
گوی اے گال سلفونک آسڈ کا اثر گوی سن پر ڈالنے سے گوی اے سن بنتا ہے۔
بھورے رنگ کا سیال۔ آرگائی ٹک گوٹ مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۲۰ سے ۳۰ قطرے تک۔

ارگوا پیال۔ ERGOAPIOL یہ ایک قسم کے کیا پسا ہین
جس مین مرکوزۃ الذیل ادویات موجود ہین۔
پیال۔ ارگوٹن۔ آئیل آف سنے دن الائن۔
احتباس اور قسط حیض مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ایک سے ۲ کیا پسا تک دن مین ۲ دفعہ۔

ارگوٹی نال۔ ERGOTINAL ارگٹ کا مرکب ہے جسکو ابو اص
حیوان مین استعمال کرتے ہین۔

ارگوٹنز ۔ ارگٹ کی بہت سی تیاریان ہین جو ارگوٹن کے نام سے مشہور ہین۔
ERGOTINS جو مندرجہ ذیل ہین۔

۱) انٹی سپٹک سی کیل کا رسیوم۔ پانی سے بنایا ہوا ارگٹ کا اکسٹراکٹ ہے جس مین
ایکلی روئیک آسڈ نکال کر نیوٹرالائز کیا گیا ہے۔ یہ ایک سال تک خراب نہین ہوتا ہے

(۲) ارگوٹن نا۔ اسٹیپٹیکا (ارگٹ کا۔ فلوئیڈ اکسٹراکٹ جسمین ۵ فیصدی اسٹیپٹی ٹاکسن موجود ہے حیض کی بیقاعدگی اور نیورو سنر مین استعمال کرتے ہین ۔

مقدار خوراک ۔ ۱۰ سے ۱۵ قطرے تک دن مین کئی مرتبہ۔

(۳) ارگوٹن (بان جو) پانی سے بنایا ہوا۔ ارگٹ کا اکسٹراکٹ ہے جو بذریعہ الکحل صاف کیا گیا ہے اس کا ایک حصہ برابر ہے ۵ یا ۶ حصے ارگٹ سے ۔

مقدار استعمال ۔ ۱½ سے ۴½ گرین تک بطور گولی یا زیر جلد پچکاری کرین ۔

(۴) ارگوٹین ۔ بان جو ۔ ڈے پیوراٹم پیرو الکلائڈ ۔ ارگٹ کا صاف کیا ہوا اکسٹراکٹ ہے جو زیر جلد پچکاری کرنے کے لئے کام آتا ہے ۔

مقدار استعمال ۔ ۷½ سے ۹ گرین تک زیر جلد استعمال کرین ۔

(۵) ارگوٹین بام بے لن فلوئیڈ ۔ مترادف کارنیوٹی نم ارگوٹی نم ۔ ریسیاہ رنگ کا سیال ہے جسکو اندرونی اور زیر جلد پچکاری کرتے ہین ۔

مقدار خوراک ۔ ½ چار کا چمچہ ہر ۱ منٹ کے فاصلے سے اور ۴ منم سے ۹ منم ۱ منم پانی ملا کر زیر جلد پچکاری کرتے ہین ۔

(۶) ارگوٹین بام بے لن ایسی نم ۔ ارگٹ کا اکسٹراکٹ ہے جو گولیان بنانیکے لئے استعمال کرتے ہین اسکا سولیوشن ضرورت کے وقت تیار کر لیا جاتا ہے ۔ یہ نسخہ بنانے کے لئے استعمال کرتے ہین ۔

ارگوٹن بام بے لن ایسی ہم	۱۰ حصے
اکوالا روسی رازی	۷½ حصے
الکحل	۲½ حصے

مقدار خوراک ۵ سے ۱۰ قطرے تک۔

(۷) ارگوٹن ڈن رزل فلوئیڈ ارگٹ کا اکسٹراکٹ ہے جو جرمن کی فارما کوپیا کے مطابق ہے۔

(۸) ارگوٹن فورم سے ایک حصہ اس دوا کا برابر ہے ۵ حصے ارگٹ سے۔

مقدار استعمال ۱½ گرین سے ۳ گرین تک زیر جلد۔

(۹) ارگوٹن کا لائف ہموزن گالک آسڈ اور ارگوٹن کا مرکب ہے۔ ۴ فیصدی کا سولیوشن ایک چار کا چمچہ ہر دو گھنٹے کے فاصلے سے استعمال کریں۔

(۱۰) ارگوٹن کلر ارگٹ کا اکسٹراکٹ ہے۔ اندرونی کہلاوین اور یہی مقدار زیر جلد پچکاری کر سکتے ہین۔ ۱½ سے ۲½ گرین تک انتہائی خوراک ۳ گرین تک ہے۔

(۱۱) ارگوٹن کول میان فلوئیڈ ۱۰ قطرے اسکے برابر ہین ۵ گرین ارگٹ کے۔

مقدار خوراک ۵ سے ۳۰ قطرے تک۔

(۱۲) ارگوٹن ایپ سنس سنٹ ہے کیپ اسکلی روٹک آسڈ اور اسفاسی نی نک آسڈ اس ارگوٹن سے نکال دئے گئے ہین۔

(۱۳) ارگوٹن بلوش ڈیالی سائم وریخ ڈیالائیزڈ کیا ہوا ارگٹ کا اکسٹراکٹ ہے

مقدار خوراک - ۳۰ گرین -

(۴۱) ارگوٹین بلوس سکم وگرس خشک الکحل سے بنایا ہوا اکسٹراکٹ ہے جو ارگٹ سے تیار کیا جاتا ہے اسمین اسفاسلی نک آسڈ موجود ہے - بھورے رنگ کا سفوف جو الکحل مین حل ہوتا ہے -

مقدار خوراک - ۱/۲ گرین سے ۵ گرین تک -

(۴۲) ارگوٹین وان سیاہ سیال جو کسیقدر بھورا ہے جسمین اکوالا روسی رازی موجود ہے

مقدار خوراک - ۱۰ سے ۲۰ منم اور زیر جلد ۱۷ منم -

ارگوجی نن پوچیم - کلور وفنر اور نیوراش سے تیار - مین اس دوا کو استعمال کرتے ہین - ERGOGENINE POACHIM

آرگونن - ARGONIN مترادف - سلور کیازین -

چاندی اور کیازین کا مرکب ہے جسمین ۲۸٫۴ فیصدی فلز مذکور موجود ہے سوڈیم کیازین کا اثر سلور نائیٹریٹ پر ڈالنے سے بنتا ہے - سفید سفوف جو ٹھنڈے پانی مین حل نہین ہوتا ہے مگر گرم پانی مین حل ہو جاتا ہے - اسکے سولیوشن پر روشنی کا اثر ہونے سے متفرق ہوتا ہے جملہ قسم کے حموضات اسکے نقیض ہین - کوکین لوکین اور نروے نن کے ساتھ اسکا سولیوشن ملانے سے رسوب نشین ہوتا ہے - وہ رسوب نشین بورک آسڈ مین حل ہو جاتا ہے ۱/۲ یا ۱ فیصدی کا سولیوشن گنوریا (سوزاک) مین بطور بیاک ٹری سائیڈ (مضیت جراثیم) اور ڈس ان فکٹنٹ (دافع سم وبائی) استعمال کرتے ہین - ۱۰ یا ۲۰ فیصدی کا سولیوشن

جو گلیسرن مین بنایا گیا ہوا مراض چشم مین استعمال کرتے ہین۔ ۲۰ فیصدی کا سولیوشن بھی گنوریا مین استعمال کیا گیا ہے۔

ارگون۔ ارگٹ کا اکسٹراکٹ جس مین اسفاسلی نک اسڈ اور کلوری ٹون موجود ہے۔ ERGONE

آرگیانوسال۔ کولارگال کا الکحل سے بنایا ہوا سولیوشن ہے۔ ORGANOSOL

آرمادفتھے رن۔ ڈائی گونڈرابری وی فولیا کا اکسٹراکٹ جو بذریعہ گلیسرین بنایا گیا ہے۔ ڈفتھے ریا بیاسی لس (خناق وبائی) کے جراثیم کو دفع کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین۔ خصوصاً جبکہ ڈفتھے ریا (خناق وبائی) کے مرض کا بیمار صحت پاوے تو اس کے دانتون کے سوراخون مین اس دوا کو پہونچاتے ہین تاکہ بیاسی لس (جراثیم) جو باقی رہ گئے ہین وہ دفع ہو جاوین۔ ARMADIPHTHERIN

آرمورال۔ چاندی اور البیومن کا مرکب ہے جس مین ۱۰ فیصدی اول الذکر موجود ہے۔ ORMORAL

زرد رنگ سفوف جو پانی مین حل نہین ہوتا ہے۔ مگر فزیولوجیکل سالٹ سولیوشن مین حل ہو جاتا ہے۔ ۳ فی صدی کا سولیوشن بطور غرغرہ مفید ہے۔ ڈفتھے ریا (خناق وبائی) مین بطور انسفلیشن (نفوخ) ہر دو گھنٹے کے فاصلے سے استعمال کرتے ہین ایک کو ۱۰ فی صدی کا سولیوشن گنوریا مین یا ۱ سے ۲ فیصدی کا مرہم زخمون مین

مفید ہے۔

آرہی نال ARVENOL ۔ یہ ایک قسم کا سیال مرکب ہے جو بطور ان ہے لیشن چند قطرے روئی پر ٹپکا کر استعمال کرتے ہین اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

منتہال۔ کیا مفر۔ تہائی مال۔ ایتھر۔

آرہوون ARHOVIN ۔ یہ دوا۔ ڈائی فینیل امن اور تہائی مال بنزوائک آسڈ ائیسٹر سے تصعید کی جاتی ہے گنور یا (سوزاک) مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۳ سے ۳ گرین۔

آرہی نال مترادف ۔ ڈائی سوڈیم میتھل آرسی نیٹ ۔ آرسی نل ۔ ARRHENAL میتھل آئی اوڈوڈا اور سوڈیم آرسی نیٹ کا مرکب ہے۔ مساوی حصہ پانی مین حل ہوتا ہے۔ ٹیوبر کیولوسز۔ اتفائی سیما۔ آتشک اور جلدی امراض مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۱/۵ سے ۳ گرین تک زیر جلد استعمال کرتے ہین۔ قریب استخوان پچکاری کرتے ہین۔

آرہی یال ARHEOL ۔ یہ ایک قسم کا الکحل ہے جو روغن صندل سے نکالا جاتا ہے۔ سیان ٹالال کے موافق اسکے بھی خواص و فوائد ہین۔

مقدار خوراک ۳ گرین (وزن کیا ہوا) بطور کیاپسلز۔

اِرابِل لاوا ٹر۔ یہ ایک قسم کا پانی ہے جسکو بطور ٹانیک استعمال کرتے ہین
ARABELLA WATER جس کا کیمیائی تجزیہ کرنے سے حسب ذیل
ادویات معلوم ہوئے ہین۔

مگنیزیم سلفیٹ	۲٫۲ فیصدی
سوڈیم سلفیٹ	۱٫۵۴ فیصدی
کیلسیم سلفیٹ	۰٫۱۵ فی صدی
مگنیزیم کاربونیٹ	۰٫۱۲۶ فیصدی
مگنیزیم کلورائڈ	۰٫۰۸ فیصدی

اِرسٹال مترادف۔ ڈائی تہائی مال ڈائی آئی اوڈائڈ + تہائی مال آئی اوڈائڈ
ARISTOL آئی اوڈین کے سولیوشن پر (جو پوٹاشیم آئی اوڈائڈ کے ساتھ
بنایا گیا ہو) تہائی مال کے الکالائین سولیوشن کا اثر ڈالنے سے بنتا ہے۔ سرخ رنگ
سفوف جو کسیقدر بہورا ہے جس مین ۴۶٫۲ فیصدی آئی اوڈین موجود ہے۔ پانی
اور گلیسرین مین حل نہین ہوتا ہے۔ ایتھر کالوڈی مین اور روغنیات مین حل ہوجاتا ہے
ٹیوبرکیولس سوریاسز (تشخف الجلد) اکزیما اور اوزینا (بخر الانف) مین مفید ہے اسکے ساتھ
ٹانک یعنے بلفم ۳ حصہ ملاکر بطور ڈسٹنگ پاؤڈر (ذرور) پھوڑے اور جلے ہوئے
مقامون پر چھڑکتے ہین۔ ۵ یا ۱۰ فیصدی ویازلین یا لیانولین ملاکر بطور مرہم لگاتے ہین
یہ آئی اوڈوفارم کا خوشبودار عوض ہے۔

ارسٹال آئیل ARISTOL OIL - ۱۰ فی صدی ارسٹال کا سولیوشن جو روغن کنجد مین بنایا گیا ہے اس کو امراض چشم مین استعمال کرتے ہین -

ارسٹاکن ARISTOCHIN - مترادف ڈائی کوی ہن کاربونیٹ + ارسٹاکون + کوی ہن کاربونیٹ بے مزہ سفوف ۱۸۷ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے الکحل اور کلوروفارم مین حل ہو جاتا ہے - مگر پانی مین نہین اس مین ۹۶ فیصدی کوی ہن موجود ہے - یہ کوی ہن کا بہت ہی عمدہ عوض ہے - کوی ہن کے موافق اسکے بھی خواص و فوائد ہین -

مقدار خوراک - ۷½ سے ۱۵ گرین تک -

ارسٹاکون ARISTOQUIN - مترادف ارسٹاکن -

آرن جین ORANGEINE - اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

اسٹانی لڈ	۴۳ حصے
سوڈیم ہائی کاربونیٹ	۱۸ حصے
کیافسین	۱۰ حصے

بطور انالجیسک (مسکن اوجاع) اور انٹی پائی ریٹک (دافع حرارت) استعمال کرتے ہین -

آروبرومیورلے فیور ۔ انکالی بروہڈ اور ۲۰ ر۔ فیصدی گولڈ برومہڈ کا مرکب ہے۔ AUROBROMURE LEFEUVRE

آریسن ARESIN مترادف ۔ سی ٹارین۔

اریکولین ۔ یہ ایک قسم کا الکالائیڈ ہے جو آرہی کانٹ ۔ یعنی سپیاری سے نکالا جاتا ہے دائمی قبض مین مفید ہے بطور ورمی فیوج یعنی مخرج کرم امعاء بھی استعمال کرتے ہین۔ ARECOLIN

مقدار خوراک ۔ ½ گرین۔

آریال ۔ AUREOL یہ ایک قسم کا خضاب ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

ہیڈروجن پرآکسائیڈ	۵۰ حصے
میٹال	ایک حصہ
انیڈوفینائل ہیڈروکلورائڈ	۰٫۳ حصے
مونوامی ڈوڈائی فینیل امین	۰٫۶ حصے
سوڈیم سلفائیٹ	۰٫۵ حصے
الکحل	۵۰ حصے

ازاڈنی رباک ۔ یہ ایک قسم کا مرکب ہے جسمین مارگوسن (درخت نیم) موجود ہے ایک کو ۱ حصے کا ٹنکچر یا ایک کو ۱۰ حصے کا AZADIRACH

ڈی کانگشن کرم امعاء کو خارج کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین۔

ازائی مال۔ AZYMOL یہ ایک قسم کا مرکب ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

ٹنکچر کرامیریا۔ فکسن۔ سولیوشن آف سیالی سلک آسڈ۔ سیا کارین۔ وینائل لین۔ منتھال۔

اس مرکب کو بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) منھ دھونیکے لئے استعمال کرتے ہین۔

آس پائی رن۔ مترادف۔ اسی ٹل سیالی سلک آسڈ۔

ASPIRIN سفید بے بو چمکدار سوئی کے مانند قلمین ایک کو۔ ۴ حصہ پانی ۵ حصہ الکحل اور ایتھر مین حل ہوتے ہین بعوض سیالی سلیٹس روماٹزم (وجع مفاصل بلوری سی (ذات الجنب) مین مفید ہے اسکے استعمال سے نہ معدے مین خراش ہوتی ہے نہ کانون مین آواز۔ ہونگ کاف (کھانسی) مین بھی مفید ثابت ہوا ہے۔ اسکا اثر آہستہ ہوتا ہے۔ بہ نسبت سوڈیم سیالی سلیٹ مگر بہت دیر تک قائم رہتا ہے ۱۵ گرین دن مین ایک یا ۲ مرتبہ کھلانے سے سرطان مین بہت فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔ یا ۱۵ گرین دن مین ۴ مرتبہ کو ریا (رعشہ) مین استعمال کرتے ہین۔

الکالیز اور سوڈیم بائی کاربونیٹ سے نقیض ہے۔

مقدار خوراک۔ ۱۰ سے ۱۵ گرین تک دن مین ۳ مرتبہ۔

اس پرماتھناٹن۔ سوڈیم میٹا انڈسٹرا بوریٹ کے قرص ہین بطور مانع استقرار

SPERMATHANATOM

حل استعمال کرتے ہین۔

اسپرمین ۔ (لوپل) یہ دو اجانورون کے خصیون سے نکالی جاتی ہی
SPERMIN بہت ہی عمدہ مقوی باہ ہے ۲ فیصدی کا سولیوشن زیر جلد
استعمال کرتے ہین اور ۲ فیصدی کا خوشبو دار سولیوشن ۱۰ سے ۳۰ قطرے تک
اندرونی استعمال کرتے ہین۔

اسپلینین ۔ SPLENIN یہ ایک قسم کا اکسٹراکٹ ہے
جو جانورون کی تلی سے بنایا جاتا ہے۔

اسپلی نی فرین ۔ یہ ایک قسم کا اکسٹراکٹ ہے جو جانورون کی تلی سے
SPLENIFERRIN بنایا جاتا ہے جس مین حدید بھی موجود ہے

آسپی ڈاسپرمین ۔ یہ ایک قسم کا الکالائیڈ ہے جو کیوب یا سے جو
ASPIDOSPERMIN نکالا جاتا ہے۔ چمکدار سفوف جو پانی مین
حل نہین ہوتا ہے ۔ ۴۸ حصہ اللحل مین حل ہو جاتا ہے ضیق النفس۔ ڈسپنیا
دمکشی، اور امفائی سیما مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۱/۴ سے ایک گرین تک۔

اسپی رائی این (نیاپ) اسی ٹل سیالی سلک ایسڈ یعنی آسپائی رن کے
SPIRAEIN (KNAPP) قرص ہین۔

اسپی روسال ۔ مترادف سیالی سلک مونوگلی کال ایسٹر۔
SPIROSAL

بے رنگ اور بے بو روغنی سیّال ۱۶۹ سے ۷ اسنٹی گریڈ کی حرارت پر کھولتا ہے
سیماب طبع محلات مین حل ہوتا ہے۔ وجع مفاصل۔ اسکیاس نیورال جیا (عصبی درد)
پلورائی ٹس (ذات الجنب) مین بیرونی استعمال کرتے ہین اسکے استعمال سے خراش
نہین ہوتی ہے۔

اسپی رُوفارم ۔ بے بو اور بے مزہ سفوف جسکو بطور انٹی نیورال جک
SPIROFORM (دافع عصبی درد) انٹی رومیاٹک (دافع وجع مفاصل)
انال جے سک (مسکن اوجاع) استعمال کرتے ہین۔ آرٹی کیولر رومیاٹزم (جوڑونکا
وجع مفاصل) سیاٹی کا (عرق النسا) ان فلوان زا۔ نیورال جیا (عصبی درد) مین
مفید ہے۔ یورک آسڈ کا محلل بھی ہے۔ امعا کے انٹی سپٹک (مزیل العفونت) کے
طور پر بھی مفید ثابت ہوا ہے۔

مقدار خوراک ۷½ سے ۱۵ اگرین تک دن مین ۴ سے ۶ مرتبہ۔

آسپی رُوفن آس پائی رن اور امیڈ و فینا سیٹن کا مرکب ہے۔
ASPIROPHEN بطور انال جے سک (مسکن اوجاع) اور انٹی پائی رٹک
(دافع حرارت) استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ۱۵ اگرین۔

اسپی رون ۔ زرد رنگ سیّال جس مین کلورو فارم یوٹا سیم آئی اوڈڈ
SPIRONE اور گلیسرن موجود ہے سل مین استعمال کرتے ہین۔

اسپے شل امبروسیا - یہ ایک قسم کا مرکب ہے جس مین لارڈ اور آئیل آف کیارا وے موجود ہے
SPECIAL AMBROSIA
امراض نسوان مین استعمال کرتے ہین -

اسپی نال - SPINOL یہ دوا اسپی ناچ یعنے پالک سے نکالی جاتی ہے -

آسپیراجن - مترادف - آسپیراماڈ - آل بھی ان + امیڈ وسکسی نامڈ -
ASPARAGIN چمکدار سفوف جو آسپیراگس (ہلیون + مارچو اور مارش میالو (ریشہ خطمی) سے نکالا جاتا ہے پانی مین کم حل ہوتا ہے بطور ڈائی یوریٹک یعنے مدر نقرس اور کارڈیاک ڈراپسی (استسقاء قلبی) مین استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک ½ سے ۵ گرین تک دن مین کئی مرتبہ -

آسپیرال - آسپیراگس یعنے ہلیون کا فلوئیڈ اکسٹراکٹ ہے آسپیراجن کے
ASPAROL موافق اسکے بھی خواص و فوائد ہین -

آسپیراماڈ - مترادف - آسپیراجن -
ASPARAMID

اسپیریٹ - سوڈیم کلورڈ اور سوڈیم بنزوٹ کا مرکب ہے گوشت کو
SPIERIT محفوظ رکھنے کے لئے استعمال کرتے ہین -

اسٹائی راکال - مترادف گوی اے کال سینامیٹ + سی نامل گوی اکال
STYRACOL سفید سوئی کے مانند قلمین جو ۱۳۳ سنٹی گریڈ کی حرارت پر

گداخت ہوتے ہین۔ الکحل مین حل ہوجاتے ہین۔ مگر پانی مین نہین۔ ٹیوبرکیولوسز مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۳ سے ۵ گرین تک

اسٹائی رَان ۔ مترادف سی ناماک الکحل ینی اسٹائی رل الکحل۔

STYRON خوشبودار زرد رنگ سیال یا سفید چمکدار قلمین اوٹائی ٹس میڈیا (کان کی سوزش) مین استعمال کرتے ہین اور خشک سفوف بطور ڈیوڈورینٹ (دافع بدبو) اور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔

اسٹائی رل الکحل STYRYL ALCOHOL مترادف اسٹائی رَان۔

اسٹائی رُوسیاپن ۔ نرم صابون ہے جس مین ۲۵ فی صدی اسٹائی رولن ملایا گیا ہے۔ STYROSAPON

اسٹائی رُون ۔ یہ ایک قسم کا سولیوشن ہے جو بالسم پیرو اور اسٹورا کس (سلارس) سے بنایا گیا ہے جسکو خارش مین استعمال کرتے ہین۔ STYRONE

اسٹاگ نن ۔ یہ ایک قسم کا اسپٹنک یعنے مانع جریان خون ہے۔ جو حسب ذیل طریقے سے بنایا جاتا ہے۔ گھوڑے کی تلی لیکر اس کو صاف کرکے اسکے دو حصے برابر فزیولاجکل سالٹ سولیوشن کے ساتھ STAGNIN

سحق کرین اور اسمین تھوڑا سا کلورو فارم بھی ملا دین تاکہ خمیر پیدا نہووے - ۸ یا ۱۲ گھنٹے گذرنے کے بعد اسکو فلٹر کرکے اسقدر پکا دین کہ چوتھائی حصّہ باقی رہے اس اکسٹراکٹ کو الکحل کے ذریعہ سے تہہ نشین کرکے فلٹر کرین بعد ازان اس فلٹر شدہ عرق کو آگ پر خشک کرین - جو زرد رنگ سفوف حاصل ہو اسکو پانی مین حل کرلین - اس سولیوشن کا نام اسٹاگ ہن ہے - بطور ہی مائسٹینک یعنے مانع جریان خون زیر جلد استعمال کرتے ہین

اسٹپ ٹال - STYPTOL مترادف کوٹارین ہائیڈریٹ -

چمکدار سفوف جو پانی مین حل ہوتا ہے - ½ گرین کی خوراک مین دینے سے رحم سے جو خون جاری ہوتا ہے اسکو فوری بند کردیتا ہے - ۳ گرین ۳۵ منم پانی مین حل کرکے زیر جلد استعمال کرنے سے جریان خون فوری بند ہوتا ہے - اسٹپ ٹی ہن یہ اسوجہ سے ترجیح پگئی ہے کہ اسکے استعمال سے خراش نہین ہوتی ہے - ایک سے ۲ فیصدی کا سولیوشن اکزیما مین مفید ہے - ½ ۱ گرین کی خوراک مین رونی استعمال کرتے ہین -

اسٹپ ٹی ہن - STYPTICIN مترادف کوٹارین ہیڈروکلورٹ

یہ دوا رکوٹن کو جلانے سے حاصل ہوتی ہے - زرد رنگ حل ہونے والے قلمین بطور اسٹپٹک (حابس الدم) انال ٹجے سک (مسکن اوجاع) سیڈیٹو (مسکن) استعمال کرتے ہین - تمام ہی قسم کے جریان خون - ڈسمینوریا (تعسیر حیض) یوٹے رن سب ان اولیوشن (رحم کا اپنے معمولی انداز کی نسبت بڑا ہو جانا)

اور نکسیر مین مفید ہے۔

مقدار خوراک۔ ½ سے ¾ گرین دن مین ۵ یا ۶ مرتبہ۔ انی صدی کا سولیوشن ۲ کیوبک سنٹی میٹر (۳۴ منم) زیر جلد استعمال کرتے ہین۔

اسٹپٹی کم۔ STYPTICUM یہ ایک قسم کا مرکب ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

زنک سلفیٹ	ایک حصہ
گم اکیشیا (صمغ عربی)	۵ حصے
ڈسٹلڈ واٹر	۱۲۰ حصے

اسکو سوزاک مین استعمال کرتے ہین۔

آسٹرا۔ یہ ایک قسم کی پرورش کرنے والی غذا ہے جس کو بعوض شیر گاؤ بچونکو ASTRA کہلاتے ہین۔ اس مین ۲،۷ فیصدی البیومن موجود ہے۔

اسٹرک ناسن۔ STRYCHNASSINE اس دوا مین اسٹرک نن میتھل آرسی نیٹ موجود ہے۔

اسٹرک نن کاکوڈائی لیٹ۔ سفید چمکدار سفوف ایک کو ۵۰ حصے پانی اور ۱۰۰ حصہ STRYCHNINE CACODYLATE گرم الکحل مین حل ہوتا ہے۔

مقدار خوراک۔ ۲ ملی گرام (۱/۳۰ گرین)

ٹیوبرکیولوسز میں زیر جلد استعمال کرتے ہیں۔ بتدریج اسکی خوراک کو نہ گونہ ہونے تک زیادہ کریں۔

اسٹرنجنٹ ٹیابلٹس RINGENT TABLETS ان قرصوں میں حسب ذیل ادویات موجود ہیں

بورک ایسڈ کوکین ہیڈروکلورائڈ پوٹاسیم کلورائیٹ۔

اسٹومے سن STOMACN اس مرکب میں

حسب ذیل ادویات موجود ہیں۔

سوڈیم بائی کاربونیٹ	۱۵ حصے
بزمتھ سیالی سلس	۵ حصے
بلوس رہوبرب	۵ حصے
ازوبیا ٹک پاؤڈر	۳ حصے

اسٹومے کیک ڈوپلے کیاپسلز ۲۰ کیاپسلز میں حسب ذیل

STOMACHIC DUPLEX CAPSULES ادویات

موجود ہیں۔

سلوزا نائٹریٹ	۳ گرین
بزمتھ سب نائٹرس	۷۵ گرین
سوڈیم کاربونیٹ	۳۰ گرین
سوڈیم فاسفیٹ	۳۰ گرین

ذیابیطس یعنے بضمی میں استعمال کرتے ہیں۔

مقدار خوراک۔ ایک کیا پسل دن مین ۳ مرتبہ۔

اسٹومے کیکن (بوارنیز) ہموزن ٹنکچر آف کلامس اور سنکونہ کا مرکب ہے جس کے ہر ۱۰۰ گرام مین ۲ قطرے

STOMACHICON (BOERNES)

سنیمن آئیل کے بھی ملائے گئے ہین۔

اسٹومیاٹال۔ STOMATOL حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

ٹربی نیال	۴ حصے
صابون	۲ حصے
الکحل	۴۵ حصے
گلیسرن	۵۰ حصے
پانی	۴۲ حصے

اس کو بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔

اسٹونیوسان۔ STONIOSAN میتھیل امین فاسفیٹ ہے جسکو گال اسٹون یعنے سنگ مارہ کے علاج مین استعمال کرتے ہین۔

اسٹوین۔ سفید بے بو قلمین۔ ایک کو اسکے حصے پانی اور ایک کو ۴ حصے الکحل مین حل ہوتے ہین۔ ایتھر مین نہین۔ یہ کوکین کا سا مقامی STOVAIN مخدر ہے۔ ۲ گرین کی خوراک مین زیر جلد استعمال کیا گیا مگر سمیت کا کوئی اثر

نہین ہوا۔ ½ فی صدی کا سولیوشن جو ڈسٹلڈ واٹر یا فزیولاجک سالٹ سولیوشن مین بنایا گیا ہو جراحی مین استعمال کرتے ہین۔ اگر ایک منم ایک کو.. احصے کا اڈرنالین سولیوشن ۱ منم مین ملائین تو بہتر ہے۔ ۵ فی صدی کا سولیوشن ۰ افیصدی کوکین کے سولیوشن کے برابر ہے۔

مقدار خوراک ۔½ سے ایک گرین تک۔

اس کے حسب مرکبات ہین۔

اسٹووین سولیوشن اسمن ادویات ذیل موجود ہین۔

اسٹووین	۵ گرین
اٹروپین سلفیٹ	½ گرین
مارفن ہیڈروکلورڈ	۳ گرین
کلوروفارم واٹر	ایک اونس

تے روکنے کے لئے ۵ سے ۱۰ منم تک ہر دو گھنٹے کے فاصلے سے استعمال کرین۔

اسٹووین آئنٹمنٹ اس مین حسب ذیل ادویہ موجود ہین۔

اسٹووین	۳ گرین
اڈرنالین سولیوشن	۹۰ منم
پیارافن آئنٹمنٹ	ایک اونس

اس مرہم کو بواسیر اور زخمون مین لگاتے ہین۔

اسٹووین بل لن - اس کے ہر ایک کیوبک سنٹی میٹر مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

STOVAIN BILLON

بوریٹ آف اپی رسی نان	۰٫۰۰۱۳ گرام
اسٹووین	۰٫۰۰۴ گرام
سوڈیم کلورڈ	۰٫۰۰۱۱ گرام

اسٹی رال - یہ ایک قسم کی مرہم کی زمین ہے جو چربیون اور روغنون کے ساتھ نہین ملتی ہے - مگر پانی گلیسرن اور الکحل کے ساتھ ملجاتی ہے -

STEROL

اسٹی رسی سال - یہ ایک قسم کا اینٹی سپٹک (مزیل العفونت) وارنش ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

STERESOL

لاک	۲۷½ ڈرام
بنزائین	۲½ ڈرام
ٹولو	۲½ ڈرام
کاربالک ایسڈ	۲۵ ڈرام (وزن کیا ہوا)
سنیمن آئیل	۱½ ڈرام
الکحل مع ادویہ	۳۵¼ اونس

ٹوبر کیولوسز کے پھوڑون اور جلدی امراض مین بطور وارنش لگاتے ہین -

اسٹی ری سال - (اوپرمیان) اسٹری لائزد کیا ہوا نمک کا سولیوشن جس مین نیتھال اور ۰٫۳ فیصدی
STERISOL (OPPERMANN)
فارمال ڈی ہیڈ موجود ہے -

اسٹی ری سال - (روزن برج) لیاکٹوز اور فارمک آلڈی ہیڈ کا مرکب ہے
STERISOL (ROSENBERG)
ٹیوبرکیولوسز اور ڈفتھے ریا -
خناق وبائی) مین استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ½ سے ایک گرین تک -

اسٹی ری فارمس - اس دوا کے دو مرکبات ہین -
STERIFORMS
(۱) کلورے ٹڈ اسٹی ری فارم اس مین
حسب ذیل ادویات موجود ہین -

فارمال ڈی ہیڈ	۵ فی صدی
سوڈیم کلورڈ	۱۰ فیصدی
بینزین	۲۰ فی صدی
لیاکٹوز	۶۵ فیصدی

(۲) آئی او ڈائیڈ اسٹی ری فارم - اس مین بجائے سوڈیم کلورڈ سوڈیم آئی او ڈائیڈ موجود ہے -

اسٹی ری لین - یہ ایک قسم کی مرہم کی زمین ہے
STERILINE

اسٹیاٹن- STEATIN زنک اسٹی ریٹ اور پیرافن کا مرکب ہے۔

اسٹیگافر- یہ ایک قسم کی مانع سوزاک و آتشک دوا ہے جو کاپچ کی نلیون مین STAGOPHOR فروخت ہوتی ہے۔ پہلی نلی مین ۲۰ فی صدی کالا پروٹانگال گلی سٹرال کا سولیوشن ہے اور دوسری مین ۱۰ فیصدی مرکیورک آکسی سیانی نائیڈ کا بوزی (شیاف) ہے۔

آسٹیوجن- سرپ فرائی اٹ کیالسائی فاسفیٹم کا دوسرا نام ہے۔ OSTEOGEN اس مین ۳ فی صدی کیالسیم اور ۲۶ر۰ فی صدی فرسک فاسفیٹ موجود ہے۔

آس سالن- OSSALIN مترادف اڈیپس آس سیم۔ یہ ایک قسم کی چربی ہے جو بیلون کی ہڈیون سے حاصل کی جاتی ہے۔ اس مین ۲۰۰ فی صدی پانی جذب کرنے کی قوت ہے اسکے استعمال سے جلد پر خراش نہین ہوتی ہے۔

آس سوجن- OSSOGEN کا ڈلیور آئیل جس مین ہی ماٹوجن ملایا گیا ہے۔

آس سولن OSSOLINE مترادف انٹی پی ریائس ٹن۔

اس فگ موجی ن- SPHYGMOGENIN یہ دوا

سپیرا ری نل گلانڈ سے نکالی جاتی ہے۔

اس فیاگ نال۔ پیٹ (یہ ایک قسم کا کوئلا ہے) کو مقطر کرنے سے یہ دوا SPHAGNOL حاصل ہوتی ہے بلے فرائی لس (خراش متر گان) اگزیما۔ پائلیس (بواسیر) اور جلے ہوئے مقامون مین بیرونی استعمال کرتے ہین۔ اس کے حسب ذیل مرکبات ہین۔

اس فیاگ نال آئینمنٹ اس مین ۱۰ فیصدی اس فیاگ نال موجود ہے۔

اس فیاگ نال میڈیکل سوپ اس مین ۱۵ فی صدی اس فیاگ نال موجود ہے۔

اس فیاگ نال سپازی ٹوریز (شیافہ) ہر ایک سپازی ٹوری مین ۳ گرین دوا مذکور موجود ہے۔ بواسیر مین استعمال کرتے ہین۔

اسکوڈن۔ ESCODIN مترادف اکسنوڈن۔

اسکیالن پیاسٹلز۔ ESCALIN PASTILLES ان پیاسٹلز مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

الیومی نی ام	۳۷½ گرین
گلیسرن	۲۲½ گرین (وزن کیا ہوا)
پانی	ایک ڈرام ۵ گرین (ایضاً)

معدہ اور امعاء کے ہمورنج (جریان خون) مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ۴ پیاسٹلز۔

آسما اسپیشل پیٹنٹ

دمہ کے پیٹنٹ علاجات حسب ذیل ہین۔

ASTHMA SPECIALITIES

نیومر صاحب کا دمہ کا سفوف اسمین مذکورۃ الذیل ادویات ہین۔

اسٹرامونیم لوبیلیا پوٹاسیم آئی اوڈائڈ سوڈیم نائٹریٹ پوٹاسیم نائٹریٹ سٹکریوٹ آف برا کی کلے ڈہن۔

ریکن ہالر صاحب کا دمہ کا سفوف اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

گرین ڈیلیا اسٹرامونیم لوبیلیا پوٹاسیم نائٹریٹ۔

مارٹن ڈیل صاحب کا دمہ کا سفوف اس مین ادویات ذیل ہین۔

بادیان اسٹرامونیم لوبیلیا چاہ پوٹاسیم نائٹریٹ انیس آئیل۔

کلے ری صاحب کا دمہ کا سفوف۔ یہ حسب ذیل طریقے سے بنایا جاتا ہے۔

افیون	۳ حصے
اسٹرامونیم (سائیدہ)	۴۵ حصے
بلاڈونا کے پتے (سائیدہ)	۴۵ حصے

ادویات بالا کو ذیل کے سولیوشن مین بھگو کر آگ پر خشک کر کے سفوف کر لین۔

پوٹاسیم نائٹریٹ	۷ حصے
پانی	۲۰ حصے

ڈاکٹر ڈام صنا کا دمہ کا علاج خوشبودار شراب مین پوٹاسیم آئی اوڈائڈ موجود ہے۔

ہم راڈز آسما کیور۔ اس کا نسخہ ذیل مین درج ہے۔

لوبلیا (سائیدہ)	۲ اونس
اسٹرامونیم لیوز	۲ اونس
نائیٹریٹ آف پوٹاش	۲ اونس
چاء	۲ اونس

بوم صاحب کا آسما باؤڈر اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

اسٹرامونیم سالٹ پیٹر۔

گریمالیٹ کمپنی کے آسما سگریٹس۔ ان سگریٹون مین بلاڈونا کے پتے ہین

الیف ہل برنگ صاحب کے دمہ کے قرص۔ اسمین اسٹرامونیم اور پوٹاشیم نائٹریٹ موجود ہے۔

شیف میان صاحب کا دمہ کا سفوف یہ سفوف حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

پوٹاشیم نائیٹریٹ	۲۵ فی صدی
اسٹرامونیم	۷۰ فی صدی
بلاڈونا کے پتے	۵ فی صدی

آسٹمال۔ دمہ کا سفوف ہے جسکو بطور سگریٹ استعمال کرتے ہین۔

ASTMOL اس سفوف مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

اسٹرامونیم	۴۰ ڈرام

گرنڈیلیا روبسٹا	۱۰ ڈرام
لاکرس فنگس	۱۰ ڈرام
منتھال	۳ ڈرام
پوٹاسیم نائیریٹ	۲۰ ڈرام
سوڈیم نائیریٹ	۲۰ ڈرام

اسپٹال - مترادف - آرتھوفینائل سلفونک آسڈ -

ASEPTOL ۳۳ فی صدی سوزولک آسڈ کا سولیوشن ہے جسکو ڈائیلوٹ کرکے بطور ڈس انفکٹنٹ (دافع سم وبائی) استعمال کرتے ہین اس نام کی اور ایک دوا ہے جس مین پوٹاسیم آکسی کوی نولین سلفونیٹ مصابون اور پانی موجود ہے -

اسپٹن - یہ ایک قسم کا سولیوشن ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود

ASEPTIN ہین -

سٹیالی سلک آسڈ	۳ حصے
بورک آسڈ	۵ حصے
ہیڈروجن پراکسیڈ (۱½ فی صدی کا)	۱۰۰ حصے

بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور اسٹپٹک (حابس الدم) استعمال کرتے ہین -

اسپٹولن ASEPTOLIN مترادف فینیل پی لوکارین -

اِس سولیوشن مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

پی لوکارپین ۱/۳ گرین

کاربالک ایسڈ کا سولیوشن (۲۵ فی صدی) ۳۰ ۱/۲ سیال اونس

ملے یا اور ٹیوبرکیولوسز مین ۴ کیوبک سنٹی میٹر یعنے ۸ منم جلدی پچکاری کرین۔

اَسپ رال ASEPRAL۔ مترادف۔ اب راس ٹال بکیالیسم بٹانیا فہتال مونوسلفونیٹ سفید سفوف جو پانی اور الکحل مین حل ہوتا ہے بطور انٹی سپٹک (مزیل التعفونت) انٹی پائی رٹیک (دافع حرارت) اور انٹی رومیاٹک (دافع وجع مفاصل) استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ۷/۲ سے ۱۵ گرین تک دن مین کئی مرتبہ۔

اسپ سن۔ ASEPSIN مترادف انٹی سپ سن۔

اسٹ امیڈو انٹی پائی رن۔ زرد رنگ چمکدار سفوف جو ۱۰۹ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے۔ پانی اور الکحل مین حل ہو جاتا ہے موافق انٹی پائی رن۔ اسکے بھی خواص و فوائد ہین۔ ACET AMIDO ANTIPYRIN

اسٹ امیڈو سیالال۔ سیالال کا دوسرا نام ہے۔ ACET AMIDO SALOL

اسٹ امینال۔ ACETAMINOL سفید چمکدار ٹکڑے

۱۶۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت اور پانی مین حل نہین ہوتے ہین مگر الکحل مین حل ہوجاتے ہین۔ سل مین استعمال کرتے ہین۔

اسیٹ انی لڈ امونی اے ٹیڈ۔ اس دوا مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔ ACETANILID AMMONIATED

اسیٹ انی لڈ	۲۵ حصے
امونیم کاربونیٹ	۱۰ حصے
سوڈیم بائی کاربونیٹ	۵ حصے
شگر آف ملک	۶۰ حصے

اس کے استعمال سے بینی کم ہوتی ہے۔ بہ نسبت اسیٹ انی لڈ۔

مقدار خوراک۔ ۷½ سے ۳۰ گرین تک۔

اسیٹ انی لڈ بروماے ٹیڈ۔ مترادف۔ انٹی سپ ہن۔

ACETANILID BROMATED

اسیٹ پیارا فنی ٹی ڈن۔ فیناسٹین کا دوسرا نام ہے۔

ACET PARA PHENETIDIN

اسیٹ تھیوسن سوڈیم۔ سوڈیم اسی ٹیٹ اور سوڈیم تھیوسن کا مرکب ہے جس مین ۶۵ فیصدی آخر الذکر ہے ACET THEOCIN SODIUM

ڈراپسی (استسقا) مین بطور مدر استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۴½ سے ۱½ گرین -

اسیٹ سلف انی لیٹ آف سوڈیم مترادف کوسا پرن -

ACET SULPHANILATE OF SODIUM

آسڈ اسی ٹو امیڈو سیالی سلک - مترادف نیز اسی ٹن -

ACID ACETO AMIDO SALICYLIC

آسڈ اگے رک - ACID AGARIC مترادف اگے ری سن

آسڈ اِمبے لک - نارنجی رنگ قلمین جو ابیلیار ائیس سے نکالے جاتے ہین ۴۰ اِسنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین - ملاحظہ ہو بیان امونیم اِمبے لیٹ -

ACID EMBELIC

آسڈ امیڈو فارمک - تلخ رو غنی سیال جو الکحل اسی ٹون اور پانی مین حل ہوتا ہے مرگی مین مفید ہے

ACID AMIDO FORMIC

۴ کو ایک حصہ پانی ملا کر استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۳۰ سے ۶۰ قطرے تک روزانہ بتدریج زیادہ کرین -

آسڈ ایتھل باربی ٹیورک - اس دوا کو بعوض دیرونال استعمال کرتے ہین -

ACID ETHYL BARBITURIC

آسڈ ایل لاجک - ACID ELLAGIC مترادف گالوجن -

آسڈ بورو بنزوائک - سفید چمکدار سفوف جسکو بطور انٹی سپٹک
ACID BORO BENZOIC (دمزیل العفونت) اغرغرہ استعمال
کرتے ہین -

آسڈ بوروسٹرک - سفید سفوف بطور انٹی سپٹک (دمزیل العفونت)
ACID BOROCITRIC اور یوراٹولائی ٹک (یوریٹس کو حل کرنیوالا)
استعمال کرتے ہین - یوریٹس اور فاسفیٹس کا یہ بہت عمدہ محلل ہے -

مقدار خوراک - ۴½ سے ۱۵ اگرین تک -

آسڈ بوروسیالی سلک - سفید سفوف ایک کو ۲۰ حصے پانی اور
ACID BOROSALICYLIC ایک کو ۴½ حصے الکحل مین
حل ہوتا ہے - سیالی سلک آسڈ کے موافق اسکو بھی بیرونی استعمال کرتے ہین -

آسڈ بوروفینائی لک - مترادف فنیل بورک آسڈ -
ACID BOROPHENYLIC

آسڈ پائی روگالک آکسی ڈائیزڈ - مترادف پائی را لاکسن -
ACID PYROGALLIC OXIDISED

آسڈ ٹیانک ڈائی اسی ٹل - مترادف - ٹیانی جن
ACID TANNIC DIACETYL

آسڈ ڈائی آئی اوڈوسیالی سلک - زرد مائل بہ سفید رنگ قلمین
ACID DIIODOSALICYLIC

جو ۲۲۰ سے ۲۳۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین۔ بطور اَنٹی پائی رِیٹک (دافع حرارت) اَنال جے سِک (مسکن اوجاع) اور اَنٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۷½ سے ۱۹½ گرین تک۔

آسڈ ڈائی پروپل باربی ٹیورک ۔ مترادف پروپونال۔

ACID DIPROPYL BARBITURIC

آسڈ فینل آسیٹک ۔ مترادف ۔ اَلفا ٹولواک آسڈ۔

ACID PHENYL ACETIC سفید مُسطح مکعب سے ۷۶ درجہ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین۔ ٹوبرکیولوسز اور ٹائی فائیڈ مین بطور اَنٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔ ایک کو ۶ حصے کا الکحل ملایا ہوا سولیوشن ۱۰ سے ۲۰ قطرے تک استعمال کرین۔

آسڈ فینل ہیڈرازن لے ویولی نک ۔ مترادف ۔ اَنٹی نَفرین

ACID PHENYL HYDRAZIN LEVULINIC

آسڈ کاکوڈائی لک ۔ مترادف ڈائی میتھل آرسی نک آسڈ

اَن تھرا روبن - مترادف ڈائی آکسی انتھرانائل ہائیڈروکوایی زارین۔

ANTHRAROBIN زرد مائل بہ سفید رنگ سفوف پانی مین حل نہین ہوتا ہے الکالین سیّال اور گرم الکحل مین حل ہوجاتا ہے۔ اس دوا کو جلدی امراض مین استعمال کرتے ہین۔ ۰۰۱ یا ۲ فی صدی کا مرہم یا الکحل سے بنایا ہوا سولیشن استعمال کرتے ہین۔

اَنتھراسال - زرد رنگ روغنی سیّال بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت)

ANTHRASOL جلدی امراض مین استعمال کرتے ہین۔ ۵ سے ۱۰ فی صدی کا مرہم اکزیما مین مفید ہے۔ ۲۰ سے ۳۰ فی صدی کا مرہم پرورائی ٹس قارش مین استعمال کرتے ہین۔

اَنتھراسال سوپس۔ یہ اَنتھراسال سے بنائے ہوئے صابون ہین۔
ANTHRASOL SOAPS جو مختلف قسم کے ادویات ملائے ہوئے بھی
فروخت ہوتے ہین۔
اَنتھراسال سلفر سوپ۔ انتھراسال بوراکس سوپ۔ انتھراسال لیاک سلفر سوپ۔
انتھراسال ٹیرو سلفال سوپ۔ انتھراسال ٹیرو سلفال اور سلفر سوپ۔

اَن تھیان۔ مترادف۔ پوٹاسیم پرسلفیٹ۔
ANTHION اس دوا کو فوٹوگرافی مین ہائی پوکا ارژ زائل کرنیکے لئے
استعمال کرتے ہین

اَن ٹاسی ٹن۔ ANTACETIN مترادف۔ کیالسیم سیالکارپیٹ
یہ دوا بہت ہی عمدہ انٹاسڈ (دافع ترشی) ہے جو موضعی زہر خوردنی مین بطور
فادزہ استعمال کرتے ہین۔

اَن ٹال جیا۔ اس دوا کو بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور انالجسک
ANTALGIA (مسکن درد) استعمال کرتے ہین۔

اِن ٹرفاز۔ یہ ایک قسم کا بیانڈیج ہے جو ناف پر باندھنے سے پیٹ
ENTERPHOR آنتون اور حمل کا درد کم ہوتا ہے۔

اِن ٹسٹن۔ INTESTIN اس مرکب مین حسب ذیل
ادویات موجود ہین۔

نیا فتھالین	۵۰ حصے
بزمتھ نیٹروٹ	۵۰ حصے
ویانیل لین	½ حصہ

بطور ان ٹس ٹی ٹنل۔ انٹی سپٹک (مرہم عفونت امعاء) استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۷½ سے ۱۵ گرین تک۔

اَن ٹورن ۔ ANTORIN اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

بورک آسڈ	۱۰ حصے
ٹارٹارک آسڈ	۳ حصے
آئل آف ونٹر گرین	ایک حصہ
فروٹ اسنس	۲ حصے
انسپرٹ آف روز	۸۴ حصے

ہاضمہ اور یابون مین جو بکثرت پسینہ نکلتا ہے۔ اسکو روکنے کے لئے استعمال کرتے ہین۔

اِن ٹی رَل ۔ ENTEROL سترادف۔ انٹی زوکری سال۔ کری سالز کا مرکب ہے۔ جو ٹائی کری سال کے موافق ہے۔ اس کے کاز بونیٹ کو بطور ان ٹس ٹی ٹنل انٹی سپٹک (مرہم عفونت امعاء) استعمال

کرتے ہین۔

اِن ٹے رِن ۔مترادف۔ہکسامیتھی لن ٹیڑامن پروٹینیڈ۔

ENTERIN ہکسامیتھی لن ٹیڑامن کا پروٹینیڈ ہے جسکو بطور اِن ٹی ٹی نل انٹی سپٹک (مزیل عفونت امعاء) خصوصاً ٹائی فائیڈ مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔۱۱/۲ گرین۔

اِن ٹی زورز ۔ نباتی البیومن کا مرکب ہے جس مین گائے کے

ENTEROROSE گوشت کا اکسٹراکٹ اور ڈیاسیٹیز موجود ہین۔ ۸۰ فیصدی البیومی نائیڈز۔ ۱۱ فی صدی چربی ۸ ۳ فی صدی معدنی نمکیات ۵ ۹ ۵ فیصدی کاربوہیڈریٹ موجود ہین۔ دودھ کے موافق اس مین بھی البیومن چربی اور کاربوہیڈریٹ موجود ہین۔

اِن ٹی روکری سال ۔مترادف۔ اِن ٹی رال۔

ENTEROCRESOL

اَن جائی ناپیاسٹلز (نیومر) ہر ایک خوراک مین حسب ذیل

ANGINA PASTILS ادویات موجود ہین۔

کوکین	۱/۲۵ گرین
انٹی پائی رین	۳ گرین

سوڈیم بائی کاربونیٹ	۳ گرین
گم اکیشیا (صمغ عربی)	۳ گرین
شکر	۶ گرین۔

ڈاکٹر بلاچ ساکن بازل کا حسب ذیل نسخہ ہے۔

بورا کس۔ شکر۔ کوکین ہنڈرو کلورائڈ۔

دوسرے قسم کے نسخے حسب ذیل ہیں۔

نمبر (۱) کوکین	۰٫۱۲ حصے
انٹی فبرن	۵ حصے
دیانل لن	۰٫۱ حصہ
شکر	۹۵ حصے
میوسیلج ٹراگا کیانتہا (لعاب کیترا)	حسب ضرورت
نمبر (۲) کوکین	۰٫۱۲ حصے
انٹی پائی رن	۲۰ حصے
دیانل لن	۰٫۱ حصے
شکر	۸۰ حصے
میوسیلج ٹراگا کیانتہا (لعاب کیترا)	حسب ضرورت

اِن جسٹال۔ INGESTAL

اس کا حسب ذیل نسخہ ہے۔

مگنیزیم سلفیٹ	۲ ½ حصے
سوڈیم سلفیٹ	۱ ½ حصہ
پوٹاشیم سلفیٹ	ایک حصہ
مگنیزیم کلورائڈ	½ حصہ
سوڈیم کلورائڈ (نمک خوردنی مصفی)	½ حصے
الفرڈی سنٹ سٹرریٹ آف آئرن	۱/۱۰۰ حصے
اسپرٹس ایتھر	۱/۱۰ حصے
گلیسرن	۱ ½ حصہ
ڈسٹلڈ واٹر	۱۰۰ حصے

ان جینو نیوراسن - ناٹرو گلیسرن کا دوسرا نام ہے۔

ANGIONEUROSIN

ان ڈالن مقامی مخدر ہے جس کو دندانسازی میں استعمال کرتے ہیں

ANDOLIN

اس میں حسب ذیل ادویات موجود ہیں۔

بٹیا یوکین۔ اسٹوونین۔ سنیراری ین ہیڈروکلورائڈ۔

یہ دواکا یخ کی ٹیبلوں میں فروخت ہوتی ہے۔ ہر ایک ٹکی میں ۳۴ منم یعنی ۲ گرین ۴ گرین سنتھٹی منیفر ہے۔ دندان ساز اس کو بلا استعمال کرتے ہیں۔

اِن ڈرمال - مرہم کی زمین ہے جس مین اسپٹے زنک آکسائڈ اور بیارا فن موجود ہے - جلد مین بہت جلد نفوذ کرتی ہے ENDERMOL

زیادہ دن تک رکھنے سے خراب نہین ہوتی ہے -

اِن ڈوفارم - مترادف سیالی سلک مینتھی لن آسی ٹیٹ - فارمال ڈی ہیڈ کا اثر آسی ٹل سیالی سلک آنڈ INDOFORM

پر ڈالنے سے بنتا ہے - سفید ترش مزے کا سفوف ٹھنڈے پانی مین حل نہین ہوتا ہے گرم پانی مین حل ہو جاتا ہے - ۱۰۰ اشنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے - امعا مین جاکر اسکے دونون جزو متفرق ہوتے ہین - گوٹ (نقرس) روماٹزم (وجع مفاصل) نیورال جیا (عصبی درد) مین استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۷ ½ گرین بعد از غذا -

اِن ڈونٹال - ۱۰۰ فی صدی نکوہن سیالی سلیٹ کا مرہم ہے جسکو ENDOMENTOL خارش مین استعمال کرتے ہین -

اِن ڈی گورٹ - ایک قسم کے قرص ہین جس کو پیشاب مین شکر دریافت کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین - INDIGORIT

ایک یا ۲ قرص ۵ منم پانی مین حل کرکے تھوڑی دیر تک گرم کرین بعد ازان ۵ قطرے پیشاب جس کا امتحان کرنا منظور ہو شریک کرکے ۲ یا ۳ منٹ تک گرم کرین - اگر سولیوشن نیلے رنگ کا ہو تو شکر ہے ورنہ نہین -

اَن ڈیونیا۔ یہ ایک قسم کا مرکب ہے۔ جسکے خواص و فوائد انال جے سک (مسکن درد) اور انٹی پائی زیٹک (دافع حرارت) ہے۔
ANDUNEA

اِن زائی مال۔ انسٹری لائزڈ۔ کیا ہوا گیاسٹرک جیوس کا سولیوشن ہے۔ جو پیپٹک گلانڈ سے نکالا جاتا ہے آنکھ کان گلا ناک
ENZYMOL
اور آلات البول کی ریمی بیماریون مین استعمال کرتے ہین۔

اِن زائمیس الکسر آف۔ سنگ دانہ اور پیپسین کا سولیوشن ہے جس مین ۲۰ فی صدی الکحل ہے۔ ایک
ENZYMES ELIXER OF
حصہ اس الکسٹر کا ۲۰ حصے البیومن کو ۲½ گھنٹے مین ہضم کرتا ہے۔ ۳ ڈرام ۲۵ منم یہ الکسٹر ۶ اونس ۴ ڈرام ۲۰ منم دودھ مین ملانے سے بعد چند منٹ کے منجمد ہو جاتا ہے۔ بطور ہاضم استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ایک ڈرام ۴ منم سے ۳ ڈرام ۲۶ منم تک۔

اَن سال۔ ANSOL انٹی پائی زن سیالی سلیٹ کا دوسرا نام ہے۔

اِن سی مین۔ مقامی مخدر ہے۔ جسکو دندانسازی مین استعمال کرتے ہین۔
ENBEMIN
اس مین ایک فی صدی کوکین کا سولیوشن ڈوری نالین اور کلوری ٹون موجود ہین۔

اَن فلوان زن۔ INFLUENZIN مسب ذیل ادویات کا

مرکب ہے۔

فینیاسٹی ٹن۔ کوی نن سیالی سلیٹ۔ کیفائین۔ سوڈیم کلورائڈ (نمک خوردنی مصفی)

اِن فی رِن ENFERIN ایک قسم کا کمپونڈ سرپ آف ہپم ہے۔

اِن فینان ٹن - INFANTIN یہ ایک قسم کی پرورش کنندہ غذا ہے جس کے کیمیائی اجزا حسب ذیل ہین۔

البیومن	۵٫۵ حصے
چربی	۰٫۸ حصے
پانی	۴٫۲ حصے
کاربوہیڈریٹ	۸۶٫۶ حصے
سلفیورک آسڈ	۳ حصے
راکھ	۲٫۸ حصے
فاسفارک آسڈ	۱٫۵ حصے
کلورین	۳۶٫۶۵ حصے

اَن کانسٹ - ANCOCIT اَنٹی پائی رِن کیا فینو سٹریٹ کا دوسرا نام ہے۔

اِن گلوِن - یہ ایک قسم کی پیپسن ہے جو مرغ کے سنگدانے سے بنائی جاتی ہے۔ بطور ہاضم و مقوی معدہ بدہضمی اور ایام حمل کی

INGLUVIN

تے مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۵ گرین۔

اُن نا زسوڈیم پرآکسیڈ سوپ ۔ حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

UNNA S SODIUM PEROXID SOAP

لکوڈیٹر ولاٹم	۳۰ حصے
سیا یو مولس (رزم صابون)	۷۰ حصے
سوڈیم پرآکسیڈ	۲ سے ۲۰ حصے

اِن وی کین ENWEKAIN صاف کی ہوئی دل

فیاٹ کا نام ہے۔

اَن ہیڈرو میتھی لن سٹریٹ ہکسا میتھی لن ٹٹرامن ۔ مترادف۔ یورو ٹروپین نیو۔

ANHYDROMETHYLENCITRATEHEXAMETHYLENTETRAMIN

اَن ہیڈرو میتھی لن سوڈیم سٹریٹ ۔ مترادف ۔ سی ٹارن ۔

ANHYDROMETHYLEN SODIUM CITRATE

اَن ہیڈرو گلوکو کلوزل ۔ مترادف ۔ کلورالوز ۔

ANHYDRO GLUCO CHLORAL

اناڈال ۔ ANADOL اَنٹی فبرن کا مرکب ہے جسکو نقرس اور درد

مین استعمال کرتے ہین۔

اناکارڈک آسڈ - چمکدار سفوف جو کاجو سے نکالا جاتا ہے - مئی کو جذب
ANACARDIC ACID کرتا ہے - ۲۶ سنٹی گریڈ کی حرارت
پر گداخت اور الکحل مین فوراً حل ہو جاتا ہے - امونیم کے ہمراہ ملا کر بطور انتہل مشک
(مخرج کرم امعاء) استعمال کرتے ہین -

انائی مین - یہ ایک قسم کا مرکب ہے جسمین آئرن میگنیشین سیاکارینیٹ موجود ہے
ANAEMIN انی میا مین استعمال کرتے ہین -

انائی مورینن - مقامی محذر ہے جس کو دانداں سازی مین استعمال
ANAEMORENIN. کرتے ہین اس مین حسب ذیل ادویات
موجود ہین -
شیراری نل اکسٹراکٹ - ٹروپاکوکین ہیڈروکلورائڈ - سوڈیم کلورائڈ (نمک خوردنی مصفی)

انائی موز ملک - دودھ کا حلوا ہے جس مین فرش آئی اوڈائڈ ۱۵ء۰ فی صدی
ANAEMOSE MILK موجود ہے - انی میا یعنی کمی خون کے
بیمارون کے لئے استعمال کرتے ہین - جبکہ دودھ اور فولاد کے استعمال کی
ضرورت ہوتی ہے

اناپ نائین - ٹرائی آئی اوڈو گلیسرن کا سولیوشن ہے جس مین آئی اوڈین
ANAPNOINE اور پوٹاسیم آئی اوڈائڈ اور سانی اکسٹراکٹ
مثل لوبیلیا موجود ہین دمہ مین استعمال کرتے ہین -

اناسپالن ANASPALIN مرہم کی زمین ہے جس مین ول فیاٹ اور ٹیرولاٹم موجود ہے۔

انال ANAL یہہ ایک قسم کا مرکب ہے جسکو بواسیر مین استعمال کرتے ہین۔

انالجن ANALGEN مترادف۔ نیز انال جن + کوی نال جن۔ اس دوا کو بطور انال جے سک (مسکن درد) اور نئی نیورال جک (دافع عصبی درد) استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۷½ سے ۱۵ گرین تک۔ دہانی

انال جن ANALGEN یہ ایک قسم کا مرکب ہے جس مین حسب ذیل موجود ہین۔

اسٹی انی لا	۵۰ حصے
سوڈیم بائی کاربونیٹ	۵ حصے
سوڈیم سیالی لیٹ	۵ حصے
کیا مفر مونو برومیٹ	۵ حصے
کیافین سٹرس	۲½ حصے
اکسٹراکٹ کیالی لس انڈیکا (رب قنات)	۲½ حصے
اردیا ٹک پاؤڈر مع ادویہ	۱۰۰ حصے

انال جے سک (مسکن درد) انٹی پائی رٹیک (دافع حرارت) نزدسیڈیٹو کے طور پر نورال جیا (عصبی درد) مگرین (صداع) اور دردسر وجع مفاصل۔ نقرس۔ عرق النسا مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۵ سے ۱۰ گرین تک۔

انال جے سن۔ ANALGESIN یہ ایک قسم کا مرکب ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

انٹی پائی رن	۹۱/۳ فیصدی
کیفسین	۷/۸ فیصدی
سٹرک آسڈ	۰/۸۸ فیصدی

صداع مین اس دوا کو استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۱½ سے ۲½ گرین تک۔

اہل فرانس اسکو انٹی پائی رن کا مترادف کہتے ہین۔

انال جے سن منتھال۔ انٹی پائی رن اور منتھال کا مرکب ہے۔

ANALGESINMENTHOL

انال جیا ANALGIA انٹی فبرن کا مرکب ہے۔

انال گاس - مقامی مخدر ہے جس کو دندان سازی مین استعمال کرتے ہین

ANALGOS حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

ہتائی ٹال (جوہر اجوائن)	۱۵ گرین
منتھال (جوہر پودینہ)	۱۵ گرین
کاربالک ایسڈ	۱۵ گرین
آس پانی رن	۱۵ گرین
سوڈیم کلورڈ (نمک خوردنی مصفی)	۱۵ گرین
کوکین ہیڈروکلورڈ	۷½ گرین
ڈامیلوٹ الکحل	۲ اونس ۷ ڈرام ۴۵ گرین (روزن کیا ہوا)

اَنامِل براٹ - یہ ایک قسم کی غذا ہے جو بادام سے بنائی جاتی ہے۔ ANAMYLEROT اور اس مین ۳۰ فی صدی روبوراٹ (ملاحظہ ہو بیان روبوراٹ) نمک اور خمیر موجود ہے۔ ذیابیطس کے بیماروں کو کھلائی جاتی ہے۔

اِنٹ بیاکٹے رن - روغن زیتون روغن کنجد پیپرمنٹ آئل اور امیونارڈ ENTBAKTERIN کا مرکب ہے۔

اِنٹ کال کنگز ٹیابلٹس - ان قرصون مین حسب ذیل ادویات ENTKALKUNG'S TABLETS موجود ہین۔

سوڈیم کلورڈ (نمک خوردنی مصفی)	۷½ گرین
سوڈیم سلفیٹ	¾ گرین

سوڈیم فاسفیٹ	۱/۳ گرین
مگنیزیم فاسفیٹ	۱/۴ گرین
سوڈیم کاربونیٹ	۱/۳ گرین
کیالسیم گلی سرو فاسفیٹ	۳/۴ گرین

انٹی اپی لپ ٹک پاؤڈر۔ (ڈاکٹر ویل) اس دوا کے کیمیائی اجزا حسب ذیل ہین۔

ANTIEPILEPTICPOWDER

ہی موگلوبن اور آسڈالبیومن	۱۰ فی صدی
فبرس برومد	۸۴ فیصدی
اکسٹراکٹ آف جنشن (رب جنطیانہ)	۶ فی صدی

انٹی اپی لپ ٹک ٹیابلٹس۔ ہر ۱۰۰ قرص ہین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

ANTIEPILEPTIC TABLETS

وبائی ڈال	۵ گرین
الیفروی سنٹ مکسچر	۶ ڈرام
پوٹاسیم برومڈ	۷ ½ ڈرام
سوڈیم برومد	۷ ½ ڈرام
امونیم برومڈ	۱۳ ¾ گرین

صراع مین استعمال کرتے ہین۔

انٹی آرتھرن - یہ ایک قسم کا مرکب ہے جس مین سیالی سن - اور سیالی جی ٹیا مینٹ ہموزن موجود ANTIARTHRIN

ہین - بطور انٹی رومیاٹک (دافع وجع مفاصل) استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۷½ سے ۱۵ گرین تک -

انٹی اسپازمن - مترادف - سوڈیم نارسٹین سیالی سلیٹ - سفیدنمی کو جذب کرنے والا سفوف ANTISPASMIN

اسمین ۵۰ فی صدی نارسٹن موجود ہے - پانی مین فوراً حل ہوجاتا ہے - بطور انٹی اسپازموڈک (دافع تشنج) سیڈی ٹیو (مسکن) اور ہپناٹک (منوم) استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک ۱۰ فی صدی کے سولیوشن کی - مہینے کے بچون کیلئے ۳ سے ۵ قطرے تک - ایک سال کے بچون کے لئے ۵ سے ۱۰ قطرے تک زیادہ عمر کے بچون کے لئے ۱۰ سے ۲۰ قطرے تک -

انٹی اسپورا - حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے - درختون کے کیڑے دفع کرنے کے لئے استعمال ANTISPORA

کرتے ہین -

ٹاک یعنی بلقم	۸۰ حصے
کرنوڈ کاربالک آسڈ	۱۵ حصے

پانی ۵ حصے

انٹی اسپی روکائی ٹک سیرم - یہ سیرم گھوڑون سے نکالی جاتی ہے - اور ری کرر نٹ فیور ANTISPIROCHÆTIC SERUM

مین استعمال کرتے ہین -

انٹی اسٹافی لاک سک سیرم - یہ سیرم بکرون اور گھوڑون سے نکالی جاتی ہے اسمین ANTISTAPHYLOCCIC SERUM

½ فی صدی کری سال ملانے سے محفوظ رہتی ہے -

انٹی اسٹرپ ٹوکاک سک سیرم - (منزنر) یہ ایک قسم کی سیرم ہے ANTISTREPTOCOCCIC SERUM (MENZNER)

جو گھوڑون سے نکالی جاتی ہے - سرخ بادہ - پیوریرل فیور (زچاؤن کا زہریلا بخار) پیٹی سیمیا (تمام بدن مین زہر ہو جانا) ہران کو نیومونیا مین زیر جلد استعمال کرتے ہین -

مقدار استعمال - ۲۰ کیوبک سنٹی میٹر یعنی ۵ ڈرام ۲۰ منم -

انٹی اسٹرپ ٹوکاکسن - (آرن سنس) یہ ایک قسم کی سیرم ہے جسکو آرنسن کی اسٹرپٹوکوکسن ANTISTREPTOCOCCIN (ARONSON'S)

(جوڑون کی سوزش) انجائی نا پکٹورس (وجع الفواد) مین استعمال کرتے ہین -

مقدار استعمال - ۱۰ کیوبک سنٹی میٹر (۲ ڈرام ۴۰ منم سے ۲ اونس تک)

اَنٹی اسٹرپ ٹوکاک سی سیرم - (برن) یہ ایک قسم کی سیرم ہے جو گھوڑوں سے
ANTISTREPTOCOCCI SERUM (BERN)
نکالی جاتی ہے -

مقدار استعمال - ۱۰ سے ۲۰ کیوبک سنٹی میٹر تک (۲ ڈرام ۴ منم سے ۵ ڈرام ۲۰ منم تک)

اَنٹی اسکارلٹ سیرم - یہ ایک قسم کی سیرم ہے جو خرگوش سے
ANTISCARLET SERUM
نکالی جاتی ہے -
اسکارلٹ فیور مین استعمال کرتے ہین - یہ دو قسم کی ہوتی ہے قسم اول بطور مانع اسکارلٹ فیور اور قسم دوم کو بطور دافع استعمال کرتے ہین -

اَنٹی اسکروفیولن - پوٹاسیم سلفوگوی اے کولیٹ - پوٹاسیم آئی اوڈیڈ
ANTISCROFULIN
اور ہی موگلوبن کا سولیوشن ہے -
بطور انٹی اسکروفیولا (دافع خنازیر) استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ½ سے ایک چار کے چمچے تک -

اَنٹی اسکلی روسن - یہ ایک قسم کے قرص ہین جس کے ہر ۲۵ مین
ANTISCLEROSIN
حسب ذیل ادویات موجود ہین -

سوڈیم کلورائڈ (نمک خوردنی مصفی)	۲½ ڈرام
سوڈیم سلفیٹ	۱۵ گرین

سوڈیم کاربونیٹ	۶ گرین
مگنیزیم فاسفیٹ	۶ گرین
سوڈیم فاسفیٹ	۴½ گرین
کیالسیم گلی سرو فاسفیٹ	۱۵ گرین

انٹی اسکلی روسن ٹیبلٹس - ان قرصون مین حسب ذیل ادویات موجود ہین - ANTISKLEROSIN TABLETS

سوڈیم کلورائڈ (نمک خوردنی مصفی)	۸۰ حصے
سوڈیم سلفیٹ	۱۰ حصے
کیالسیم فاسفیٹ	۳½ حصے
مگنیزیم فاسفیٹ	۵ سے حصے
سوڈیم فاسفیٹ	۵ سے ۳ حصے

انٹی اسکیبن - یہ ایک قسم کا مرکب ہے جسکو خارش مین استعمال کرتے ہین - ANTISCABIN. اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

بالسم پیرو - سوپ (صابون) بورک آسڈ - ٹنکچر بنزوئن - گلیسرین - الکحل -

۲ یا ۳ مرتبہ دن مین استعمال کرین -

انٹی اسماٹک پلز - ANTIASTHMATIC PILLS. دمے کی گولیان ہین جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

اسٹرامونیم۔ (دھتورہ) لوبیلیا لیوز منتھال (جوہر بوہ دینہ) پوٹاسیم نائیٹریٹ۔ (شورہ قلمی) سوڈیم نائیٹریٹ۔

اَنٹی اکسیوڈاٹن ANTIEXSUDATIN۔ استسقاء کا علاج ہے۔ یہ دو قسم کے ہوتے ہین پہلی دوا مین ہمراہ ادویات کے انکحل بھی ہے۔ اور اسکو اندرونی استعمال کرین۔ اور دوسری دوا جس مین الکحل ہے۔ اسکو بیرونی مالش کرین۔

اَنٹی ایتھی لین ANTIETHYLIN۔ یہ ایک قسم کی شیرم ہے جو حیوانون سے نکالی جاتی ہے اُن حیوانون کو جلاے پانی کے الکحل پلایا جاتا ہے۔

اَنٹی بکس ANTIBEX۔ اکسٹراکٹم ہنرفل لی سیا کا رنے ٹم کا تجارتی نام ہے اس دوا کو ہوپنگ کاف (کُکر کھانسی) مین استعمال کرتے ہین۔

اَنٹی بیاسل لیر ANTIBACILLARE. حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے جسکو سل مین استعمال کرتے ہین۔

کریوسوٹ۔ کوڈین۔ سوڈیم آرسی نائٹ۔ بالسم آف پیرو۔ گلیسرین۔

اَنٹی بیاک ٹے رڈ ANTIBACTERID حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے جسکو بطور انٹی سنپٹک (مزیل العفونت) استعمال

کرتے ہین۔

بورکس (تنکار)	۳۵۰ حصے
بورک آسڈ (جوہر تنکار)	۱۲۵ حصے
گلوکوز	۲۰۰ حصے

اَنٹی بیاک ٹے رن۔ ANTIBACTERIN حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

بورک آسڈ۔(جوہر تنکار) فنک کلورڈ۔کلورک ایتھر۔

اَنٹی بیاک ٹے ریان۔ ANTIBACTERION. اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

بورک آسڈ	۶/۲۵ حصے
لائیکر فرائی کلورڈ	۱/۵ حصہ
اسپرٹ ایتھر کلورائی مع ادویہ	۱۰۰ حصے

بطور اَنٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور بیاک ٹی ری سائیڈ (مہیت جراثیم) استعمال کرتے ہین۔

اَنٹی پائی اونن۔ سوڈیم بوریٹ کا نام ہے جسکو آنکھ کی جراحی مین استعمال کرتے ہین۔ ANTIPIONIN.

اَنٹی پائی رن اسی ٹل سیالی سلیٹ مترادف اکوپائی رن ANTIPYRIN ACETYL SALICYLATE.

اَنٹی پائی رِن اَمگ ڈالیٹ - مترادف - بَس سال -

ANTIPYRIN AMYGDALATE.

اَنٹی پائی رِن بائی کلورَل - مترادف - ڈائی کلورَل اَنٹی پائی رِن -

ANTIPYRIN BICHLORAL.

اَنٹی پائی رِن ٹیانیٹ - اَنٹی پائی رِن کے سولیوشَن کو بذریعہ ٹیا نِن سولیوشَن تَرشین کرنے سے

ANTIPYRIN TANNATE.

بنتا ہے - زرد رنگ بے مزہ سفوف جس مین ۷۳ فی صدی اَنٹی پائی رِن موجود ہے پانی مین حل نہین ہوتا ہے - بے مزہ ہونے کے سبب سے بجاے اَنٹی پائی رِن استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - بچون کے لئے ۱/۲ سے ۲۲ ½ گرین تک جوانون کیلئے ۱۵ سے ۴۵ گرین تک -

اَنٹی پائی رِن ری زارسی لیٹ مترادف زنی سال جن -

ANTIPYRIN RESORCYLATE.

اَنٹی پائی رِن سلف اَنی لیٹ - مترادف - سلفو پائی رِن -

ANTIPYRIN SULFANILATE.

اَنٹی پائی رِن سیالال - ہموزن سیالال اور اَنٹی پائی رِن کو باہم گداخت کرنے سے

ANTIPYRIN SALOL

بنتا ہے - بھورے رنگ کا اَنٹی سِنتھک (مزیل العفونت) سیال جسکو بطور ہی ماس ٹے تک
(حابس الدم) یوٹے رن ہمویج (رحم کا جریان خون) مین روئی کا پہا ہا بھگو کر مقامی
استعمال کرتے ہین -

اَنٹی پائی رِن سیالی سلیٹ - مترادف سیالی پائی رن -

ANTIPYRIN SALICYLATE

اَنٹی پائی رِن سیالی سلو اَسی ٹیٹ - مترادف پائی رِن سال

ANTIPYRIN SALICYLO ACETATE.

اَنٹی پائی رِن کالوڈی ین - ایک حصہ اَنٹی پائی رِن اور ۴ حصہ
کالوڈی ین کا سولیوشن ہے ANTIPYRIN COLLODION

جسکو بطور ہی ماس ٹے تک (مانع جریان الدم) استعمال کرتے ہین -

اَنٹی پائی رِن کلورَل ہیڈریٹ - مترادف - ہپ نال -

ANTIPYRIN CHLORALHYDRATE

اَنٹی پائی رِن کیافین سٹریٹ - اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین

ANTIPYRIN CAFFEIN CITRATE

اَنٹی پائی رِن	۹۰ حصے
کیافین	۵ حصے
سٹرک آسڈ	ایک حصہ

سبکو باہم ملاکر بعد ازان اتنا پانی ملادین کہ سولیوشن ہوجاوے اور پھر حرارت پہ خشک کرلین۔

انٹی پائی رن کیا فینو سٹرِیٹ ۔ مترادف ۔ بگڑے ہن ۔

ANTIPYRIN CAFFEINO CITRATE.

انٹی پائی رن میانڈی لیٹ ۔ مترادف ۔ لش سال ۔

ANTIPYRIN MANDELATE.

انٹی پائی رٹیک کمپونڈ ۔ اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

انٹی پائی رن ۔ کیا فین ۔ سٹرک آسڈ ANTIPYRETIC CO

سبکو باہم گداخت کرلین ۔ اس دوا کو مگرین (صداع) مین استعمال کرتے ہین ۔

انٹی پازی ٹن ۔ ANTIPOSITIN اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

نائٹرک آسڈ ۔ سٹرک آسڈ ۔ سوڈیم کلورڈ (نمک خوردنی مصفی) ۔ سوڈیم بائی کاربونیٹ

انٹی پان ۔ ANTIPON اس دوا مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

سٹرک آسڈ	۴½ اونس
نٹروک آسڈ (جوہر اوبان)	۷½ گرین
سیاکارن	۷½ گرین

روز واٹر (عرق گلاب)	۲½ ڈرام
ٹنکچر کوچینیل	۳¾ ڈرام
آئیل آف ونٹر گرین	½ قطرہ
ڈسٹلڈ واٹر (آب مقطر)	۴۵ اونس ۲ ڈرام ۳ گرین (روز کا ملا ہوا)

اس دوا کو ذہبی کم کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ایک چائے کا چمچہ۔

اَنٹی پیارا سی ٹن - ایک فی صدی ڈائی نائٹرو کری سال پوٹاسیم کا سولیوشن ہے - خارش مین استعمال کرتے ہین۔ ANTIPARASITIN

اَنٹی پی ریاس ٹن - مترادف - اس ٹن۔

۳۰ فی صدی کیا تمہاری ڈھی مینٹ آف مرکیوزک آئی اوڈائڈ کا سولیوشن ہے - کنش اس ٹوہر زنی ہڈی کا پیدا ہونا، اور پردلی فرسٹن زنی جلد کا پیدا ہونا) مین استعمال کرتے ہین۔ ANTIPERIOSTIN

اَنٹی پیوٹال - بھورا مائل بہ زرد رنگ کا ڈھا سیال جس مین فینائل کی سی بو ہے (بھور فرس ان فکشنس رفع سم دبائی) استعمال کرتے ہین - کول ٹار سے حاصل کیا جاتا ہے۔ ANTIPUTOL

اَنٹی تھائی سن (کلبس) مترادف - سوئل نیومونز۔ ANTIPHTHISIN (Klebs)

ٹیوبرکیولوسی ڈرمک
ٹیوبرکیولوسی ڈن کا سولیوشن ہے جو خاص طریقے سے بنایا جاتا ہے بطور ہائی پو یا بذریعہ اینما (حقنہ) سل مین استعمال کرتے ہین۔

اَنٹی تہائی سن - (ڈاکٹر ویر) صاف اور اسٹری لائزڈ کیا ہوا الکوہولک ٹیرولائم ANTIPHTHISIN. ہے جس مین ۱/۲ فی صدی کری سائل بھی موجود ہے۔ ٹیوبرکیولوسز مین زیر جلد استعمال کرتے ہین۔

اَنٹی تھرمال - ANTITHERMAL. یہ ایک قسم کا دافع بخار ہے۔

اَنٹی تھرمن - مترادف - آسٹڈفینیل ہیڈ ازن بے لے یولی نک۔ ANTITHERMIN بے رنگ بے مزہ قلمین جو ۱۰۸ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین۔ پانی مین کم حل ہوتے ہین مگر الکحل مین فوری بطور دافع بخار استعمال کرتے ہین۔ ملیونری تہائی سز ہر امیس ڈرز یہ مین بھی مفید ہے

مقدار خوارک - ۳ گرین۔

اَنٹی تھرمولن - یہ ایک قسم کا کیا ٹا پلا زما ہے۔ اسکے ہر ۱۳ اونس ۲ ڈرام ANTITHERMOLIN. مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

کافی اُوہن	۱۷-اونس ۲ ڈرام ۱۵ گرین
بورک آسڈ	۳۰-گرین
یوکالپٹس آئل	۳۰ گرین

مِنتھال (جوہر پودینہ)	۳۰ گرین
تھائی مال (جوہر اجوائن)	۳۰ گرین
گلیسرن	۱۰ ایم سیال اونس

نیومونیا (ذات الریہ) برانکائٹس۔ نیورالجیا۔ (عصبی درد) رومیاٹزم (وجع مفاصل) اری سپلاس (سرخ باد) میں استعمال کرتے ہیں۔

اَنٹی تھرمیالین ANTITHERMALINE مترادف۔ اَنٹی فلوجسٹن۔

اَنٹی ٹائی فس اِکسٹرا کٹ۔ یہ ایک قسم کی سیرم ہے۔

ANTITYPHUS EXTRACT

اَنٹی ٹرانس پائی رین۔ اس مرکب میں سولیوشن آف فارمالین اور ایسپرٹ لاونڈر موجود ہے۔ زیادہ پسینہ نکلنے کو روکتا ہے۔

ANTITRANSPIRIN

اَنٹی ٹسسن۔ یہ ایک قسم کا مرہم ہے جس میں حسب ذیل ادویات موجود ہیں۔

ANTITUSSIN

ڈائی فلوڈائی فنیل	۵ حصے
دیازلین	۱۰ حصے
لیانولین	۸۵ حصے

برآن کائی ٹس - ہوپنگ کاف (کلکر کہانسی)، پرٹیوسز یعنے کلکر کہانسی مین بیرونی لگاکر مالش کرتے ہین

اَنٹی ٹسسن (ورویج)، یہ ایک قسم کا مرکب ہے جس کو بطور مخرج بلغم استعمال کرتے ہین۔ ANTISUSSIN (VERWEIJ)

اَنٹی ٹیٹانس سیرم - یہ ایک قسم کی سیرم ہے جسکو ٹی ٹانس (کزاز) مین استعمال کرتے ہین۔ ایک انجکشن کرنے سے ANTITETANUS SERUM

۵ یا ۶ دن تک آرام رہتا ہے اس کو بطور مانع اور دافع استعمال کرتے ہین۔

اَنٹی ٹیٹانک ڈسٹنگ پاؤڈر - ہوزن کلوری ٹون اور خشک اَنٹی ٹیٹانک سیرم کا ANTITETANIC DUSTING POWDER

مرکب ہے جسکو ٹی ٹانس (کزاز) مین استعمال کرتے ہین۔

اَنٹی ٹیٹین - ANTITAENIN کدو دانون کا علاج ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

اکسٹراکٹ میل فرن	۹ حصے
کسو فلور (گل کسو)	ایک حصہ
یا ڈوفل لن	۳/۴ حصے

اَنٹی ٹیوبرکیولس آئل - اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

ANTITUBERC ULOUS OIL

کریاسوٹ	۱۵۰ منم
بیٹانیا فتال	۴۵ گرین
آئی اوڈن	۲½ گرین
کاڈلیور آئیل (روغن ماہی)	۰۶ اونس

ٹیوبرکیولوسز مین ایک میز کا چمچہ دن مین تین مرتبہ استعمال کرتے ہین۔

اَنٹی جرمن - سبز سیقدر بہورا رنگ گارڈہا سیال۔ آرگیانک کاپر سالٹ سے بنایا جاتا ہے ۲۰۰ حصے پانی مین حل ہوتا ہے ANTIGERMIN

پگرگرم پانی مین مل جاتا ہے - بطور ڈس انفکٹنٹ (دافع سم دبائی) استعمال کرتے ہین۔

اَنٹی ڈاٹ - کلوزوفارم الکحل اور اسٹیک انتھر کا مرکب ہے جسکو سرخ رنگ بھی دیا گیا ہے۔ ANTIDOT

اَنٹی ڈال - ANTIDOL یہ ایک قسم کا دافع عفونت ہے جسمین فارمال ڈی ہیڈ موجود ہے۔

اَنٹی ڈال - ANTIDOL یہ ایک قسم کا مرکب ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

ہٹرک اسڈ - کیافین - سیالی سلک اسڈ - اَنٹی پائی رین۔

بطور اَنٹی پائی رٹیک (دافع حرارت) اور اَنٹی نیورال جک (دافع عصبی درد) ۱۵ گرین کی خوراک مین استعمال کرتے ہین۔

اَنٹی ڈپ سن ٹیا بلٹس - حسب ذیل ادویات کے قرص ہین۔

ANTIDEPSIN TABLETS

شکر۔ ہٹرک آسڈ۔ مالک آسڈ۔

اَنٹی ڈِپ شو۔ ANTIDEPSO حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

پوٹاسیم برومائڈ	۲۵ فی صدی
ملک شگر	۷۵ فی صدی

نشہ کو اُتارنے کے لئے استعمال کرتے ہین۔

اَنٹی ڈِفتھے رِن۔ یہ ایک قسم کا مرکب ہے جس مین حسب ذیل ادویات ANTIDIPHTHERIN موجود ہین۔

پوٹاسیم کلوریٹ	۹۱ حصے
فرک کلورائڈ	۴ حصے

اَنٹی ڈِفتھے رِن۔ (کلیز) یہ سیرم ڈفتھے یا کے بیاسی نس (جراثیم خناق وبائی کو ANTIDIPHTHERIN بونے سے بنتی ہے۔

اَنٹی ڈِفتھے رِن۔ خشک سفوف ہے۔ آگ پر ڈال کر سکو ڈفتھے ریا کے ANTIDIPHTHERIN بیمارون کو بخارات دیتے ہین۔ اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

ٹرینین آسڈ آف اولی بانم سیالی ملک آسڈ۔ مینتھال (جوہر پودینہ) قفینا ل (کاربالک آسڈ۔)

اَنٹی ڈفتھے ری ٹی کن۔ (بوکائی) حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

ANTIDIPHTHERITICON (BOKAI)

پوٹاسیم کاربونیٹ۔ پوٹاسیم سلفیڈ۔ آئیل آف برچ۔ آئیل آف پیچ۔ الکحل۔

ڈفتھے ریا (خناق وبائی) مین استعمال کرتے ہین۔

اَنٹی ڈولورن۔ ANTIDOLORIN آنتھل کلورائڈ کا دوسرا نام ہے۔

اَنٹی ڈی سن ٹری کم۔ حسب ذیل ادویات ہر سوگولیون مین موجود ہین جسکو ڈی سن ٹری (پیچش) مین استعمال کرتے ہین۔

ANTIDYSENTERICUM

پلی ٹے زن	۱½ گرین
مائی رابولن انڈی کم	۷½ گرین
اکسٹراکٹ آف پوموگرانیٹ	۲۲½ گرین
اکسٹراکٹ روز	۲۲½ گرین

اَنٹی ڈی سن ٹرک سیرم۔ یہ ایک قسم کی سیرم ہے جسکو ڈی سن ٹری (پیچش) کا لرا اور فیان ٹم (بچون کا اسہال) مین استعمال کرتے ہین۔

ANTIDYSENTERIC SERUM

اَنٹی ڈی یا بے ٹک فلوئیڈ۔ یہ ایک قسم کا مرکب ہے جس مین حسب ذیل

ANTIDIABETIC FLUID

ادویات موجود ہین۔

فلوئیڈ اکسٹراکٹ سنی سٹیوس فکسی	۹۷٫۷۸ فی صدی
الکالی	۲ فی صدی
سیالی سلک آسڈ	۰٫۰۲ فی صدی
ٹرپ سن	۰٫۰۲ فی صدی

ذیابیطس مین ایک میز کا چمچہ استعمال کرین۔

انٹی ڈیابے ٹیکم ANTIDIABETIKUM مترادف۔ گلی کوسال وال

ذیابیطس کا علاج ہے جسمین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

پیپسن ٹرپ سن سوڈیم تھیوبرومیٹ۔ اکسی پریپونک آسڈ۔

انٹی ڈیابے ٹن۔ شکر کا عوض ہے جسکو ذیابیطس کے بیمار ذکو کھلاتے ہین اس مین

ANTIDIABETIN سیا کارزن اور میان نائیٹ موجود ہے۔

انٹی ڈیا زیا ٹیا بلیٹس۔ ان قرصون مین ۳ ہے گرین البنیوین ٹیانیٹ اور چاکولیٹ

ANTIDIARRHOEA TABLETS موجود ہے۔

انٹی رن۔ ANTIRIN یہ ایک قسم کی ناس ہے جس مین کوکین اور بوریک آسڈ

موجود ہے۔ کوری زا دزکام مین استعمال کرتے ہین۔

انٹی رومیاٹن ANTIRHEUMATIN اس نام کے تین ادویات ہین۔

نمبر ۱ تیتھی لن بلو اور سوڈیم سیالی سلیٹ کا مرکب ہے عضلاتی وجع مفاصل مین

استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ½ گرین سے ۱۵ گرین تک۔

نمبر (۲) حسب ذیل ادویات کا مرہم ہے جس کو وجع مفاصل مین استعمال کرتے ہین۔

پیرولائم	۱۰ حصے
وائل فیناٹ	۵ حصے
فلورفینی ٹال	ایک حصہ
ڈائی فلورڈائی فینیل	۴ حصے

نمبر (۳) سیالٹ (ملاحظہ ہو بیان) کے پنسل ہین جو بعوض منتہا پنسل استعمال کرتے ہین۔

اَنٹی رُومیاٹی کم سیاہ رنگ منشور نما مکرے جس کا مزہ تلخ ہے۔ سوڈیم سیالی سلینٹ اور تتھی لن بلو کا مرکب ہے وجع مفاصل مین استعمال کرتے ہین۔

ANTIRHEUMATICUM

مقدار خوراک - ½ سے ۱½ گرین تک۔

اَنٹی رَی نال ANTIRHINO. اس نام کے ۲ ادویات ہین۔

نمبر (۱) سیالال ٹیانن اور آئل آف صندل کا مرکب ہے۔

نمبر (۲) سیالال اور ٹانو البیومی نیٹ کا مرکب ہے۔

اَنٹی رَے بک سیرم ANTIRABIC SERUM یہ ایک قسم

کی ہیئرم ہے جسکو رنگے ہیئر (سگ گزیدہ) مین استعمال کرتے ہین۔

اَنٹی سِپ ٹال ۔ مترادف ہے شنکونن آئی اوڈوسلفیٹ ۔ شنکونن ہیرا پاتہیٹ۔

ANTISEPTOL بھورا مائل بہ سرخ رنگ سفوف پانی مین حل نہین ہوتا ہے مگر الکحل اور کلوروفارم مین حل ہوجاتا ہے جس مین ۵۰ فی صدی آئی اوڈن موجود ہے ۹/۱۰ سے ۴ ½ گرین کی خوراک مین بطور اَنٹی سپٹک (مزیل العفونت) اندرونی اور بعوض آئی اوڈوفارم بیرونی استعمال کرتے ہین۔

اَنٹی سِپٹک پلز کمپونڈ (وارنر) اِن گولیون مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

ANTISEPTIC PILLS CO

سوڈیم سلفیٹ		۹/۱۰ گرین
سیالی سلک آکسائڈ		۹/۱۰ گرین
کیاسی کم	(مرچ)	۹/۱۰ گرین
پیپسین		۹/۱۰ گرین
ایکسٹراکٹ آف اپیکیاک		۳/۲۵ گرین

اَنٹی سپٹک توتھ واش ۔ دانتون کو صاف کرنے کا اَنٹی سپٹک (مزیل العفونت) عرق ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

ANTISEPTIC TOOTH WASH

فارمالین (۴۰ فی صدی کا)	۲ حصے

ٹنکچر سنکونہ	۶۰ حصے
گلیسرن	۶۰ حصے
آئیل آف پیپرمنٹ	۲ حصے
آئیل آف انیس	۱½ حصے
آئیل آف کلوز	ایک حصہ
آئیل آف سینیمن	ایک حصہ
الکحل	۱۰۰ حصے

انٹی سپٹیک سوپ - یہ ایک قسم کا انٹی سپٹیک (مزیل العفونت) اور ہاتھ
ANTISEPTIC SOAP دھونے کا صابون ہے معمولی صابونکو
گداخت کرکے زنک پر اکسیڈ ملادین -

انٹی سپٹیک وارنش - اس وارنش مین حسب ذیل ادویات موجود ہین
ANTISEPTIC VARNISH جس کو بعوض کالوڈئی ین استعمال
کرتے ہین -

لاک سفوف کی ہوئی	۶۰ حصے
بالسم آف ٹولو	۵ حصے
تہائی مائل	½ حصہ
الکحل	۵۰ حصے

انتھر	۱۰۰ حصے

اَنٹی سپٹن - ANTISEPTIN حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے -

زنک سلفیٹ	۸۵ حصے
زنک آئی اوڈائڈ	۲/۵ حصے
نہائی مال	۲/۵ حصے
بورک ایسڈ	۱۰ حصے

اَنٹی سپٹن - (شوارزوز) یہ ایک قسم کا سولیوشن ہے جس مین ۰/۴ فی صدی زنک سلفیٹ ANTISEPTIN اور ۴/ فیصدی الم موجود ہے -

اَنٹی سپٹو فارم - ANTISEPTOFORM فارمالڈی ہیڈ کا سولیوشن ہے -

اَنٹی سپٹی کم - (کوہلر) سوڈیم سلفائیٹ - اور ٹرائی آکسی میتھائی لین کا مرکب ہے - بطور مانع ANTISEPTICUM (KOHLER) تخمیر اور دافع عفونت اور انٹی سپٹک (زخیل العفونت) استعمال کرتے ہین -

اَنٹی سپٹک سالیڈ - غذا کو محفوظ رکھنے کے لئے استعمال ANTISEPTIQUE SOLIDE کرتے ہین جس مین سوڈیم فلوارسلی کیٹ موجود ہے -

انٹی سیپسن - مترادف اسیپسن + اسٹ انی لڈ بروم ایڈ + پیارا برومو اسٹ انی لڈ
ANTISEPSIN بے رنگ چمکدار ٹکڑے ۱۶۵ سے ۱۶۶
سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین۔ پانی مین کم حل ہوتے ہین۔ الکحل مین حل ہوجاتے ہین۔ بیرونی بطور انٹی سپٹک (مزیل التعفنت) مفید ہے۔ اندرونی بطور انٹی پائی رٹک (دافع حرارت) انٹی نیورالجک (دافع عصبی درد) سیڈیٹیو (مسکن) استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۳ سے ۱۰ گرین تک۔

انٹی سپسن - ANTISEPSIN اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

مرکیورک کلورائڈ سولیوشن (ایک کو ہزار حصے کا)	ایک حصہ
انکائی نلی کو فلورائڈ	۲ حصے

انٹی سپسن - (وی کوی واٹ) یہ ایک قسم کی لنف ہے جس مین تھوڑا سا ٹرائی کلورآئی ڈوڈ بھی موجود ہے
ANTISEPSIN (VIQUEVAT)

انٹی سڈرن - ANTISUDRIN حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے جسکو زخمون پر چھڑکتے ہین۔

بلفم سفید گل ارمنی - ٹیا نوفارم -

انٹی سل ٹن - یوریا اور مرکیوری کا مرکب ہے۔ آئی رائی ٹس (سوزش آئی رس) کراٹائی ٹس (سوزش قرنیہ) مین بطور انٹی سپٹک
ANTICELTIN

(مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔ ایک کو ۲۰۰۰ کا سولیوشن بنا کر کنجکٹیوا مین پچکاری کرین۔

انٹی سلٹس ٹیبلٹس۔ ANTICELTS TABLETS ان قرصون مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

سوڈیم بائی کاربونیٹ	۱۵ فیصدی
ڈائی جنٹیو فرمنٹ	۲۵ فیصدی

بطور ہاضم استعمال کرتے ہین۔

انٹی سل لائیڈ۔ ANTICILLOID احلیل مین رکھنے کے بوزیز ہین جس مین کاکو بٹر اور ۱۰ فی صدی پروٹارگال موجود ہے۔ سوزاک مین استعمال کرتے ہین۔

انٹی سیان گوین۔ ANTISANGUIN اسمین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

الیومی نی ام سلفیٹ	۳۰ حصے
سیالی سلک ایسڈ	۰٫۲۵ حصہ
پانی	۷۰ حصے

بطور انٹی سنٹک (مزیل العفونت) اسٹرنجنٹ استعمال کرتے ہین۔

انٹی سیوڈار۔ ANTISUDOR یہ ایک قسم کا سولیوشن ہے

جس مین سیانی ہلک آئنڈ موجود ہے۔

اَنٹی سیوڈارن (ہل وگ) یہ ایک قسم کا سولیوشن ہے جس مین بورک آئنڈ

ANTISUDORIN (HELLWIG) سیانی سلک میتھل ایسٹر

سیانی سلک میتھل ایسٹر موجود ہے۔

اَنٹی فائی ٹوسن - ANTIPHYTOSIN یہ ایک قسم کا مرکب ہے

جس کے خواص و فوائد میوبرکیولن کے موافق ہین۔

اَنٹی فائی مور - ANTIPHYMORE فزیولاجک سیالائین

سولیوشن ہے جسکو ٹیوبرکیولوسز مین زیر جلد استعمال کرتے ہین۔

اَنٹی فارمن - ANTIFORMIN الکالین ہائی پوکلورائٹ کا

سولیوشن ہے جس مین ۱۲ر۵ فی صدی کلورین موجود ہے۔

اَنٹی فرمنٹ ٹیابلٹس - ان مرکبون مین حسب ذیل ادویات

ANTIFERMENT TABLETS موجود ہین۔

بزمتھ سب نائیٹرس - روبرب - سوڈیم بائی کاربونیٹ - میگنیزیم کاربونیٹ - اولیو کارٹ

آف پیپسین۔

بطور ہاضم استعمال کرتے ہین۔

اَنٹی فلوجسٹن - مترادف - اَنٹی تھرمیالین۔

ANTIPHLOGISTINE یہ ایک قسم کی پولٹس ہے جس مین

حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

کائی اولن۔ گلیسرین۔ بورک آسڈ۔ سیالی سلک آسڈ۔ آئی اوڈن آئیل آف ونٹرگرین درد اور سوجن کو کم کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین۔

آنٹی فلوجن۔ ANTIPHLOGIN آنٹی پائی رین کا دوسرا نام ہے۔

آنٹی کارن۔ یہ ایک قسم کا مرکب ہے جس مین پیٹونا ئرڈ۔ مرکیورک کلور آئی اوڈڈ موجود ہے۔ بھورے رنگ کی ANTICHOREN

اکسٹراکٹ۔ کے مانند پانی مین حل ہونے والی لگدی ہے۔ اندرونی آنٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور دافع آتشک ہے۔

مقدار خوراک۔ ½ گرین بطور گولی یا ۲ فی صدی کا سولیوشن زیر جلد استعمال کرتے ہین۔

آنٹی کال۔ ANTIKOL آسٹ آئی لڈ۔ ٹارٹارک آسڈ۔ سوڈیم بائی کاربونیٹ کا مرکب ہے۔

مقدار خوراک۔ ۷ ½ گرین۔

آنٹی کال لامین۔ ANTIKOLLAMIN یہ ایک قسم کا اَن ٹاسڈ (دافع ترشی) ہے جو حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

سوڈیم بنزوٹ۔ سوڈیم کاربونیٹ۔ سوڈیم ہیپ پیورسیٹ۔ پوٹاسیم فاسفیٹ۔

سوڈیم فاسفیٹ - امونیم فاسفیٹ - کیالسیم فاسفیٹ - مگنیزیم فاسفیٹ - کیالسیم فلورائڈ

انٹی کالی بیاسی لی سیرم - یہ ایک قسم کی سیرم ہے جو گھوڑون سے
ANTIKOLI BACILLI SERUM نکالی جاتی ہے (ٹفلائی ٹس
(اندہی آنت کی سوزش) کے سبب سے جو نیچی ٹونائی ٹس (پیٹ کی آبدار جھلی
کی سوزش) ہوتا ہے۔ اس مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار استعمال - ۵ سے ۴۰ کیوبک سنٹی میٹر (۱½ سے ۱۰ سیال اونس
تک)

انٹی کالے رن - (کلیز) یہ سیرم کالرا (ہیضہ) کے بیاسی لس (جراثیم) کو
ANTICHOLERIN بونے سے بنتی ہے۔ کالرا (ہیضہ) مین
استعمال کرتے ہین۔

انٹی کامٹی ایل - پوٹاسیم برومائیڈ۔ اسٹرائن سیم آئی اوڈائڈ۔ اور اکسٹراکٹ
ANTICOMITIALE آف ویریٹرین کا مرکب ہے۔ بطور انٹی اسپاز
موڈک (دافع تشنج) ہسٹیریا۔ (اختناق الرحم) کوریا (رعشہ) اپی لپسی (صراع)
مین استعمال کرتے ہین۔

انٹی کامنیا - حسب کیمیائی تحقیقات امریکن میڈیکل اسوسی ایشن۔ اس مین
ANTIKAMNIA حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

کیافین	۵ حصے
سٹرک آسڈ	۵ حصے
سوڈیم بائی کاربونیٹ	۲۰ حصے

بطور اَنٹی پائی رَیٹک (دافع حرارت) انوڈائن۔ (مسکن اوجاع) انال جے سک (مسکن اوجاع) بخارون۔ نیورال جیا (عصبی درد) دردسر اسہار بے خوابی) اور رومیاٹزم (وجع مفاصل) مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ایک سے ۲ قرص تک اور ۵ سے ۱۰ گرین تک۔

اسکے حسب ذیل مرکبات ہین۔

اَنٹی کامینا وتھ کوڈین۔ اَنٹی کامینا وتھ کوی نن۔ اَنٹی کامینا وتھ سیالال۔ اَنٹی کامینا وتھ ہیرامین۔

اَنٹی کان جس ٹن۔ معدنی پولٹس ہے جس مین الیومی نی اَم اور مگنیز تیم سلی کیٹس بورک آسڈ سیالی سلک آسڈ

ANTIOONGESTIN

آئی اوڈین۔ پوٹاسیم آئی اوڈائڈ آئرن کاربونیٹ۔ گال سے ریا آئیل۔ یوکالپٹس آئل تہائی مال۔ پیپرمنٹ آئیل اور گلیسرن موجود ہے۔

اَنٹی کلورپلز ANTICHLOR PILLS ان گولیون مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

ڈرس ہلیفٹ	۳ گرین

سوڈیم کاربونیٹ	½ گرین
کوی نین سلفیٹ	½ گرین
اسپیکیاک	½ گرین
آرسی نس آکسائڈ	½ گرین

انٹی کلورین۔ ANTICHLORIN اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

بے سک فاسفیٹ آف بزمتھ۔ گریپ شگر۔ سوڈیم کاربونیٹ۔

اِنی میا (کمی خون) اور کلوروسہ مین استعمال کرتے ہین۔

انٹی کلوروٹین۔ ANTICHLOROTIN ان گولیون مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

ہی موگلوبن۔ سلفر۔ مگنیشیا۔

کلوروسہ مین استعمال کرتے ہین۔

انٹی کلوروز۔ ANTICHLOROSE اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

پیوری فائیڈ سولیبل ہی موگلوبن	۰۰ فی صدی
گلیسرن	۳۰ فی صدی
شیری وائین	۷۰ فی صدی

بطور ہی ماٹک (مقوی خون) استعمال کرتے ہین۔

اَنٹی کیالر ANTICALOR اَنٹی کال کا دوسرا نام ہے۔

اَنٹی کیال کیولوز ANTICALCULOSE نقرس کا علاج ہے۔

اَنٹی کیانکرن ANTICANCRIN یہ ایک قسم کی سیرم ہے جو بکرون سے نکالی جاتی ہے۔ سرطان اور سارکوما (رسولی) مین استعمال کرتے ہین۔

اَنٹی گان ANTIGON یہ ایک قسم کے بوزیز (خشیاف) ہین جس مین ۲ فی صدی البازجن موجود ہے۔ سوزاک سے محفوظ رہنے کے لئے استعمال کرتے ہین۔

اَنٹی گلوکوسن ANTIGLUCOSIN ڈیوڈینم (امعاء اثنا عشری) کا اکسٹراکٹ ہے جسکو ذیابیطس مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ایک اونس۔

اَنٹی گونوکاکس سیرم ANTIGONOCOCCUS SERUM یہ ایک قسم کی سیرم ہے جو گنی پگ سے نکالی جاتی ہے سوزاک کے سبب سے جو وجع مفاصل ہو جاتا ہے اس مین استعمال کرتے ہین۔

اَنٹی لیوپیا ANTILUPIA حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

اسنٹ انی لنڈ۔ کیناقین۔ سوڈیم برومائڈ۔ لیوپی لن۔

مقدار خوراک - ۷ ½ گرین۔

انٹی مارفن۔ یہ ایک قسم کا مرکب ہے جو اور ادویات کے علاوہ کلمبو اور ڈاگ وڈ بھی موجود ہے۔ مارفیا کی عادت ترک کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین۔ کیمیائی تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ اس مین تھوڑا مارفن بھی موجود ہے۔ ANTIMORPHIN

انٹی مگرین ANTIMIGRAINE اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

انٹی پائرین	ایک حصہ
کیفین	ایک حصہ
شکر	۲ حصے

مقدار خوراک - ۷ ½ سے ۳۰ گرین تک۔ مگرین (صداع) مین استعمال کرتے ہین۔

انٹی مے رن۔ یہ ایک قسم کے قرص ہین جس مین ۳ گرین انٹی پائرین تھے رن موجود ہے۔ سی سک نس (غثیان بحری) مین استعمال کرتے ہین۔ ANTIMARIN

انٹی میرولی ان۔ ANTIMERULION سولیوبل گلاس سوڈیم کلورائڈ اور بورک آسڈ کا مرکب ہے۔

انٹی می سن۔ ANTIMECIN ناسیا (تلی) انفیکشز ڈسنٹری کیولی

ہائی براس تھے زیا آف دی اسٹمک اور نروس ڈسپیپسیا (عصبی بدہضمی) مین استعمال کرتے ہین۔ ہر ایک قرص مین ½ اگرین الکلی تھے رژن موجود ہے۔

انٹی ملِ لن ANTIMELLIN اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

سیانی سلک آئیڈ۔ سوڈیم کلورائڈ۔ کیا لامس اکسٹراکٹ۔ فرانگیولا بارک۔ سوانف۔ جنشن۔ آلڈر بارک۔ لائرل لیوز۔ روزمری بلاسم۔ جونی برّ بیریز۔ انٹی ملِ لن (جامن کا گلوکوسائیڈ) اعاب السی۔

انٹی ناسی کا۔ یہ ایک قسم کے قرص ہین جس مین کوکین اور انٹی پائی رژن موجود ہے ANTINAESICA سنی سک لنس (غثیان بحری) مین استعمال کرتے ہین۔

انٹی نان نن ANTINONNIN حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

آرتھو ڈائی نائیٹرو کریسال سوڈیم یا پوٹاسیم	۵۰ فی صدی
صابون	حسب ضرورت
گلیسرین	حسب ضرورت

درختون کے کیڑون کو دفع کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین کھجلی اور حیوانون کے جلدی امراض مین بھی مفید ہے۔

اَنٹی نَروِن - ANTINERVIN مترادف - سال بزومیالڈ -

اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

امونیم برومائڈ	۲۵ حصے
سیانی سلک آسڈ	۲۵ حصے
اَسٹ انی لڈ	۵۰ حصے

بطور انٹی پائی رٹیک (دافع حرارت) استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۷½ گرین دن مین ۳ یا ۵ مرتبہ

اَنٹی نوسِن - مترادف - سوڈیم نوسوفن + سوفن سوڈیم + ٹٹرا ائی اوڈو فینال ANTINOSIN بہائی ان سوڈیم -

نیلے رنگ کا سفوف جو پانی اور الکحل مین حل ہوتا ہے بطور انٹی سپٹک اور دافع عفونت - ۱۰ سے ۲ فی صدی کا سولیوشن استعمال کرتے ہین -

انٹی نیوراَس تھن - اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین جسکو بطور مقوی اعصاب استعمال کرتے ہین - ANTINEURASTHIN

بیضہ مرغ کی خشک کی ہوئی زردی

لیاکٹورز - گلوٹن - اسٹارچ - ڈکسٹرن - اروماٹکس (افادیہ)

انٹی نیومو کاکسی نا - یہ ایک قسم کا سولیوشن ہے جسکو ٹیوبر کیولوسز مین استعمال کرتے ہین - یہ حسب ذیل ادویات کا ANTIENEUMOOCCINA

مرکب ہے۔

لیباسٹیم فارمی ایٹ۔ البیومن سلفیوکان ڈرائے ٹی نک آسڈ۔

انٹی وائم ANTIVOM — انس تھے زن کے قرص ہین۔ ہائی پراس تھے زیا آف وی انشک گیاسٹرک السرز (زخم معدہ) نروس وامی تنگ (عصبی قے) مین استعمال کرتے ہین۔

انٹی وی نن ANTIVENIN — مترادف۔

سیرم اسینک پائی زن۔

انٹی ہرپن ANTIHERPIN — یہ ایک قسم کا مرکب ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ہرپیز (نملہ) اور اسی قسم کے جلدی امراض مین استعمال کرتے ہین۔

ٹار	۱۰۰ حصہ
ریپ آئیل	۱۰۰ حصہ
بائسم پیرو	۱۰ حصہ

انٹی ہمی کرانن ANTIHEMICRANIN — حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

انٹی پائی رن	ایک حصہ
کیفین	۲ حصہ

شکر	۲ حصے

درد سر کا علاج ہے۔

مقدار خوراک۔ ۷½ سے ۳۰ گرین تک۔

اِنرجن۔ ENERGIN چاکولیٹ اندودہ قرص ہین جس مین کاڈلیور آئیل موجود ہے۔

اِنرجی ٹینز۔ فرانس کے بنے ہوئے فلوئیڈ اکسٹراکٹ ہین جو بغیر الکحل کے ENERGETENES بنائے گئے ہین حسب ذیل ادویات کے اکسٹراکٹ فروخت ہوتے ہین۔

کان ولے ریا۔ کالچیکم۔ ڈیجی ٹیلس۔ ولیرین۔

انس تہائیل۔ ANAESTHYLE مترادف۔ انس تہال۔

انس تہال۔ ANAESTHOL مترادف۔ انس تہن۔

انس تہال۔ (مے ار) ANAESTHOL Meyer

اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

انتھل کلورائڈ	۱۷ حصے
حسب ذیل مرکب کے	۸۳ حصے
انتھر	۷۴ گرام
کلوروفارم	۱۹/۵ گرام

اسکو بطور مخدر استعمال کرتے ہین۔

انس تھال - (ایے ار) ANESTHOL (Meyer) حسب ذیل

ادویات کا مرکب ہے۔

کلوروفارم	۴۳/۲۵ حصہ
ایتھر	۵۶/۷۵ حصہ
ایتھل کلورائڈ	۲۰/۵ حصے

انس تھال (ڈوے - ڈک) ANESTHOL (Weidig) حسب ذیل

ادویات کا مرکب ہے۔

کلوروفارم	۲ حصے
ایتھر	۲/۵ حصے

اسکو بعوض کلوروفارم سنگھاتے ہین۔

انس تھن - ANAESTHIN مترادف انس تھال + انس تھائیل۔

حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

ایتھل کلورائڈ	۵ حصے
میتھل کلورائڈ	ایک حصہ

بطور مقامی مخدر بذریعہ اسپرے (آبشار) استعمال کرتے ہین۔

انس تھٹک مکسچر - (رے نیز) حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

ANAESTHETIC MIXTURE (Reynes)

کلوروفارم	۲ حصے
ایتھر	ایک حصہ
آب سولیوٹ الکحل	ایک حصہ

بطور مخدر استعمال کرتے ہیں۔

اَنِس تھے ٹیکم - (ایڈی سن) حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

ANAESTHETICUM (ADDISON'S)

کلورل ہیڈرس	۳۰ حصے
الکحل	۱۱۰ حصے
کلوروفارم	۹۰ حصے
کافور	۶۰ حصے
کلوزائل	۵۹ حصے
پیپرمنٹ آئل	۵۹ حصے
ایتھر	۵۰ حصے
سیالی سلک آسڈ	۵ حصے
امل نائیٹرائیٹ	۳ حصے
مارفیا شکفس	۲ حصے

اَنِس تھے ٹیکم (باٹ وی نی) حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

ANAESTHETICUM (BOTWINI

منتھال	۳ حصے
کاربالک ایسڈ	۳ حصے
کوکین ہیڈرو کلورائیڈ	ایک حصہ

انس تھے زن۔ مترادف۔ پیارا امیڈو ایتھیل بنزوٹ + پیارا امیڈو بنزوایک ایسڈ ایتھیل ایسٹر۔

ANAESTHESIN

سفید بے بو اور بے مزہ سفوف گرم پانی مین حل ہوتا ہے۔ مگر سرد پانی مین کم۔ فرار محللات مین فوری حل ہو جاتا ہے۔ غلیظ ردغنیات مین ۲ سے ۳ فی صدی حل ہوتا ہے۔ ۹۰ سے ۹۱ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے۔ بطور مقامی مخدر استعمال کرتے ہین۔ گیاس ٹرال جیاد (وجع المعدہ) زخم یا سرطان معدہ گیاس ٹرک ہائی پراش تھے زیا مین مفید ہے۔

مقدار خوراک ۷½ گرین۔

لارن جل انسرز (زخم حنجرہ) یوری تہرائی ٹس (سوزش مجری بول) بواسیر جلے ہوئے مقامون اور پروراٹی ٹس مین بیرونی استعمال کرتے ہین۔ ۳ فی صدی کا سولیوشن بطور اسپرے (آبشار) ایک سے ۲ فی صدی میوسلج اکیشا مین بطور ضماد یا ۳۰ گرین کی سیازی ٹوری (شیاف) یا ۴ سے ۱۰ فی صدی کا مرہم استعمال کرین۔

انس تھے زن۔ (سولیوبل)، ملاحظہ ہو بیان سب کیوٹن۔

ANAESTHESIN (SOLUBLE)

انس تھے زن بورمی لن - دیازلن کا مرہم ہے جس مین بورک آسڈ
نیٹھال اور ۱۰ فی صدی
ANAESTHESIN BORMELIN
انس تھے زن موجود ہے -

انس ٹی فارم - ANAESTIFORM حسب ذیل ادویات کا
مرکب ہے -
کوکین ہیڈرو کلورڈ - ری ناگ لن ڈن - ڈسٹلڈ اکسٹراکٹ آف وچ ہے زل
سلفیٹ آف سوڈیم سلفیٹ آف امونیم -

انگرال - UNGROL گلیسرن جیلاٹن اور سیلامن کا مرکب ہے
گنوریا اور سفلس (آتشک) سے محفوظ رہنے کے لئے استعمال کرتے ہین -

انگوال - UNGUAL یہ ایک قسم کی کولڈ کریم ہے جس مین ۱۰
فی صدی سیالی سلک آسڈ موجود ہے -

انگونٹم ارجنٹی کولائیڈ کریڈ - حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے -
UNGUENTUM ARGENTI COLLOID CREDE

کولارگال	۱۵ حصے
پانی	۵ حصے
موم	۱۰ حصے
بنزوئڈ لارڈ (شحم خنزیر)	۷۰ حصے

پیوریفائیڈ رزجاؤن کا زہریلہ بخار) کا رنگل (شب چراغ) مین ۵ گرین استعمال کرتے ہین۔

انگونٹم ڈیورم - یہ ایک قسم کی مرہم کی زمین ہے۔ جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

UNGUENTUM DURUM

پیارافن	۴۰ حصے
وِل فیاٹ	۱۰ حصے
ٹیرڈلاٹم لکوڈ	۵۰ حصے

انگونٹم رے زی نال - مترادف رئے زی نال۔

UNGUENTUM RESINOL

انگونٹم زائی مائی ڈی نی - مترادف زائی مائی ڈین۔

UNGUENTUM ZYMOIDINI

انگونٹم سلفیوری ٹم مائیٹ - مترادف - تھیولان۔

UNGUENTUM SULFURATUM MITE

انگونٹم سوریائی ٹکم - سوریامنر (تشف الجلد) کا مرہم ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

UNGUENTUM PSORIATICUM

کری سارین	۵۰ حصے
اکتھیال	۲۰ حصے

انگونٹم زائی مائے ڈن (۲۵ فی صدی کا) ۳۰ حصے

انگونٹم سیپوسیالی سیلائٹم- یہ ایک قسم کا صابون ہے جس مین ۱۲ فیصدی سیالی سلک آسڈ اور سیالی سلک ایسٹر موجود ہے۔ طب حیوانات مین استعمال کرتے ہین۔

UNGUENTUM SAPOSALICYLATUM

انگونٹم سیالی نی- مترادف- سیالی ناٹل۔

UNGUENTUM SALENI

انگونٹم سیانی ٹاس بن بن- یہ ایک قسم کا مرہم ہے جس مین اوزون ملایا ہوا ٹرپن ٹائین آئیل موجود ہے۔

UNGUENTUM SANITOS BENBEN

انگونٹم سی ڈے ٹیوم- یہ ایک قسم کا مرہم ہے جس مین ۵ فی صدی زنک آکسائڈ اور ۲ فی صدی کافا لک ایسڈ موجود ہے۔ اکزیما پروائی ٹس (خارش) اور جلدی امراض مین استعمال کرتے ہین۔

UNGUENTUM SEDATIVUM

انگونٹم فارمن ٹالی- گلی سرول آف اسٹارچ جس مین ۱۰ یا ۵ فی صدی فارمالڈی ہائیڈ اور تھوڑا سا منتھال موجود ہے پسینہ جو زیادہ نکلتا ہے اُس مین استعمال کرتے ہین۔

UNGUENTUM FORMENTOLI

انگوئنٹم کریڈے ڈا۔ UNGUENTUM CREDE مترادف کولارگال انگنٹ۔

انگوئنٹم کیازینی۔ (ان نا) جلد پر لگانے کا وارنش ہے جو بہت جلد خشک اور پانی سے بخوبی صاف ہوجاتا UNGUENTUM CASEINI ہے۔ الکالی کیازنی نیٹ گلیسرن دیازلن اور پانی موجود ہے۔ حموضات سے نقیض ہے۔

انگوئنٹم کیازین۔ UNGUENTUM CASEIN مترادف کیازین انگنٹ۔

انگوئنٹم منتھالی کمپونڈ۔ اس مرہم مین ۲۰ فی صدی منتھال اور ۲۰ فی صدی مسوٹان موجود ہے۔ نقرس اور UNGUENTUM MENTHOLI CO وجع مفاصل مین استعمال کرتے ہین۔

انگوئنٹم وی جی ٹے بائیل۔ یہ ایک قسم کی مرہم کی زمین ہے جو کولڈ کریم UNGUENTUM VEGETABILE کے موافق ہے۔

انگوئنٹم ہے ڈن۔ یہ ایک قسم کا مرہم ہے جس مین ۵۰ فی صدی کیا لومیلال UNGUENTUM HEYDEN ہی جو ۳۰ فی صدی پارہ کے برابر ہے۔ بعوض مرکیوری انگنٹ آنشک مین استعمال کرتے ہین۔ ۱½ ڈرام بطور مرہم لگا دین۔

انوڈائی نان۔ ANODYNON ربہ کے گرم کرنے کی

تہیلیان ہین جس مین سوڈیم اسی ٹیٹ بھرا ہوا ہے۔ اس تھیلی کو تہوڑی دیر گرم پانی مین رکھدین۔ بعدازان تہیلی کے مُنہ کی ڈانٹ کو کھولدین تو تہوڑی دیر تک اس مین سے گرمی نکلے گی ان تہیلون کو بعوض ربر بہاٹ واٹر باٹل استعمال کرتے ہین۔

اَنوڈائی نن ANODYNIN اَنٹی پائی رِن کا دوسرا نام ہے۔

اَنوڈائین۔ ANODYNE ایتھیل کلورائڈ کا دوسرا نام ہے۔

اَنوڈائی نی کم۔ ANODYNIOUM لیانولن کا مرہم ہے جس مین اَنٹی فبرین موجود ہے۔

اَنوزال۔ یہ ایک قسم کا مرکب ہے جس مین ۱۰ سے ۲۰ حصہ تک تہائی مال اور ANOZOL ۸۰ سے ۹۰ حصہ تک آئی اوڈو فارم موجود ہے۔

اَنوسال۔ ANUSOL مترادف۔ بزمتھ آئی اوڈو ری زارسن سلفونیٹ بڑی آنت کے اَنفلامیشن (الہتاب) مین بطور سپازی ٹوری (شیاف) استعمال کرتے ہین۔ اس کے سپازی ٹوری (شیاف) مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

انوسال	۷½ حصے
زنک آکسائڈ	۶ حصے
بالسم پیرو	۱½ حصے
کاکو بٹر	۱۹ حصے
انگونٹم ہیارانی نی	۲½ حصے

اَنی اوڈال۔ AINODOL یہ ایک قسم کا اَنٹی سپٹک (مزیل العفونت) ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

فارمال ڈی ہنیڈ۔ گلیسرین۔ آئیل آف سسٹرڈ۔ الکحل۔ پانی۔

انی ٹن۔ ANYTIN مترادف۔ انی سن۔ امی ٹن۔

یہ ہنیڈرو کاربن کا امونیم سالٹ ہے سلفیورک آہنڈ کا اثر منی رل آئیل اور دوسرے قسم کے ہنیڈرو کاربن پر ڈالنے سے بنتا ہے۔ جو ادویہ کے پانی مین حل نہین ہوتے ہین اسکے ذریعہ سے حل ہوجاتے ہین۔ ایک کو ½ حصہ پانی ملایا ہوا فروخت ہوتا ہے جو سیاہ رنگ گاڑھا سیال ہے۔ جو ادویہ کہ اسکے ذریعہ سے حل ہوتے ہین اُنکو انی ٹالز کہتے ہین جسب ذیل اقسام کے انی ٹال فروخت ہوتے ہین۔ کری سال انی ٹال۔ ۵۰ فی صدی کالاس مین ہموزن کری سال اور انی ٹن موجود ہے۔ میٹا کری سال انی ٹال ۴۰ فی صدی کا کریوسوٹ انی ٹال ۴۰ فی صدی کا۔ گوئی اے کال انی ٹال۔ ۴۰ فیصدی کا نیزال انی ٹال۔ ۲۰ فی صدی کا یوکا لیپٹال انی ٹال ۲۵ فی صدی کا۔ پیرمنٹ آئیل انی ٹال ۲۵ فی صدی کا فنٹر گرین آئیل انی ٹال ۲۵ فی صدی کا۔ آئیل ٹرین ٹائین انی ٹال ۱۵ فی صدی کا کیا مفرانی ٹال ۱۵ فی صدی۔ آئی اوڈانی ٹال ۱۰ فی صدی کا۔ ان انی ٹالون کو بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔

انی سال۔ ANYSOL اکتھیال کا دوسرا نام ہے۔

انی سان۔ ANESON مترادف۔ انی سن۔

اَنی سن - ANYSIN — مترادف - انی ٹن -

اَنی سن - ANESIN — مترادف - انی سان -

یہ ایک قسم کا مقامی مخدر ہے جس مین اسی ٹون کلورو فارم (کلورنی ٹون) کا سیاچورٹڈ سولیوشن موجود ہے -

اَنی سو تھیو برومن - برومن سوڈیم انی سیٹ جس مین ۴۷٫۹ فی صدی برومائڈ موجود ہے - بہ نسبت ڈائی یورنی ٹن پانی مین کم حل ہوتا ہے - اسلئے یہ بہت ہی پائیدار اور زمانہ تک رہنے سے خراب نہین ہوتا ہے - بطور ڈائی یورٹیک (مدر) اور اسٹیوملنٹ (محرک) استعمال کرتے ہین -

ANISOTHEOEBROMIN

اَنی سی ڈن سٹرک آسڈ - ایولائی سن اور سٹرڈن کا عوض ہے -

ANISIDIN CITRIC ACID

اَنی لن ٹرائی برومائڈ ہیڈرو برومائڈ - مترادف - برومائڈ -

ANILIN TRIBROMID HYDROBROMID

اَنی لی پائی رن - (الفا) انٹی فبرن اور انٹی پائی رن کا مرکب ہے جو دونون کو باہم ملا کر گداخت کرنے سے بنتا ہے ۵۰ شنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے - پانی مین حل ہو جاتا ہے - بطور انٹی پائی ریٹک (دافع حرارت) اور انالجے سک (مسکن اوجاع

ANILIPYRIN (ALPHA)

ان فلوانِ زا (تپ نزلی) پولی آرتھرائی ٹس (بہت سے جوڑون مین سوزش ہونا) نیورال جیا (وجع العصب) مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۱۵ سے ۳۰ گرین تک۔

اَنی لی پائی رِن - (بیٹا) ایک حصہ اَنٹی فبرِن اور ۲ حصے اَنٹی پائی رِن کو باہم ملا کر گداخت کرنے سے بنتا ہے ANILIPYRIN (BETA)

۱۵۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت اور پانی مین حل ہوتا ہے۔ بطور اَنٹی پائی رِٹک (دافع حرارت) اور انالجے سک (مسکن اوجاع) ان فلوانِ زا (تپ نزلی) پولی آرتھرائی ٹس (بہت سے جوڑون مین سوزش ہونا) نیورال جیا (وجع العصب) مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۱۵ سے ۳۰ گرین تک۔

اَنی مونِن - ANEMONIN. مترادف - پلسا ٹلا کیا مقر۔

سفید یا زرد مائل بہ سفیدی چمکدار سفوف جو انی مون پلسا ٹلا سے نکالا جاتا ہے۔ گرم الکحل مین حل ہوتا ہے۔ ۱۵۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے۔ دمہ برانکائی ٹس ہوپنگ کاف۔ ڈس مینوریا (احتباس حیض) مین بطور اَنٹی اسپازموڈک (دافع تشنج) اور انوڈائن (مسکن اوجاع) استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۱/۴ سے ۱/۲ گرین تک۔

اوپی اَن - OPION. نارکوٹن کا دوسرا نام ہے۔

اُوڈڈا۔ ODDA بچون کی غذا ہے جس مین آرد گندم۔ اوٹ میل زردی بیضۂ مرغ۔ گوکو بٹر اور شکر موجود ہے۔

مقدار خوراک - ۶ ½ سے ۱۸ ¾ ڈرام تک دودھ یا شوربہ مین ملا کر استعمال کرین۔

اوڈال۔ ODOL یہ ایک قسم کا اینٹی سپٹک (مزیل العفونت) تو تہ دانش یعنی منھ دھونے کا عرق ہے جسکی کیمیائی تحقیق کرنے سے حسب ذیل ادویات دریافت ہوئے ہین۔

سیا لال	۳۷ ½ گرین
سیا کاڑن	۳/۵ گرین
پیپرمنٹ آئیل (روغن پودینہ)	۷ ½ گرین
آئیل آف کلوز (روغن لونگ)	تھوڑا سا
آئیل آف کیا رادے (روغن نیمہ ہ)	تھوڑا سا
الکحل	۶-اونس ۶ ڈرام

اوڈونٹوڈال۔ ODONTODOL ڈاڑھ کے درد کا علاج ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

کوکین ہیڈروکلورڈ	۱۵ گرین
جری لارل واٹر	۱۵ منم

ٹنکچر آف آرنی کا	۲½ ڈرام
سولیوشن آف اموینم آسی ٹیٹ مع ادویہ	ایک اونس

اوراک سائی لن - اوراک سائی لم انڈیگم کی چھال کا جوہر جسکو بطور اسٹرنجنٹ استعمال کرتے ہین - OROXYLIN

اورکسن OREXIN مترادف - سٹرازن + فینل ڈائی ہیڈرو کوی نازولن -

سفید سفوف جس مین بہت ہی تیز بو ہے جسکے سونگھنے سے بیحد چھینکین آتی ہین - پانی مین حل نہین ہوتا ہے -

مقدار خوراک - ایک سے ۵ گرین تک -

اورکسن ہیڈرو کلورڈ سفید سوئی کے مانند قلمین یا سفوف پانی اور ۹۰ فی صدی الکحل مین حل ہوتے ہین - ایتھر مین نہین - یہ ایک مشتہی ہے - نروس ڈسپیپسیا عصبی بدہضمی مین استعمال کرتے ہین - بہ نسبت اسکے اسکا ٹیانیٹ زیادہ تر مستعمل ہے -

مقدار خوراک - ۲ سے ۵ گرین تک

اورکسن ٹیانیٹ - زرد رنگ بے بو اور بے مزہ سفوف جو پانی مین حل نہین ہوتا ہے - ایک کو ۵۰ حصے OREXIN TANNATE ۹۰ فی صدی الکحل مین حل ہوتا ہے - یہ ایک گیاسٹرک ٹانک ہے سل مین جو اشتہا کم ہوتی ہے اس مین بہت مفید ثابت ہوا ہے - بطور مانع غثیان بحری بھی استعمال

کرتے ہین۔ کلورو فارم کی بیہوشی کے سبب سے جو قے ہوتی ہے اُسکو روکتا ہے۔ معدہ کی زیادہ ترشی مین نہین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۵ سے ۱۰ گرین تک بطور کیاشے ایک یا ۲ گھنٹے قبل از غذا حدید کے نمکیات کے ساتھ اسکو استعمال نہ کرین۔

اورکسن ہیڈروکلورڈ - ملاحظہ ہو بیان اورکسن۔

OREXIN HYDROCHLORID

اورسی سال - ORESOL مترادف - گوی اسے مر۔

اورسی سان - ORESON مترادف - گوی اسے مر۔

اورسی گاس ٹیا بلٹ - یہ ایک قسم کی پرورش کرنے والی غذا ہے جس مین گلوٹن موجود ہے۔ ORIGOS TABLET

اوزالن - یہ ایک قسم کی پرورش کرنے والی غذا ہے جس مین کیازین برنج روغن بادام اور مگنیزیم پراکسڈ موجود ہے۔ OZALIN

اوزالن - یہ ایک قسم کا ارزان ڈس انفکٹنٹ (دافع سم وبائی) جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔ OZALIN

جپ سم - کاسٹک لایم - مگنیشیا۔

اوزالن واٹر - OZALIN WATER کاربانک آسڈ ملایا ہوا پانی ہے جسمین مگنیزیم پراکسڈ موجود ہے۔

اوزٹ باتھ سالٹ - اِس نمک کو پانی مین شریک کرکے نہاتے ہین اِس مین
OZET BATH SALT اوزون ملا ہوا آکسیجن نکلتا ہے۔ اِس مین
سوڈیم پربورٹ اور میانگنیز بورٹیٹ موجود ہے۔

اوزونا ٹین - حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے جسکو بطور ڈس انفکٹنٹ
OZONATINE (دافع سم وبائی) استعمال کرتے ہین۔

ٹرین ٹائین	۲۵۰ حصے
آئیل آف یوکالپٹس	۲½ حصے
آئیل آف برگاموٹا	ایک حصہ
بنزائک آسڈ	۲ حصے
بالسم ٹلو	ایک حصہ
آئیل آف سینمن	ایک حصہ

اوزونال - OZONAL اس مین ۱۴ فی صدی فینائی آسڈز
(شحمی موضعات) ٹرین ٹائین اور پانی موجود ہے۔

اوزونوفارم - OZONOFORM یہ ایک قسم کا ڈس انفکٹنٹ
(دافع سم وبائی) ہے۔

اوزون واٹر - OZONE WATER ہنڈرڈ جن پر آکسیڈ کا
سولیوشن ہے جسمین تھوڑی سی مقدار مین نائیٹرس اور بائی پوکلورس آسڈ موجود ہے

اور ایک قسم کا اوزون واٹر ہے جس مین ایک فی صدی پوٹاسیم پرمیانگنس کا سولیوشن ہی ہے۔

اوزون واٹر۔ (لنڈر) OZONE WATER ہلکی طاقت کا کلورن واٹر کا نام ہے۔

اوفورن۔ یہ ایک قسم کی دوا ہے جو جانورون کے تازے خصیۃ الرحم سے نکالی جاتی ہے۔ امی نوریا (تعسر حیض) اور امراض نسوان مین استعمال کرتے ہین۔ OOPHORIN

مقدار خوراک۔ ایک سے ۳ قرص تک دوزانہ۔

اوکال OKAL یہ ایک قسم کا ڈس انفکٹنٹ (دافع سم وبائی) ہے۔

اوکرٹن۔ یہ ایک قسم کا قدرتی چشمہ کا پانی ہے جس مین سلفیورک آسڈ کیا سیم۔ مگنیزیم آئرن سیانگنیز موجود ہے۔ OKERTIN

اولبیائس۔ OLBIOS پرورش کرنے والی غذا ہے جس مین ملائی شہد اور مختلف قسم کے بوٹیان موجود ہین۔

اولی ایٹ آف سوڈیم۔ مترادف۔ یونیاٹ رال۔ OLEATE OF SODIUM

اولی اک آسڈ گوے اے کال ایسٹر۔ مترادف اولیو گوی اے کال۔ OLEIC ACID GUAIACOL ESTER

اولیم آئی اوڈاٹم OLEUM IODATUM اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

ٹنکچر آئی اوڈین (۷ فی صدی) ۲½ ڈرام

روغن ۱۳۔اونس ۲ درام

اولیم سی سامی فرو آئی اوڈاٹم OLEUM SESAMI FERRO IODATUM۔ مترادف۔ اولیم نیوریل۔

اولیم سیالاسیان ٹالی OLEUM SALASANTALI۔ سیالال کا سولیوشن ہے جو روغن صندل مین بنایا گیا ہے۔ اس مین پیپرمنٹ آئل بھی شریک کیا گیا ہے۔ آلات البول کی بیماریون مین استعمال کرتے ہین۔

اولیم مارگوسا OLEUM MARGOSA۔ یہ ایک قسم کا تیل ہے۔ جو انڈین لائی لیاک (درخت نیب) سے نکالا جاتا ہے برص مین اسکو استعمال کرتے ہین۔

اولیم نیوریل OLEUM NURALE۔ مترادف اولیم سی سامی فرو آئی اوڈاٹم۔ کاڈ لیور آئیل کا عوض ہے جس مین خوشبودار روغن کنجد اور ۱۰ فی صدی فرس آئی اوڈیڈ موجود ہے۔

اولیم ویازلی نی سیاپوناٹم OLEUM VASELINI SAPONATU M۔ مرہم کی زمین ہے جو دیاز وجن کے موافق ہے۔

اولیوفن - روغن السی ہے جس مین ۱۵ فی صدی سیالال موجود ہے جس مین
OLIOPHEN
بینزیمنٹ آئیل بھی شریک ہے -

اولیو کریوسوٹ - مترادف - کریوسوٹ اولی اک اسٹریٹ کریوسوٹ اولی ایٹ
OLIO CREOSOTE
زرد رنگ روغنی سیال جسکا وزن متناسبہ ۱۰۹۵۰ ہے - پانی مین حل نہین ہوتا ہے - آلات تنفس کی بیماریون مین استعمال کرتے ہین - اسکو دفیولا (خنازیر) اور سل مین بھی مفید ہے -

مقدار خوراک ۷-۳ گرین سے ۲ ڈرام تک بطور املشن -

اولیو گوی اسے کال - مترادف اولی اک اسڈ گوی اسے کال اسٹریٹ
OLIO GUAIACOL
مثل اولیو کریوسوٹ کے اسکے بھی خواص

اومال - مترادف - برٹی کلورینیٹڈ سیال ہیڈرو کلورائڈ -
OMAL
سفید چکدار مرکب ہے جو ۶۵ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے ۴۳ سنٹی گریڈ کی حرارت پر کھولتا ہے - اکحل ایتھر اور پانی مین حل ہوتا ہے انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور خوردبی سائیڈ (مبید جراثیم) ۵ سے ۱۰ فی صد کے ہم یا سولیوشن بنا کر استعمال کرتے ہین اور بطور انجکشن کے آلات تنفس کے ان فلامشن مین بھی مفید ہے -

اومو فارم - OMOFORM حل نہین ہونے والا زرد رنگ

اور بے مزہ سفوف بعوض آئی اوڈو فارم استعمال کرتے ہین۔

اونا ٹا پلازمے۔ ONATAPLASME انسٹری لائزڈ کی ہوئی روئی ہے۔

اوو ائین OVINE یہ ایک قسم کی لنف ہے جو چیچک مین استعمال کرتے ہین۔

اوو ائز۔ OVOS یہ ایک قسم کی پرورش کرنے والی غذا ہے جو خمیر سے بنائی جاتی ہے جس مین ۴ فی صدی البیومی نائیڈ اور ۳٫۵ فی صدی فاسفارک ایسڈ موجود ہے۔

اوو ال پلز۔ OVOL PILLS ۰٫۲۵ گرام لی سی تھو دیانیٹ آن کی گولیان ہین۔

اوو ال ٹن۔ OVALTINE یہ ایک قسم کا مرکب ہے جسکے خواص دفوائد ہارلکس مالٹڈ ملک کے موافق ہین۔

اوو وفرن مترادف۔ آئرن اوو ال بن۔

OVOFERRIN بے بو اور بے مزہ مرکب ہے جس مین حدید ہمراہ بناتی البیومن موجود ہے۔ ایک میز کے چمچے مین ایک گرین حدید موجود ہے۔

اوو وگال۔ OVOGAL گالک آسڈ اور البیومن کا مرکب ہے

سبز مائل بہ زرد رنگ سفوف۔ بطور کولاگاگ (مخرج صفرا) استعمال کرتے ہین۔

اوو ولن - بیضۂ مرغ کا عوض ہے جس کے قرص ہوتے ہین۔ اس مین اسٹلیچ شکر اور گوشت کا فائبرن موجود ہے۔ اور ڈائی ہیمل آئی لن OVOLIN ازوبنزول کا رنگ بھی دیا گیا ہے۔

اوو مالٹن OVO-MALTINE پرورش کرنیوالی غذا ہی جسمین بیضۂ مرغ دودھ کوکو اور مالٹ اکسٹرکٹ موجود ہے۔

اوویرن- OVARIN یہ ایک قسم کی دوا ہی جو گائے کے خصیۃ الرحم سے نکالی جاتی ہی

اوویرین- گائے کے خصیۃ الرحم کا سفوف ہے جو برابر ہے اسکا ایک حصّہ OVARIIN ۸ حصے تازے خصیۃ الرحم سے بھورے رنگ کا سفوف۔ امی نوریا (قسۃ حیض) کلورومہز اودیار یوٹمی (خصیۃ الرحم کی دستکاری) مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک- ۲ سے ۶ گرین تک۔

اوویرے رڈن- OVARADEN خصیۃ الرحم کا سفوف ہے۔ اس کا ایک حصّہ برابر ہے ۲ حصے تازے خصیۃ الرحم سے ڈش مینوریا (احتباس حیض) نیوراس سے بنا۔ کلورومہز مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک- ۱/۲ ، سے ۱۵ گرین تک۔

اوویرے رجن- OVARIGEN گائے کے خصیۃ الرحم کا سفوف ہے۔

اووے رِی نم- (دوپوہل) خصیۃ الرحم کے سفوف کے قرص ہین جو ایک حصہ خشک برابر ہے ۵ حصہ تازہ کے OVARINUM (POEHL)
ڈسمنوریا (احتباس حیض) ہسٹیریا (اختناق الرحم) کلوروسز مین استعمال کرتے ہین-
مقدار خوراک- ایک سے ۲ قرص تک -

اووے رِی نم سکم- OVARINUM SICCUM خصیۃ الرحم کا سفوف ہے-

اووے رِی ایل- OVARIAL گائے کے خصیۃ الرحم کا سفوف ہے-

اووے سن- OVACIN خصیۃ الرحم کا سفوف ہے-

اے آئی ڈان AIODON مترادف - اے آئی ڈن -

اے آئی ڈن - مترادف اے آئی ڈان-
PARAPHENETIDIN LACTATE

پیارا کلور سیالال ۔ مترادف ۔ پیارا کلور۔ فینال سیالی سلیٹ

PARACHLOR SALOL سفید بے بو بے مزہ سوئی کے مانند قلمین جو الکحل اور ایتھر مین حل ہوتے ہین۔ مگر پانی مین نہین سیالال کاسا اسکو بھی اندرونی و بیرونی بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۳۰ سے ۶۰ گرین تک روزانہ ۔

پیارا۔ کلور فینال ۔ بے رنگ قلمین جو ۴۳ سنٹی گریڈ کی حرارت پہ

PARACHLOR PHENOL گداخت اور ۲۱۷ سنٹی گریڈ کی حرارت پہ کھولتے ہین اور پانی مین کم حل ہوتے ہین سیماب طبع محللات مین حل ہوجاتے ہین بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) لیوپس اور اپیتھیلیو ما سینج کے امراض مین استعمال کرتے ہین۔ ۵ سے ۱۰ فی صدی تک گلیسرن سے بنایا ہوا سولیوشن ۲ سے ۵ فی صدی کا مرہم سرخ بادہ مین استعمال کرتے ہین۔

پیارا کلور۔ فینال سیالی سلیٹ ۔ مترادف ۔ پیارا کلور سیالال

PARACHLOR PHENOL SALICYLATE

پیارا۔کوٹامین ۔زرد رنگ قلمین جو پیارا۔کوٹو بارک سے نکالے جاتے ہین
PARA COTOIN الکحل اور پانی مین حل ہوتے ہین۔ ۱۴۹ سے
۱۵۱ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین یہ ضعیف سپیشس اور سل مین جو
راتون کو پسینہ آتا ہے استعمال کرتے ہین ۔

مقدار خوراک۔۳ سے ۶ گرین تک۔

پیارامین۔ٹن ۔(ٹاپارلوٹن) حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے ۔
PARAMENTIN(TABLOTIN)

جیلاٹن سولیوشن	۱۰ حصے
ڈکسٹرن	۷ حصے
گلیسرن	۲ حصے
مگنیشیا سلفیٹ	۲ حصے
زنک سلفیٹ	۲ حصے

پیارامین۔ٹن ۔(ٹرٹپل) حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے ۔
PARAMENTIN (TREPPEL).

گلیسرن	۱۰۰ حصے
سوڈیم کاربونیٹ	ایک حصہ
آتم (پیشکری)	۱/۱۰۰ حصہ

بورٹاکس (سُہاگہ) ۱/۱۰۰ حصے

اسٹاچ (نشاستہ) ۱۰ حصے

پیارا۔ نفرن۔ سُپراری نل گلانڈ کا اکسٹراکٹ ہے جس مین البیومو سز اور پیپٹونس نہین ہین۔ اس اکسٹراکٹ کو سلفیورک آسڈ پر خشک کرتے ہین۔ زرد رنگ نمی کو جذب کرنے والا سفوف۔ پانی اور الکحل مین حل ہو جاتا ہے۔ ایتھر اور اب سولیوٹ الکحل مین حل نہین ہوتا ہے بہ نسبت دوسرے سُپراری نل مرکبات اس مین کم سمیت ہے۔ اس کے استعمال سے زیادہ خراش نہین ہوتی ہے۔ ٹروپاکوکین کے ہمراہ ملا کر ذندانسائی مین استعمال کرتے ہین۔ PARANEPHRIN

پیارا۔ نفرن۔ کوکین۔ سب کیوٹن۔ پیارانفرن اور کوکین کا سٹولیوشن ہے۔ جو کاربنک کی نلیو بہین فروخت ہوتا ہے۔ بطور ہی ماسٹیٹک (حابس الدم) اور بے حس کنندہ ذندانسائی اور جراحی مین استعمال کرتے ہین۔ PARANEPHRIN COCAIN SUBCUTIN

پیارا۔ نفرن۔ نو۔ وو۔ سب۔ کیوٹن۔ اس مرکب مین نووکین اور پیارانفرن ہے مقامی محذر اور بیہوش کرنے کے لئے بھی استعمال کرتے ہین۔ PARANEPHRIN NOVO SUBCUTIN

پیارا۔ ویالی۔ رل۔ امیڈو۔ فی۔ نی۔ ٹال۔ مترادف۔ ویالی ری ڈن PARAVALERYL AMIDO PHENETOL

پیارا ہی موگلوبن - خون کا مرکب ہے جس مین ۱۴ء۰ فی صدی حدید موجود ہے - بھورا رنگ اور بے بو اور بے مزہ سفوف - الکالین سیالون مین حل ہو جاتا ہے - PARA HEMO-GLOBIN

مقدار خوراک - ۷½ سے ۱۵ گرین تک -

پیارائی ٹن - کرائی سوفیانک آسڈ کا دوسرا نام ہے - PARIETIN

پیاراکسن - سفید قلمین جو ٹھنڈے پانی مین کم حل ہوتے ہین - گرم پانی مین حل ہو جاتے ہین - PARAXIN

۲۲۶ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین - ڈائی یوری ٹن کا سا یہ بھی یورک آسڈ کو حل کرتا ہے - اس کے استعمال سے ہاضمہ مین فتور اور قبض نہین ہوتی ہے -

مقدار خوراک - ۷½ گرین دن مین ۴ مرتبہ -

پیارودن - انٹی پائی رین کا دوسرا نام ہے - PARODIN

پیارودن - انٹی پائی رین کا دوسرا نام ہے - PARODYN

پیارودائین - انٹی پائی رین اور سٹوڈیم بائی کاربونیٹ کے قرص ہین - PARODYNE

پیاروجن - مترادف - پیارافی نم اکسی - جی ناٹم -

حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے - PAROGEN

لکوڈ پیرولائم	۴ حصے
اولیک آسڈ	۴ حصے
الکحالک امونیا (۳ فی صدی کا)	۲ حصے

پیاروجن۔ تھک ۔ مترادف ۔ پیاروجی نم اسپی سم ۔

PAROGEN THICK

گاڑھا پیاروجن حسب ذیل طریقے سے بنایا جاتا ہے ۔

پیارافن	۱۲ حصے
لکوڈ پیرولائم	۴۸ حصے
اولیک آسڈ	۳۰ حصے
الکحالک امونیا (۳ فی صدی کا)	۱۰ حصے

پیاروجی۔ نم۔ اسپی سم ۔ مترادف ۔ پیاروجن تھک

PAROGENUM SPISUM

پیارسی۔ سال ۔ فارمال ڈی ہیڈ اور سیافتھو کوہی نون کی تصعید سے حاصل ہوتا ہے ۔ ½ سے ۵ فی صدی کا سولیوشن بطور اینٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور دافع عفونت استعمال کرتے ہیں ۔

PARISOL

پیارینول ۔ ڈاکٹر اے کاپ کا قول ہے کہ لکوڈ پیارافن اور سیٹی سافٹ پیارافن کے ساتھ ول فیاٹ یا موم یا اسپرمیٹی

PARENOL

ملانے سے ایسے مرہم کے زمینات تیار ہوتے ہین جو بایکے ملنے سے اِلسٹن بنجاتے ہین۔ جلد مین بخوبی جذب ہو جاتے ہین۔ اور اُنکے استعمال سے خراش نہین ہوتی ہی۔ بہت دن تک رہنے سے خراب نہین ہوتے ہین۔ اسکے ساتھ مختلف ادویات کا مرہم بنا کر استعمال کرتے ہین۔ اسکے حسب ذیل نسخجات ہین

ڈُل فیائٹ۔ پیاڑی نال

سافٹ پیارافن	۶۵ حصے
ڈُل فیائٹ	۱۵ حصے
ڈسٹلڈ واٹر مع ادویہ	۱۰۰ حصے

پانی کو گرم کرلین۔ پیارافن۔ اور ڈُل فیائٹ کو گداخت کرکے ایک گرم ہاون مین سبکو باہم ملالین۔

موم سے بنایا ہوا پیاڑی نال

سافٹ۔ پیارافن	۷۰ حصے
سفید موم	۵ حصے
ڈسٹلڈ واٹر مع ادویہ	۱۰۰ حصے

ترکیب بالا کے مطابق تیار کرین۔

اسپرمیاسٹی۔ پیاڑی نال

سافٹ پیارافن	۷۰ حصے
اسپرمیاسٹی	۵ حصے

ڈسٹلڈ واٹر مع ادویہ	۱۰۰ حصے

حسب ترکیب بالا تیار کرین۔

مذکورۃ الصدر پیازی نال مین ہموزن پانی جذب ہو جاتا ہے اور تمام قسم کی چربیون مین مل جاتے ہین۔

لکوڈ پیازی نال

سیال پیازی نال کا یہ نسخہ ہے۔

لکوڈ۔ پیازا فنؔ	۷۰ حصے
سفید موم	۵ حصے
ڈسٹلڈ واٹر مع ادویہ	۱۰۰ حصے

اس سیال پیازی نال کو جلدی امراض مین استعمال کرتے ہین۔ منجمد پیازی نال کے سے اسکے بھی خواص ہین۔

پیازو۔ آئنٹمنٹ PAZO OINTMENT ۔ اس مرہم مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔ بواسیر مین استعمال کرتے ہین۔

پیازا فنؔ	۵۷ ڈرام
چربی	۷۰ درام
پیٹرول	۱۵۱ ڈرام
زنک آکسائڈ	۲۴ ڈرام

کیاسفہ	۱۲ ڈرام
آئرن کاربونیٹ	۳ر۲۵ ڈرام
فینائل (کاربالک آسڈ)	۰ر۷۵ ڈرام
بالسم پیرو	۰ر۷۵ ڈرام

پیاسٹا۔ کاسٹی کا۔ (اون نا) اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

PASTA CAUSTICA

کیاسٹیم آکسائڈ	ایک حصہ
کاسٹک پوٹاش	ایک حصہ
سبز صابون	ایک حصہ
پانی	ایک حصہ

گلیسرن مین ڈائیلوٹ کرکے بطور کاسٹک یعنے اکال جلد پر لگاتے ہین۔ اگر زیادہ تکلیف ہو تو ۵ یا ۱۰ فی صدی مارفن شریک کرین۔

پیاسٹا۔ لیاسازز۔ مترادف۔ لیاسازز پیسٹ۔

PASTA LASSAR'S

اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

زنک آکسائڈ	۲۴ حصے
اسٹارچ (نشاستہ)	۲۴ حصے
سیاہی سلک آسڈ	۲ حصے

ونیازلن ۵۰ حصے

سبکو باہم ملالین۔ اس مرہم کو اکزیما مین استعمال کرتے ہین۔

پیاسٹلز۔ آرسی۔ نوفرن۔ (باربر) ہر ایک پیاسٹل مین ۱/۲ گرین آرسنوفرن اور ۱/۲۰ گرین اکسٹرکٹ

PASTILLS ARSENO FERRIN

آف جنشن موجود ہے۔ ایک قطرہ فولرز سولیوشن کے برابر آرسینک ہے

پیاسٹلز اروماٹک۔ (اسٹیل) اس مرکب مین حسب ذیل

PASTILLS AROMATIC (STEEL)

ادویات موجود ہین۔

فرس میگنیٹ ٹنکچر کیانہار ائیڈز۔ وارجینی سٹکر

پیاسٹلز۔ بانٹ۔ اکسٹراکٹ اوپیم۔ کیوسن۔ اور اسکے ساتھ

PASTILLS BONNET

مرکب ہے۔

پیاسٹلز بوی سن۔ ہر ایک پیاسٹل مین ۱/۲ گرین شوڈ تخم کیٹیٹ

PASTILLS BOVISIN

اور ۱/۲۰ گرین تخم لیاکیٹ موجود ہے۔

پیاسٹلز پیاٹرسن۔ ہر ۱۰۰ پیاسٹلز مین حسب ذیل ادویات

PASTILLS PATERSON

موجود ہین۔

بزمتھ سب نائیریٹ	۲ ۱/۲ ڈرام
مگنیشیا آکسائڈ	۱۲ اونس ۶ ۱/۲ ڈرام

پیاسٹلز۔ ڈائی جسٹیو۔ PASTILLS DIGESTIVE ہر ۱۰۰

پیاسٹلز مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

سٹوڈیم کلوریٹ	۴۹½ گرین
کینین ہائیڈرو کلوریٹ	۴۹½ گرین
پیپسن	۴۵ گرین
شکر	حسب ضرورت

پیاسٹلز راٹرمن۔ ہر ایک پیاسٹل مین حسب ذیل ادویات

PASTILLS ROTTERS

موجود ہین۔

زنک سلفو کاربولس	۹ گرین
زنک کلورائڈ	۹ گرین
بورک آسڈ	۶ گرین
سیالی سلک آسڈ	۱½ گرین
سٹرک آسڈ	۳/۲ گرین
تہائی مائل	۳/۴ گرین

پیاس۔ٹی۔رن ٹیبلٹس۔ ان قرصون مین حسب ذیل ادویات

PASTERIN TABLETS

موجود ہین۔

کوڈین۔سوڈیم سیالی سلیٹ۔سوڈیم برومائڈ۔اکسٹراکٹ آف ائلی کیا مینٹیا ہونگ کانگ (لکڑ کہانسی) مین استعمال کرتے ہین۔

پیاگ لیانو پاؤڈر۔ ایک حصہ جیالیپ اور ۳ حصے اسکیا مونی زینا کا مرکب ہے۔ PAGLAÑO POWDER

پیاٹن کریاٹوکی نیس۔ PANCREATOKINASE ملاحظہ ہو پیاٹن یوکی نیز۔

پیاٹن۔ کریاڈین۔ پیاٹن کریاٹک گلانڈ کا اسٹریکٹ ہے۔ ایک حصہ برابر ہے ۲ حصے تازہ گلانڈ (لبلبہ) کے شکری PANKREADIN

ذیابیطس میں استعمال کرتے ہیں۔

مقدار خوراک۔ ۱۵ سے ۶۰ گرین تک۔

پیاٹن۔ کریاٹن۔ پیاٹن کریاٹن اور ٹیاٹن کا مرکب ہے۔ مرغ کسی قدر بھورا سفوف جو آب آگندہ حموضات میں PANKREON

حل نہیں ہوتا ہے مگر پانی اور الکالین سیالوں میں حل ہو جاتا ہے۔ پیاٹن کریاٹک ڈیابیٹیز۔ گیاس ٹرائی ٹس (وجع المعدہ) ڈش پیپسیا (بدہضمی) میں استعمال کرتے ہیں۔

مقدار خوراک۔ ۷ ½ گرین دن میں ۳ مرتبہ

پیاٹن۔ گاڈو۔ اٹن۔ یہ ایک قسم کا مرکب ہے جسکے خواص و فوائد ماڑ وہائل کے موافق ہیں۔ PANGADUINE

پیاٹو پیپٹن۔ PANOPEPTON اس کے کیمیائی اجزا

حسب ذیل ہین۔

الکحل	۱۶ فی صدی
دُرائی سالڈ	۲۲ فی صدی
پروٹیڈز	۶/۳ فی صدی
کاربوہیڈریٹس	۱۳ فی صدی
ان آرگیانک سالٹ	ایک فیصدی

یہ ایک تراکیب کیمیائی ہضم شدہ سیّال غذا ہے ضعیف اور کمزور معدہ کے بیمارون کے لئے جن کا معدہ بالکل غذا ہضم نہ کرنے کے قابل ہوتا ہے اُنکے لئے بنائی گئی ہے۔ گائے کے گوشت اور گیہون کو گیاسٹرک جیوس (عرق معدی) اور پیان کریاٹک جیوس (عرق لبلبہ) کے ذریعہ سے ہضم کرلی جاتی ہے۔ بعد ازان پروٹین اور کاربوہیڈریٹ کو ملا کر اسٹری لائیزڈ کرکے شیری وائین مین حل کرتے ہین۔ یہ غذا معدہ مین اُترتے ہی جزو بدن ہوجاتی ہے۔

مقدار خوراک۔ جوانون کے لئے ۲ سے ۴ چاء کے چمچے تک اور بچون کے لئے چند قطرے سے ۳۰ قطرے تک۔

پیرو۔ اسکے بن۔ مترادف۔ پیروآل۔

PERUSCABIN ۳۳ فی صدی بنزواک بنزل السیٹر کا سولیشن جو روغن بید انجیر مین ہے۔ خالص بنزواک بنزل السیٹر بے رنگ سیال ہوتا ہے۔

اسکا وزن متناسبہ ۱۲ ر ا ہے۔ ۳۷ سنٹی گریڈ کی حرارت پر کھولتا ہے۔ اس مین ۶۰ فی صدی پیرو بالسم موجود ہے۔ اسکے بیز (تر خارش) اور دوسرے جلدی امراض مین بیرونی استعمال کرتے ہین۔

پیرو آل PERUOL - مترادف۔ پیرو اسکے ہن۔

پیرو آل کریم PERUOL CREAM - ۲۵ حصے پیرو اسکے ہن اور ۷۵ حصے فلوئیڈ پوٹاسیم سوپ کا مرکب ہے۔

پیرو آل کے صابون مین ۱۰ فی صدی پیرو اسکے ہن ہے۔

پیرو جن PERUGEN - مصنوعی بالسم پیرو ہے۔ جو بذریعہ حل وعقد کیمیائی خوشبودار گم رزینس اور بالسمس سے بنایا جاتا ہے۔ سرخ کسیقدر بھورا رنگ کا ڑہا سیال جس کا وزن متناسبہ ۱۴ ر ا ہے۔ الکحل اور کلوروفارم مین بخوبی حل ہوتا ہے۔ مگر غلیظ روغنیات کے ساتھ ملا کر سولیوشن بنانے سے شفاف نہین ہوتا ہے۔

پیرو۔ سال۔ وِن PERUSALVIN - سال وِن پیرو بالسم اور پائین رزین کا مرکب ہے بطور ان ہے لیشن بشش کی بیماریون اور دمہ مین استعمال کرتے ہین۔

پیرو۔ نِن PERONIN - مترادف۔ بنزل مارفن ہیڈرو کلورڈ۔ مارفن پر بنزل کلورڈ کا اثر ڈالنے سے بنتا ہے۔

تلخ بے بو سفید چمکدار سفوف ایک کو ۲۰۰ حصے پانی اور ایک کو ۶۰ حصے ۹۰ فی صدی الکحل مین حل ہوتا ہے۔ کلورو فارم اور ایتھر مین نہین۔ بطور نارکوٹک (منشی) اور سڈیٹو (مسکن) بعوض مارفن و کوڈین۔ سل کی کھانسی اور مزمن برانکائی ٹس مین استعمال کرتے ہین۔ ایک کو ۲ فی صدی کا سولیوشن آنکھ مین ٹپکاتے ہین۔ تاکہ قرنیہ بے حس ہوجاوے۔ دمہ اور وجع مفاصل مین بھی مفید ثابت ہوا ہے۔

مقدار خوراک ۔ ½ سے ¼ گرین تک۔

پیرو۔ واٹر۔ سر کے بالون کو بڑھانے والا عرق ہے جس مین روغن بنفشہ بالسم پیرو ٹنکچر رائنی اور الکحل موجود ہی۔ PERU WATER

پیو۔ ڈی۔ ڈی۔ پیارس۔ حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

PUDI DI PARIS

بنزوک آسڈ	۵ فی صدی
سیالی سلک۔ آسڈ	۲ فی صدی
کوکوبٹر	۱۰ فی صدی
پیارا فن۔ آئنٹمنٹ	۸۳ فی صدی

پیو۔ رال۔ لکڈیکا کو ئیلہ۔ فینال۔ نفتھال۔ بنزوک آسڈ۔ ملا کر تبی بنائی گئی ہے جسکو روشن کرکے بطور ڈس انفکٹنٹ (دافع سم و بائی) استعمال کرتے ہین۔ PURAL

پیو۔رو۔فارم ۔ یہ ایک قسم کا انٹی سپٹک (مزیل العفونت) ہے
PUROFORM جس مین فارمیالن۔ ٹنک۔ منتھال۔ یوکا لپٹس آل
موجود ہین۔

پیوری۔ٹاس ۔ یہ ایک قسم کا منجن ہے جسمین ۱½ ڈرام صابون ۲½
PURITAS ڈرام پری پیرڈ چاک ۳¾ ڈرام فلورن ٹائین لیاک
اور ¼ ڈرام آلم موجود ہے۔

پیو۔ری۔ٹاس (آٹو) سر کے بالون کو قوت دینے والا مرکب ہے۔
PURITAS (OTTO) جس مین لیڈ اسی ٹیٹ گلیسرن اور سلفر
موجود ہے۔

پیو۔ری۔ٹاس ۔ (فرانز) یہ منھ نائٹرس۔ لیاک سلفر۔ اور پانی کا
PURITAS (FRANZ) مرکب ہے۔

پیو۔ری۔ٹاس ۔ (فے بر) دانتون کے صاف کرنے کا صابون ہے
PURITAS (FABER) جس مین بلوش سوپ چاک اور پیٹکری
موجود ہے۔

پیو۔سال ۔ یہ ایک قسم کا ڈسٹنگ پاؤڈر (ذرور) ہے جسمین فینال اور
PUSOL کافور موجود ہے۔ ایک کوہ حصے کا مرہم بھی جلدی امراض
مین استعمال کرتے ہین۔

باب تای فوقانی

تھائی۔ڈی۔رال۔گوئی۔اے۔کال کا مرکب ہے۔اس کے ہر ۲½ ڈرام مین ۳ گرین گوئی۔اے۔کال موجود ہے۔ THIDEROL

مقدار خوراک۔ایک چائے کا چمچہ دن مین تین یا چار مرتبہ۔

تھائی۔را۔ڈن۔تھائی رائیڈ گلانڈ کا خشک اکسٹراکٹ ہے جس کا ۱۵ گرین برابر ہے۔۳۰ گرین تازے گلانڈ سے مکسی ڈیما کری۔ٹی۔نیزم۔فربہی اور اسٹروما مین استعمال کرتے ہین۔ THYRADEN

مقدار خوراک۔۲½ سے ۴½ گرین تک۔اس کے قرص بھی ہوتے ہین جو ہر ایک قرص برابر ہے۔۴½ گرین تازے گلانڈ سے ۶ سے ۱۰ قرص تک کہلاتے ہین۔

تھائی رائیڈ۔گلانڈ۔بکرے کے تھائی رائیڈ گلانڈ کا سفوف ہے۔ مکسی ڈیما اسٹرو۔ما۔فربہی اور ہی ماٹیوریا بول الدم، مین استعمال کرتے ہین۔ THYROID GLAND

مقدار خوراک۔۴½ سے ۱۵ گرین تک دن مین ۳ مرتبہ۔

تھائی۔رو۔آئی۔او۔ڈن۔مترادف۔آئی او۔ڈو تھائی رن۔ THYROIODIN

تھائی۔ رو۔ کال۔ تھائی۔ رائیڈ۔ گلانڈ کا مرکب ہے۔ جسکے پلاٹی نائیڈز: (ملاحظہ ہو بیان) ہوتے ہین یکسی ڈیما مین استعمال THYROCOL

کرتے ہین۔

تھائی۔ رو۔ گلان۔ ڈن۔ تھائی۔ رائیڈ۔ گلانڈ کا مرکب ہے جسکو THYROGLANDIN فربہی مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ایک سے ۵ گرین تک۔

تھائی۔ ریو۔ ڈک ٹن۔ سُرخ کسیقدر بھورا رنگ سفوف جو اُن جانوروں کے گلانڈ کے خون سے نکالا جاتا ہے۔ کہ جنکا تھائی رائیڈ THYREOIDECTIN

نکالدیا گیا ہو۔

تھائی۔ ریو۔ ڈن۔ تھائی۔ رائیڈ۔ گلانڈ کا مرکب ہے جس کا ایک حصہ THYREOIDIN (POEHL) برابر ہے ۵ حصے تازے گلانڈ سے۔

اِس کے قرص ہوتے ہین۔ جب اسکے اثر کی فوری ضرورت ہو تو ایک یا دو قرص گرم پانی مین ملاکر امعاء مستقیم مین پچکاری کرین۔ دوسرے تھائی۔ رائیڈ گلانڈ کے مرکبات کے موافق اس کے بھی خواص و فوائد ہین۔

تھائی فیز۔ THYPHASE ٹیوبر۔ کیو۔ لوسی۔ ڈن۔ کا دوسرا نام ہے۔

تھائی۔ ما۔ اسپاز مین THYMOSPASMIN تہم کا اکسٹراکٹ ہے

جسمین بڑے فارم بھی موجود ہے۔ ہوپنگ کاف۔ (کُکر کھانسی) مین استعمال کرتے ہین۔

تھائی۔ ما۔ ٹال ۔مترادف۔ تھائی مال۔ کاربونیٹ ٹائی۔ راٹال ✣

THYMATAL تھائی مال یوری تھین۔

بے بو اور بے مزہ سفید چمکدار سفوف جو ۹۴ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے اسکو بطور ممیت کرم امعاء استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ جوانون کے لئے ۳۰ گرین اور بچون کے لئے ½ سے ۵ گرین تک دن مین تین ۳ مرتبہ۔ اس دوا کو استعمال کرنے کے بعد جلاب دین۔

تھائی۔ ما سی ٹن ۔مترادف۔ آکسی۔ ایتھل۔ اسیٹ۔ امیڈ۔ تھائی مال

THYMACETIN یہ دوا تھائی مال سے حاصل کی جاتی ہے

سفید حل نہین ہونے والا چمکدار سفوف جو ۱۳۶ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے۔ بطور ہپناٹک (منوم) انال جے سک (مسکن اوجاع) درد سر اور نیورال جیا (عصبی درد) بیارا۔ لی ہنز (فالج) ان۔ سائیٹا (بے خوابی) مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ۵ سے ۱۵ گرین تک۔

تھائی۔ ما۔ فارم ۔ THYMOFORM مترادف

تھائی۔ ما۔ لو۔ فارم۔

تھائی۔ما۔گلائی سن۔ THYMAGLYCIN حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

سوڈیم بنزوٹ	۳ حصے
گلیسرن	۱۰ حصے
تھائی۔مال۔واٹر	۵۰ حصے
پانی مع ادویہ	۱۰۰ حصے
لائیکر۔کاکسی	حسب ضرورت

اس دوا کو کون زی (لوزتین کی سوزش) ری۔نائی ٹس (ناک کی بعاد اچھلی کی سوزش فیارن جائی ٹس (حلق کی سوزش) گیاسٹرک (معدہ) اور ان ٹیس۔ٹی نل (کنہار دامعار کا زکام) مین استعمال کرتے ہین گلے اور ناک مین ایک کو ۳ حصے پانی ملا کر بطور اسپرے (آبشار) استعمال کرین۔ اور ایک کو ۲۰ حصے پانی ملا کر رحم مین پچکاری کرین۔

تھائی۔ما۔لپٹال۔ THYMOLYPTOL حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

یوکالپٹال	۱½ گرین (روزن کیا ہوا)
ری۔زارسن	۲ گرین
نتھال	۲ گرین

تہائی مائل	۲ گرین
بنزوایک آسڈ	۲ گرین
بوروسیالی سلک آسڈ	۲۵ گرین

تہائی-مالین - THYMOLIN حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

نیافتہالین	۱۸ حصے
کافور	ایک حصہ
تہائی مائل	ایک حصہ

تہائی-مالو-فارم - مترادف - تہائی-ما-فارم-

THYMOLOFORM تہائی مائل اور فارمائل ڈی ہیڈ کی تصعید سے حاصل ہوتا ہے۔ زرد رنگ بے مزہ سفوف جس مین خفیف سی تہائی مائل کی بو آتی ہے - فرار محللات اور روغن زیتون مین حل ہو جاتا ہے۔ پانی اور گلیسرن مین حل نہین ہوتا ہے۔ زخمون کو انٹی سیپٹک (مزیل العفونت) کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین۔

تہائی-ما-نن - یہ ٹس سن کا عوض ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

THYMANIN

کمپونڈ فلوئیڈ اکسٹراکٹ آف تھم	۱۵ حصے

سرپ ۵۰ حصے

سوڈیم بروہڈ ۱½ حصہ

تھائی۔ماک۔سال۔ایک فی صدی تھائی مال کے الکحل سے بنے ہوئے سولیوشن مین ۳ فی صدی ہیڈروجن۔پر اکسڈ موجود ہے

THYMOXOL

۵ یا ۱۰ فی صدی کا سولیوشن بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور بیاک۔ٹی بی سائیڈ (ممیت جراثیم) استعمال کرتے ہیں۔

تھائی مال آئی اوڈڈ۔ THYMAL IODID مترادف ارسٹال۔

تھائی مال اسی ٹیٹ THYMAL ACETATE مترادف اسی ٹل تھائی مال۔

تھائی۔مال۔ٹرائی۔کلور۔اسی ٹیٹ۔یہ ایک قسم کا انٹی سپٹک (مزیل العفونت) ہے۔جو

THYMAL TRICHLOR ACETATE

تھائی مال۔سوڈیم ٹرائی کلور اسی ٹل کلورڈ اور پیرولیم ایتھر کو باہم ملانے سے بنتا ہے۔

بے رنگ سیال جو ۱۰۱ سے ۱۱۱ سنٹی گریڈ کی حرارت پر کھولتا ہے۔ہوا میں رکھنے سے نیلا مائل بہ سبز رنگ ہو جاتا ہے۔

تھائی۔مال۔ٹرائی۔کلور۔اسی ٹیٹ۔ٹرائی۔کلور۔اسی ٹک آسڈ کا اثر تھائی مال پر ڈالنے سے بنتا ہے

THYMOL TRICHLOR ACETATE

دانہ دار لگدی جو پانی مین حل نہین ہوتی ہی۔ الکحل اور ایتھر مین حل ہوجاتی ہی۔ ہم سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتی ہی۔ بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔

تہائی۔مال۔سیالی سلیٹ ۔ مترادف۔سیالی۔تہائی۔مال۔

THYMOL SALICYLATE

تہائی مال۔کاربونیٹ THYMOL CARBONATE مترادف تہائی مال

تہائی مال۔کیامفر THYMOL CAMPHOR مترادف۔کیامفر تہائی مال

ہموزن تہائی مال اور کیامفر کو گرم کرنے سے بنتا ہی۔ شفاف روغنی سیال۔ فار محلات مین حل ہوجاتا ہی۔ پانی مین حل نہین ہوتا ہی بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) جلدی امراض مین استعمال کرتے ہین

تہائی مال یوری تھین THYMOL URETHANE مترادف۔تہائی مال

تہائی منتہال ۔ یہ ایک قسم کا انٹی سپٹک (مزیل العفونت) ہے جس مین حسب ذیل THYMENTHOL ادویات موجود ہین۔

تہائی۔مال۔منتہال۔یوکالپٹال۔میتھل سیالی سلیٹ۔بنزواک آسڈ۔یورک آسڈ۔ بیاپ ٹی سیاٹنگجیوریا۔

تہائی منتہال ٹیابلٹس ۔ ان قرصون مین حسب ذیل ادویات THYMENTHOL TABLETS موجود ہین۔

تہائی مال۔منتہال۔یوکالپٹال۔آئیل آف ونٹرگرین۔سوڈیم بنزوٹ سوڈیم بورنیٹ۔سوڈیم بائی کاربونیٹ۔

تھائی مو۔برومائل ۔ہوپنگ کاف (کالی کھانسی) مین استعمال کرتے ہین۔
THYMOBROMAL

اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

بڑومو فارم۔ اکسٹراکٹ آف تھم چیٹ نٹ لیوز۔ سینگا۔

تھائی مو۔سپٹک ۔ THYMOSEPTIC حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

تھم۔ہی ماے لس ورجی نیکا۔یوکالپٹس۔گائل تھے ریا۔منتھا آرون ہنز بیاب ٹی سیا بنزو۔بوراسک آسڈ۔

تھائی۔می۔ڈال ۔ تھائی مال اور منتھال کی تصعید سے حاصل ہوتا ہے۔
THYMIDOL

منھ اور ناک دھونے کے لئے بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔ اور کرم خوردہ دانتون کے سوراخون مین بھی بھرتے ہین۔

تھائی۔می۔نک۔آسڈ ۔ مترادف۔سولیورال۔

THYMINIC ACID

تھائی۔میو ڈائڈ ۔ نارنجی رنگ سفوف بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) جراحی مین استعمال کرتے ہین۔
THYMIODIDE

اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

تہائی مال آئی او ڈائڈ۔ بزمتھ سب آئی او ڈائڈ۔ بورک آسڈ۔

تہالو۔ کونس ۔ یہ ایک قسم کا مانع سوزاک ہے جس مین ۲۰ فی صدی پروٹارگال سولیوشن ہے ۔ THALLOCOS

تہالیم۔ پیرآئی۔ اوڈوسلفیٹ۔ سیاہ رنگ قلمیں جو الکحل مین حل ہوتے ہین۔ ۳۰ گرین کی خوراک مین ہر گھنٹے کے فاصلے سے کاربی نوما (سرطان) مین استعمال کرتے ہین ۔ THALLIUM PERIODOSULPHATE

تہامس۔ آئی۔ واٹر۔ اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

THOMA'S EYE WATER

زنک سلفیٹ	۲۰ گرین
سوڈیم۔ کاورڈ	۲۰ گرین
روز۔ واٹر (عرق گلاب)	ایک اونس

تہیپ ٹال۔ مترادف ۔ لائیکر۔ یوکالپٹس کمپونڈ۔

حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے ۔ TH-Y TOL

یوکالپٹس۔ تہا آرون سزیتھم۔ گال تھے ربا۔ بیاپ ٹی سیا ٹنگچوریا نیزو۔ بورک۔ آسڈ۔

تھرمارتھرن۔ نقرس اور وجع مفاصل کا علاج ہے۔ اس کا بیانڈیج پیاسٹل اولنیمنٹ فروخت ہوتا ہے۔ THERMARTHRIN

اس کے بیاسٹل مین لی تھیم سٹریٹ۔ سوڈیم بائی کاربونیٹ۔ اور سوڈیم فاسفیٹ موجود ہے۔ اس کے لینمنٹ مین اسپرٹ کیامفر۔ مسٹرڈ فارمک آسڈ اور ایتھر موجود ہے۔

تھرمال ۔ مترادف ۔ فنی ڈین سیالی سل اسی ٹل ۔

THERMOL سفید بے بو اور بے مزہ چمکدار سفوف جو پانی مین کم حل ہوتا ہے۔ بطور انٹی پائی ریٹک (دافع حرارت) اور انال جے سک (مسکن اوجاع) استعمال کرتے ہین ۔

مقدار خوراک ۔ ۵ گرین۔

تھرمال سیالی سلیٹ کمپونڈ ٹیابلٹس ۔ ان قرصون مین

THERMOL SALICYLATE CO TABLELS تھرمال ۔ کاچی سن اور سیالی سلک ایسڈ موجود ہے ۔

تھرمن سرخ مائل بہ سفید رنگ حل ہونے والے قلمین جو ۴۳ سنٹی گریڈ

THERMIN کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین بطور مڈریاٹک (متسع الحدقہ) استعمال کرتے ہین ۔

تھرمو ڈن ۔ مترادف ۔ فینا سٹین یوری تھین ۔

THERMODIN بے بو اور بے مزہ قلمین جو پانی مین حل نہین ہوتے ہین ۶۸ سے ۸۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین ۔ بطور انٹی پائی ریٹک

(دافع حرارت) انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور انالجے سک (مسکن اوجاع)
ٹائی فائیڈ۔ ان فلوان زا۔ نیومونیا (ذات الریہ) مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۷½ سے ۱۰ گرین تک۔ بطور انٹی نیورالجک۔
(دافع عصبی درد) ۲۲½ گرین کی خوراک مین استعمال کرتے ہین۔

تھرمو۔ فیوج۔ یہ ایک قسم کا ضماد ہے جس مین گلیسرن۔ بورک آسڈ
THERMIOFUGE تہائی مال۔ آئیل آف یوکالیپٹس۔ امونیا اور
کائی اولن موجود ہے۔ گرم پانی کے ساتھ ملا کر سوجے ہوئے مقامون پر لگاتے ہین۔

تھرمیال۔ THERMIOL ملاحظہ ہو بیان سوڈیم فینیل پروپیولیٹ

تھری۔ کلورائیڈز۔ اس کے ہر ایک سیال ڈرام مین حسب ذیل
THREE CHLORIDES ادویات موجود ہین۔

آیرن پروٹو کلورائڈ	۱/۸ گرین
بائی کلورائڈ آف مرکیوری	۱/۱۲۰ گرین
آرسینک کلورائڈ	۱/۱۲۸ گرین
کیالاسایا کورڈیل	ایک ڈرام

انی میا دکی خون، کوریا (رعشہ) اور کرٹس (الکساح) مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ایک سے ۲ ڈرام تک۔

تھنا ٹال۔ THANATOL مترادف۔ ای تھاکال۔

تھوریم - نائیٹریٹ - سفید قلمین جو پانی مین حل ہوتے ہین - جب سے ریڈیم کی دہات طب مین مستعمل ہے - تھوریم کی دہات کے نمکیات THORIUM NITRATE بھی طب مین استعمال ہو رہے ہین - ان دونون کے خواص و افعال ایک ہی ہین - ڈاکٹر تھمپسن نے اس طرح تجربہ کیا کہ تھوریم آکسائڈ کو گرم کرکے اسپر ہوا پہونچائی اور اور اس ہوا کے اثر کو بطور انٹی سپٹک (دفع العفونت) استعمال کیا - ٹیوبر کیولوسز کے علاج مین اسکی ۲۰ فی صدی کی لگدی جلدی امراض مین استعمال کرتے ہین -

تھی - جی - نال - بے مزہ اور بے بو بھورا رنگ گاڑھا سیال جس کا وزن متناسب THIGENOL ۱۰۶ ر ا ہے - تمام قسم کے محللات مین ملجاتا ہے - جلدی امراض مثلاً ایلس (التہاب رحم) اور سوزاک مین استعمال کرتے ہین - بیرونی بطور مرہم لینیمنٹ یا سپازی لوٹریز (شیاف) استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۳ سے ۱۰ گرین تک

تھی - فورن - مترادف - تھیوبرومین - سوڈیم فارمی ایٹ - THEPHORIN تھیوبرومین اور سوڈیم فارمی ایٹ کا ڈبل سالٹ ہے سفید سفوف جو پانی مین حل ہوتا ہے - اس مین ۶۳ فی صدی تھیوبرومین موجود ہے - بطور مدر استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۷ سے ۱۵ گرین تک -

تھی - لانن - THILANIN مترادف - سلفیورے ٹڈ لیا نولین -

بھورے رنگ کی لگدی جس مین ۳ فی صدی گندک موجود ہے۔ اکزیما اور پڑوری گو (سوکھی کھجلی) مین استعمال کرتے ہین۔

تھی۔یو کالپٹال۔ THIEUCALYPTOL مترادف سیالونین۔

تھیالین۔ THEALIN لی تھیم کا مرکب ہے جسکو نقرس اور وجع مفاصل مین استعمال کرتے ہین۔

تھیال۔ مترادف۔ ہکسا میتھی لن۔ ٹرامین۔ اکسی میتھیل سلفونیٹ۔ THIAL سفید بے بو قلمین۔ بیورڈون کے دھونے کے لئے ۵ر۰ سے ایک فیصدی کا سولیوشن مفید ہے۔ بطور ڈس انفکٹنٹ (دافع سم وبائی) ۲ فی صدی کا سولیوشن استعمال کرین۔

تھیال۔ THIOL سلفورک آئیڈ ملایا ہوا ہیڈروکاربن ہے۔ جو گیاس آئیل کو ہمراہ گندک مقطر کرنے سے بنتا ہے۔ اسکے دو اقسام ہوتے ہین۔

(۱) سیاہ رنگ کا سفوف۔

(۲) لکوڈ تھیال یعنے سیال تھیال جس مین ۴۰ فی صدی تھیال موجود ہے۔ لیانولین۔ ویازلین اور دوسرے مرہم کی زمینون کے ساتھ مل جاتا ہے۔ الکحل اور ایتھر مین حل ہو جاتا ہے۔ مگر حموضات کے ملانے سے تہ نشین ہوتا ہے۔ اکتھیال کے موافق اسکے بھی خواص و فوائد ہین اکزیما۔ ان ٹرٹری گو۔ اری سپ لاس (سُرخ بادہ) یوٹے رن ان فلامیشن (رحم کی سوزش) سروکس (عنق الرحم کے

السی رے شن مین مفید ثابت ہوا ہے۔ جلے ہوئے مقامون مین بھی استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۲ سے ۱۰ گرین تک بطور گولی جلدی امراض مین اس کے حسب ذیل مرکبات استعمال کرتے ہین۔

ایگنٹم تہیال۔

سیال تہیال	۴ حصے
گلیسرن	۲ حصے

جائے ماؤف پر بذریعہ برش لگا دین۔

الکوڈ تہیال	ایک حصہ
دیازلن	۳ حصے
لیانولن	۶ حصے

تہیال کا لوڈی ین

تہیال پاؤڈر	ایک حصہ
کالوڈی ین	۱۹ حصے

تہیال پلز

الکوڈ تہیال	ایک ڈرام
آلتھی پاؤڈر	حسب ضرورت

اِسکی ۴۰ گولیان بنا وین۔ ۲ گولی دن مین ۳ مرتبہ استعمال کرین۔

پیاسٹا۔ تھیال اِٹ۔ زنسی

یہ ۱۰ فی صدی تھیال اور ۲۰ فی صدی زنک آکسیڈ کا مرکب ہے۔ رحم کی پرورائی بسٹ (خارش) مین استعمال کرتے ہین۔

تھیالی۔ آن ۔ سوڈیم سلفیٹ۔ اور سوڈیم ہائپوسلفیٹ۔ کا مرکب ہے۔ THIALION نیورک آسڈ ڈیاتھیسز مین استعمال کرتے ہین۔

تھیوبرومن ۔ مترادف۔ ڈائی میتھل۔ زیانتھین۔

THEOBROMIN تھیوبروما کوکو کے تخم سے یہ جوہر نکالا جاتا ہے سفید چمکدار سفوف جو پانی الکحل اور ایتھر مین کم حل ہوتا ہے۔ بطور ڈائی یوریٹک (مدر) کارڈیاک ڈراپسی (استسقاء حجاب القلب) اور رینل ڈراپسی (گردون کا استسقاء) مین مفید ہے۔ ان جائی ناکیٹورس (وجع القلب) مین ۲۰ سے ۳۰ گرین ۲۴ گھنٹے مین کھلانے سے دورہ کم ہو جاتا ہے۔ بطور گولی استعمال کرین یا کیاشیے۔

مقدار خوراک ۔ ۱ سے ۵ گرین تک

تھیوبرومن۔ اسیٹل میتھی لین سیالی سلیٹ ۔ مترادف ڈائی یورنی ن

THEOBROMIN ACETYLMETHYLENE SALICYLATE

تھیوبرومن سوڈیم۔ آئی اوڈڈ ۔ مترادف۔ آئی اوڈڈ تھیوبرومن۔

THEOBROMIN SODIUM IODID

تھیو۔برومن۔سوڈیم۔اسی ٹیٹ۔مترادف۔اگیورین۔

THEOBROMIN SODIUM ACETATE

تھیو۔برومن۔سوڈیم۔سٹریٹ۔مترادف۔یوروسٹرال۔

THEOBROMIN SODIUM CITRATE

تھیو۔برومن۔سوڈیم۔سیالی سلیٹ۔مترادف۔ڈائی یوریٹین۔

THEOBROMIN SODIUM SALICYLATE

تھیو۔برومن۔سوڈیم۔فارمی ایٹ۔مترادف۔تھی فورین۔

THEOBROMIN SODIUM FORMIATE

تھیو۔برومن۔سوڈیم۔لیاکٹیٹ۔مترادف۔تھیولیاکٹین۔

THEOBROMIN SODIUM LACTATE

تھیو۔برومن۔لی تھی۔ای بنزوس۔مترادف۔یوروفی رین بنزوٹ۔

THEOBROMIN LITHII BENZOAS

تھیو۔برومن۔لی تھیم۔مترادف۔تھیوبرومونز۔

THEOBROMIN LITHIUM

تھیوبرومن۔لی تھیم بنزوٹ۔مترادف۔یوروفی رین بنزوٹ۔

THEOBROMIN LITHIUM BENZOAT

تھیو۔برومونز۔ THEOBROMOSE مترادف۔تھیوبرومن لی تھیم۔

چمکدار سفوف۔ پانی مین حل ہوتا ہے۔ ۴ یا ۵ حصے بہ نسبت تھیوبرومین موثر ہے۔

تھیوبرومی نی سوڈی سیالی سلس۔ مترادف۔ ڈائی یورے ٹن

THEORROMINI SODII SALICYLAS

تھیوبرومی نیم نیاٹریوسیالی سلیکم۔ مترادف۔ ڈائی یورے ٹن۔

THEOBROMINIUM NATRIO SALICYLICUM

تھیوپی نال سالو - THIOPINOL SALVE اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

ایتھی ریل (فرار) پائین آئیل	۱۸٫۰ فی صدی
تھیوپی نال	۷۵٫۱ فی صدی
گلیسرن	ایک فی صدی
بٹیا نیا فتھال۔	۷۵٫۰ فی صدی
لیانولین یا ویازلین	۸۵٫۷ فی صدی

تھیوری زارسن - سلفر کا اثر۔ سوڈیم ری زارسن۔ پر ڈالنے سے THIORESORCIN بنتا ہے۔ حل نہین ہونیوالا زرد کسیقدر بھورا رنگ سفوف انٹی سپٹک۔ ڈسٹنگ پاؤڈر (مزیل العفونت وزرور) یا ۵ فی صدی کا مرہم استعمال کرتے ہین۔

تھیوسان کیکیس۔ THIOSAN CAKES اسمین حسب ذیل

ادویات موجود ہین۔

پوٹاشیم گوی اے کال سلفونیٹ	۷½ گرین
خشک کیا ہوا مالٹ اکسٹراکٹ	۳۰ گرین

تھیوسین - یہ تھیوبرومین اور پیارازیان تھین کے مماثل ہین سفید چمکدار تلخ مزہ کے سوئی کے مانند قلمین۔ ایک کو ۹۰ حصے پانی اور ایک کو THEOCIN
۸۰ حصے ۹۰ فی صدی الکحل مین حل ہوتے ہین۔ یہ الکالائیڈ۔ بذریعہ حل وعقد کیمیائی بنایا گیا ہے۔ جسکے کیمیائی اجزا تھیوفل لن (یہ الکالائیڈ کیافین کے ہمراہ چاء سے نکالا جاتا ہے) کے موافق ہے۔ بطور مدر استعمال کرتے ہین۔ گردون کی بیقاعدگی جو ہمراہ جنرل ڈراپسی (استسقا، عام) کے ہو اُس مین استعمال کرتے ہین۔ خصوصاً جب کہ ایڈیما (کسی ایک حصے مین استسقا ہونا) بھی ہو مفید ثابت ہوا ہے۔ بہ نسبت کیافین یہ کم اسٹیولینٹ (محرک) ہے۔ مگر مدر اثر اس کا بہت بڑھا ہوا ہے۔ پوری خوراک دینے سے متلی ہوتی ہے بعض وقت قے بھی ہو جاتی ہے۔ لہذا ۶ یا ۷ گرین سے زیادہ نہ دین۔ ۴ گرین کے قرص بھی ہوتے ہین۔

مقدار خوراک - ۳ سے ۶ گرین تک۔

اس دوا کا حسب ذیل کیمیائی مرکب ہے۔

تھیوسین سوڈیم۔ اسٹی ٹیٹ۔ سفید سفوف جس مین ۶۵ فی صدی تھیوسین موجود ہے ایک کو ۶ حصے پانی۔ ایک کو ۳۹۰ حصے ۹۰ فی صدی الکحل مین حل ہوتا ہے۔ مگر

ایتھر مین نہین - تمام قسم کے استسقاء (جبکہ حالت گردون کی بہت خراب ہوگئی ہو)
گردون کے امراض کے سبب سے جو ایڈیما (کسی ایک حصے مین استسقار ہونا)
ہوجاتا ہے - اُس مین استعمال کرتے ہین مگر گلومی رو - نفرائی ٹس (گردے کے
مائل پگ مین کا ورم) مین استعمال نہین کرتے ہین - ان ٹر - اس ٹی شل - نفرائی ٹس
(جبکہ گردے کے کنک ٹیوٹشیو مین سوزش ہو) آر ٹی ریو اسکلی روسز مین بھی فائدہ مند
ثابت ہوا ہے - وے زوڈائی لیٹر (متسع ظروف دموی) اور انٹی اسپازموڈک
(دافع تشنج) ہونے کے سبب سے بھی ان جائی ناپکٹورس (وجع القلب) مین
استعمال کرتے ہین - یہ بہت ہی عمدہ مدر ہے - مگر یہ اور بھی موثر ہونے کے لئے اسکے ساتھ
کوئی کارڈیاک ٹانک (مقوی دل مثلاً ڈیجی ٹیلس ملا کر ۳ سے ۶ گرین بطور کیا شے
ہر ۴ گھنٹے کے فاصلے سے استعمال کرتے ہین - مگر اسکے اثر سے بخوبی خبردار رہین اسوجہ سے
کہ یہ معدہ مین خراش پیدا کرتا ہے - گردون کے سکڑ جانے مین بھی مفید ہے -

مقدار خوراک - ۴ گرین -

تھیوسن - سوڈیم - اسی ٹیٹ - ملاحظہ ہو بیان تھیوسن -

THEOCIN SODIUM ACETATE

تھیوسیا پالز - یہ ایک قسم کے صابون ہین جس مین گندک ملائی گئی ہے -
THEOSAPOLS تھیوسیا پال سوڈہ سوپ سے بنایا جاتا ہے اور
تھیوسیا وال - پوٹاش سوپ سے بنایا جاتا ہے - ان دونون کو جلدی امراض مین

استعمال کرتے ہین۔

تھیوسینامن ۔مترادف۔ الل تھیوکاربامڈ + الل تھیوبوریا + الل سلفوکاربامڈ

THIOSINAMIN سفید چمکدار بے بو قلمین مگر بعض وقت اسمین سے لہسن کی بو آتی ہے۔ رائی کے تیل یا امونیا کا اثر ڈالنے سے یہ بنتا ہے۔ ایک کو ۱ حصے پانی ایک کو ۲ حصے الکحل اور ایتھر مین حل ہوتا ہے۔ زخم اچھے ہونے کے بعد پوست مین جو اٹھن ہو جاتی ہے اُسکو کھولدیتا ہے۔ اوساف فگس (دمری) مین جو اسٹرکچر ہوتا ہے اُسکو دفع کردیتا ہے۔ لیوپس مین بھی فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔ ۱۵ سے ۲۰ فی صدی کا الکحالی سولیوشن ½ سے ایک پچکاری تک۔ اسکا پیولی (کہوا) کے درمیان جلدی پچکاری کرتے ہین۔ ۸ فیصدی کا پانی سے بنایا ہوا سولیوشن جس مین ۲۰ فیصدی گلیسرن بھی ہو ۲ منم لیکر جائے ماؤف مین جلدی پچکاری کرتے ہین۔

تھیوسینامن کنسن ٹریٹڈ سولیوشن۔ تھیوسینامن مین یہ قابل اعتراض بات ہے کہ وہ پانی مین حل نہین ہوتا ہے۔ ایک مالی کیوبل (ذرہ ترکیبی) تھیوسینامن کو ½ مالی کیوبل (ذرہ ترکیبی) سوڈیم سیالی سلیٹ مین ملاکر الکحل یا پانی مین حل کرکے گرمی پر خشک کرین بعد ازان اسکا سفوف کرلین۔ یہ سفوف بخوبی پانی مین حل ہو جائیگا

تھیوفارم ۔مترادف۔ بے سک ڈائی تھیوسیالی سلیٹ آف بزمتھ۔

THIOFORM زرد مائل کسیقدر بھورا رنگ سفوف جس مین ۲۷ فی صدی بزمتھ آکسڈ موجود ہے۔ بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔ معدہ

اور امعار کے مرض کہتا ہیں اندرونی استعمال کرتے ہیں۔ ۵ سے ۱۰ فی صدی کا مرہم یا سفوف بیرونی استعمال کرتے ہیں۔

مقدار خوراک ۲۲½ گرین۔

تھیوکال۔ مترادف۔ پوٹاسیم گوئی اے کال سلفونیٹ۔

THIOCOL گوئی اے کال پر سلفیورک آسڈ کا اثر ڈالنے سے بنتا ہے زرد مائل بہ سفید رنگ حل ہونے والا سفوف۔ الکحل ایتھر اور روغنیات میں حل نہیں ہوتا ہے۔ بعوض گوی اے کال ٹیوبر کیولوسس ٹائی فائیڈ اور برآن کائی لٹس میں استعمال کرتے ہیں۔

مقدار خوراک ½ سے ایک ڈرام تک۔

تھیوکولن۔ ۶ حصے گوئی اے کال سلفونیٹ ایک حصہ بزمتھ لائی ٹی نیٹ ۶۰ حصے ڈسٹلڈ واٹر اور ۳۳ حصے وائین کا مرکب ہے۔

THIOCOLIN

تھیوکیمف۔ کافور پر سلفیورس آکسڈ کا اثر ڈالنے سے یہ سیال بنتا ہے بطور ڈسن اِن فکٹنٹ (دافع سم وبائی) استعمال کرتے ہیں۔

THIOCAMPH

تھیولان مترادف سلفولان + انگونٹم سلفیوریٹم مائیٹ۔

THIOLAN یہ گندک کا مرہم ہے جس میں گندک بطور سولیوشن اور قدرے ملی ہوئی بھی ہے۔ اَن ہیڈرس ول فیاٹ میں ۳ فی صدی گندک ملا کر ۱۵ اسٹنٹی گریڈ کی

حرارت پر کئی گھنٹے تک گرم کرین بعد ازان فلٹر کرلین - روغن یا پیارافن ملاکر ڈائیلوٹ کرسکتے ہین مختلف قسم کے جلدی امراض مین فائدہ مند ہے -

تھیولی - نک آسڈ - سلفیورک آسڈ - اور سلفر ملا یا ہوا روغن ایسی ہے جس کے خواص و فوائد تھیال اور اکتھیال کے موافق ہین - THIOLINIC ACID

تھیو - لیاکٹن - مترادف - تھیوبرومن سوڈیم لیاکٹیٹ -

THIOLACTIN تھیوبرومن - سوڈیم اور سوڈیم لیاکٹیٹ کا ڈبل سالٹ ہے اسمین ۵۷٫۶ فی صدی تھیوبرومن موجود ہے - بطور مدر استعمال کرتے ہین - اسکے قرص بھی ہوتے ہین -

تھیو - وی - نال - THIOVINAL - اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

گوئی - اے کائل	۶ ڈرام
اکسٹراکٹ آف تھیم	۲۰ ڈرام
پانی	۴۰ ڈرام (وزن کیا ہوا)
شربت	۳۴ ڈرام (وزن کیا ہوا)

باب تائی ہندی

ٹائی۔ آل ڈ۔ ٹائی لن۔ پیان کریاٹن۔ اور ڈیاسٹیز کا مرکب ہے۔
TYALID اُس ڈسپیپ سیا۔ (بدہضمی) مین استعمال کرتے ہین۔
جس مین نشاستہ دار اغذیہ ہضم نہ ہون۔

مقدار خوراک۔ ۷½ سے ۱۵ گرین۔

ٹائی را۔ ٹال۔ TYRATOL مترادف۔ تہائی ماٹال۔

ٹائی۔ رو۔ سال TYROSAL مترادف۔ اکو بائی رن۔

ٹائی ریز۔ انٹی سیپٹک پاؤڈر۔ حسب کیمیائی تحقیقات امریکن میڈیکل
TYREES ANTISEPTIC POWDER اسوسی ایشن۔ اس مین نک سلفیٹ
اور بورک آسڈ موجود ہین۔

ٹائی ریز بکو انڈ ہایوسیامس کمپونڈ۔ اس دوا کے ہر ۲ ڈرام مین
TYREES BUCHU AND HYOSCYAMUS CO. حسب ذیل ادویات
موجود ہین۔

بکو	۱۰ گرین
او۔ وا۔ ار۔ زی	۵ گرین
پریرہ	۵ گرین

ہایوسیامس (خراسانی اجوائن)	۵ گرین
ہاپ	۵ گرین
پوٹاسیم اسی ٹیٹ	۱۰ گرین
انتھی ریئل انسپرٹ آف نائیٹرس	۱۵ قطرے

ٹائی سن- TYSIN ۴۰ فی صدی فارمائل ڈی ہیڈ کا سولیوشن ہے۔

ٹاٹ- TOT گلابی رنگ خوشبودار تلخ سفوف جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

آئی سونیا فتہالک	۲ حصے
نیبزو۔ اِل۔ بنیٹا۔ نیا فتہالک	۲ حصے
اب۔ راس۔ ٹالک۔	ایک حصہ

ٹار۔ ٹارلی تھن- مترادف۔ لی تھیم۔ بائی ٹار ٹریٹ

TARTARLITHIN سفید چمکدار سفوف بسبب نقرس جو جن جی وائی ٹس (مسوڑہون کی سوزش) ہوجاتا ہے۔ اُس مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک- ۴½ سے ۱۵ گرین تک دن مین ۳ مرتبہ۔

ٹار۔ ٹروفن- مترادف فینی ٹی ڈن۔ ٹار ٹریٹ

TARTROPHEN سٹروفن کے موافق اسکو بھی استعمال کرتے ہین۔

ٹار۔ ڈرمے سان- TAR DERMASAN یہ ایک صابون ہے

جو جلدی امراض مین مفید ہے۔ اس مین ۱۰ فی صدی بیچ ووڈ ٹار (قطران نباتی) اور ۵ فی صدی کن سن ٹرے ٹڈ لکوڈ کاربولنس ڈی ٹرجن موجود ہے۔ گاڑھا بھورا رنگ سیال جو الکحل مین حل ہوتا ہے۔ بیرونی استعمال کرتے ہین۔

ٹارولن۔ کیاپسلز۔ ان کیاپسلز مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔ TAROLIN CAPSULES

سیالال۔ روغن صندل۔ اکسٹراکٹ کیوبیز (رب کباب چینی)

ٹارو۔ مان - TAURUMAN یہ ایک قسم کی سیرم ہے۔ جسکو ٹیوبرکیولوسز مین استعمال کرتے ہین۔

ٹالل۔ لیانن - یہ ایک قسم کا ٹرپن ٹائین ہے جس مین او زون ملایا گیا ہے۔ TALLIANINE بلیونزی۔ ٹیوبرکیولوسز۔ نیومونیا (ذات الریہ) اور سٹی سی نیا (تپ عفونتی) مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۵ کیوبک سنٹی میٹر (۱½ سیال اونس) زیر جلد استعمال کرین۔

ٹالل۔ ما - سر کے بال بڑہانے والا مرکب ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔ TOLMA

بے سک لیڈ اسی ٹیٹ سولیوشن (۶۰ حصے کا)	۲ حصے
گلیسرن	۳۲ حصے

لیاک سلفر	۲ حصے
روز واٹر (عرق گلاب)	حسب ضرورت

ٹالسمن - مان - TALISMAN - مانع سوزاک ہے جسمین ۲۰ فیصدی پروٹارگال کا مرہم ہے -

ٹان - فارمال - ٹیانن فینال اور فارمال ڈی ہیڈ کا مرکب ہے - خوشبودار بھورا رنگ سفوف جو پانی مین حل نہین ہوتا ہی - TANFORM AL

اگکالیز سے متفرق ہوتا ہے - بطور ان لس ٹی نل - اسٹرنجنٹ (قابض اسعار) اور ڈس ان فکٹنٹ (دافع سم وبائی) استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۷½ سے ۳۰ گرین تک -

ٹان - کوی - نال - مترادف - ٹرائی نائیٹرو آئی سوبیوٹل ٹولوآل - یہ ایک قسم کا مصنوعی مشک ہے - جو بذریعہ TANQUINOL

حل وعقد کیمیائی بنایا جاتا ہے -

ٹٹ - میانس - پرگے ٹیو پلز - ہر ۱۰ گولیون مین حسب ذیل ادویات موجود ہین - TITTMAN S PURGATIVE PILLS

آلوز (ایلوا)	۹۰ گرین
جیالپ روٹ (بیخ جلاب)	۱۳۵ گرین
صابون	۴۵ گرین

سولف ۲۴ گرین

الکحل حسب ضرورت

ٹیٹرا۔ آئی۔ او۔ ڈو۔ ایتھی لین۔ مترادف۔ ڈائی آئی او ڈو فارم۔

TETRAIODO ETHYLEN

ٹیٹرا۔ آئی۔ او ڈو۔ پیرآل۔ TETRAIODO PYRROL مترادف آئی او ڈول۔

ٹیٹرا۔ آئی۔ او ڈو۔ فینائل تھالی ان۔ مترادف۔ نوسوفن۔

TETRAIODO PHENOL PHTHALEIN

ٹیٹرا۔ آئی او ڈو۔ فینائل تھالی ان بزمتھ۔ مترادف۔ یوڈاک سن۔

TETRAIODO PHENOL PHTHALEIN BISMUTH

ٹیٹرا۔ آئی او ڈو۔ فینائل۔ تھالی۔ ان سوڈیم۔ مترادف۔ انٹی نوسن۔

TETRAIODO PHENOL PHTHALEIN SODIUM

ٹیٹرا۔ آئی او ڈو فینائل تھالی ان مرکیوری۔ مترادف۔ ایاکل۔ لے جن۔

TETRAIODO PHENOL PHTHALEIN MERCURY

ٹیٹرا۔ ایتھل۔ امونیم ہیڈراکسائڈ۔ بے رنگ نئی کو جذب کرنے والے قلمین

TETRAETHYL AMMONIUM HYDROXID

یورک آئنڈ ڈیاتھے سز (خون مین یورک آئنڈ کا زیادہ ہو جانا) اور آرٹی کیولر رومیا ٹزم

(جوڑوںکا وجع مفاصل) مین ۵ سے ۲۰ قطرے ایک فی صدی کا سولیوشن استعمال کرتے ہین۔

ٹیٹرا ایتھل۔ امونیم ٹرائی آئی اوڈڈ۔ مترادف۔ اہل اسے ہن۔

TETRANETHYL AMMONIUM TRIIODID

ٹیٹرا ایتھل۔ تھیونن۔ ہیڈرو کلورڈ۔ میتھی لن بلو کا دوسرا نام ہے۔

TETRAMETHYL THIONIN HYDROCHLORID

ٹیٹرا۔ نائیٹرال۔ TETRANITROL مترادف۔ اے۔ زی۔ ہیکزال

ٹیٹرا نائٹرینٹ۔

ٹیٹرو۔ نال۔ مترادف۔ ڈائی ایتھل سلفون ڈائی ایتھل ی تھین

TETRONAL سفید چمکدار سفوف۔ پانی مین حل نہین ہوتا مگر الکحل مین حل ہوجاتا ہے۔ ۵ ہنڈرڈ گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے۔ بطور ہپناٹک (منوم) اور سڈے ٹیو (مسکن) استعمال کرتے ہین۔ مگر ٹرائی اونال کا سا موثر نہین ہی۔

مقدار خوراک۔ ۱۵ سے ۳۰ گرین تک۔

ٹرائی۔ آئی۔ اوڈو۔ میٹا۔ کریسال۔ مترادف۔ لوسوفان۔

TRIODO META CRESAL

ٹرائی۔ اسی۔ ٹل۔ مارفن۔ TRIACETYL MORPHIN یہ دوا ۲۰۶ سے ۲۰۸ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت اور پانی اور الکحل مین بمشکل

ہوتی ہے۔ مگر حموضات مین حل ہوجاتی ہے۔

ٹرائی۔آکسی۔اسٹی ٹوفینان۔مترادف۔گال اسی ٹوفینان۔

TRIOXY ACETOPHENON

ٹرائی۔آکسی میتھل۔اَن تھرا۔کوی نون۔مترادف۔اے موڈن۔

TRIOXY METHYL ANTHLA QIUINONE

ٹرائی۔آکسی میتھی لین۔مترادف۔پیارا فارم۔

TRIOXY METHYLEN

ٹرائی۔او۔ٹونال۔ٹیابلٹس۔ملاحظہ ہو بیان ٹونالز۔

TRIOTONAL TABLETS

ٹرائی۔او۔نال۔مترادف میتھل سلفونال+سلفون ایتھل۔میتھانم+

TRIONAL سلفون۔ایتھل۔میتھان+ڈائی ایتھل سلفون میتھل ایتھل میتھین۔

سفید چمکدار تلخ سفوف۔ایک کو ۳۰۲ حصے پانی ایک کو ۱۱ حصے ۴۵ فی صدی الکحل مین حل ہوتا ہے۔یہ ایک قسم کا ہپناٹک یعنے منوم ہے۔جو سلفونال کے موافق ہے۔مگر بہ نسبت سلفونال یہ زیادہ حل ہوتا ہے۔اسلئے فوری اثر کرتا ہے۔مالیخولیا نیا نیا (دیوانگی) ڈی لیریم ٹرمنس (ہذیان الخمر) اور بچون کی بیخوابی مین استعمال کرتے ہین۔اَن سائینا (بے خوابی) مین سوتے وقت ۱۰ گرین کی خوراک مین دینے سے

فائدہ ہوا ہے۔ شراب تمباکو نوشی سے جو اُن سانپنا (بے خوابی) اور ڈنی لیریم (ہذیان) ہو جاتا ہے۔ ۱۰ سے ۳۰ گرین کی خوراک مین پہلے مرتبہ بعد ازان ہر گھنٹے کے فاصلے سے ۵ گرین ایسا ہی۔ ۹ گرین تک روزانہ دینے سے فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔

۵ سے ۱۰ گرین کی خوراک مین دن مین ۳ مرتبہ کوریا (رعشہ) مین استعمال کرتے ہین۔ برٹش میڈیکل جرنل نامی طبی رسالہ بیان کرتا ہے۔ کہ ۱۵ گرین ہر دوسری شب کو ۱۵ ہفتے تک استعمال کرنے سے سمیت کا اثر ہوتا ہے۔ لیان سنٹ۔ نامی طبی رسالہ بیان کرتا ہے۔ کہ ۵ گرین کے ۲۵ قرص ایک ہی خوراک مین استعمال کرنے سے بہت ہی سخت سمیت کا اثر پیدا کرتا ہے۔ مگر وہ بیمار اچھا ہو جائیگا۔ بعض موقعون مین سلفونال کا اثر نہ ہو تو ٹرونال اور ٹرائی اونال بہت ہی موثر ثابت ہوا ہے۔

مقدار خوراک بچون کے لئے ۵ سے ۱۰ گرین تک جوانون کے لئے ۱۵ سے ۳۰ گرین تک بطور کیاشے یا گم ٹراگیا کینتھ کے ساتھ مکسچر استعمال کرین۔

ٹرائی۔ برومم۔ آلڈی ہیڈ۔ ہیڈریٹ ۔ مترادف۔ بروموال۔ ہیڈریٹ

TRIBROM ALDEHYDE HYDRATE

ٹرائی۔ برومم۔ انی لن ہیڈرو برومڈ۔ مترادف۔ برومائڈ۔

TRIBROM ANILIN HYDRABROMID

ٹرائی۔ برومم ٹرٹی ری بیوٹل الکحل۔ مترادف۔ برومی ٹون

TRIBROM TERTIARY BUTY L ALCOHOL

ٹرائی-برومم-سیالال - مترادف - کازڈال -

TRIBROM SALOL

ٹرائی-برومم-فینال - TRIBROM PHENOL - مترادف - برومال -

ٹرائی-برومم-فینال-بزمتھ - مترادف - زیروفارم -

TRIBROMPHENOL BISMUTH

ٹرائی-برومم-می تھین - مترادف - برموفارم -

TRIBROM METHANE

ٹرائی-برومم-ہیڈرن - TRIBROM HYDRIN - مترادف - آئل ٹرائی برومائڈ -

ٹرائی-بی-زین - یہ ایک قسم کا کیتھارٹک (مسہل) ہے جسمیں حسب ذیل ادویات موجود ہیں -

TRIBERANE

شکر	۷۰ حصے
لکورس (اصل السوس سفوف کیا ہوا)	۲۰ حصے
پلپ سنا (سفوف سنا الکحل سے صاف کیا ہوا)	۲۰ حصے
پرے سی پٹیڈ سلفر	۱۰ حصے
ویانل ان	۰٫۲ حصے

ٹرائی۔پیاٹن۔رائٹ۔ TRYPANROT یہ ایک قسم کا رنگ ہے جو دوائی استعمال کیا جاتا ہے۔ بھورا مائل بہ سرخ رنگ کا سفوف پانی مین حل ہوتا ہے اسکو معدوی سرطان مین استعمال کرتے ہین۔ لیفیاٹک گلانڈ کے اِن فلامیشن مین بھی مفید ہے۔ مذکورۃ الآخر بیماری مین ذیل کے نسخے کی جلدی پچکاری ران مین کرین۔

ٹرائی پیاٹن رائٹ	۷½ گرین
مصنوعی سیرم	۱½ سیال اونس

باہم ملاکر ۳۵ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گرم کرین۔

ٹرائی۔ٹائلز۔ یہ ایک قسم کے اِملشنز ہین جو مائلڈ اِکسٹراکٹ سے بنائے جاتے ہین جسب ذیل ادویہ کے اِملشن فروخت ہوتے ہین۔ TRITOLS

کاڈلیور آئیل ٹرائی ٹائل۔ کیاسٹرائیل ٹرائی ٹائل۔ فی لکس ٹرائی ٹائل۔

ٹرائی۔ٹی پام۔ اس دوا کے ہر ایک جار کے چمچے مین جسب ذیل ادویات موجود ہین۔ TRITIPALM

سایا لمٹو	۳۰ گرین
ٹرائی ٹیکم۔زی۔نیز	مکیڈرام

آلات البول کا مقوی ہے خصیۃ الرحم اور رحم کی بیماریون مین استعمال کرتے ہین۔

ٹرائی۔جی۔مین۔ مترادف۔ ڈائی ہیپٹل۔ امیڈو۔ اَنٹی پائی رین۔ بیوٹل کلورل بیوٹل کلورل ہیڈریٹ کا اثر یائی رامیڈن پر ڈالنے سے TRIGEMIN

بنتا ہے۔ لاپنے سوئی کے مانند قلمین جو ۵ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین یہ بہت ہی خوشبودار اور خوش ذائقہ ہے۔

بطور سڈے ٹیو (مسکن) اور انال جے سک (مسکن اوجاع) استعمال کرتے ہین۔ علاوہ اسکے سری برل نروز (دماغی اعصاب) کے درد و نکوکم کرنے کے لئے بھی مفید ہے

مقدار خوراک - ۹ سے ۱۹ ½ گرین تک دن مین ۲ یا ۳ مرتبہ۔

ٹرائی۔ فارمال۔ TRIFORMOL مترادف۔ پیارا فارم۔

ٹرائی۔ فرال - بامزہ اور خوشبودار مرکب جس مین ۱½ فی صدی ٹرائی فرین TRIFERROL موجود ہے۔ انی میا (کمی خون) کلوروسز اسکروفیولا (خنازیر) اور زک کنڈس (الکساح) مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ایک میز کا چمچہ۔

ٹرائی فرین - مترادف۔ آئرن پیارانک لی نیٹ۔

TRIFERRIN گائے کے دودھ مین پیپسن ملا کر فٹرک سالٹ (حدید کے نمکیات) سے ہتہ نشین کرتے ہین۔ بے مزہ سفوف سوڈیم ہیڈرک سڈ کے سولیوشن مین حل ہو جاتا ہے۔ مگر ہیڈرو کلورک آسڈ مین نہین۔ اسمین ۲۲ فی صدی آئرن۔ ۹ فی صدی نائیٹروجن ۲½ فی صدی فاسفورس موجود ہے۔ انی میا (کمی خون) کلوروسز نیورس تھینیا مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۴½ گرین دن مین ۳ مرتبہ۔

ٹرائی فلو۔ اور۔ می تھین۔ مترادف۔ فلو۔ اورو فارم۔

TRIFLUOR METHANE

ٹرائی فی رن۔ فی نی ٹی ڈن اور پیرو ہیونک آہنڈ کا مرکب ہے۔ یہ مرکب فینا سٹین کے موافق ہے۔ بطور اینٹی پائی رٹیک۔ (دافع حرارت) استعمال کرتے ہین۔

TRIPHERIN

مقدار خوراک۔ ۷ ½ گرین۔

ٹرائی فی۔ ٹامن۔ حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

AMIN

فینو کال ہنڈرو کلورڈ	۲۶ حصے
فینو کال سیالی سلیٹ	۱۰ حصے
فینو کال۔ اسی ٹیٹ	۴ حصے

ٹرائی فینل۔ آکسی۔ آرسونیم کلورڈ۔ ٹرائی فینل آرسن سولیوشن (جو کلورو فارم سے بنایا گیا ہو امین کلورن کو گذارین۔ بعد ازان ایتھر کے ذریعے سے تہ نشین کرینسے بنتا ہے سوئی کے مانند قلمین جو اے اسٹنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین اس مین ۲۰٫۹ فی صدی آرسینک ہم الفاظ موجود ہی۔ بعوض آرسینک استعمال کرتے ہین۔

TRIPHENYL OXY ARSONIUM CHLORID

ٹرائی۔فی۔ین ۔مترادف۔پیرو پیونل فینی ٹی ڈین۔

TRIPHENIN فینا سٹین اور اس دوا مین اتنا ہی فرق ہے کہ بعوض آسیٹک آنہڈ۔پیرو پیونک آنہڈ سے بنائی گئی ہے۔سفید چمکدار بے بو اور تلخ سفوف۔۔۔۲۰ حصے پانی مین حل ہوتا ہے۔مگر ایتھر اور کلوزوفارم مین بخوبی حل ہو جاتا ہے۔

ٹائی فائیڈ فیور نیومونیا۔(ذات الریہ) پلوزی سی (ذات الجنب) اور ان فلوان زا مین بطور انٹی پائی رٹیک (دافع حرارت) ۴ سے ۱۰ گرین دن مین ۳ یا ۴ مرتبہ استعمال کرتے ہین۔سیاٹی کا (عرق النساء) مگرین اور نیورال جیا (عصبی درد) مین بطور انالجے سک (مسکن اوجاع) ۱۵ سے ۲۰ گرین کی خوراک مین مفید ہے۔

ٹرائی۔فی۔نی۔ٹال۔گوانی ڈین کلورل ہیڈریٹ۔یہ ایک قسم کا

TRIPHENETOL GUANIDIN CHLORAL HYDRATE

مقامی مخدر ہے جسکو امراض چشم مین استعمال کرتے ہین۔

ٹرائی۔کری سال۔اس مین ۲۵ فی صدی آرتھو کری سال ۴۰ فی صدی

TRICRESOL میٹا کری سال اور ۲۵ فی صدی پیارا کری سال موجود ہین موافق نسخہ کری سال مندرجہ قرابادین امریکہ۔یہ الکحل ایتھر اور غلیظ روغنیات مین ملجاتا ہے۔۲ فی صدی پانی مین حل ہوتا ہے۔کاربالک آنہڈ سے ۲ حصے زیادہ

طاقتور ہے۔ ۱/۲ سے ایک فی صدی کا سولیوشن جراحی مین استعمال کرتے ہین۔ آنکھ دھونے کے لئے ایک کو ایک ہزار یا ایک کو دو ہزار کا سولیوشن مفید ہے۔ بطور اِن لِس ٹی ٹَل انٹی سپٹک (مزیل عفونت امعاء) ایک یا ۲ منم دن مین ۳ مرتبہ اندرونی استعمال کرتے ہین۔

ٹرائی۔کری۔سال اَمِن - TRICRESOLAMIN حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

ایتھی لن۔ڈیامن	۱۰ حصے
ٹرائی کری سال	۱۰ حصے
پانی	۸۰ حصے

بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) زخمون مین استعمال کرتے ہین۔

ٹرائی کلور۔آئی سو پروپل الکحل مترادف۔ آئی سوپ رال۔

TRICHLOR ISOPROPYL ALCOHOL

ٹرائی کلور۔اَسیٹک آسڈ۔ کلورل ہیڈریٹ پر نائیٹرک آسڈ کا اثر ڈالنے سے بنتا ہے۔ اِس کے TRICHLOR ACETIC ACID بے رنگ قلمین جو ہوا کے اثر سے سفوف ہو جاتے ہین۔ ۵۵ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت پانی اور ۹۰ فی صدی الکحل مین حل ہو جاتے ہین۔ اسیٹک آسڈ کا عوض ہے بہت ہی طاقتور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور کاسٹک (اکال) ہے۔

ایک یا دو فی صدی کا سولیوشن زخمون کو انٹی سپٹک (مزیل العفونت) کرنیکے لئے استعمال کرتے ہین۔ گیاس ٹرک کھٹار (معدے کا زکام) اور سمر ڈیاریا (موسم گرما کے اسہال) مین ۲ سے ۵ گرین ڈائیلوٹ کرکے جوانون اور بچے سے ایک گرین بچونکو کھلاتے ہین۔

اکیوٹ کورٹی زا (حاد زکام) مین ایک یا ۲ فی صدی کا سولیوشن بطور اسپرے (آبشار) استعمال کیا جاتا ہے۔

ٹرائی کلورٹرٹری یری بیوٹل الکحل - مترادف۔ کلوری ٹون۔

TRICHLOR TERTIARY BUTYL ALCOHOL

ٹرائی کلورفینال - TRICHLORPHENOL - مترادف ادمال۔

ٹرائی گیس ریڈل - یہ خالص خمیر ہے جسکو ذیابیطس۔ فیورن کیولوسز اور کرانک ایزیما مین استعمال کرتے ہین۔ TRYGASE RIEDEL

مقدار خوراک - ایک چائے کا چمچہ قبل از غذا۔

ٹرائی نائیٹرو آئی سو بیوٹل ٹولوآل - مترادف۔ ٹان۔ کوئی نال۔

TRINITRO ISO BUTYL TOLUOL

ٹرائی نوفینان - TRINOPHENON - پکرک آسڈ کا سولیوشن ہے

جسکو جلے ہوئے مقامون پر استعمال کرتے ہین۔

ٹرّاٹل ۔ یہ ایک قسم کا صاف کیا ہوا۔ پٹرولیم ہے۔ جس کو بعوض کاڈلیور آئیل سِل اور ششش کے امراض مین استعمال کرتے ہین۔ اس مین کسی قسم کی ناگوار بو نہین آتی۔

TERROL

مقدار خوراک ۔ ایک چار کا چمچہ۔

ٹرّالین ۔ پٹرولیم سے یہ ہیڈرو کاربن نکالا جاتا ہے۔ آلات تنفس کے امراض مین اسکو اندرونی استعمال کرتے ہین۔

TERRALINE

مقدار خوراک ۔ ایک سے ۲ چار کے چمچے تک۔

ٹرّالین ۔ مرہم کی زمین ہے جس مین حسب ذیل دوایات موجود ہین۔

TERRALIN

کیائسم سلفینٹ ۔ کائی اولین ۔ ان فیوز وریل ارتھ ۔ بورک ایسڈ ۔ لیانولین گلیسرن ۔

ٹرا ۔ ماٹال ۔ مترادف ۔ آئی اوڈو ۔ کرئی سال + کرئی سال آئی اوڈو ۔

TRAUMATOL

کرئی سائی لک آسڈ اور آئی اوڈن کا مرکب ہے بنفشی رنگ اور بہت ہی باریک اور بے بو کا سفوف اس مین ۴ ، ۵ فی صدی آئی اوڈن موجود ہے۔ کلوروفارم اور الکالیز مین حل ہوجاتا ہے۔ پانی الکحل اور

آشنڈین حل نہین ہوتا ہے۔ بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔

ٹرپ سوجن - یہ ایک قسم کے قرص ہین جس مین $\frac{1}{100}$ گرین گولڈ برومڈ اور $\frac{1}{100}$ گرین آرسینک برومڈ موجود ہے۔ ذیابیطس گلائی کو میوریا (شکری ذیابیطس) انی میا (کمی خون) کلوروسز کوریا (رعشہ) اور نیورأس تھینیا مین استعمال کرتے ہین۔

TRYPSOGEN

مقدار خوراک - ایک سے ۳ قرص تک بعد غذا۔

ٹرپین آئی اوڈو ہیڈریٹ - مترادف - کرو۔ اے ٹال۔

TERPIN IODO HYDRATE

ٹرپین پلاسٹر TERPIN PLASTER اس پلاسٹر مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

وے شین ٹرپن ٹائین	۳،۵ فی صدی
ریزن	۳ فی صدی
موم	۰،۴ فی صدی
روغن زیتون	۰،۶ فی صدی
بون مارک	۰،۳ فی صدی
چمڑی	ایک فی صدی
اسینس آف پیپر (روح فلفل)	۰،۵ فی صدی

کیالسیم آکسیڈ	۳ء۰ فیصدی
فنرک آکسیڈ	۲ء۰ فیصدی

وجع مفاصل مین اسکو بیرونی استعمال کرتے ہین۔

ٹرپی نائیڈز۔ TERPINOIDS ہر ایک گولی مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

کریوسوٹ	ایک منم
ہیرائین	۱/۴ گرین
ٹرپی ناٹل	۳ منم
یوکالپٹال	ایک منم

ٹرٹیری ایمل الکحل ۔مترادف۔ امی لین۔ ہیڈریٹ۔

TERTIARY AMYL ALCOHOL

ٹروپا۔کوکین ۔مترادف۔ بنزوال سیوڈوٹروپین۔ ٹروپین۔

TROPACOCAIN اس دوا کو پہلے کوکو کے پتون سے بناتے تھے۔ مگر اب بذریعہ حل وعقد کیمیائی بنایا جاتا ہے۔ اسکے ہیڈروکلورائڈ کو بطور مقامی مخدر آنکھون کی جراحی مین استعمال کرتے ہین۔ بہ نسبت کوکین یہ کم سمی ہے۔ ۳/۴ گرین ۱۵ منم پانی مین ملا کر اسپائی نل کنال (پیٹھ کی بانس کی نالی) مین بطور اناجے سک (مسکن اوجاع) جلدی پچکاری کرتے ہین۔ ۷ منم ۵ فیصدی کا

سولیوشن اسپائی نل (حرام مغز) مین انجکشن کرنے سے پیوریپی رَل۔ اک لیا نب شیا مین فائدہ ہوتا ہے۔ بہ نسبت اسٹوَوین۔ نوَوکین۔ یہ قابل اعتبار مخدر ہے جسکو بے خوف وخطر بعوض کوکین استعمال کرتے ہین۔

ٹروپا۔کوکین۔ہیڈرو کلورڈ۔ ملاحظہ ہو بیان ٹروپا کوکین۔

TROPACOCAIN HYDROCHLORID

ٹروپین TROPEIN ۔ مترادف۔ ٹروپا کوکین۔

ٹرو۔فونن ۔ یہ ایک قسم کی پرورش کنندہ غذا ہے جس مین گوشت کا اکسٹراکٹ گیہون کا گلوٹن اور نک لیوا لبیومن موجود ہے۔ TROPHONIN

ٹرونکس سیرم۔ اس سیرم کو اسکلی روہز مین ۴ سے ۴ منم زیر جلد استعمال کرتے ہین۔ اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔ TRUNECK'S SERUM

سوڈیم سلفیٹ	۰٫۴۴ حصے
سوڈیم کلورڈ (نمک خوردنی)	۴٫۹۲ حصے
سوڈیم فاسفیٹ	۰٫۱۵ حصے
سوڈیم کاربونیٹ	۰٫۱۲ حصے
پوٹاسیم سلفیٹ	۰٫۱۲ حصے

پانی ۹۵ حصے

پیاسٹیور فلٹر مین چھان کر ۱۰ فی صدی ری زارسن ملا دین تاکہ محفوظ رہے۔

لٹس۔ٹاڈن ۔مترادف۔لٹس۔ٹن۔

TESTADEN بیل کے خصیون کا اکسٹراکٹ ہے جس مین ملک شگر بھی ملائی گئی ہے۔ایک حصہ برابر ہے۔۲ حصے تازہ گلانڈ سے نیوراس تھے نیا نامردی۔اسپائی نل (حرام مغز) اور اعصابی امراض مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔۱۵ سے ۳۰ گرین تک۔

لٹس۔ٹن ۔ TESTIN مترادف۔لٹس۔ٹاڈن۔

لٹس۔ٹیز ۔خشک سفوف جو بیلون کے خصیون سے بنایا جاتا ہے۔ایک حصہ

TESTES اسکا برابر ہے ۶ حصے تازہ گلانڈ سے لٹس۔ٹاڈن کے موافق اسکے بھی خواص و فوائد ہین۔

مقدار خوراک ۔۹ سے ۳۰ گرین تک۔

لٹس۔سال ۔مترادف۔انٹی پائی رن۔اگ ڈالیٹ۔فینل گلی کال۔

TUSSOL انٹی پائی رن۔میانڈی لیپ آف انٹی پائی رن۔

انٹی پائی رن اور میانڈی لک آسڈ کو گداخت کرنے سے بنتا ہے۔

سفید سفوف جو ۲۵۰ سے ۳۵۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے ہونگ کانگ

(کگر کہانسی امین استعمال کرتے ہین۔
اسکے ساتھ دودہ نہ شریک کرین اسوجہ سے کہ یہ قیض ہے۔

مقدار خوراک ۔۱/۴ سے ۱/۲ گرین تک دن مین ۴ یا ۵ مرتبہ۔

ٹگ مِن ۔ یہ ایک قسم کی وارنش ہے جسکو جلد پر لگاتے ہین۔

TEGMIN اس مین موم اکیشیا پانی زنک آکسائڈ لیتا نولین موجود ہے۔

ٹل سوپائی رن پیاسٹلز ۔ ہر ایک پیاسٹل مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

TILSOPYRIN PASTILLES

آس پائی رن	۱/۲ گرین
آنٹی کیا سفورک	۱/۲ گرین
آرسینک ٹرائی آکسائڈ	۱/۱۰۰ گرین

شش کے ٹیوبرکیولوسز مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ایک پیاسٹل دن مین ۳ مرتبہ۔

ٹل مے رن ۔ بے رنگ قلمین جو پانی مین حل نہین ہوتے ہین۔

TYLMARIN آس پائی رن کے موافق استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۳/۴ سے ۱/۲ گرین تک۔

ٹورل ۔ TORIL گوشت کا اکسٹراکٹ ہے جس مین البیومن

موجود ہے۔

ٹوروسان۔ خون کا مرکب ہے جس مین گوی اسے کاٹل موجود ہے۔

TOROSAN بھورا رنگ اور تلخ حل نہ ہونے والا سفوف جس مین کریوسوٹ کی بو آتی ہے۔ اس کے قرص فروخت ہوتے ہین۔ ٹیوبرکیولوسز مین استعمال کرتے ہین۔

ٹوگو سیمی۔ ماروبا۔ اکسٹراکٹ۔ زرد رنگ کا سیال۔ ۱۵ سے ۷۵ گرین تک اسہال مین

TOGO SIMARUBA EXTRACT استعمال کرتے ہین۔

ٹولل۔ انٹی پائی رن۔ مترادف

TOLYLANTIPYRIN ٹولی۔ پائی رن۔

ٹولو۔ آل۔ شگر سیاکارن کا

TOLUOL SUGAR دوسرا نام ہے۔

ٹولی۔ اسیٹ۔ امڈ۔ مترادف

TOLYACETAMID اسی ٹولواڈ۔

ٹولی۔ پائی رن۔ مترادف۔ ٹولل۔ انٹی پائی رن۔

TOLYPYRIN بے رنگ حل ہونے والا چکدار سفوف جو ۱۳۶ سے ۱۳۷ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے۔

مقدار خوراک - ۵ گرین دن مین ۳ یا ۴ مرتبہ بطور انٹی پائی رٹیک (دافع حرارت) اور انال جے سک (مسکن اوجاع) استعمال کرین۔

ٹولی - پائی - رن سیالی سلیٹ - مترادف - ٹولی سال۔

TOLYPYRIN SALICYLATE

ٹولی - سال - مترادف - ٹولی پائی رن سیالی سلیٹ۔

TOLYSAL ٹولی پائی رن اور سیالی سلک آہنڈ کو گداخت کرنے سے بنتا ہے۔ الکحل مین حل ہوجاتا ہے۔ مگر پانی مین کم - ۱۰۱ سے ۱۰۲ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے۔ اکیوٹ آرٹی کیولر رومیاٹزم (حاد جوڑون کا وجع مفاصل) مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۴۵ سے ۹۰ گرین تک۔

ٹونال - اس مین ۸ فی صدی سلفیورک آہنڈ اور ۵، ۳ فی صدی آلم، ۰ فی صدی فرک آکسڈ موجود ہے۔

TONNAL

ٹونالز - گلی سروفاسفیٹس کے مرکبات کا نام ہے جو حسب ذیل ہین۔

TONOLS ڈیو - اوٹونال ٹیابلیٹس - اس مین ۲½ گرین لائیم ٹونال اور ۲½ گرین سوڈہ ٹونال موجود ہے۔

ٹرائی اوٹونال ٹیابلیٹس - اس مین ۲½ گرین لائیم ٹونال ۲½ گرین سوڈہ ٹونال اور ۲½ گرین اسٹرکنن ٹونال موجود ہے۔

کوارٹونائل اس مین ۲½ گرین لائم ٹونائل ۲½ گرین سوڈہ ٹونائل ½ گرین کوہی ٹونائل ۱/۲۰۰ گرین اسٹرکنن ٹونائل موجود ہے۔

سکس ٹونائل ٹیا بلیٹس۔ ۲ گرین۔ لائم ٹونائل اور ۲ گرین سوڈہ ٹونائل موجود ہے۔

ٹونگالین۔ سترادف۔ لائیکر۔ ٹونگلی۔ سیالی سیلائٹس۔

TONGALINE اس کے ہر ایک ڈرام مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

ٹونگا	۳۰ گرین
اکسٹراکٹ سمی سی۔ فیوگا۔ راسی موزہ	۲ گرین
سوڈیم سیالی سلیٹ	۱۰ گرین
بلو کارپن سیالی سلیٹ	۱/۱۰۰ گرین
کالچی سن سیالی سلیٹ	۱/۵۰۰ گرین

ٹونگالین۔ ٹیا بلیٹس۔ **TONGALINE TABLETS** ہر ۶ گرین کے قرص مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

فلوئیڈ اکسٹراکٹ آف ٹونگا	ایک گرین
سوڈیم سیالی سلیٹ	۵ گرین
سمی سی۔ فیوجن سیالی سلیٹ	½ گرین
بلو کارپن سیالی سلیٹ	۱/۲۰۰ گرین

کالچی سن سیالی سلیٹ	½ گرین

ٹونو جی نم سپراری نل - سپراری نل گلانڈ کا عوض ہے جو اوڈری نالن کلورائڈ کے موافق ہے اسمین

TONOGENUM SUPRARENALE

۲۵ ڈرام (وزن کیا ہوا) پانی ۱½ گرین سپراری نل گلانڈ اکسٹراکٹ ۷½ گرین کلورٹی ن ۱۰½ گرین۔ سوڈیم کلورائڈ موجود ہے۔

ٹونو سمبل - یہ ایک قسم کا مرکب ہے جسمین اکسٹراکٹ آف سنبل آئرن سنکونہ اور آسڈ فاسفیٹس موجود ہین۔ ڈسپیپسیا (بدہضمی)

TONO SUMBUL

اور اعصاب کی کم قوتی مین استعمال کرتے ہین۔

ٹونو۔ نروامین ٹیابلیٹس - اِن قرصون مین حسب ذیل ادویات موجود ہین

TONO NERVINE TABLETS

فنائی کاربونس	ایک گرین
اکسٹراکٹ ڈامیانا	ایک گرین
اکسٹراکٹ سنبل (رب سنبل الطیب)	½ گرین
ہینگ	½ گرین
فاسفورس	۱/۱۰۰ گرین

ٹونی نروِن - کوی ہنٹ کا بخوبی حل ہونے والا نمک ہے۔

TONINERVIN

½ گرین کی خوراک مین بطور انٹی فرمنٹ (مانع تخمیر)

اور ۱½ سے ۴½ گرین کی خوراک مین بطور انٹی پائی رٹیک (دافع حرارت) استعمال کرتے ہین۔

ٹی۔بی۔سن۔ یہ ایک قسم کی سیرم ہے۔ جو اُن جانورون سے نکالی جاتی ہی۔ جن پر ٹیوبر کیولن بیاسی لی کا اثر ڈالا گیا ہے۔ TEBECIN

ٹی۔سانا۔ڈی۔پیورا ٹیوا حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

TISANA DEPURATIVA

ولیریں	۳ حصے
جنشن (جنطیانہ)	۳ حصے
وایولا۔ٹرائی کلر	۳ حصے
سارسا پریلا (عشبہ)	۳ حصے
سنا (الکحل سے صاف کیا ہوا ہو)	۳ حصے
سوڈیم بائی کاربونیٹ	۲ حصے

ٹی۔سو۔پائی۔رن۔ TISOPIRIN یہ ایک قسم کے پیاسٹکر ہین جسمین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

آس پائی رن	۱½ گرین
آرسی لس آسڈ	۱/۲۰ گرین
کیا مفورک آسڈ	۱½ گرین

ٹیوبر کیولوسز مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔۴ پیاسٹلز روزانہ اور ہر چوتھے دن خوراک زیادہ کرتے جائین تا وقتیکہ روزانہ ۱۰ پیاسٹلز نہون۔

ٹی۔ نو۔ لیم ۔ یہ ایک قسم کا مرکب ہے جسکے خواص و فوائد کا ڈلیور ائیل کے موافق ہین۔ TINNOLEUM

ٹی۔ نیال ۔ یہ ایک قسم کا مرکب ہے جسکو کدو دانون کے علاج مین استعمال کرتے ہین۔ اسمین سی پی۔ رال ڈائی تہائی مال سیالی سلیٹ اور ائیل آف ٹرپن ٹائین موجود ہے۔ TAENIOL

ٹی۔ نیال۔ (فنک) نرم جیلاٹن کے کیاپسلز ہین جس مین رائیزام بے لیا اور کمیلا کے قوی الاثر جوہر فعّال موجود ہین۔ TAENIOL FUNCK

ٹیابلیٹ۔ ٹی۔ انٹی اپی لیپٹیکا ۔ ان قرصون مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔ TABLETTAE ANTIEPILEPTICA

وبائی ڈال۔ پوٹاسیم برومڈ۔ سوڈیم برومڈ۔ امونیم برومڈ۔ صراع مین استعمال کرتے ہین۔

ٹیابلیٹ۔ ٹی۔ ٹے۔ وِل ۔ ان قرصون مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔ TABLETTAE TAVEL

سوڈیم کاربونیٹ	۳۷½ گرین
سوڈیم کلورائڈ (نمک خوردنی)	۱۱۲½ گرین

ایک قرص ایک لیٹر یعنے ۳۵ ۱/۴ سیال اونس پانی مین حل کرنے سے ٹے وَل کا سولیوشن بنتا ہے۔ جسکو جراحی مین استعمال کرتے ہین۔

ٹیا فو سائٹ ۔ مترادف ۔ ٹیاہن کریوسوٹ فاسفارک ایسڈ۔

TAPHOSOT بھورا مائل بہ زرد رنگ گاڑھا سیال ڈیاریا (اسہال) مین مفید ہے۔ اس کے کیاپسلز فروخت ہوتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۳ سے ۶ کیاپسلز تک روزانہ

ٹیا کائی سان ۔ شفاف سیال جس مین منتہال کی بو آتی ہے۔ اس مین

TACHYSAN کیامفر منتہال اور آئیل آف پیپرمنٹ موجود ہے۔

ٹیا کا ڈیاسٹیز ۔ بھورا رنگ سفوف جو بوریم اوری فنگس (ایک قسم کے جراثیم) کا اثر گیہون کے

TAKA DIASTASE بھوسے پر ڈالنے سے بنتا ہے۔ ایک حصہ اِسکا ۱۰۰ حصے اسٹارچ (نشاستہ) کو شکر بنا دیتا ہے۔ خصوصاً اسکو اُس بدہضمی مین استعمال کرتے ہین کہ جو نشاستہ دار غذا کو معدہ ہضم نہ کرسکے نقرس کے سبب سے جو ڈس پیپسیا (بدہضمی) ہو جاتا ہے۔ اُس مین ۲½ گرین کا قرص قبل از غذا استعمال کرنے سے بہت ہی فائدہ ہوا ہے۔

مقدار خوراک ۔ ۵ سے ۱۰ گرین تک۔

ٹیاکیال - TACHIOL مترادف - آرجنٹی فلورائیڈم + آرجنٹم فلوراورائم فلوا اوریسلور -

سیالی پن۔ SALIPIN یہ ایک قسم کا مرہم ہے جس مین ۱۰ فی صدی سیالی سلک آسڈ اور فنزارر وغنیات موجود ہین۔

سیالی تہائی مال۔ مترادف ۔ سیالی سلک تہائی مال ایسٹر تہائی مال سیالی سلیٹ۔ SALITHYMOL

سفید چمکدار سفوف۔ پانی مین حل نہین ہوتا ہے الکحل اور ایتھر مین حل ہو جاتا ہے سیالی مال کے سے اسکے بھی خواص و فوائد و خوراک ہین۔

سیالی ٹیانال۔ سیالی سلک اور گیالک آسڈ کی تصعید سے حاصل ہوتا ہے۔ SALITANNOL

سفید سفوف تمام قسم کے محلات مین حل نہین ہوتا ہے۔ بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔

سیالی جی نن۔ مترادف۔ ڈیا سیتھے زن + آر ہیو آکسی بنزل الکحل + سیالی سل الکحل فارمال ڈی ہیڈ کا اثر فینال پر ڈالنے سے بنتا ہے SALIGENIN بے رنگ قلمین جو ۶ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین۔ الکحل اور گرم پانی

ہین حل ہوجاتے ہین - مزمن وجع مفاصل ملیریا اور ٹائی فس اور نقرس مین استعمال کرتے ہین

مقدار خوراک - ۷½ سے ۱۵ گرین تک

سیالی سل - اسیٹک فنے لی ڈین - مترادف - فینوسال -

SALICYL ACETIC PHENETIDIN

سیالی سل - آلڈی ہیڈ - پیرا فنے لی ڈین - مترادف - ملاکن

SALICYL ALDEHYD PARAPHENETIDIN

سیالی سل الکحل - SALICYL ALCOHOL مترادف - سیالی جی نن -

سیالی سل امڈ - بے رنگ چمکدار ٹکڑے الکحل اور ایتھر مین حل ہوجاتے ہین

SALICYL AMID ۳۰۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے

ہین - وجع مفاصل اور نقرس مین استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۲½ سے ۳ گرین تک ہر ۳ گھنٹے کے فاصلے سے -

سیالی سل انی لڈ - SALICYL ANILID مترادف -

سیالی فرن -

سیالی سل میتھل فنیل ہیڈرازن - مترادف - اگے ہین -

SALICYL METHYL PHENYL HYDRAZIN

سیالی سلک اسٹی ٹال - SALICYLIC ACETAL مترادف -

سال اسی ٹال -

سیالی سلک ایسٹر آف بورنیال - مترادف - سیالیٹ -

SALICYLIC ESTER OF BORNEOL

سیالی سلک تھائی مال ایسٹر - مترادف - سیالی تھائی مال -

SALICYLIC THYMOL ESTER

سیالی سلک فینیل ایسٹر - مترادف - سیالال -

SALICYLIC PHENYL ESTER

سیالی سلک کریوسوٹ ایسٹر - مترادف - سیالوکریال -

SALICYLIC CREOSOTE ESTER

سیالی سلک کوی نن ایسٹر - مترادف - سیالوکوی نن -

SALICYLIC QUININ ESTER

سیالی سلک گلیسرن ایسٹر - مترادف - گلی کوسال -

SALICYLIC GYLCERIN ESTER

سیالی سلک گلیسرو فارمل ایسٹر - مترادف - پرولوسال -

SALICYLIC GLYCERO FORMYL ESTER

سیالی سلک میتھاکسی میتھل ایسٹر - مترادف - میسوٹان -

SALICYLIC METHOXY METHYL ESTER

سیالی سلک منتھال ایسٹر - مترادف - سیالی منتھال -

SALICYLIC MENTHOL ESTER

سیالی سلک مونوگلی کال ایسٹر - مترادف - اسپی روسائل -

SALICYLIC MONOGLYCOL ESTER

سیالی سلک میتھل ایسٹر - مصنوعی ونٹرگرین آئیل جو بذریعہ حل وعقد کیمیائی

SALICYLIC METHYL ESTER بنایا گیا ہے -

سیالی سلک میتھی لین اسی ٹیٹ - مترادف - ان دو فارم -

SALICYLIC METHYLENE ACETATE

سیالی فارمن - مترادف - یورو ٹروپین سیالی سلیٹ - یکسا میتھی لین ٹیٹرامن

SALIFORMIN سیالی سلیٹ یا فارمن سیالی سلیٹ -

یورو ٹروپین کا سیالی سلیٹ ہے ہموزن یورو ٹروپین اور سیالی سلک ایسڈ کو پانی مین حل کرکے حرارت پر خشک کرنے سے بنتا ہے - سفید چمکدار سفوف پانی اور الکحل مین بخوبی حل ہوتا ہے - حدید کے مرکبات اسکے تقیضات ہین - آلات البول کا بہت ہی عمدہ انٹی سپٹک (مزیل العفونت) ہے بطور محلل یورک ایسڈ دیسٹائی سس (سوزش مثانہ) اور ریتیا سز (خون مین یورک ایسڈ کا زیادہ ہونا) مین استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۱/۲ سے ۳ گرین تک -

سیالی فبرن - SALIFEBRIN مترادف سیالی سل انی لڈ -

سیالی سلک ایسڈ اور انٹی فبرن کا مرکب ہے -

سیالی گالال ۔مترادف ۔پائی روگالل ڈائی سیالی سلیٹ ۔

SALIGALLOL سخت لگدی جو ۲ حصے اسی ٹون اور ۱ حصے کلورو فارم مین حل ہوتی ہے ۔۳۳ فی صدی اسی ٹون ملاکر جلدی امراض مین بطور وارنش استعمال کرتے ہین ۔

سیالی منتہال ۔مترادف ۔سیالی سلک منتہال ایسٹر ۔

SALIMENTHOL زرد رنگ اور بے مزہ سیال ہموزن سیالی سلک ایسڈ اور منتہال کا مرکب ہے ۔بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور مسکن درد ۔ وندانساری اور حادہ مزمن وجع مفاصل مین استعمال کرتے ہین ۔۳ سے ۴ گرین کی خوراک مین اندرونی استعمال کرتے ہین ۔۲۵ فی صدی کا مرہم بیرونی استعمال کرتے ہین ۔

سیالی نیا فتہال ۔ SALINAPHTHOL مترادف ۔

بی مثال

سیان ٹاسال ۔ SANTASOL حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے ۔

روغن صندل ۔کباب چینی ۔پی منٹو (فلفل حلو) روغن بلسان ۔بالسم پیرو ۔بکو ۔

آلات البول کی بیماریون مین استعمال کرتے ہین ۔

مقدار خوراک ۔۲ سے ۴ میز کے چمچے تک ۔

سیان ٹالال SANTALOL مترادف ۔گو ۔نوردال ۔

سیائن ٹالال فارمال ڈی ہیڈ۔ روغن صندل پر فارمک آلڈی ہیڈ کا اثر ڈالنے سے بنتا ہے۔ گردہ اور مثانے کے اُن فلامیشن (التہاب) مین استعمال کرتے ہین۔ SANTALOL FORMALDEHYD

سیائن ٹل۔ SANTYL سیائن ٹالال کا سیالی سلک کے ٹنٹ اسپرٹ ہے زرد رنگ روغنی سیال اس کا وزن متناسبہ ۰٫۷ ہوا ہے۔ ۱۲۱ سے ۱۲۶ سنٹی گریڈ کی حرارت پر کھولتا ہے۔ خوشبودار اور بامزہ سیال جس مین ۶۰ فی صدی سیائن ٹالال موجود ہے۔ روغن صندل زمانہ دراز تک استعمال کرنے سے گردون مین خراش ہوتی ہے۔ اس کے استعمال سے خراش نہوگی۔ یہ معدے مین متفرق نہین ہوتا ہے۔ مگر امعا مین جاکر متبدل ہوجاتا ہے۔ حادسوزاک اور پوستی ریریوری تہرائی ٹس (مجری بول کی سوزش) یوری تہروسٹائی سس مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ۳ کیاپسلز دن مین تین مرتبہ ۱۵ سے ۳۰ منم تک۔

سیائن ٹل (زاڈک)۔ کیاپسلز ہین جسکے ہر ایک مین حسب ذیل ادویات ہین۔ SANTAL (ZADEK)

روغن صندل	۷½ گرین
سیالال	۳۰ فی صدی

سیائن ٹل سیالال۔ کیاپسلز ہین جسکے ہر ایک مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔ SANTAL SALOL

روغن صندل	۴ ½ گرین
سیال لال	۲ ½ گرین

سیان ٹل (گروارٹنر) - جیلاٹن کے کیاپسلز ہین جس مین روغن صندل اور اکسٹراکٹ کیوبب (رب کباب چینی) موجود ہے۔

SANTAL (GROETZNER)

سیان ٹل - مونال - جیلاٹن کے کیاپسلز ہین جسکے ہر ایک کیاپسل مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

SANTAL MONAL

مثیتھی لن بلو	½ گرین
بالسم کوپے با (روغن بلسان)	½ گرین

سوزاک مین استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۲ سے ۴ کیاپسلز تک -

سیان ٹونی ناک سم - سیان ٹونن کا مستخرج ہے سفید سفوف پانی مین حل نہین ہوتا ہے - الکحل مین حل ہوجاتا ہے - ۱۷۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے - بہ نسبت سیان ٹونن اسمین کم سمیت ہے -

SANTONINOXIM

مقدار خوراک - ۲ سے ۳ سال کے بچے کے لئے ½ گرین ۶ سے ۹ سال کے بچون کے لئے ¾ گرین -

سیانان کیاپسلز۔ SANON CAPSULES — ان کیاپسلز مین

حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

سیالال	۳ حصے
کیوب آئیل (روغن کباب)	۳ حصے
روغن صندل	۱۰ حصے
ٹرپین	۱۵ حصے

سیانڈ کیاپسلز۔ SANID CAPSULES — حسب ذیل ادویات کے کیاپسلز ہین۔

روغن صندل	۱۰ حصے
سیالال	۳ حصے
کیوبے بن	۳ حصے
ٹرپی نال	ایک حصہ

سیانزکی نال۔ اوزون کا اثر ادویات ذیل کے سولیوشن پر ڈالنے سے بنتا ہے۔ SANSCHINOL

کوی نن ہیڈروکلورڈ	ایک ڈرام
پانی	۳½ اونس

زرد کسیقدر بھورا رنگ سیال۔ ملیریا کے بخارون اور ٹیوبرکیولوسز مین استعمال

کرتے ہین۔

سیاٹن گن۔ SANGAN مترادف ہی ماٹن۔

سیانوز۔ پرورش کنندہ البیومن ملی ہوئی غذا ہے جس مین ۸۰ فی صدی
SANOSE کیازین اور ۲۰ فی صدی البیوموز موجود ہے۔

سیانوسن۔ مترادف۔ تھی یوکا لپٹاٹل۔

SANOSIN یہ ایک قسم کے بیاٹسٹلز ہین جسکے بخارات ٹیوبرکیولوسز مین روشن کرکے سنگھاتے ہین۔ اسمین گندھک۔ کوئلایوکالپٹس کے پتون کا سفوف اور یوکالپٹس آئل موجود ہے۔

سیانوفارم۔ مترادف۔ آئی اوڈوزان۔ ڈائی آئی اوڈوسیالی سلک
SANOFORM میتھل ایسٹر۔

آئی اوڈین کا اثر آئیل آف وٹرگرین پر ڈالنے سے بنتا ہے۔ اس مین ۶۲٫۷ فی صدی آئی اوڈین موجود ہے۔ سفید خمکدار قلمین جو ۱۱۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین۔ پانی مین حل نہین ہوتے ہین۔ احصہ گرم پانی مین حل ہوجاتے ہین۔ ایتھر اور ویازلین مین بخوبی حل ہوجاتے ہین۔ اسکو بعوض آئی اوڈوفارم استعمال کرتے ہین۔ اس دوا کے حسب ذیل مرکبات ہین۔

سیانوفارم ڈسٹنگ پاؤڈر۔ اسمین ۳۰ فی صدی سیانوفارم موجود ہے۔

سیانوفارم آئنٹمنٹ۔ ۱۰ فی صدی سیانوفارم موجود ہے۔

سیانو فارم سیازی ٹوریز۔ ۱۰ فی صدی سیانو فارم موجود ہے۔
سیانو فارم بونزیز۔ اسمین ۱۰ فی صدی سیانو فارم موجود ہے۔
سیانو فارم گاز۔ اس مین ۱۰ فی صدی سیانو فارم موجود ہے۔
سیانو فارم کوکے نال۔ اسمین ۱۰ فیصدی سیانو فارم اور ۱۰ فی صدی السی
تھے زن موجود ہے۔

سیانو فارمے ۔ یہ ایک قسم کا انٹی سپٹک (مزیل العفونت) ہے۔
SANOFORME جس مین فارمک آلڈی ہیڈ موجود ہے۔ ایک میز کا چمچہ ایک
لیٹر یعنے ۳۵ سیال اونس پانی مین ملاکر استعمال کرتے ہین۔

سیانی ٹاس ۔ سیانی ٹاس کا روغن اور سیانی ٹاس کا سیال حسب ذیل
SANITAS ترکیب سے بنایا جاتا ہے۔ روس کے ملک کا ٹرپن ٹائین
اور بابی کو باہم ملاکر اس مین سے ہوا کو ۱۰۰ سے ۳۰۰ گھنٹہ تک گذارتے ہین۔ پہلے
دونون ادویات کو ۱۴۰ فارن ہیٹ کی حرارت پر گرم کرلین۔ سیانی ٹاس آئل کا
وزن متناسبہ ۰٫۹۵۰ سے ۰٫۹۶۰ تک ہے بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت)
جلے ہوئے مقامون پھوڑے آسرز اکزیما اور جلدی امراض مین بیرونی استعمال
کرتے ہین۔ بطور ڈش انفکٹنٹ (دافع سم وبائی) بھی استعمال کرتے ہین۔
سیانی ٹاس فلوئیڈ بے رنگ اور خوشبودار سولیوشن ہے بطور انٹی سپٹک
(مزیل العفونت) اور ڈش انفکٹنٹ (دافع سم وبائی) استعمال کرتے ہین۔

سیانی ٹاس آئیل کو سل۔ امراض سینہ اور گلے مین اندرونی استعمال کرتے ہین۔ اس علاج مین سیانی ٹاس اُنٹی سپٹیک بیا سٹار بھی کھلاتے ہین۔ اور ایک جیبی اگالدان جسکا نام سیانی ٹاس باکٹ اسپیٹ ٹون ہے بیمار کو تھوکنے کے لئے استعمال کرتے ہین اسکے ساتھ بھوسا یا الکحل یا مٹھی لے ٹیڈ اسپرٹ ملا کر بطور اُنٹی سپٹیک (مزیل العفونت) بیمار کے کمرے مین چھڑکتے ہین۔ ایک کو ۸ حصے یا ۲۰ حصے روغن زیتون ملا کر جراحی، جلدی امراض مین بطور اُنٹی سپٹیک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔

سیانی ٹاس۔ ۸۰ فی صدی آلبارجن کا سولیوشن ہے۔ بطور مانع سوزاک SANITAS استعمال کرتے ہین۔

سیانی ٹاس اوکال۔ ٹار آئیڈ ز کا امشن ہے۔ بطور ڈس انفکٹنٹ SANITAS OKOL (دافع سم وبائی) اور اُنٹی سپٹیک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔ پانی مین ملانے سے دودھ کے رنگ کا امشن ہوتا ہے کاربالک ایسڈ سے ۲۰ حصے اُنٹی سپٹیک (مزیل العفونت) طاقت زیادہ ہے۔

سیانی ٹال۔ SANITOL پوٹاسیم سلفوگوئی اے کولیٹ کا شربت ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

پوٹاسیم سلفوگوئی اے کولیٹ	۷ حصے
فلوئیڈ اکسٹراکٹ آف ارنج پیل (سیال برقشہ نارنج)	۳ حصے
شربت (شربت) معہ ادویہ	۱۰۰ حصے

سیانی لال - SANELAL ۳۳½ فی صدی سالن کا مرہم ہے۔
وجع مفاصل مین استعمال کرتے ہین۔

سیاوولاٹ - SAVOLAT بھورے رنگ کے سیاوولاٹ مین
حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

کلوزائیل (روغن لونگ)	۲½ ڈرام
ڈائیلوٹ الکحل	۱۵½ اونس
اسپرٹ امونیا	۷ ۱۲/۱۲ اونس

سفید سیاوولاٹ مین اسپرٹ امونیا موجود ہے۔

سیرم آئی اوڈاٹم - SERUM IODATUM حسب ذیل ادویات کا
سولیوشن ہے۔

پوٹاسیم آئی اوڈائڈ	۳۰ گرین
سوڈیم کلورائڈ	۱½ ڈرام
سوڈیم سلفیٹ	۳۰ گرین
پانی	۳۳½ سیال اونس

سفلس (آتشک) کے سبب سے جو دماغی امراض ہوتے ہین۔ اُس مین استعمال
کرتے ہین۔

سیرم اسنیک پائی زن - SERUM SNAKE POISON

مترادف ۔ اَنٹی وِن نوزم + اَنٹی وینن ۔

یہ سیرم سانپ کے زہر کا تریاق ہے ۔ یہ اون گھوڑوں کے سیرم سے نکالی جاتی ہے جنکو سانپ کے زہر کی پچکاری کرنے سے برداشت کرنے کے قابل ہوگئے ہیں ۔ یہ زہر مردہ سانپوں سے نکالا جاتا ہے ۔ زہر کی تھیلی کو نکال کر آب مقطر میں حل کریں ۔ اس سولیوشن کو سلفورک آسڈ پر رکھکر دیا کم پایان (جو ایک قسم کا آلہ ہے) میں اڑا دیں ۔ زندہ سانپوں سے اس زہر کو اس طریقہ سے نکالتے ہیں ۔ ربر لگے ہوئے کٹورے زندہ سانپوں کے سامنے رکھ دیتے ہیں ۔ ان کٹوروں کو سانپ ڈستے ہیں تو وہ کٹوروں میں جمع ہو جاتا ہے ۔ زرد مائل کسیقدر بھورا رنگ سیال سانپ کے زہر کا کیمیائی تجزیہ کرنے سے معلوم ہوا ہے کہ اسمیں گلوبیولن اور پیپٹون موجود ہے ۔ ناگ سانپ کے زہر میں ۹۸ فی صدی پیپٹون اور ۲ فیصدی گلوبیولن موجود ہے ۔ ریاٹل اسنیک (ایک قسم کا سانپ) کے زہر میں ۲۵ فی صدی گلوبیولن اور ۷۵ فی صدی پیپٹون موجود ہے ۔ گلوبیولن کا اثر یہ ہوتا ہے کہ مقام ماؤف متورم اور درد انگیز ہو جاتا ہے ۔ اور پیپٹون کا اثر تشنج اور پیرالی سز پیدا کرتا ہے ۔ ڈاکٹر کیاملیٹ کا اَنٹی وینن حسب ذیل طریقہ سے بنایا جاتا ہے ۔ ۸۰ فیصدی ناگ سانپ کا زہر اور ۲۰ فیصدی وائی پر نامی سانپ کا زہر ملا دین اسکو ناگ سانپ کے تریاق کے طور استعمال کرتے ہیں ۔ وائی پر نامی سانپ کے زہر پر اسکا کوئی اثر نہیں ہوتا ہے ۔

مقدار استعمال ۔ ۱۰ سے ۴۰ ملی لیٹر (۱۶۸ منم سے ایک اونس ۱۹۵ منم) لیکر مقام ماؤف کے قریب جلدی پچکاری کریں۔ اگر کچھ ڈس کر دقفہ ہوا ہو تو ۱۰ ملی لیٹر (۱۶۸ منم) اور پچکاری کریں۔ جتنا جلد ہو سکے اس سیرم کی پچکاری کرنیکی کوشش کیجاوے۔ ایک کپڑہ اسکے اوپر کھینچکر باندہ دیا جاوے۔ زخم کو کھولکر کلوری نے ٹڈ لائیم کی پچکاری کریں۔ یا پوٹاسیم پرمیانگنیٹ اس جگہ مین بھر دین۔ ایتھر اور امونیا لگاوین۔ اسٹرکنن کی جلدی پچکاری کریں۔

سیرم آنٹی آرتھرائی ٹیکم (گاب) اس سیرم مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔ SERUM ANTIARTHRITICUM (GAUB)

پوٹاسیم کلورائڈ	۲۸۸ ۳/۴ گرین
سوڈیم کلورائڈ	۱۱۲ ۱/۲ گرین
کیلسیم آئی اوڈائڈ	۹ ۹/۲۰ گرین
میاگنیزیم کلورائڈ	۲۸ ۱/۵ گرین
کیفین	۲ ۱/۲ ڈرام

۲۴ گھنٹہ تک رکھ کر اس مین ۲۵ کیوبک سنٹی میٹر یعنے ۵/۶ سیال اونس چربی لارل واٹر ملا دین آرتھرائی ٹس (جوڑون کی سوزش) مین استعمال کرتے ہین

مقدار استعمال ۔ ۱ سے ۵ منم زیر جلد پچکاری کریں۔

سیرم آنٹی اسٹرپٹوکاکسک ۔ یہ سیرم اون گھوڑون سے نکالی جاتی ہے SERUM ANTISTREPTOCOCCIC

کہ جن کو اسٹریپٹو کا کسی کا اثر یہانتک ڈالیں کہ وے برداشت کرنے کے قابل ہوجاوین اور انکو کوئی زہریلا مرض نہو۔ سُرخ بادہ پیوریپی رَل فیور (سمی بخار جو بعد وضع حمل ہوتا ہے) اسکارلٹ فیور سیپٹی سی میا (تمام بدن مین مادۂ سم پیدا ہو جانا) بران کو نیومونیا مین زیر جلد استعمال کرتے ہین۔

مقدار استعمال ۔ ۲۰ کیوبک سنٹی میٹر (۲/۳ سیال اونس تک) بعد ۲۴ گھنٹے کے ۔ ۱ کیوبک سنٹی میٹر (۱/۳ سیال اونس) استعمال کرین۔

سیرم ۔ انٹی تھائی رائیڈ ۔ یہ سیرم اون بکرون سے نکالی جاتی ہے کہ جن کا کہ تھائی رائیڈ گلانڈ نکال دیا SERUM ANTITHYROID گیا ہو۔ ۵ ر۰ فی صدی فینال (کاربالک آسڈ) محفوظ رکھنے کے لئے ملایا گیا ہے۔ گریوز ڈیز کے امراض میں ۵ ر۰ سے ایک کیوبک سنٹی میٹر (۸ ½ سے ۱۷ منم تک) دن مین ۳ مرتبہ استعمال کرتے ہین۔ ذیابیطس اور اکسوتھالمک گائی ٹر مین مفید ثابت ہوا ہے۔

مقدار خوراک ۔ ۸ منم دن مین ۳ مرتبہ پلاوین۔ بتدریج ۷۵ منم تک زیادہ کرین۔

سیرم ۔ انٹی ڈی سن ٹرک ۔ یہ سیرم جانورون کے خون سے نکالی SERUM ANTIDYSENTERIC جاتی ہے جنکو کہ ڈی سنٹری (پیچش) کے بیاسی لس (جراثیم) کا اثر اتنا ڈالا گیا ہو کہ وہ ڈی سنٹری (پیچش)

سے محفوظ رہ سکین۔ متعدی بیچشیں مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار استعمال ۱۰ سے ۲۰ کیوبک سنٹی میٹر (½ سے ½ سیال اونس) تک

سیرم انٹی رومیاٹک ۔ اس سیرم کو آرٹی کیولر رومیاٹزم (جوڑونکا ورم) مفاصل مین استعمال کرتے ہین

SERUM ANTIRHEUMATIC

۲۰ سے ۵۰ کیوبک سنٹی میٹر (½ سے ۱½ سیال اونس) تک استعمال کرین۔ اسکے استعمال سے بخار اور سوجن ہوتی ہے مگر بعد ایک ہفتہ کے کم ہو جاتی ہے

سیرم انٹی نیومو کاکسک ۔ نیمو کاکسک کا اثر گھوڑون اور بکرون پر

SERUM ANTIPNEUMOCOCCIC ڈالنے سے بنتی ہے۔ ابتدائی نیمونیا (ذات الریہ) مین استعمال کرتے ہیں۔

مقدار استعمال۔ ۱۰ سے ۳۰ کیوبک سنٹی میٹر تک (½ سے ایک سیال اونس)

سیرم انٹی وِن نوزم ۔ مترادف۔ سیرم اسنیک بائی زن۔

SERUM ANTIVENNOSUM

سیرم بائی کلورائیڈم SERUم BICHLORIDUM حسب ذیل ادویات کا سولیوشن ہے۔

مرکیورک کلورائیڈ ، ½ گرین

سوڈیم کلورائڈ	۳۰ گرین
فینائل یعنے کاربالک آسڈ	۳۰ گرین
ڈسٹلڈ واٹر	۲½ اونس

آتشک مین زیر جلد استعمال کرتے ہین۔

سیرم۔ برو۔ مے ٹڈ - SERUM BROMATED اس سیرم مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

سوڈیم برومائڈ	۱½ ڈرام
سوڈیم کلورائڈ (نمک خوردنی)	۲۲½ گرین
ڈسٹلڈ واٹر (آب مقطر)	۱۳۔ اونس ۲ ڈرام

سیوڈوفارمال - نرم صابون ہے جسمین ۱۰ فی صدی فارمالڈی ہیڈ ملایا گیا ہے۔ سی بوریا (بفا) مین استعمال SUDOFORMAL کرتے ہیں۔ ۴ فی صدی فارمالن کا صابون اوزارون کو ڈس انفکٹ (دافع سم وبائی) کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین۔

سیوڈال - SUDOL اس مین ۶۵ فی صدی ڈل فیائٹ ۵ فی صدی گلی سرول۔ ۵ فی صدی بنزاراہن اسنٹمنٹ۔ ۳ فی صدی فارمال ڈی ہیڈ اور ۵ فی صدی آئیل آف ونٹر گرین موجود ہے۔

باب فا

فائی برولائی سن ۔ تھیوسینامن کے الکحل سے بنائے ہوئے سولیوشن کو زیر جلد استعمال کرنے سے درد ہوتا ہے اسلئے FIBROLYSIN

ڈاکٹر ایف منڈل نے اسکا مائی سولیوشن تیار کیا ہے۔ جسکے استعمال سے درد نہوگا اس مائی سولیوشن کا نام فائی برولائی سن رکھا۔ ایک حصہ تھیوسینامن اور ۱½ حصہ سوڈیم سیالی سیلیٹ کو باہم ملانے سے سفید چمکدار سفوف حاصل ہوتا ہے جو ٹھنڈے پانی مین بخوبی حل ہوجاتا ہے۔ اس سولیوشن پر ہوا اور روشنی کا اثر ہوتا ہے اسلئے کانچ کی جہازی ہوئی تلیون مین فروخت ہوتا ہے ہر ایک مین ۲ ر ۲ کیوبک سنٹی میٹر یعنے ۳۹ منم (۱½ حصے فائی برولائی سن اور ۸ ½ حصے پانی کا سولیوشن) موجود ہے ہر ایک ٹیوب مین ۳ گرین خالص تھیوسینامن موجود ہے۔ رومیاٹائیڈ آرتھرائی ٹس (وجع مفاصل کے سبب سے جو جوڑون کی سوزش ہوتی ہے) اور بہت پرانی یوریٹری تھرل اسٹرکچر (کسی دبا ؤیا سوجن کے سبب سے احلیل کا تنگ ہوجانا) مین مفید ہوا ہے۔ گیاسٹرک کو ہی ژن (تنگی معدہ) مین بھی استعمال کرنے سے بہت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔ پری گیاسٹرک آوہی ژن پائی لورک اسٹرکچر (تنگی بواب) اور گلاس اسٹمک (معدہ کا بیچ مین سے اینٹھ جانا) اور ان حالتون مین کہ جہان نیا ٹشو (بافت) پیدا ہونے والا ہے۔ ایسے موقعون میں ۱۰ فی صدی کا سولیوشن جس مین ۷۰ حصے پانی اور ۲۰ حصے الکحل ہو زیر جلد استعمال کرتے ہین

پائی لورہس کے ہائی پرٹروفی (لواب کا مٹاپا) مین بھی بہت ہی مفید ہے۔ افیصد سولیوشن۔ ۱منم روزانہ زیر جلد پچکاری کرین ایک ہفتہ تک بعد ازان ۱۴ دن تک ایک دن کے فاصلہ سے۔ پھر ہفتہ مین ۳ مرتبہ ۶ ہفتہ تک۔ بعد ازان ہفتہ مین ۲ مرتبہ ایک ماہ تک۔ پھر ۱۵ منم ہفتہ مین ایک مرتبہ ۳ ماہ تک استعمال کرتے ہین۔ لیوپس۔ کرانک گلانڈیولر ٹیوبرکل۔ اسکلی روڈرما مین بھی مفید ہے۔

مقدار استعمال۔ ۱۰ منم تک۔

فائی ٹال بیومن PHYTALBUMIN ابرین کا دوسرا نام ہے۔

فائی ٹین۔ PHYTIN سفید بے بو اور بے مزہ سفوف جو پانی مین حل ہوتا ہے اس کے کیا پسلز ہوتے ہین جس مین ۳½ گرین دوا مرکوز ہوتی ہے کمی باہ مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ایک سے ۴ کیا پسلز تک روزانہ۔

فائی ٹولین۔ PHYTOLINE یہ ایک قسم کا مانع فربہی ہے جس مین اکسٹراکٹ فائی ٹولیا کا موجود ہے۔

فارم فنے ٹی ڈڈ۔ FORMPHENETIDID مترادف فارمل فنے ٹی ڈین۔

فارماٹال FORMATOL یہ ایک قسم کا ڈیس انفکٹنگ پاؤڈر (دافع سم وبائی سفوف) ہے جس مین ۱۲ فی صدی فارمال ڈی ہائیڈ موجود ہے،

فارماٹان FORMATAN ٹیاٹو فارم کا دوسرا نام ہے۔

فارمازال FORMAZOL ۸ فی صدی فارمال کا سولیوشن ہے جس مین تھوڑا سا منتھال۔ آئی اوڈو فارم گلورل ہیڈریٹ۔ ٹربین ہیڈریٹ موجود ہین۔ برآن کیپل کتھارمین بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اثن سے لیشن استعمال کرتے ہین۔

فارماسپٹال FORMASEPTOL یہ ایک قسم کا سیال انٹی سپٹک (مزیل العفونت) ہے جس مین ½ فی صدی فارمال ڈی ہیڈ اور حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

سنی مال۔ تھائی مال۔ یوکالپٹال۔ منتھال۔ گال تھے ریا۔ سوڈیم بوریٹ۔ بنزوایک آسڈ۔

فارمال FORMAL فارمال ڈی ہیڈ کے سولیوشن کا دوسرا نام ہے

فارمال FORMOL ۴۰ فیصدی فارمال ڈی ہیڈ کے سولیوشن کا نام ہے۔

فارمال۔ الائین FORMAL ALOIN مترادف۔ الائین فارمال

فارمال بیومین FORMALBUMIN مترادف فارمال ڈی ہیڈ کیازین۔

فارمال۔ ڈی ہیڈ اسیٹ امڈ مترادف۔ فارمی سین۔ FORMALDEHYD ACETAMID

فارمال ڈی ہیڈ بائی سلفٹ ۔ سوڈیم بائی سلفٹ کا سولیوشن اور فارمال ڈی ہیڈ باہم ملاکر تصعید کرنے سے بنتا ہے ۔ بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین ۔

FORMALDEHYD BISULPHIT

فارمال ڈی ہیڈ تھیولن ۔ اکثھو فارم کا عوض ہے ۔

FORMALDEHYD THIOLIN

فارمال ڈی ہیڈ ٹیانن ۔ مترادف ٹیانو فارم ۔

FORMALDEHYD TANNIN

فارمال ڈی ہیڈ ٹیانو البومی نیٹ ۔ ٹیانن البیومن پر فارمال ڈی ہیڈ کا اثر ڈالنے سے بنتا ہے یہ مرکب گیاسٹرک جیوس (عرق معدی) مین حل نہین ہوتا ہے ۔ مگر ان ٹسٹائین یعنے امعاء مین فوراً حل ہوکر اپنا اثر کرتا ہے ۔ اسکے تین اجزاء متفرق ہوتے ہین ۔ بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور استرنجنٹ (قابض) استعمال کرتے ہین ۔

FORMALDEHYD TANNO ALBUMINATE

فارمال ڈی ہیڈ جیلاٹن ۔ مترادف ۔ گلوٹال ۔

FORMALDEHYD GELATIN

فارمال ۔ ڈی ہیڈ سالیوٹم ۔ مترادف ۔ فارمالن ۔

FORMALDEHYD SOLUTUM

فارمال ڈی ہیڈ کیازین ۔ مترادف ۔ فارمال بیومن ۔

FORMALDEHYD CASEIN فارمال ڈی ہیڈ اور کیازین سے تصعید کیا جاتا ہے ۔ زرد رنگ اور بے بو کا سفوف ڈائیلوٹ آسڈز (آب آمیختہ حموضات) مین حل ہو جاتا ہے ۔ بطور انٹی سپٹیک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین

فارمال نے زین FORMOL NAZINE فارمال ڈی ہیڈ کے سولیوشن کا نام ہے ۔

فارمالن ۔ FORMALIN مترادف ۔ فارمال ڈی ہیڈ سالیوشن ۔ فارمک آلڈی ہیڈ کا مائی سولیوشن ہے ۔ جس مین ۴۰ فیصدی فارمک آلڈی ہیڈ موجود ہے ۔

فارمالن جیلاٹن ۔ FORMALIN GELATIN مترادف گلوٹال ۔

فارمالن کریم ۔ FORMALIN CREAM اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

لیانولن	۲۰ حصے
لکوڈپیرولاٹم	۱۰۰ حصے
پانی	۱۲۰ حصے
فارمالن	۵ فی صدی

بطور اسپرے یعنے آبشار استعمال کرتے ہین ۔

فارمامین - FORMAMIN - مترادف - یورو ٹروپن -

فارمامنٹ ٹیابلٹس - ہر ایک قرص میں ½ گرین فارمال ڈمی ہیڈ موجود ہے - منہ صاف کرنے کا عرق بنانے کے لئے استعمال کرتے ہین - FORMAMINT TABLETS

فارمان - مترادف - کلورمیتھل مینتھل ایتھر اس دوا کو زکام مین استعمال کرتے ہین - اسکی روئی گاز اور مرہم فروخت ہوتا ہے - FORMAN

فارمانی لڈ - FORMANILID - مترادف - فینل فارماڈ -

اَنی لین اور فارمک ایسڈ سے بنائے جاتے ہین بے رنگ قلمین جو ۱۶۴ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین - پانی الکحل اور گلیسرین مین حل ہوجاتے ہین - بطور انٹی پائی ریٹک (دافع حرارت) انالجے سک (مسکن اوجاع) مقامی بے حس کنندہ اور مانع دم استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۲ ½ سے ۳ ¾ گرین تک - بیرونی ۲ سے ۳ فی صدی کا سولیوشن اسٹارچ (نشاستہ) اور لائی کو پوڈیم بھی ملاکر بطور نفوخ بیرونی استعمال کرتے ہین - ۲۰ فی صدی کا سولیوشن ایک گھنٹہ مین بے حس کرتا ہے -

فارمٹو کیاپسلز - FORMETTO CAPSULES - ہر ایک کیاپسل مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

یُوروٹروپن	۲ گرین
اُولیوریزن ساپالمیٹو	۶ منم
روغن صندل	۲ منم
آئیل آف سنیمن (روغن دارچینی)	۱/۴ منم
آئیل آف نٹ مگ (روغن جوز)	۱/۴ منم

فارمل فنے ٹی ڈن - مترادف - فارمم فنے ٹی ڈڈ - اکسی ایتھل - فارمانی لڈ -

FORMYL PHENETIDIN

چمکدار چپٹے ٹکڑے یا سوئی کے مانند قلمین - جو ۱۰۷ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین - گرم پانی اور الکحل مین بخوبی حل ہو جاتے ہین - اینٹی اسپازموڈک کے طور استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۳ سے ۷ گرین تک -

فارمن - FORMIN مترادف - ہکسامیتھی لن - ٹرائامن -

فارمن FORMINE ۴۰ فی صدی فارمالڈی ہیڈ کا سولیوشن ہے

فارمن سیالی سلیٹ - مترادف - سیالی فارمن -

FORMIN SALICYLATE

فارموسال - فارمال ڈی ہیڈ کا سولیوشن ہے - جس میں اسیٹک آسڈ بھی ملایا گیا ہے - FORMOSOL

فارموفارم پاؤڈر ۔ مترادف ۔ فارموفورن ۔

FORMOFORM POWDER

یہ حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

زنک آکسائڈ	۳۴٫۵ فی صدی
اسٹارچ (نشاستہ)	۶۵٫۲ فی صدی
تہائی مالُ	۰٫۱ فی صدی

ان سب کو ملاکر فارمک آلڈی ہائیڈ اسقدر ملاوین کہ تر ہو جاوے ۔

فارموفورن FORMOFORIN مترادف فارموفارم پاؤڈر۔

فارمے ٹون ۔ FORMATONE اس مرکب کے ہر ایک اونس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

سوڈیم فارمیٹ	۱۶ گرین
اسٹرآن شیم فارمیٹ	۱۴ گرین
میگنیزیم فارمیٹ	۸ گرین
لی تھیم فارمیٹ	۲ گرین
کوی نن فارمیٹ	۲ گرین

فارمی ڈین ۔ آئی اوڈین سیالی سلک اسپنج اور فارمال ڈی ہائیڈ کی تصعید سے حاصل ہوتا ہے ۔ زرد مائل بہ سفید رنگ سفوف جس مین ۷٫۴ فی صدی آئی اوڈین موجود ہے ۔ بعوض آئی

FORMIDIN

اُوڈوفارم استعمال کرتے ہین۔ اندرونی اسکو بطور اِن ٹس ٹی نل اَنٹی سپٹک (مزیل العفونت الامعار) اور جرمی سائیڈ (مُمیت جراثیم) استعمال کرتے ہین۔

فارمی سن ۔ مترادف۔ فارمائل ڈی ہیڈ اسٹ اِڈ۔

FORMICIN بے رنگ گاڑھا سیّال جس کا وزن متناسب ۲۴ر۱ سے ۲۶ر۱ تک ہے۔ پانی الکحل اور کلوروفارم کے ساتھ ملجاتا ہے ایک دو اور پانچ فی صدی کا سولیوشن بطور ڈش اِن فکٹنٹ (دافع سم وبائی) یا جرمی سائیڈ (مُمیت جراثیم) استعمال کرتے ہین۔

فارمی نال ۔ یہ ایک قسم کا املشن ہے جس مین فارمائل ڈی ہیڈ موجود ہے

FORMINOL ایک میز کا چمچہ ۲ کوارٹ یعنے ۸۰ سیّال اونس پانی مین ملاکر لیوکوریا (سیلان رحم) مین پچکاری کرتے ہین۔

فارمیوزال ۔ FORMUROL ڈاکٹر ایف ڈرنک کے تحقیقات بیان کرتے ہین کہ اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

ہکسامیتھی لن ٹیٹرامن	۳۷ر۵ فی صدی
نیوٹرل اَنڈ آشڈ سوڈیم سٹریٹ	۶۲ر۵ فی صدی

یورک آشڈ ڈیاتھیسز (خون مین یورک آشڈ کا زیادہ ہونا) مین استعمال کرتے ہین

مقدار خوراک ۔ ۱۵ گرین۔

فاسفال ۔ PHOSPHOL حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔ گلی سرو فاسفیٹ آف کیالیسم۔ سوڈیم سلفیٹ ۔ پوٹاسیم سلفیٹ۔ آرن سلفیٹ۔ میانگانیز سلفیٹ ۔ اسٹرکنن سلفیٹ ۔ کوبی ٹن سلفیٹ ۔

فاسفرگاٹ ۔ ہموزن سوڈیم فاسفیٹ اور ارگٹ کا مرکب ہے۔

PHOSPHERGOT ٹیوبرکیولوسز مین بطور ٹانک (مقوی) استعمال کرتے ہین ۔

فاسفوٹ ۔ PHOSPHOT مترادف ۔ فوسوٹ ۔

فاسفوٹال ۔ مترادف ۔ فاسفے ٹال ✤ کریوسوٹ فاسفائیٹ ۔

PHOSPHOTAL فاسفورس آئڈ کا اثر کریوسوٹ پر ڈالنے سے بنتا ہے ۔ زرد مائل بہ سرخ رنگ سیال جس مین خفیف سی کریوسوٹ کی بو آتی ہے ۔ پانی الکحل اور روغنیات مین حل ہو جاتا ہے ۔ اس مین ۹۰ فیصدی کریوسوٹ موجود ہے ۔ سل مین استعمال کرتے ہین ۔

مقدار خوراک ۔ ۳ سے ۱۵ منم تک ۔

فاسفورائیزڈ آئی اوڈی پن ۔ ۱۰ فی صدی آئی اوڈی پن مین

PHOSPHORIZED IODIPIN ۰٫۰۰۳ فی صدی فاسفورس ملایا گیا ہے ۔ ریاکائی ٹس (ہڈیوں کا بیڈول ہو جانا) اسکروفیولا (خنازیر) مین ایک چاء کا چمچہ دن مین ۲ یا ۳ مرتبہ استعمال کرین ۔

فاسفوگوئی ائے کال - یہ ایک قسم کا مرکب ہے جس مین ۹۲ فی صدی گوئی ائی کال PHOSPHOGUAIACOL موجود ہے - سل مین استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۴ ½ گرین -

فاسفے ٹال - PHOSPHATOL مترادف - فاسفوٹال

فاسی لن - FOSSELIN دیازلن کا دوسرا نام ہے -

فال کوجن - FALKOGEN اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

کن گوئی آل ہائی پوفاسفائیٹ	۱۵ ڈرام
اکسٹراکٹ تھیوبرومنس	۱۰ ڈرام
اکسٹراکٹ تھیم	۱۰ ڈرام
الکسار ڈومیاٹک	۶۵ ڈرام

اس مرکب کو گلے وشش کی بیماریون اور ملیریا مین استعمال کرتے ہین -

فبرال جین - انٹی فبرن - سوڈیم بائی کاربونیٹ اور امونیم بائی کاربونیٹ کا مرکب ہے - FEBRALGENE

مقدار خوراک - ۵ گرین -

فبری سال - FEBRISOL - اس دوا کے ہر ایک ۵ گرین مین

حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

فینا سٹین	۲ گرین
اسٹ انی لڈ	۱½ گرین
سیالال	½ گرین
سٹریٹ آف کیافین	½ گرین
ٹارٹارک اسڈ	حسب ضرورت
سوڈیم بائی کاربونیٹ	حسب ضرورت

فبری سال لکوڈ ۔ FEBRISOL LIQUID ۔ اسکے ہر ایک سیال ڈرام مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

فینا سیٹین	۲ گرین
اسٹ انی لڈ	۱½ گرین
سیالال	½ گرین
کیافین سٹرٹ	½ گرین
ٹارٹارک آسڈ	حسب ضرورت
سوڈیم بائی کاربونیٹ	حسب ضرورت

فٹرن ۔ FETRON ۔ یہہ ایک قسم کی مرہم کی زمین ہے ۔ جو لیا نولین اور ویازلین کے موافق ہے ۔

فرّاٹن - مترادف - فرّک البیومی نیٹ -
FERRATIN سرخ کسیقدر بھورا رنگ بے بو اور بے مزہ سفوف
جس مین ۷ فی صدی حدید موجود ہے - انی میا (کمی خون) اور کلورو سز مین
استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۳ سے ۷ ½ گرین تک -

فرّاٹوجن - آئرن - نکلی ان - ہے -
FERRATOGEN زرد کسیقدر بھورا رنگ سفوف جو پانی مین حل نہین
ہوتا ہے - بطور ہی ماٹی نک (مقوی خون) استعمال کرتے ہین -

فرّاٹوز - FERRATOSE مترادف - لائیکر فرّاٹی نی -
فرّاٹن کا سولیوشن ہے جس مین ۳ ر۰ فی صدی آئرن موجود ہے - انی میا
(کمی خون) اور کلورو سز مین استعمال کرتے ہین -

فرّاسٹن بالسم - FROSTIN BALSAM حسب ذیل ادویات
کا سولیوشن ہے

ٹیا نوبرومن	ایک حصہ
کالوڈین	۱۰ حصے
الکحل	ایک حصہ
ٹنکچر بنزائین	½ حصہ

احراق السّرما مین لگاتے ہین ۔

فراسٹن سالو ۔ ۱۰ فی صدی برژوموکال ۔ ربی زارہن کا مرہم ہے برژوموکال ۔ برژومن اور جیلاٹن کا مرکب ہے جس مین ۲۰ فی صدی برومن اور ۳۰ فی صدی جیلاٹن موجود ہے ۔ ربی زارہن آئنٹمنٹ مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

FROSTIN SALVE

روغن بادام	۲۵ حصے
گرین سوپ	۱۰ حصے
سفید موم	۱۵ حصے
لیا نولن	۳۰ حصے

سب کو باہم گداخت کرکے ذیل کا سولیوشن ملا دین ۔

جیلاٹن	۵ حصے
پانی	۱۵ حصے

احراق السّرما مین لگاتے ہین ۔

فراکسی نن FROXININ میان نائیٹ کا دوسرا نام ہے

فراکل ۔ کاڈلیور آئیل کا ایکسٹن ہے جس مین ۵۰ حصے روغن مذکور موجود ہے ۔ اور اسکے علاوہ اسکے ہر ایک سیال

FERROL

اونس مین ۲ گرین آئرن فاسفیٹ موجود ہے۔

فر۔ پرو۔ ٹائی۔ لن۔ آئرن پروٹائی لن کا تجارتی نام ہے۔
FER PROTYLIN زرد مائل بہ سفید رنگ بے بو اور بے مزہ سفوف۔ الکالین سیالوں مین حل ہو جاتا ہے۔ ۲۶ ر ۲ فی صدی فاسفورس ہمراہ حیوانی اجزا موجود ہین اور اس مین ۳ ر ۲ فی صدی حدید بھی ہے۔

فرفیورا ن۔ سبز رنگ کا لینمنٹ ہے۔ گوٹ (نقرس) اور رومیا
FURFURON ٹزم (وجع مفاصل) مین استعمال کرتے ہین۔ اس مین سوپ سولیوشن۔ کیا مفر۔ سیالی سلک آسڈ۔ اسپرٹ آف پیرمنٹ۔ اسپٹک ایتھر۔ اور امونیا موجود ہے۔

فرک البیومی نیٹ FERRIC ALBUMINATE مترادف فراٹن۔

فرک تہال۔ FERRICHTHOL مترادف۔ آئرن الکتھیولیٹ

فرک ٹوز۔ FRUCTOSE مترادف۔ ڈیابے ٹن۔

فرم۔ کاکوڈائی لیکم۔ مترادف۔ فرری کوڈل۔
FERRUM CACODYLICUM

فرمیانس کیا پسلز۔ ان کیاپسلز مین حسب ذیل ادویات
FERMANS CAPSULES موجود ہین۔

آیرن البیومی نیٹ ۔	۲½ گرین
میانگا نیز پیٹوینیٹ	ایک گرین
اسٹرکنن سلفیٹ	½۶۰ گرین
آرسینس آکسڈ	½۱۰ گرین
کیاپسیکم (مرچ)	¼ گرین

بطور ٹانک یعنے مقوی استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ایک سے ۲ کیاپسلز تک ۔

فرّو اسٹپٹن ۔ یہ ایک قسم کا مرکب ہے جو فرّی کلورڈ اور ہکسامیتھی لین ٹیٹرامن ہیڈرو کلورڈ کو ملانے سے FERROSTYPTIN بنتا ہے ۔ زرد کسیقدر بھورے رنگ کے قلمین ۱۱ اسنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین ۔ پانی مین حل ہوتے ہین ۔ اس مین ۱۵ فی صدی حدید موجود ہے ۔ بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور اسٹپٹک (حابس الدم) استعمال کرتے ہین ۔

فرّو ۔ پائی رن ۔ مترادف ۔ فرّی پائی رن ۔

FERROPYRIN اس مین ۱۲ فی صدی حدید اور ۴۶ فی صدی انٹی پائی رن موجود ہے ۔ سرخ چمکدار سفوف ۔ ۵ حصّے پانی مین حل ہوتا ہے کلورڈ ہنر اور انی میا (کمی خون) مین استعمال کرتے ہین ۔

مقدار خوراک ۔ ۳/۵ سے ۱ ½ گرین تک دن مین ۳ یا ۴ مرتبہ

۱ سے ۲۰ فی صدی کا سولیوشن بطور مانع دم بیرونی استعمال کرتے ہین

فرّو ۔ سوماٹوز ۔ FERRO SOMATOSE ملاحظہ ہو بیان سوماٹوز

فرّو ۔ کولن ۔ FERROCOLIN اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

فرّک البیومی نیٹ	۵ ۱ فی صدی
ٹنکچر سینامن	۵ فی صدی
شکر	۳۷ فی صدی
پانی	۴۳ فی صدی
تھائی مال	تھوڑا سا

فرّو کوئی نال ۔ FERROQUINOL مترادف ۔ فرّو کی نال ۔

فرّو کی نال FERROCHINAL مترادف فرّو کوئی نال ۔

کوہی ن فرّی سٹریٹ کا سولیوشن ہے ۔

فرّو ۔ گوی اے ۔ سینا ہل پلز اینڈ پاؤڈر ۔ اس مرکب مین FERROGUAIA CINNAMYL PILLS & POWDER سوڈیم سینا میٹ سوڈیم آرتھو گوی اے کال سلفونیٹ اور سیا کاریٹ آیرن کاربونیٹ موجود ہین ۔

مقدار خوراک ۔ ۵ گولیان فی ۵ اگرین روزانہ ۔ ۳۰ گولیون تک زیادہ کرین

فرّی پائی رِن ۔ FERRIP YRIN مترادف ۔ فرّو پائی رِن

فرّی ڈِن ۔ یہ ایک قسم کا مرکب ہے ۔ جس مین حدید آئی اوڈن اور آرسینک موجود ہے ۔ FERRIDINE

فرے زی رِن ۔ ان قرصون کی کیمیائی تحقیقات کرنے سے حسب ذیل ادویات دریافت ہوئے ہین ۔ FRASERIN

مُونو برُوم کیا مفر	۰٫۰۲۳ گرام
تھیو برُومِن	۰٫۰۲۶ گرام
سیالی سلک آسڈ	۰٫۰۲۸ گرام
کیا لسیم فاسفیٹ	تھوڑا سا
فرِک آکسڈ	″
اِکسٹراکٹ ٹیورُز اوران آرگیانک سالٹس	″

بگرین (صداع) مین استعمال کرتے ہین ۔

فرّی سال ۔ گوی اِسے کال اور سینا مک آسڈ کا مرکب ہے ۔ حل ہونے والا سفوف ۔ ٹیوبر کیولوسز مین استعمال کرتے ہین ۔ FERRISOL

مقدار خوراک ۔ ۵ اگرین یا ۱۰ فی صدی کا سولیوشن زیر جلد

استعمال کرتے ہین۔

فری کال ۔ گھوڑون کو مالش کرنے کا لینمنٹ ہے جسمین ایسپرٹ آف کیامفر۔ ٹرپن ٹائین ۔ آرنی کا ٹنکچر اور سیماب طبع لینمنٹس موجود ہین۔ FRICOL

فری۔ کو ڈل ۔ مترادف ۔ آیرن کا کو ڈائی لیٹ + فرم کا کو ڈائی لیٹ کم۔ FERRICODIL

بھورا مائل بہ سبز رنگ سفوف جو پانی میں حل ہوتا ہے۔ اس مین ۳۲ فی صدی آرسی نس آکسڈ اور ۴۵ فی صدی فرک آکسڈ موجود ہے۔ کلورو ہیز لیوکیمیا (خون کا پھیکا پڑجانا) مین اندرونی یا زیر جلد استعمال کرتے ہین

مقدار خوراک ۔ $\frac{9}{10}$ سے ۴ $\frac{1}{2}$ گرین تک زیر جلد $\frac{9}{20}$ سے ۱ $\frac{1}{2}$ گرین تک۔

فری۔ نال ۔ آیرن نکلی ان جو بے بو اور بھورے رنگ کا سفوف ہوتا ہے۔ پانی مین حل ہوتا ہے۔ انی میا (کمی خون) مین استعمال کرتے ہین۔ FERRINOL

مقدار خوراک ۔ ۳ سے ۱ $\frac{1}{2}$ گرین تک۔

فزیو لاجیکل سالٹ سولیوشن ۔ مترادف۔ نارمل سیالائن PHYSIOLOGICAL SALT SOLUTION

سولیوشن ۔ آئی سوٹانک سالٹ سولیوشن ۔ سالیوٹیو سالینا ۔

اس کا نسخہ حسب ذیل ہے ۔

سوڈیم کلورائڈ	۹۵ ر. حصے
پانی مع سوڈیم کلورائڈ	۱۰۰۰ر. حصے

پانی کو گرم کرکے ٹھنڈا کرلین بعد ازان سوڈیم کلورائڈ کو حل کرین ۔ اس سولیوشن کی بمقدار زائد جلدی وریدی اور امعاء مستقیم مین پچکاری کرتے ہین ۔ جب کہ جسم کا خون جریان خون یا اکیوٹ ڈیاریا (حاد اسہال) مین زائل ہوگیا ہو پچکاری کرتے وقت اسکی حرارت ۱۰۰ سنٹی گریڈ کی ہونا چاہیے ۔ یورمیا (پیشاب کا زہر) ڈیابے ٹک کوما (سبات سہری بسبب ذیابیطس) میں استعمال کرتے ہین ۔ یہ عمدہ بدرقہ ہے الکالائیڈز کا سولیوشن بنانے کے لئے جس کو کہ بطور ہائی پوڈرمک انجکشن استعمال کرتے ہین ۔ اب ڈوہن (پیڑو) کی جراحی مین پریہی ٹونیم کی کیاویٹی کو دھونے کے لئے استعمال کرتے ہین ۔ اس سے بہتر نسخہ جس مین کیالسیم پوٹاسیم اور الکالی بھی موجود ہو حسب ذیل ہے ۔

سوڈیم کلورائڈ	۹۵ ر. حصے
پوٹاسیم کلورائڈ	۰۲۵ر. حصے
کیالسیم کلورائڈ	۰۲ر. حصے

سوڈیم بائی کاربونیٹ	۰.۱۵ حصے
پانی مع ادویہ	۱۰۰ حصے

فسٹوفارم ۔ مینجمنٹ فارمال ڈیہائیڈ ہے جو ۴۰ حصے ۴۰ فی صدی فارمال ڈیہائیڈ کا سولیوشن اور ایک حصہ سوڈہ سوپ ملانے سے بنتا ہے یا صابون کے سولیوشن مین فارمیالن گیاس گذارنے سے بنتا ہے ۔ سفید لگدی جو پانی مین حل ہوکر غیر شفاف نیوٹرل یعنے بین بین سیال بنتا ہے ۔ جس کو بطور ڈسٹ اِن فکٹنٹ (دافع سم وبائی) استعمال کرتے ہین ۔ اسکے قرص ہیاسٹلنز اور اسملنگ سالٹ (نمک مشموم) فروخت ہوتے ہین ۔ خصوصًا اسملنگ سالٹ ناک کے میوکس ممبرین (لعابدار جھلی) کے اِن فلامیشن (التہاب) مین سنگھاتے ہین

FESTOFORM

فلموجن ۔ FILMOGEN مترادف ۔ کال لوسن ۔

فلموجن لائیکر ایڈہیسی وس ۔ مترادف ۔ اسی ٹون کا لوڈی ئم

FILMOGEN LIQUOR ADHESIVUS

فلمارن ۔ میل فرن کا قوی الاثر جوہر فعّال ہے ۔

FILMARON گلابی سے قدر بھورا رنگ سفوف ۔ ۱۴۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے ۔ پانی مین حل نہین ہوتا ہے ۔ الکحل اور ایتھر مین کم حل ہوتا ہے ۔ مگر دوسرے قسم کے محللات مین حل ہوجاتا ہے

فل سے رن ایک کو۔ احصے کیا سٹر آئیل مین حل کیا ہوا فروخت ہوتا ہے۔ کدو دانو نکے
لئے ایک گرام یعنے ۱۵ گرین فل سے رن اور دس گرام یعنے ۲ ½ ڈرام کیا سٹر
آئیل کا سولیوشن بنا کر اس کا نصف حصہ صبح کے ۷ بجے دین بعد ازان بقایا
نصف گھنٹہ کے بعد استعمال کراوین۔ ۹ بجے نصف اونس کیا سٹر آئیل پلاوین

فل میارونال۔ فل سے رن تھوڑے دن رہنے سے خشک
ہو جاتا ہے یا لگدی بنجاتا ہے۔ اس لئے ۱۰ FILMARONAL
فی صدی کا سولیوشن جو کیا سٹر آئیل مین بنایا گیا ہو فل میارونال کے
نام سے فروخت ہوتا ہے۔

فلاٹیولن پلز۔ سوڈیم بائی کاربونیٹ کے گولیان ہین جس مین روغن
FLATULINE PILLS میا گنیزیم کاربونیٹ رائیل آف انیس روغن انیسون رائیل آف
کیاراوے (روغن کراویہ) آئیل آف پیپرمنٹ (روغن پودینہ) ہوتا ہے۔ تصور ہاضمہ مین استعمال
کرتے ہین۔

فلواو۔ رو فارم۔ مترادف۔ ٹرائی فلو اور می تھین۔
FLUOROFORM اس کے کیمیائی اجزا کلورو فارم سے مماثل ہین
مگر بجائے کلورین فلو اورین استعمال کیا گیا ہے۔ سلور فلورڈ کا اثر
آئی او ڈو فارم پر ڈالنے سے جو گیاس حاصل ہوا وسکو کاربانک
آکسائڈ کے ذریعہ سے صاف کرکے کپرس کلورڈ کے سولیوشن مین سے

گذارنے سے بنتا ہے۔ اس فلوا اورو فارم گیاس کی تحقیقات کرنے سے معلوم ہوا ہے کہ کلورو فارم کے موافق اسکے بھی خواص و فوائد ہین۔ تجارتی طور سے جو فلوا اورو فارم فروخت ہوتا ہے وہ ۲ر۸۰ فیصدی فلوا اورو فارم گیاس کا مائی سولیوشن ہے اور اسکو اسی حالت مین طب مین استعمال کرتے ہین۔ یہ سولیوشن فلوا اورو فارمال کے نام سے فروخت ہوتا ہے۔ اس مین کسی قسم کی بو اور مزہ نہین ہے اور یہ زیادہ خوراک مین بھی استعمال کرنے سے مضر ثابت نہین ہوا ہے۔ تھائی ہزا (سل) لیوپس اور جوڑون کے ٹیوبرکیولس امراض میں استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ایک سے ۳ چار کے چمچہ تک تھوڑا سا پانی ملاکر دن مین ۴ یا ۵ مرتبہ استعمال کرین۔

فلو - اور - رومن - یہ ایک قسم کا مرہم جس مین ۱۰ فی صدی ویازلین اور ۵ ۸ فی صدی لیا نولین ۴ فیصدی FLUORRHEU MIN ڈائی فلورڈائی فینیل اور ایک فی صدی فلورنیپی ٹال موجود ہے۔ حاد جوڑون کے وجع مفاصل یعنے گو (درد کمر) وعرق النسا مین بطور مسکن او جاع مالش کرتے ہین

فلو - اور - سلور - FLUOR SILVER مترادف - ٹیا کیال۔

فلو ڈارٹ - PHLODARITT گوشت کا محافظ ہے جس مین سوڈیم

سلفیٹ اور آسڈ سلفائیٹ موجود ہے۔

فلورُوز۔ PHLOROSE گلوکوز کا دوسرا نام ہے۔

فلورسال۔ یہ ایک قسم کی پرورش کنندہ غذا ہے۔ جو بیل کے خون سے بنائی جاتی ہے۔ اس کے کیمیائی اجزا حسب ذیل ہیں PHLORSAL

البیومن	۸۷٫۵ فی صدی
فرک آکسڈ	۰٫۶۳ فی صدی
فاسفورس	۰٫۲۵ فی صدی
راکھ	۳ فی صدی

آنی میا (کمی خون) اور کلوروسس میں استعمال کرتے ہیں۔

مقدار خوراک۔ ۵ سے ۱/۲ ڈرام تک روزانہ۔

فلوریسن۔ یہ ایک قسم کا لیمنٹ اور مرہم کی زمین ہے جو ۳۰ سنٹی گریڈ پر روغن بید انجیر کو مقطر کرنے سے FLORICIN بنتی ہے۔ معدنی روغنیات میں مل جاتی ہے۔ موم اور وایزلین بھی اسکے ساتھ ملجاتا ہے۔ الکحل اور اسیٹک آسڈ میں حل نہیں ہوتی ہے۔ لیانولن کے موافق یہ بھی پانی جذب کرتی ہے۔

فلے وو۔ آئی اوڈین۔ یہ دواکو ہی نولن سے مستخرج ہے جو مانع ملیریا ہے۔ FLAVOIODIN

فلے وُو - رون - لیاکٹک آسڈ کے غیر مرئی کیڑون کی دودہ مین افزالیشں کرتے ہین - FLAVORONE

اس دودہ کو خشک کرکے سفوف کرلیا جاتا ہے - اس سفوف کو دودہ مین ڈالنے سے بالائی زیادہ ہوتی ہے - اور یہ دودہ فوری مکھن بنانے کے قابل ہوتا ہے - یہ سفوف ہیلاٹن کے کیاپسلز مین فروخت ہوتا ہے -

فنتھوزان - یہ ایک قسم کا دافع عفونت اور ڈیس انفکٹنٹ (دافع سم وبائی) ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین - FENTHOZAN

اسیٹک آسڈ	۱/۲ ڈرام
فینال	۱/۲ ڈرام
نتھال	۱/۴ ڈرام
یوکالپٹال	۱/۴ ڈرام
کیاسفر	۱/۴ ڈرام
آئیل آف لاونڈر	۱/۸ ڈرام
آئیل آف وربے نا	۱/۸ ڈرام

فن کی زن - PHENCHIZINE - اورکسن کا دوسرا نام ہے

فورٹائین - FORTOIN - مترادف میتھی لن ڈائی کوٹائین -

زرد رنگ قلمین یا چمکدار سفوف جو ۱۱۲ سے ۱۱۳ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے۔ جس مین دار چینی کی بو آتی ہے۔ پانی مین حل نہین ہوتا ہے الکحل ایتھر اور بنزال مین کم حل ہوتا ہے۔ کلوروفارم اسی ٹون اور اسیٹک آسڈ مین حل ہو جاتا ہے۔ ڈیاریا (اسہال) مین بہت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔

مقدار خوراک ۳ سے ۷½ گرین تک۔

فورٹوز ۔ بے بو اور بے مزہ سفید سفوف جو گوشت سے تیار کیا جاتا ہے۔ پانی مین حل ہوتا ہے۔ اس کے کیمیائی اجزا حسب ذیل ہین۔ FORTOSE

آرگیانک میاٹر	۸۵٫۹۳ فی صدی
نائیٹروجن	۷٫۱۸ فی صدی
ان آرگیانک میاٹر	۰٫۷۳ فی صدی
پانی	۶٫۳۴ فی صدی

بہت ہی عمدہ پرورش کرنے والی مقوی غذا ہے۔ ایک سے ۳ چار کے چمچہ تک دودھ یا شوربہ مین ملا کر استعمال کرین۔ یہ سریع الہضم ہے۔

فورٹوسان ۔ بچون کی پرورش کنندہ غذا ہے جس مین نباتاتی فاسفیٹ فائبرین اور ملک شکر موجود ہے۔ FORTOSAN

اس کے قرص فروخت ہوتے ہین ۔

فوسوٹ ۔ مترادف ۔ فاسفوٹ + کریوسوٹ فاسفیٹ ۔

PHOSOT کریوسوٹ کا فاسفارک آسڈ ایسٹر ہے جسمین ۰ فیصدی کریوسوٹ ہے ۔ یہ امعا مین جاکر متفرق ہوتا ہے ۔

مقدار خوراک ۔ ۱ ½ ڈرام ۔

فونکس سن ۔ PHOENIXIN ٹنکچر اکلوریڈ آف کاربن کا دوسرا نام ہے ۔

فی ٹی نا ۔ فاسفورس کا آرگیانک مرکب ہے جو بناتاتی تخمون سے نکالا جاتا ہے ۔ نیورا ش تھے نیا ہسٹریا (اختناق الرحم) اور ذیابیطس مین استعمال کرتے ہین ۔

FITINA

فی سن ۔ بے بو اور گلابی رنگ سفوف ۔ جس کے چکھنے سے زبان پر سوزش ہوتی ہے ۔ انٹی فبرن اور فینا سیٹین کا عوض ہے ۔

PHESIN

مقدار خوراک ۔ ۷ ½ گرین ۔

فی گال ۔ FEIGOL اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین

اکسٹراکٹ فرانگ گیولا اٹ کیاریٹی کی	۱۵ ڈرام
پیپرمنٹ	۳/۴ ڈرام

سرپ سنا کمپونڈ	۴½ ڈرام
اِلکسٹر آرومیاٹک	½ ڈرام

اسکو بطور ملین استعمال کرتے ہین -

فی لان - تھروپین PHILANTHROPIN - اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

آئرن سفوف کیا ہوا	۱۲ ڈرام
آرس روٹ	۳½ ڈرام
ٹری فولیم	۶ ڈرام
کوئی نن	½ ڈرام
سنا	۲ ڈرام
کیائسم اور سوڈیم ہائی پوفاسفیٹ	۱½ ڈرام

فی لوڈرمن - یہ ایک قسم کا مرہم ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین - PHILODERMINE

سلفر - آکسی کے ڈفرس سلفیٹ - یگنیشیا -

فی لورل - تھروٹ پیاسٹلز - ان پیاسٹلز مین حسب ذیل ادویات موجود ہین - PHILORAL THROAT PASTILLS

اکسٹراکٹ آف سپراری نل کیاپسل - اسنس تھے زن - کافی اکسٹراکٹ -

گلے اور حنجرہ کے بیماریون مین بطور مسکن استعمال کرتے ہین۔

فیاگیوسال FAGUSOL ۔ گویا اسے کاٹل کا نمک بیان کیا جاتا ہے مگر فی الواقع تینوکال سے ہے۔ جس کا رنگ سرخ کر دیا گیا ہے۔

ٹیوبرکیولوسز پر ان کا انجکشن گیا سٹرو ان ٹس ٹی نل کے طور سے شش امعاء اور معدہ کی تخمیر مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۴½ سے ۱۵ گرین تک۔

فیاگیولین FAGULINE ۔ یہ ایک قسم کا مرکب ہے جسکو آلات تنفس کے بیماریون مین استعمال کرتے ہین۔ اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

پیازا گوی اسے کاٹل سلفونیٹ	۱۵ حصے
پوٹاسیم سلفیٹ	ایک حصہ
شکر	۴۸ حصے
الکحل	۳۶۵ فی صدی

فیناٹال PHENATOL ۔ حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے۔

اینٹی فبرین ۔ کیافین ۔ سوڈیم بائی کاربونیٹ ۔

فینازون PHENAZONE اینٹی پائی رین کا دوسرا نام ہے۔

فینازون سیالی سلیٹ PHENAZONE SALICYLATE ۔ مترادف ۔ سیالی پائی رین۔

فینا سیٹین آئی اوڈڈ۔ PHENACETIN IODID مترادف۔ آئی اوڈو فی نن۔

فینا سیٹین کاربونیٹ PHENACETIN CARBONATE مترادف۔ بنزاسی ٹن۔

فینا سیٹین یورمی تھین PHENACETIN URETHANE مترادف۔ تھرموڈن۔

فینال بزمتھ۔ مترادف۔ بزمتھ فی نیٹ ۔ بزمتھ کاربولیٹ۔ بزمتھ نائیٹریٹ یا بزمتھ کلورائڈ کے سولیوشن PHENACETIN BISMUTH مین فینال (کاربالک ایسڈ) کا الکالین سولیوشن ملانے سے جو کچھ کہ تہہ نشین حاصل ہو اسکو دھو کر خشک کرنے سے بنتا ہے۔ اس مین ۲۰ر۹۰ فیصدی بزمتھ آکسائڈ موجود ہے۔ بھورا مائل بہ سفید رنگ سفوف پانی اور الکحل مین حل ہو جاتا ہے۔ بطور اَن پس ٹی ٹل اَسٹی سپٹک (مزیل عفونت امعاء) اندرونی استعمال کرتے ہین۔ اسکو زخمون پر چھڑکتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ۵ سے ۲۰ گرین تک۔

فینال۔ تھالی۔ اِن۔ مترادف۔ ڈائی ہیڈراکسی ڈائی فینل تھالائڈ۔ ڈائی ہیڈراکسی تھالوفینان۔ PHENOLPHTHALEIN

۱۰ حصے فینال۔ ۵ حصے تھالک اَن ہیڈرائڈ اور ۴ حصے سلفیورک آسڈ کو

۱۰ یا ۱۲ گھنٹے ۱۲۰ درجے کی حرارت پر گرم کرین بعد ازان سوڈیم ہیڈراکسائڈ کے سولیوشن مین حل کر کے فلٹر کر کے اسٹیک آسڈ سے ہیہ نشین کرین۔ اس ہیہ نشین کو الکحل مین حل کر کے حیوانی کوئلہ سے صاف کرین سفید یا گلابی مائل بہ زرد رنگ چمکدار سفوف حاصل ہوگا۔ جو پانی مین بہت ہی کم حل ہوتا ہے۔ ایک کو ۱۰ حصے الکحل مین حل ہو جاتا ہے۔ ۲۵۰ سے ۲۵۳ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے اس کا سولیوشن بنا کر الکائی کے کیمیائی تحقیقات کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین اسکو اندرونی استعمال کرنے سے بہت ہی عمدہ مسہل ثابت ہوا ہے۔ یہ اپنا اثر ۴ یا ۶ گھنٹے مین کرتا ہے۔ اکثر اسکے استعمال سے گردہ اور امعاء مین خراش اور کمر مین درد نہین ہوتا۔ اسکا سفوف کیا شے مین بھر کر استعمال کرتے ہین یہ بہت ہی عمدہ ہیڈراگاگ پرگے ٹیو (مائی مسہل) ہے۔ مگر بعض وقت اسکے استعمال سے بواسیر کا خون جاری ہو جاتا ہے۔ بچون کیلئے ۳/۴ گرین جوانون کے لئے ۲ سے ۳ گرین۔ فرایش بیمارون کے لئے ۶ سے ۸ گرین تک استعمال کرتے ہین

مقدار خوراک ۔ ایک سے ۸ گرین تک ۔

اس دوا کے قرص فروخت ہوتے ہین جن کا نام پرجن ہے۔ پرجن کے ۳ اقسام ہین۔ ان فنٹ یعنے بچون کے پرجن مین ۳/۴ گرین فینائل بہالی ان ہے۔ اڈلٹ یعنے جوانون کے پرجن مین ۱½ گرین ہے۔ اسٹرانگ پرجن یعنے قوی پرجن مین ۷½ گرین ہے۔

فینائل۔ ٹرائی کلورڈ PHENOL TRICHLORID مترادف۔ اُومائل۔

فینائل جن۔ PHENALGIN مترادف۔ اَمونیم فینیل اکٹامیڈ۔

حسب کیمیائی تحقیقات امریکن میڈیکل ایسوسی ایشن۔ اس مین حسب ذیل دوا موجود ہے

اسیٹ انی لڈ	۵۷ حصے
سوڈیم بائی کاربونیٹ	۲۹ حصے
اَمونیم کاربونیٹ	۱۰ حصے

سفید سفوف جو ۱۲۰ حصے پانی مین حل ہوتا ہے۔ ۹۰ فی صدی الکحل مین بخوبی حل ہوجاتا ہے۔ بطور انٹی پائی رٹیک (دافع حرارت) انٹی ملیریل (دافع ملیریا) اَنالجیسک (مسکن اوجاع) اور ہپنا ٹک (منوم) استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ۵ سے ۲۰ گرین تک۔

فینائل سیل لیولائیڈ۔ پائی راکسی لین کا سولیوشن جو فینائل اور کیمفر PHENOL CELLULOID مین بنایا گیا ہے۔

فینائل سوڈیم سلفوری سی نیٹ۔ ۲۵ یا ۳۰ فی صدی فینائل کا سولیوشن جو سوڈیم سلفو PHENOL SODIUM SULF ORICINATE ری سی نیٹ مین موجود ہے۔ گاڑھا سیال ٹیوبر کیولوسز گلے اور ناک کے مزمن بیماریون۔ ڈفتھے ریا۔ لیارنجیل یا پل لونا مین بیرونی استعمال کرتے ہین ۲۵ فی صدی کا سولیوشن ۱۔۲۔۳ حصے پانی مین ملاکر اوزی نا (بخر الانف) مین

لگاتے ہین ۔

فینال سیالی سلیٹ ۔ مترادف ۔ سیالال ۔

PHENOL SALICYLATE

فینال کیامفر ۔ PHENOL CAMPHOR مترادف ۔ کیامفر فینی لے ٹڈ

کاربالک ایسڈ	۲۵ حصے
کیامفر	۷۵ حصے

دونون کو ملاکر اسقدر سحق کرین کہ سیال ہو جاوے ۔ یہ مرکب الکحل ایتھر کلوروفارم اور روغنیات مین حل ہو جاتا ہے ۔ مگر پانی اور گلیسرن مین حل نہین ہوتا ہے ۔ داڑھ کے درد مین بطور مخدر استعمال کرتے ہین ۔ سروکس یوٹے رمی یعنے عنق الرحم مین بھی لگاتے ہین ۔

فینال مونو کلورو ۔ روغنی سیال جو ۱۹۵ سنٹی گریڈ کی حرارت پر

PHENOL MONOCHLORO کھولتا ہے ۔ ۵ر۰ فی صدی کا سولیوشن بطور انٹی سپٹیک (حزر العفونت) استعمال کرتے ہین ۔

فینالن ۔ یہ ایک قسم کے ملین قرص ہین جس مین ۳/۴ گرین فینال تھالین

PHENALIN (ملاحظہ ہو بیان) موجود ہے ۔

فیناہڈ ۔ PHENA HID انٹی فبرن ۔ امونیم بائی کاربونیٹ اور سوڈیم بائی کاربونیٹ کا مرکب ہے ۔ بطور انٹی پائی رٹیک (دافع حرارت)

استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۵ گرین۔

فینامن ۔ PHENAMIN مترادف۔ فینو کال ہیڈرو کلورائڈ۔

فینل اسیٹ امڈ۔ PHENYL ACETAMID اینٹی فبرن کا دوسرا نام ہے

فینل بنزامڈ۔ PHENYL BENZAMID مترادف۔ بنزانی لڈ۔

فینل بورک آسڈ۔ مترادف۔ آسڈ بورو فینائی لک۔

PHENYL BORIC ACID

فینل پرو۔ پیولیٹ سوڈیم۔ ملاحظہ ہو بیان سوڈیم فینل پرو پیولیٹ۔ PHENYL PROPIOLATE SODIUM

فینل پی لوکارپن PHENYL PILOCARPIN مترادف اسیپ ٹولین

فینل ڈائی میتھل پائی رازولان۔ اینٹی پائی رین کا دوسرا نام ہے۔ PHENYL DIMETHYL PYRAZOLAN

فینل ڈائی ہیڈرو کوی نازولن۔ مترادف اورکسن۔

PHENYL DIHYDROQUINAZOLIN

فینل سیائی سلیٹ۔ مترادف سیالال۔

PHENYL SALICYLATE

فینل فارماڈ - PHENYL FORMAMID - مترادف -
فارمانی لڈ -

فینل گلی کال انٹی پائی رن - مترادف - پس سال -
PHENL GLYCOL ANTIPYRIN

فینل گلی کال سفنی ٹی ڈن - مترادف - اگ ڈوفی نن -
PHENYL GLYCOL PHENETIDIN

فینل گلی کال مینتھی لن اسی ٹیٹ - مترادف - جیاس مال -
PHENYL GLYCOL METHYLENE ACETATE

فینل مینتھل کی ٹون - مترادف - ہپنال -
PHENYL METHYLKETONE

فینل ہیڈرازن لے ویولی نک آسڈ - مترادف - انٹی ہرمن -
PHENYL HYDRAZIN LEVULINIC ACID

فینو برومیٹ - PHENOBROMATE - اسٹ انی لڈ اور پوٹاسیم
برومیڈ کا مرکب ہے -

فینو پائی رن - PHENOPYRIN - حسب ذیل ادویات کا
مرکب ہے -

فینسٹائل (کاز بالک آسڈ) ۹۴ حصے

اسٹی پائی رن	۱۸۸ حصے

روغنی بے بو اور بے مزہ سیال بطور مسکن بیرونی استعمال کرتے ہیں۔

فینوسال۔ PHENOSAL مترادف۔ پیارا امنی ڈن سیالی سل اسی ٹیٹ + سیالی سل اسیٹک ایسڈ۔

بے رنگ قلمیں پانی میں حل نہیں ہوتے ہیں۔ بطور انال جے سک (مسکن اوجاع) استعمال کرتے ہیں۔

مقدار خوراک۔ ۷ ½ گرین۔

فینوسکسن۔ PHENOSUCCIN مترادف۔ پائی رائن ٹن۔

فینوسیالل۔ PHENOSALYL اسمین حسب ذیل ادویات موجود ہیں۔

کاربالک آسڈ	۹۰ حصے
لیاکٹک آسڈ	۲۰ حصے
سیالی سلک آسڈ	۱۰ حصے
منتھال	ایک حصہ

ترکیب۔ بذریعہ حرارت کاربالک آسڈ کو گداخت کرکے دوسرے ادویہ ملا دیں۔

فینوکال سیالی سلیٹ۔ مترادف۔ سیالوکال۔

PHENOCOLL SALICYLATE

فینوکال ہیڈروکلورڈ ۔ مترادف فینا ہن + امیڈو اسٹ پیارا امفے ٹی ڈن ۔ ہیڈرو PHENOCOLL HYDROCHLORID کلورڈ + گلی کو کال ۔ پیارا امفے ٹی ڈن ہیڈروکلورڈ + کلورا سٹیل کلور آئیڈ کا اثر امفے ٹی ڈن پر ڈالنے سے بنتا ہے ۔ سفید چمکدار سوئی کے مانند قلمیں یا سفوف ایک کو ۶ حصے پانی مین حل ہوتا ہے ۔ مگر گرم پانی اور الکحل مین بخوبی حل ہو جاتا ہے ۔ اس دوا سے بخار کی حرارت کم ہوتی ہے ۔ فینا سیٹن کے موافق اسکا بھی عمل ہے مگر بہ نسبت فینا سیٹن اسکا اثر فوری ہوتا ہے ۔ اسکو رومیاٹک فیور اَیوٹ رومیاٹزم (حاد وجع مفاصل) ملیریا اور متعدی ان فلوئن زا مین استعمال کرتے ہین ۔ پائی پراسے زن کے ساتھ ملا کر رومیاٹک آرتھرائی ٹس مین استعمال کرتے ہین ۔

مقدار خوراک ۔ سے ۱۵ گرین ۔

فینولڈ ۔ PHENOLID اسٹ آنی لڈ اور سوڈیم بائی کاربونیٹ کا مرکب ہے بطور انٹی پائی رٹیک (دافع حرارت) استعمال کرتے ہین ۔

مقدار خوراک ۔ ۴½ سے ۹ گرین تک ۔

فینولیا کٹن ۔ PHENOLACTIN مترادف ۔ لیا کٹونی ہن ۔

فینی ڈن ۔ PHENEDIN فینا سیٹن کا دوسرا نام ہے ۔

فینی لان PHENYLON انٹی پائی رن کا دوسرا نام ہے ۔

فینی ٹی ڈن ڈکوی نن کاربونیٹ ۔ مترادف ۔ کی نافی نن ۔

PHENETIDID QUININE CARBONA TE

فینی ٹی ڈن ڈکیا مفورٹ ۔ مترادف ۔ کیا مفر فینے ٹی ڈن ڈ ۔

PHENETIDID CAMP HORATE فینا سیٹین مین اسیٹک آسڈ

موجود ہے مگر اسمین بعوض اسیٹک آسڈ ۔ کیا مفورک آسڈ ملایا گیا ہے بطور

مانع عرق اور دافع بخار استعمال کرتے ہین ۔

مقدار خوراک ۔ ، ½ سے ۵ اگرین تک ۔

فینی ٹی ڈن ۔ اگے ریسی نیٹ ۔ فینی ٹی ڈن اور اگے

ریسنک آسڈ کی PHENETIDIN AGARICINATE

تصعید سے حاصل ہوتا ہے ۔ اگے ریسک آسڈ اور فینا سیٹین کے وہی

خواص و فوائد ہین ۔

مقدار خوراک ۔ ، ½ سے ۵ اگرین تک ۔

فینی ٹی ڈن امگ ڈالیٹ ۔ مترادف ۔ امگ ڈونی نن ۔

PHENETIDIN AMYGDALAT E

فینی ٹی ڈن ٹارٹریٹ PHENETIDIN TARTRATE مترادف

ٹارٹرو فن ۔

فینی ٹی ڈن ۔ سیالی سل اسی ٹل ۔ مترادف ۔ تھرمال ۔

PHENETIDIN SALICYL ACETYL

فینی ٹی ڈن ۔ مینڈی لیٹ ۔ مترادف ۔ اگٹ ڈونی نن ۔

PHENETIDIN MANDELATE

فیورال FUROL خشک کیا ہوا بیر کا خمیر ہے ۔ فیورن کیولونز اور ڈس پیپٹیا (بدہضمی) مین استعمال کرتے ہین ۔

مقدار خوراک ۔ ۷½ سے ۳۰ گرین تک ۔

فیورن کیولن ۔ FURUNCULIN مترادف ۔ فیورون کیولن خشک کی ہوئی خمیر کی تیاری ہے ۔ اکزیما اور فیورن کیولونز میں استعمال کرتے ہین

مقدار خوراک ۔ ۱۵ سے ۲۰ گرین تک ۔ بدہضمی میں بھی مفید ہے ۔

فیورون کیولن FUROUNCULINE مترادف ۔ فیورن کیولن ۔

باب کاف عربی

کاپر۔ اسپٹال ۔ مترادف ۔ کپری سلفو کاربولس ۔ COPPER ASEPTOL ہلکے سبز رنگ سوئی کے مانند قلمین ۔ پانی اور الکحل مین حل ہوتے ہین ۔ بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) ½ سے ایک فی صدی کا سولیوشن استعمال کرتے ہین ۔ سوزاک مین ¼ سے ½ فی صدی کا سولیوشن پچکاری کرتے ہین ۔

کاپر۔ سٹریٹ ۔ COPPER CITRATE مترادف ۔ کپرو سٹروزال

کاپر۔ نک لی نیٹ COPPNR NUCLINATE مترادف کپرال

کاپر۔ ہی مال ۔ COPPER HEMOL ملاحظہ ہو بیان ہی مال

کاڈاسال CODASOL دیازوجن جیمین ۲۰ فی صدی آئیل آف کیڈ ملایا گیا ہے ۔

کاڈرینن ۔ یہہ ایک قسم کا مرکب ہے ۔ جس کے ہر ایک کیوبک سنٹی میٹر (۱ ، امنم) مین حسب ذیل ادویات CODRENIN موجود ہین ۔

کوکین ہیڈرو کلورڈ	۰۰۲ گرام
اڈرینالین ہیڈرو کلورڈ	۰۰۰۶ گرام

بطور ہنی ماسٹیٹک (حابس الدم) اور مقامی بے حس کنندہ و ندان سازی
مین استعمال کرتے ہین۔ مختصر جراحی مین مذکورۃ الصدر طاقت کا سولیوشن
۵ر۰ کیوبک سنٹی میٹر (۸ ½ منم) زیر جلد پچکاری کرین۔ یا اگر زیادہ حصہ کو
بے حس کرنا منظور ہو تو ایک حصہ کاکا ڈرئی ہن سولیوشن کے ہمراہ ۹۵ حصہ
فزیولاجک سالٹ سولیوشن ملا دین۔

کاربالن لائی سوفارم - یہہ ایک قسم کا ڈس اِن فکٹینٹ (دافع سم
وبائی) ہے جسمین ۲ حصے لائی سول
CARBALLYSOFORM
فارم اور ایک حصہ کروڈ کرئی سال موجود ہے۔

کاربو سیاپال - یہہ ایک قسم کا ڈس اِن فکٹینٹ (دافع سم
وبائی) ہے۔ جس مین حسب ذیل ادویات
CARBO SAPOL
موجود ہین۔

فینال	۵۰ حصے
سوڈا سوپ	۲۵ حصے
پوٹاش سوپ	۲۵ حصے

یہہ پانی مین بخوبی مل جاتا ہے۔ اور ایک فی صدی کا سولیوشن بنا کر بطور
ڈس اِن فکٹینٹ (دافع سم وبائی) استعمال کرتے ہین۔

کاربولائی سن - CARBOLYSIN یہہ ایک قسم کے قرص ہین

جس مین فینَال (کاربالک آسڈ) موجود ہے۔ پانی مین حل ہوتے ہین۔
ڈاکٹر اَفرنشس کی تحقیقات سے حسب ذیل ادویات کا مرکب ثابت ہوا ہے۔

فینَال (کاربالک آسڈ)	۵۱٫۸ فی صدی
سوڈیم بائی کاربونیٹ	۲۷٫۴ فی صدی
کریم آف ٹارٹار	۴۶ فی صدی

کاربیوٹیانال CARBUTANOL۔ یہہ ایک قسم کا منوم ہے جو اس طریقہ سے بنایا جاتا ہے۔ اسٹی ٹون کا اثر کلورو فارم پر ڈالین۔ اندرونی بطور سفوف یا کیاپسلز استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ۴½ سے ۲۲½ گرین تک سولیوشن کو محفوظ رکھنے کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

کارپین CARPAINE۔ پپوئی کے پتون کے الکالائیڈ کا نام ہے بے رنگ چمکدار تلخ قلمین۔ ۱۲۱ سنٹی گریڈ۔ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین بعوض ڈیجی ٹالن استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ½ سے ½ گرین تک زیر جلد استعمال کرین۔

کارپیولن CORPULIN۔ یہہ ایک قسم کے قرص ہیں جسمین اکسٹراکٹ فیوکس وی سی کیولوسز اور اکسٹراکٹ اڈونائی ڈین موجود ہے بطور مانع فربہی استعمال کرتے ہین۔

کارٹی سن ۔ CORTICIN مترادف بٹاسی سن ۔

کارڈال ۔ مترادف ۔ کارڈال ۔ Cardal ۔ ٹرائی برومم سیالال CORDOL چمکدار سفوف جو ۱۹۵ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے اور پانی مین حل نہین ہوتا ہے ۔ مگر الکحل اور ایتھر مین حل ہو جاتا ہے بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور انٹی رومیاٹک (دافع وجع مفاصل) استعمال کرتے ہین ۔

مقدار خوراک ۔ ۷ ½ سے ۲۲ ½ گرین تک ۔

کارڈال ۔ یہہ روغن انا کارڈیم آکسی ڈنٹیل یعنے کاجو کے چھلکون سے CARDOL نکالا جاتا ہے ۔ اسکو بطور آبلہ انگیز استعمال کرتے ہین ۔

کارڈال ۔ CARDOL مترادف کارڈال ۔ Cardol

کارڈل ۔ مترادف ۔ اسٹی ٹل ٹرائی برومم سیالال ۔ CARDYL سفید چمکدار سوئی کے مانند قلمین ۔ ۱۰۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین ۔ پانی مین حل نہین ہوتے ہین ۔ الکحل مین حل ہو جاتے ہین ۔ کارڈال ۔ Cardol کے موافق اسکے بھی خواص و فوائد ہین

کارگن ۔ KARGON حسب تحقیقات امریکن میڈیکل اسوسی ایشن اس مین پوٹاسیم آکسی ٹیٹ اور فلوریڈ اکسٹراکٹ آف بکو موجود ہے ۔

کارنو ۔ KARNO گوشت کا اکسٹراکٹ ہے ۔ جو بہت ہی

رقیق ہے۔ اسمین ۱۲ فی صدی البیومن موجود ہے۔ بطور غذا استعمال کرتے ہین۔

کارنی فرال مترادف۔ لائیکر کارنس۔ فرڈ ریپٹونائس۔

CARNIFERROL گوشت کا اکسٹراکٹ ہے جسمین۔ پیپٹونیٹ آف آیرن موجود ہے۔

کارنی فرن۔ مترادف۔ آیرن فاسفوساز کولیٹ۔

CARNIFERRIN سرخ مائل کسیندر بھورا رنگ بے مزہ بے بو پانی مین حل نہیں ہوتا ہے۔ مگر الکالین آسڈ ملے ہوئے پانی مین حل ہوجاتا ہے۔ گوشت کے فاسفو آسڈ کا آیرن سالٹ ہے۔ کلورو ہنر مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ۳ سے ۴ ½ گرین تک۔ حیوانون کے لئے ۷ ½ گرین۔

کارنیوٹن۔ یہہ ایک قسم کا الکالائیڈ ہے جو ارگٹ سے نکالا جاتا ہے۔ پانی مین

CORNUTINE کم حل ہوتا ہے۔ یہہ آلات البول کے جریان خون کا بہت ہی عمدہ مانع ہے۔

مقدار خوراک۔ ½ گرین روزانہ۔ اس کا ہیڈرو کلورڈ جو پانی مین حل ہوتا ہے۔ اس کی مقدار خوراک ½ سے ½ گرین تک روزانہ۔

کارنیوٹن سٹریٹ۔ CORNUTINE CITRATE بھورے رنگ کا سفوف جو پانی مین کم حل ہوتا ہے۔

مقدار خوراک۔ ½ سے ½ گرین تک یا اسی خوراک کے موافق زیر جلد

استعمال کرتے ہین ۔

کارواکرال ۔ آئیل آف اُوری گانم کا قوی الاثر جوہر فعّال ہے گاڑھا بدرنگ کا روغن ۔ یہہ بہت ہی عمدہ طاقتور اینٹی سپٹک (مزیل العفونت) ہے ۔ اسکے آئی اُوڈڈ کو بعوض آئی اُوڈو فارم استعمال کرتے ہین ۔ CARVACROL

کارواکرال آئی اوڈڈ ۔ CARVACROL IODID مترادف ۔ آئی اُوڈڈ کرال ۔

کاروسال ۔ CORROSOL حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے ۔ مرکیوری سکسی نیٹ ۔ کاکوڈائی لیٹ ۔ نوووکین ۔ ۲ کیوبک سنٹی میٹر (۳۴ منم) کے شیشیون مین فروخت ہوتا ہے جس مین ½ گرین مرکیوری موجود ہے آتشک مین استعمال کرتے ہین ہر دوسرے روز سرین کی پچھلیون مین زیر جلد پچکاری کرین ۔

کاروسکسن ۔ COROSUCCIN یہہ ایک قسم کا اینٹی سپٹک (مزیل العفونت) ہے جس مین ہموزن حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

سکسی نک آئڈ سولیوشن (۵ر۱ فی صدی کا)

گرڈیسو سبلی میٹ سولیوشن (ایک کو دس ہزار کا)

کارونا ۔ CORONA یہہ ایک قسم کا مقامی بے حس کنندہ ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

کوکین ۔ آب مقطر ۔ بکرک آسڈ ۔ نائٹرک آسڈ ۔ آئیل آف ونٹرگرین ۔ آئیل آف تھم ۔ آئیل آف منتھا آرونسز ۔ یوکالپٹس آئیل ۔ نیروا ک آسڈ ۔ بورک آسڈ ۔ دانتون کے نکالنے کے لئے استعمال کرتے ہین ۔

کارونل لن ۔ یہہ ایک قسم کا انکالائیڈ ہے جو کارونل لا انسکارپیوڈیز CORONILLINE سے نکالا جاتا ہے ۔ زرد رنگ اور تلخ سفوف پانی اور الکحل مین حل ہوتا ہے ۔ ایتھر مین حل نہین ہوتا ہے ۔ بطور مقوی دل اور اسٹیمولنٹ محرک ، استعمال کرتے ہین ۔

مقدار خوراک ۔ ۲ سے ۴ ½ گرین تک ۔

کاسمن ۔ یہہ ایک قسم کا مُنہ وَاش یعنے منہ اور دانت صاف کرنے کا KOSMIN عرق ہے جسمین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

فارمال ڈی ہائیڈ	۰٫۳ فی صدی
الکحل	۵۸ فی صدی
پانی	۴۱ فی صدی
اکسٹراکٹ آف مُر اور رَاٹنی	۰٫۳ فی صدی
سیاکارن اور سیماب طبع روغنیات	۰٫۲ فی صدی

کافی منٹ ٹیابلائیڈ ۔ COFFEE MINT TABLOID اس کے ہر ایک قرص مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

سوڈیم بائی کاربونیٹ	۲½ گرین
امونیم بائی کاربونیٹ	۱/۱۲ گرین
کافی ایکسٹراکٹ (رب قہوہ)	½ گرین
سپرٹم ایتھرس نائٹریٹ	۱/۵ گرین
آئیل آف پیپرمنٹ	۱/۵ گرین (وزن کیا ہوا)

معدہ اور جگر کے امراض مین استعمال کرتے ہین۔

کاکوڈائی لِک آسڈ CACODYLIC ACID مترادف

آسڈ کاکوڈائی لِک

کاکوڈائی لیاکال CACODYLIACOL مترادف

گومی ایے کال کاکوڈائی لیٹ۔

کالائیڈیل بزمتھ اکسڈ۔ مترادف۔ بزمتھ آکسڈ کالائیڈیل۔

COLLOIDAL BISMUTH OXID لائی سال بن پروٹال بن سوڈیم اور بزمتھ میٹاہیڈر آکسڈ کا مرکب ہے۔ اس مرکب مین فلزی بزمتھ ۲۰ فی صدی موجود ہے۔ یہہ ٹھنڈے اور گرم پانی مین حل ہوتا ہے۔ اس کا سولیوشن جو ۲۵ فی صدی تک بنایا جاتا ہے۔ اس کا رنگ زرد مائل بہ سُرخی اور بے مزہ ہوتا ہے۔ اور اس سے زیادہ طاقت کا یعنے ۵۰ فی صدی کا سولیوشن گاڑھا شربت کے مانند ہوتا ہے۔ ۱۰ فی صدی کے سولیوشن مین جست کیتھل۔ سیسہ اور فولاد ملانے سے تہ نشین

نہیں ہوتا ہے ۰٫۵ فی صدی کے سولیوشن مین سلفیورے ٹڈ ہیڈروجن گذارنے سے رنگین ہوتا ہے مگر تہ نشین نہین ہوتا ہے۔ ڈاکٹر کن ر صاحب نے بچون کے قصور ہاضمہ مین ۱۰ فی صدی کا سولیوشن ۸۵ منم دن مین ۳ یا ۴ مرتبہ استعمال کرنے کے لئے ہدایت کی ہے۔ اور اس خوراک کو دن مین ۳ یا ۴ مرتبہ تقسیم کرکے پلاوین

کالائیڈیل سلور ۔ مترادف ۔ کولارگال

COLLOIDAL SILVER

کالائیڈیل کیالومل ۔ مترادف ۔ کیالومیلال

COLLOIDAL CALOMEL

جس کا زرد رنگ ہے۔ اس کا وزن متناسبہ ۲۲۵ ر ۱ ہے۔ پانی کے ساتھ مل جاتا ہے ٹیوبر کیولوسز۔ راکائی ٹس (الکساح) اسکروفیولا (خنازیر) اور ابتدائے سل مین بطور الٹریٹو (مبدل) اور ٹانک (مقوی) استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۵ سے ۱۰ قطرے دن مین کئی مرتبہ۔

کیالسیم کیازی نیٹ - کیازین کیالسیم فاسفیٹ ہے جو بمقابلہ سٹاوجن بنایا گیا ہے۔

CALCIUM CASEINATE

کیالسیم گلی سرو فاسفیٹ - سفید سفوف گرم پانی مین کم حل ہوتا ہے بہ نسبت ٹھنڈے پانی

CALCIUM GLYCEROPHOSPHATE

موافق نمکیات گلی سرو فاسفیٹس مستعمل ہوتا ہے۔ بطور مقوی اعصاب استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۳۰ سے ۴½ گرین تک۔

کیالسیم گوی اے کال آرتھوسلفونیٹ - مترادف۔ گوئی اے سل۔

CALCIUM GUAIACOLARTHOSULFONATE

کیالسیم ہپ پیوریٹ - سفید چمکدار سفوف - ۷ حصے پانی مین حل ہوتا ہے - بطور مدر استعمال کرتے ہین -
CALCIUM HIPPURATE

مقدار خوراک - ۴ سے ۲۲½ گرین تک -

کیالسینال - CALCINOL مترادف - کیالسیم آئی اوڈیٹ -

آئی اوڈین کے الکحالی سولیوشن مین کاوری نے ٹڈلائیم کا سولیوشن ملانے سے بنتا ہے بے بو اور بے مزہ سفوف جو ۳۸۰ حصے پانی مین حل ہوتا ہے - اس مین ۱۵ فی صدی آئی اوڈین اور ۱۷ فی صدی آکسیجن موجود ہے - بطور ڈسٹنگ پاؤڈر (ذرور) استعمال کرتے ہین - اسکے سولیوشن اور ۳ فی صدی کے گلکوسیپ پڑے ہوئے مقامون اور زخمون مین استعمال کرنے سے فائدہ ہوا ہے - اسکا سیاچیورے ٹڈ سولیوشن رحم اور مثانہ دھونے کے لئے بھی مفید ہے ایک اونس کو ۱۰ گرین کا مرہم بنا کر مختلف قسم کے اگزیما مین استعمال کرتے ہین - ۳ ڈرام بہ دادا اور گلسرن ایک اونس باہم ملا کر ½ سے ۲ ڈرام کی جلدی بیماری ٹیوبرکیولوسز کے متاثر جوڑون مین کرتے ہین - بہت ہی عمدہ آئی اوڈوفارم کا عوض ہے - بطور گیاسٹروانٹسٹی ٹنل انٹی سپٹک (مزیل عفونت امعاء) اندرونی استعمال کرتے ہین - ایک کو ۱ حصے بزمتھ کاربونیٹ ملا کر بطور ان سفلیشن

(نفوخ)، وردگوش مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۳ سے ۴ گرین تک دن مین تین مرتبہ بطور سولیوشن۔

کیال کالیتھ۔ CALCALITH اس مرکب کو یورک آسڈ دیاتھے (خون مین یورک آسڈ کا زیادہ ہو جانا) مین استعمال کرتے ہین۔ اسمین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

کیالیسیم کاربونیٹ	۱۰ گرین
لی تھیم کاربونیٹ	ایک گرین
کالچی سن	۱/۵۰ گرین
آرومیاٹکس (افادیہ)	حسب ضرورت

کیال کیوسال ۔ پائی پرائے ڈن۔ پیاز اسلفامن بنزوٹ۔ اور پوٹاسیم کاربونیٹ کا مرکب ہے ۵ سے ۶۰ گرین کی خوراک مین CALCUSOL یورک آسڈ ڈیاتھے (خون مین یورک آسڈ کا زیادہ ہو جانا) اور زی نل کیا لکیولس (سنگ ثانہ) کے علاج مین استعمال کرتے ہین۔

کیا لومیلال ۔ مترادف ۔ کالائیڈیل۔ کیا لومل + سولیوبل کیا لومل۔ CALOMELOL بھورا مائل بہ سفید رنگ بے بو اور بے مزہ سفوف الکحل ایتھر بنزال یا نی نکلین پانی اور خون کے سیرم مین حل ہوتا ہے۔ کیا لومیلال مین ۸۰ فی صدی مرکیوریس کلورائڈ اور ۲۰ فی صدی پروٹیڈ موجود ہے

بطور ڈسٹنگ پاؤڈر اور ۳۰ فی صدی کا مرہم بیرونی استعمال کرتے ہین۔ اندرونی اسکو بعوض کیا نومل استعمال کرتے ہین۔

کیا نومیلال اوپیم ٹیابلٹس۔ ان قرصون مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔ CALOMELOL OPIUM TABLETS

کیا نومیلال	½ گرین
افیون	¼ گرین

آتشک مین اندرونی استعمال کرتے ہین۔

کیا نومیلال پاؤڈر۔ CALOMELOL POWDER اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

کیا نومیلال	۷۵ گرین
زنک آکسائڈ	۳۷½ گرین
اسٹارچ	۳۷½ گرین

کیالی فگ۔ CALIFIG یہ ایک قسم کا شربت انجیر ہے جسکو بطور ملین استعمال کرتے ہین۔

کیامفائیڈ۔ ۲ فی صدی پائی راکسلین کا شولیوشن ہے۔ ہموزن کیامفر اور اب شولیوٹ الکحل مین بنایا گیا ہے۔ گاڑھا سیال جو بہت جلد خشک ہوتا ہے۔ بعوض کا تو ڈی ین بیرونی استعمال کرتے ہین۔ CAMPHOID

کیامفاکال - یہ ایک قسم کا مرکب ہے - جو فارمال ڈی ہیڈ کیامفر اور گوی ایکال سے تصعید کیا جاتا ہے - سل منیو مونیا (ذات الریہ) CAMPHACOL

اور تہائی شہر (سل) مین استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۱/۲ سے ۱۵ گرین تک -

کیامفر تہائی مولے ٹڈ - مترادف - تہائی مال کیامفر -

CAMPHOR THYMOLATED

کیامفر ری زارسی سلے ٹڈ - مترادف - ری زارسن کیامفر -

CAMPHOR RESORCINATED

کیامفر سیالی سلے ٹڈ - سفید چمکدار سفوف - الکحل اور غلیظ روغنیات مین حل ہوتا ہے - پانی اور گلی سرن مین حل نہین ہوتا ہے - یہ مرکب اس طریقے سے بنایا جاتا ہے - CAMPHOR SALICYLATED

سیالی شلک ایسڈ	۴۴ فیصدی
کیامفر	۵۶ فیصدی

دونون کو باہم ملا کر گداخت کرلین - بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور آسٹرنجنٹ (قابض) مرہم مین ملا کر استعمال کرتے ہین - اندرونی بھی مستعمل ہے -

مقدار خوراک - ۱/۲ سے ۴ ۱/۲ گرین تک -

کیامفر فنی ٹڈ ڈ - مترادف - فنی ٹی ڈ ڈ کیامفوریٹ -

CAMPHOR PHENETIDID

کیامفر فنی سے ٹیڈ - مترادف - فینائل کیامفر -

CAMPHOR PHENYLATED

کیامفر نیافتہال - مترادف - نیافتہال کیامفر -

CAMPHOR NAPHTHOL

کیامفور اکسائل - ہیڈروجن پراکسائڈ کا الکحل سے بنا ہوا سولیوشن ہے جس مین ایک فی صدی کیامفر بھی موجود ہے - بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور دافع عفونت استعمال کرتے ہین -

CAMPHOROXOL

کیامفورال - یہ ایک قسم کا دافع عفونت اور ڈس انفکٹنٹ (دافع سم و بائی) سیال ہے جس مین ۳ فی صدی کلا ہیڈروجن پراکسائڈ اور ایک حصہ کیامفر اور ۳۲ حصے الکحل موجود ہے -

CAMPHORAL

کیامفورٹین - یہ ایک قسم کے قرص ہین جس مین ۷½ گرین کیامفر موجود ہے -

CAMPHORETTIN

کیامفورونک آسڈ - مترادف - آئی سوبرومل کارنبال بی لک آسڈ - سفید نمی کو جذب کرنے والے قلمین - پانی مین حل اور ۱۳۶ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین - بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین -

CAMPHORONIC ACID

کیامفوسل - یہ ایک چمکدار روغنی کافور کی بو والی بے مزہ پانی مین حل نہین ہوتی والی
CAMPHOSIL لگدی کیامفر اور سیالی سلک آسڈ سے تصعید
کی جاتی ہے۔ بطور انٹی سپٹک (مزیل التعفونت) اور انٹی بائی ٹیک (دافع حرارت)
استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۷ سے ۱۰ گرین۔

کیامفینال - یہ ایک قسم کا ڈس انفکٹنٹ (دافع سم و بائی) اور جرمی سائڈ
CAMPHENOL (دافع جراثیم) ہے جسمین کیامفر کری سائل اور
فینال موجود ہے۔

کیانابن ٹیانیٹ - یہ دواورق القنناط کے مقطر پر ٹانک آسڈ کا
CANNABIN TANNATE اثر ڈالنے سے بنتی ہے۔
بھورے رنگ کا سفوف پانی۔ الکحل اور ایتھر مین کم اور آسڈ ملائے ہوئے الکحل مین حل ہوجاتا ہے بطور منوم
عصبی بیخوابی مین استعمال کرتے ہین تشنج حیض اور تکثر حیض مین بھی مفید ہے۔ یہ ورق القنناط کے منشی اجزا سے مرکب ہے۔

مقدار خوراک - ۴ سے ۸ گرین تک۔

کیانابی نان - یہ ایک قسم کا ریزن ہے جو ورق القنناط سے نکالا جاتا ہے۔
CANNABINON شہد کے مانند گاڑھی لگدی پانی مین حل نہین
ہوتی مگر الکحل ایتھر کلوروفارم اور بنزن مین حل ہوجاتی ہے۔ بطور منوم اختناق الرحم
اور سہر مین استعمال کرتے ہین۔ بہ نسبت کیانابن ٹیانیٹ یہ موثر ہے ایک کو اعضہ

ملک نگر ملا کر استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ½ سے ایک گرین تک۔

کینن شک آسڈ ۔ CAINCIC ACID مترادف ۔ آسڈ کینن شک۔

کیوٹال ۔ مترادف ۔ آلیومی نی ایم بورو ٹیانیٹ۔ CUTAL ہلکا بھورے رنگ کا سفوف جو پانی مین حل نہین ہوتا ہے بذریعہ ٹارٹارک آسڈ اسکا سولیوشن پانی مین بنایا جاتا ہے۔ بطور اسٹرنجنٹ (قابض اور ڈس انفکٹنٹ (دافع سم و بائی) جلدی امراض اور سوزاک مین استعمال کرتے ہین

کیوٹولن ۔ آلیومی نی ایم بائی بورنیٹ ۔ کے پنسل ہین جسکو بطور مانع جریان خون CUTOLINE استعمال کرتے ہین۔

کیورے رل ۔ ½ فی صدی کیورے رن کا سولیوشن ہے جسکو زیر جلد CURARIL کرارہ مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۰،۴ کیوبک سنٹی میٹر یعنے ۶ منم ہے۔ اگر یہ خوراک کوئی نمایان اثر پیدا نہ کرے تو ۰،۲ کیوبک سنٹی میٹر یعنے ۳ منم ہر ۲ یا ۳ گھنٹے کے فاصلے سے زیادہ کرین تا وقتیکہ اس دوا کا اثر پوری طرح ہو۔

کیورے رن ۔ کیورے کی جڑ سے یہ الکالائیڈ نکالا جاتا ہے بے رنگ قلمین جو پانی اور الکحل مین حل ہوتے ہین۔ ½ سے CURARINE

پارس گرین کی خوراک مین کزازمین زیر جلد استعمال کرتے ہین۔ یہ بہت ہی سخت زہر ہے نہایت ہی احتیاط سے استعمال کرین ۔ اسٹرک ننا اور اٹروین اس کا فاد زہر ہے ۔

باب کاف فارسی

گابیانال - یہ ایک قسم کا اکسٹراکٹ ہے جو شل (ایک قسم کا معدنی کوئلہ ہے) سے نکالا جاتا ہے۔ موافق اکہتیال اسکے GABIANOL بھی خواص و فوائد ہین۔ برانکائی ٹس مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۳ ۳/۴ گرین دن مین ۴ سے ۶ مرتبہ۔

گاڈال - GADOL کاڈلیور آئیل کا خوش ذائقہ املشن ہے جسمین ۵۰ فی صدی روغن مذکور موجود ہے۔

گاڈانن - یا رارسبر کا شولیوشن ہے جو انتھر یا بزن مین بنایا گیا ہے۔ اسکو برش GAUDANIN سے جلد پر لگاتے ہین۔ آئی اوڈن لگانے کے بعد اسکو اگر نکالنا منظور ہو بلفم چھڑکنے سے نکلجاتا ہے۔

گاڈوال - GADUOL مترادف۔ مارڈوال۔

گاڈوز - کاڈلیور آئیل جسمین شحمی حموضات نکال دئے گئے ہین اس کے GADOSE کیمیائی اجزا مانند ول فیاٹ ہین اسلئے بعوض ول فیاٹ استعمال کرتے ہین۔ زرد رنگ کی لگدی جو ۳۵ سے ۳۶ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتی ہے اور انتھر کلورو فارم مین حل ہوتی ہے مگر الکحل مین کم۔ اسکے

آئی اوڈن ملنے کی طاقت ۷۶٫۸۹ فی صدی اور صابون بننے کی طاقت ۱۶۷
ہی۔ اسکی حسب ذیل تیاریان ہین۔

(۱) اَن ہیڈرس گاڈوز یعنے آب نہ آگندہ گاڈوز۔

(۲) ہیڈرس گاڈوز یعنے آب آگندہ گاڈوز۔ اِس مین ۲۵ فی صدی پانی ملایا گیا ہے۔

(۳) گلی سرِی نے ٹڈ گاڈوز یعنے ۲۵ فی صدی گلیسرن ملایا ہوا گاڈوز۔
آب نہ آگندہ گاڈوز مین ۲۵ صدی پانی جذب کرنے کی قوت ہے اسلئے پایکا
مرہم بنانے کے لئے استعمال کرتے ہین۔

گاڈیوڈن۔ GADIODINE مچھلی کا تیل جسمین بمقدار زائد
آئی اوڈن ملایا گیا ہے۔

گا۔کیامفال GACAMPHOL مترادف۔ گوی اے
کیامفال۔

گال اسی ٹوفینان۔ مترادف۔ گالاک ٹونی نان + ٹیتل کی ٹوڑائی
آکسی بنزال + ٹرائی آکسی اسی ٹوفینان +
GALLACETOPHENON
آلی زارن ملیو۔

ریائی روگال سے مستخرج ہی۔ زرد رنگ مصفوف جسم پانی مین حل نہین ہوتا ہی مگر گرم پانی الکحل ایتھر اور گلی سرن مین
بخوبی حل ہوجاتا ہی۔ ۱۷۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہی۔ ۱۰ فی صدی کا مرہم بنا کر

سوریاسز اور جلدی امراض مین استعمال کرتے ہین۔ بہ نسبت پائی زو گالال اسمین سمیت کم ہے۔

گال تھے رن GAULTHERIN۔ شوڈیم میتھل سیلی سائیٹ ہے۔ سرخ رنگ سفوف پانی مین کم حل ہوتا ہے۔ مگر الکحل مین فوراً حل ہو جاتا ہے۔ بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور مانع تخمیر استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۴½ سے ۹ گرین تک۔

گال تھی رولین GAULTHEROLIN۔ مصنوعی ونٹر گرین آئیل ہے۔ جو بذریعہ حل و عقد کیمیائی بنایا گیا ہے۔

گالابرومال۔ GALLABROMOL مترادف۔ گالوبرومال۔

گالاک ٹوجن GALACTOGEN۔ یہ ایک پرورش کنندہ غذا ہے جو الکالی کیا زین سے بنائی جاتی ہے۔ اس مین ۷۰ فی صدی پیپٹونز ۴ فی صدی چربی اور ۱۵ فی صدی فاسفارک آسڈ موجود ہے۔

گالاک ٹوفی نان GALLACTOPHENON۔ مترادف۔ گال اسی ٹوفینان۔

گالاک ٹوکلورل GALACTO CHLOR۔ گالاک ٹوز اور کلورل پر ہیڈریٹ کلورک آسڈ کا اثر ڈالنے سے بنتا ہے۔ چمکدار ٹکڑے

بطور ہپ ناٹک (منوم) استعمال کرتے ہین۔ کلورآلوز کے موافق اسکے بھی خواص و فوائد ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۱½ سے ۱۵ اگرین تک ۔

گالال ۔ مترادف الیومی نی ائم سب گالیٹ + بے سک گالیٹ آف الیومی نی ائم GALLAL ہے بھورا رنگ سفوف جو پھٹکری کے سولیوشن اور سوڈیم گالیٹ سے بنایا جاتا ہے۔ پانی مین حل نہین ہوتا۔ مگر آب آگندہ جموضات مین حل ہو جاتا ہے۔ بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور اسٹرنجنٹ (قابض) استعمال کرتے ہین۔ اوزینا (بخر الانف) مین فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔

گالانال ۔ مترادف۔ گالی نال + گالانی لڈ + گالک آسڈ انی لڈ ۔ GALLANOL بے رنگ تلخ قلمین جو ۲۰۵ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین۔

گرم پانی انتھر الکحل اور روغنیات مین حل ہو جاتے ہین۔ بطور اسٹرنجنٹ (قابض) استعمال کرتے ہین۔ بہ نسبت بائی زد گالال اور کرائی سوفینا ٹک آسڈ اسمین خراش کم ہے۔ اسلئے اسکو بعوض دونون دواؤن کے استعمال کرتے ہین۔ یہ غیر سمی ہے مگر اسکے استعمال سے زخمون مین خراش ہوتی ہے۔ اگزیما اور سوریا سٹر (متشف الجلد) مین ۵ سے ۲۰ فی صدی کا مرہم سولیوشن یا ڈسٹنگ پاؤڈر

(ڈروز) بنا کر استعمال کرین۔

گالانی لڈ۔ GALLANILID مترادف۔ گالانال۔

گالک آسڈ انی لڈ۔ مترادف۔ گالانال۔

GALLIC ACID ANILID

گالک آسڈ میتھل ایسٹر۔ مترادف۔ گالی سن۔

GALLIC ACID METHYL ESTER

گالوبرومال۔ مترادف۔ گالابرومال + ڈائی برومو گالک آسڈ۔

GALLOBROMOL بے رنگ قلمین جو ۱۴۰ سے ۱۵۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت اور ٹھنڈے پانی مین حل نہین ہوتے ہین۔ مگر گرم پانی اور قرار محلات مین حل ہو جاتے ہین۔ بطور سڈے ٹیو (مسکن) بعوض اکالی برومڈ استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ۳۰ سے ۴۵ گرین تک بطور انٹی رشیٹک (مزیل التعفن) اور اسٹرنجنٹ بھی ½ سے ۱½ فی صدی کا سولیوشن یا مرہم بنا کر استعمال کرتے ہین

گالوجن۔ مترادف۔ ایل لاجک آسڈ + ای گالک آسڈ۔

GALLOGEN زرد رنگ بے بو اور بے مزہ سفوف۔ ڈی ڈی ڈی۔ وی کے درخت سے نکالا جاتا ہے۔ ۲ فی صدی تک الکالین سیالون مین حل ہو جاتا ہے۔ نیوٹرل یعنے بین بین اور حموضی سیالون مین حل نہین ہوتا ہے

اسکے الکالین سولیوشن پر آکسیجن کا اثر بہت جلد ہوتا ہے۔ بطور انٹرنجنٹ (قابض) اسہال مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ۵ گرین دن مین ۳ سے ۵ مرتبہ جوانون کے لئے اور بچون کے لئے ۱½ سے ۷½ گرین تک دن مین کئی مرتبہ۔

گالوفارمین۔ مترادف۔ کہسا ئیتھی لن ٹینٹرا مین گالیٹ۔

GALLOFORMIN یورو ٹروپین اور گالک آسڈ کا مصعد ہے۔ سخت قلمین جو الکحل گلیسرن اور پانی مین حل نہین ہوتے ہین۔ کلورو فارم اور روغنیات مین حل ہو جاتے ہین۔ ہی ماٹیوریا یعنے بول الدم البیومی نیوریا اور سنسنائی سنس (سوزش مثانہ) مین اندرونی اور بیرونی استعمال کرتے ہین۔

گالی سن۔ مترادف۔ گالک آسڈ میتھل ایسٹر۔

GALLICIN منشور نما یا سوئی کے مانند قلمین جو ۱۰۲ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت اور گرم پانی ایتھر اور الکحل مین حل ہوتے ہین یہ بے بیت اینٹی سپٹیک (مزیل العفونت) ہے۔ کنجنک ٹیول کتہار اور کارنائی لس مین بطور ڈسٹنگ پاؤڈر (ذرور) دن مین ایک یا ۲ مرتبہ چھڑکتے ہین۔ ۵ فیصدی کا مرہم کوکین یا اڑوبین ملا کر استعمال کرتے ہین۔

گالی نال GALLINOL مترادف۔ گالانال۔

گرانڈیرا۔ GRANDIRA یہ ایک قسم کا مرہم ہے جس مین

۳۰ فی صدی کیا ئول موجود ہے۔ اسکو بطور حفظ ما تقدم آتشک استعمال کرتے ہین۔

گرانیولر ایفروی سنٹ سوڈیم سیالی سلیٹ کمپونڈ مترادف GRANULAR EFFERVESCENT SODIUM SALICYLATE CO. اکارل جیا۔

گرمن GURMIN یہ ایک قسم کی انٹی اسٹرپٹو کا کسی شیرم ہے جو گھوڑون سے نکالی جاتی ہے۔ اسکو محفوظ رکھنے کے لئے ۵ فی صدی فینال ملایا گیا ہے۔ ۲۵ کیوبک سنٹی میٹر (۱½ سیال اونس) بطور مانع اور ۵۰ کیوبک سنٹی میٹر (۳ سیال اونس) بطور دافع زیر جلد استعمال کرتے ہین۔

گرے پیال۔ یہ ایک قسم کے کیپسول ہین جسمین اسے پیال ارگٹ GRAPIOL الائین موجود ہے۔ بے قاعدگی حیض مین استعمال کرتے ہین۔

گری سے رن۔ مترادف۔ سوڈیم لاری ٹی نیٹ۔

گری سیرن GRISERIN لاری ٹن جس مین ۵ ۶/۷ فی صدی سوڈیم یا بی کاربونیٹ ملایا گیا ہے۔ ٹیوبر کیولوسز اور سپٹک ان ڈو کارڈائی ٹس (دل کے کواڑون کی سوزش مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ۳ سے ۱۵ گرین تک۔

گرے می نال۔ GRAMINAL مترادف۔ گرے می ٹن۔

گرشے حی نن - مترادف - گرشے می نال -

GRAMININ خشک کی ہوئی سپرم ہے - جو بطور ناس ہے -
جسکو ہے فیور مین استعمال کرتے ہین -

گرینز - اَلنس تھے ٹیکم - یہ ایک قسم کا سولیوشن ہے جس مین کوکین
GRAYS ANAESTHETICUM ہیڈرو کلورڈ ۱۵ گرین الی ٹن
۷۵ گرین اور الکحل ۷۵ گرین (وزن کیا ہوا) موجود ہے - کان کے درد مین
استعمال کرتے ہین -

گرین مون ٹن آئیل - حسب ذیل ادویات کا مرکب ہے -

GREEN MOUNTAIN OIL

آئیل آف اسپیرمنٹ	۱۰ منم
آئیل آف لوکا لپٹس	۱۰ منم
آئیل آف کیاسیا	۲۰ منم
آئیل آف پیپرمنٹ	۱½ سیال اونس
آئیل آف وِنٹر گرین	۲ سیال اونس
آئیل آف ساسافراس	۳ سیال اونس
روغن کنجد	۱۶ سیال اونس
منتھال	۳۰ گرین

کلوروفل	۳۰ گرین

تمام روغنیات کو سوائے روغن کنجد! ہم ملا کر منتہال ملاوین۔ ۴۔ اونس روغن کنجد مین کلوروفل کو حل کرلین بعد ازان بقایا روغن کنجد ملاوین۔

گرین مون ٹن سالو۔ اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

GREEN MOUNTAIN SALVE

ریزن	۵ پونڈ
برگنڈی پچ	۴۔ اونس
موم	۴۔ اونس
چربی گوسفند	۴۔ اونس
آئیل ہلاک	ایک سیال اونس
بالسم آف فر	ایک سیال اونس
آئیل آف اوری گانم	ایک سیال اونس
آئیل آف ریڈ سنیڈر	ایک سیال اونس
وینس ٹرپن ٹائن	ایک سیال اونس
آئیل آف ورم وڈ	½ سیال اونس
ورڈگرس (رنگار)	ایک اونس

پہلے تین اجزا کو گداخت کرکے روغنیات ملاوین۔ تھوڑے سے روغن کیساتھ

زنگار کو ملایہ کرکے اس مین ملا کر خوب ہلا کے بعد پانی مین ڈالکر اسقدر مالش کرین موم کے مانند ہو جاوے۔

گرین ہوز کالرا مکسچر - اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

GREENHOW'S CHOLERA MIXTURE

گوی اکٹ	ایک اونس
لونگ	ایک اونس
دارچینی	ایک اونس
برانڈی	۴ سیال اونس

۷ دن بھگو کر فلٹر کرلین۔

گلائی ڈین - بناتی البیومن کی پرورش کنندہ غذا ہے جو گیہون کے آٹے سے نکالی جاتی ہے بے بو اور زرد مائل بہ سفید رنگ سفوف پانی مین بھگونے سے پھول جاتا ہے۔ اسمین ۳۰ فی صدی البیومن اور ۲ فی صدی پرورش کرنے والے نمکیات اور ۶۸ فی صدی کاربوہیڈریٹس موجود ہین اسکی روٹی دیابیطس اور گردے کے مرضا کو کھلاتے ہین۔

GLIDIN

گلانڈولین - بکرون کے غدود کے ایکسٹراکٹ کے قرص ہین۔ یکمونری ٹیوبرکیولوسز مین استعمال کرتے ہین۔

GLANDULEN

گلک گلک - یہ بیضۂ مرغ کا عوض ہے

GLUCK-GLUCK

جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

بیضۂ مرغ کا البیومن (سفیدی بیضۂ مرغ)	۶۶/۵ فیصدی
کاربن اسٹارچ	۲۳/۴ فیصدی
سوڈیم بائی کاربونیٹ	۳ فی صدی
رنگ	موافق زردی بیضۂ مرغ

گلوبیولے رین ۔ یہ ایک قسم کا آلکا لائید ہے جو گلوبیولے ریا وگلیرس الی یم سے نکالا جاتا ہے ۔ کیا فین کے موافق اسکے GLOBULARINE

بھی خواص و فوائد ہین ۔

مقدار خوراک ۔ ½ گرین ۔

گلوٹال ۔ مترادف ۔ گلوٹوفارم + فارمال ڈی ہیڈ جیلاٹن + فارمالن جیلاٹن ۔ GLUTOL

جیلاٹن اور فارمال ڈی ہیڈ کا کیمیائی مرکب ہے ۔ یہ اس طریقہ سے بنایا جاتا ہے ۵ ڈرام جیلاٹن کو ۳ ½ ڈرام پانی مین حل کر کے ایک قطرہ فارمال ڈی ہیڈ کا اس مین ٹپکا دین جو کچہ فالودے کے مانند حاصل ہو صندوق مین بھر کے چونے پر رکھدین ۔ روئی کو فارمال ڈی ہیڈ مین بھگو کر اُس صندوق پر رکھین تاکہ فارمال ڈی ہیڈ کا اثر ہو کر وہ لگدی خشک ہو جاوی اور اُسمین فارمال ڈی ہیڈ کا اثر اچھی طرح سے ہو جاوے اس خشک شدہ شکر کو سفوف کرین سفوف بے بو سفید جو پانی مین حل نہین ہوتا ہی حموضات اور القلی سے متفرق نہین ہوتا ہے

مگر جلد کا اثر ہونے سے اس مین سے فارمائل ڈی ہیڈ گیاس نکلتا ہے۔ بادی النظر مین تو یہ اینٹی سپٹک (مزیل العفونت) نہین ہے۔ مگر جب جلد پر یہ لگایا جاتا ہے تو اپنا اینٹی سپٹک (مزیل العفونت) اثر جو مخفی ہے وہ ظاہر کرتا ہے اسلئے یہ عمدہ اینٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور بیاک ٹی ریا سائیڈ (مُمیت جراثیم) ہے۔ جلے ہوئے مقامون۔ زخمون۔ اور السر زمین خشک سفوف چھڑکتے ہین۔

گلوٹان ۔ GLUTON حل ہونے والی جیلاٹن کی پرورش کنندہ غذا ہے۔ زرد رنگ سفوف فربہی اور ذیابیطس کے بیمارون کو کھلاتے ہین۔

گلوٹک ٹونز ۔ گلی سرین جلی کے پنسل مین جسمین زنک آکسائڈ اور سیالی سلک آسٹیٹ موجود ہے۔ اگزیما اور دوسرے جلدی GLUTEKTONES امراض مین استعمال کرتے ہین۔ جارماؤف پر یہ پنسل پانی لگا کر رگڑین۔

گلوٹن ٹینانیٹ ۔ مترادف ۔ گلوٹیانال ۔

GLUTEN TANNATE

گلوٹوفارم ۔ مترادف ۔ گلوٹال ۔

GLUTOFORM

گلوٹیانال ۔ مترادف ۔ گلوٹن ٹینانیٹ ۔

GLUTANNOL فائی برن اور ٹانک آسڈ کا مرکب ہے۔

بطور اُن لِس لی ٹنل اِنجکشن (قابض امعاء) استعمال کرتے ہین۔ گیانا سٹرک جنیوس کا اثر نہین ہوتا ہے۔ ٹیانائل بن اور ٹانو کائل کے موافق اس کے بھی خواص فوائد ہین

مقدار خوراک ۔ ۳ سے ۱۵ گرین تک بطور کیاپسل یا شربت مین ملا کر دین۔

گلوسِڈ GLUCID ۔ سیاکارِن کا دوسرا نام ہے۔

گلوسِڈ GLUSID ۔ سیاکارِن کا دوسرا نام ہے۔

گلوسِن ۔ مترادف ۔ سوڈیم ۔ امیڈو ٹرائی ایزین سلفونیٹ ۔

GLUCIN سیاکارِن کا عوض ہے۔

گلی بولڈ GLYBOLID ۔ یہ ایک قسم کا اینٹی سپٹیک (مزیل العفونت) ہے جسمین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

بورک آسڈ	ایک حصہ
اسنٹ آئی لڈ	ایک حصہ
گلی سرین	۲ حصے

بطور اینٹی سپٹیک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔

گلی زِن ۔ اِکسٹریکٹ اِلکورس اِکسٹراکٹ اِرباسنٹا اور سیماب طبع روغنیات

GLYZINE کا مرکب ہے جو بذمرہ ادویات کو خوش ذائقہ بنانیکے لئے استعمال کرتے ہین۔

گلی سرال۔ پیان کریاٹن۔ اس مین ۱۰ فی صدی پیان کریاٹن اور ۱۰ فی صدی گلی سرال ٹرپ سن موجود ہے۔

GLYCEROL PANCREATIN

گلی سرائیٹ آف اسٹی رولین۔ یہ ایک قسم کا مانع تشنج مخرج بلغم اور انٹی سپٹیک (مزیل العفونت) ہے جسمین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

GLYCERITE OF STYROLENE

اسٹی رولین۔ اسٹی رسے سن۔ بنزوائک آسڈ۔ سینامک آسڈ۔ اسٹ آنی لڈ۔ وائلڈ بیری۔ گلی سرن۔

گلی سرن ای مولی انٹ۔ یہ ایک قسم کا مرکب ہے جسمین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

GLYCERIN EMOLLIENT

ٹراگاکیانتھا (کتیرا گوند)	۲۶۳ گرین
بورک آسڈ	۶ ڈرام
کارن اسٹارچ	۳ اونس
گلی سرن	۲۸½ اونس (روزن کیا ہوا)
آئیل آف وٹنر گرین	۳۰ گرین (روزن کیا ہوا)

اسکو جراحی کے اوزارون پر لگاتے ہین۔

گلی سرن سیالی سلے ٹڈ۔ مترادف۔ گلی کسال۔

GLYCERIN SALICYLATED

گلی سرن فاسفیٹ گلی سرال ۔ حسب ذیل ادویات کا سولیوشن ہے

GLYCERIN PHOSPHATE GLYCEROL

گلی سرو فاسفیٹ آف سوڈیم	۷½ حصے
کونی ین گلی سرو فاسفیٹ	ایک حصہ
آئرن گلی سرو فاسفیٹ	۲۰ حصے
پانی	۱۰۰ حصے
سٹرک ایسڈ	سولیوشن بنانیکے موافق

گلی سرن ہیرائین کمپونڈ ۔ اسکے ہر ایک سیال ڈرام مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

GLYCERIN HEROINGO

ہیرائین ہیڈرو کلورائڈ	۱/۱۶ گرین
امونیم ہائی پو فاسفائیٹ	۳ گرین
ہائی یوسیامس	ہتوڑاسا
مٹلو	
گلی سرن	
آرومیٹکس (افادیہ)	

کھانسی سیل ۔ برانکائی ٹس ۔ لارنجائی ٹس (سوزش حنجرہ) نیومونیا (ذات الریہ) اور دمہ مین استعمال کرتے ہین ۔

مقدار خوراک ۔ایک سیال ڈرام ۔

گلی سرو فاسفائیڈز ۔ یہ ایک قسم کے کیا پسلز ہین جسکے ہر ایک مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

GLYCEROPHOSPHOIDS

کیالسیم گلی سرو فاسفیٹ	۳ گرین
گاڈوآل	۵ منم
کریوسوٹ	۲ منم
اسٹرکنن فاسفیٹ	۱/۶۰ گرین

گلی سرو فاسفیٹس سرپ ۔اس شربت مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

GLYCEROPHOSPHATES SYRUP

گلی سرو فاسفیٹ آف آئرن

گلی سرو فاسفیٹ آف میانگانیز

گلی سرو فاسفیٹ آف کوئی ن

گلی سرو فاسفیٹ آف اسٹرکنن

گلی سرو فاسفیٹ آف کیالسیم

گلی سرو فاسفیٹ آف سوڈیم

گلی سرو فاسفیٹ آف پوٹاسیم

گلی سرو فاسفیٹس سرپ (ہکسلی) ۔مترادف نزدائی گرب سرپ گلی سرو فاسفیٹس

GLYCEROPHOSPHATES SYRUP (HUXLEY)

اسی ڈس (دکسلی) پاس شربت کے ہر ایک سیال ڈرام مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

گلی سرو فاسفیٹ آف لائیم	۴ گرین
گلی سرو فاسفیٹ آف سوڈیم	۴ گرین
گلی سرو فاسفیٹ آف پوٹاسیم	۴ گرین
گلی سرو فاسفیٹ آف میانگانیز	۴ گرین
گلی سرو فاسفیٹ آف آرن	۴ گرین
گلی سرو فاسفیٹ آف اسٹرکنن	$\frac{1}{250}$ گرین

اس مین بجائے شربت گلی سرن ملایا گیا ہے۔ اسکو بطور مقوی اعصاب استعمال کرتے ہین ۔

مقدار خوراک ۔ ایک چاء کا چمچہ دن مین ۲ یا ۳ مرتبہ تھوڑے سے پانی مین ملا کر قبل از غذا استعمال کرین ۔

گلی سرو فاسفیٹس کمپونڈ ۔ اسکے ہر ایک اونس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔ GLYCEROPHOSPHATES CO

سوڈیم گلی سرو فاسفیٹس	۱۶ گرین
کیلسیم گلی سرو فاسفیٹ	۸ گرین
آئرن گلی سرو فاسفیٹ	۱½ گرین

میانگنیز گلی سٹرو فاسفیٹ	۱ گرین
کوی نن گلی سٹرو فاسفیٹ	½ گرین
اسٹرکنن گلی سٹرو فاسفیٹ	1/16 گرین

گلی سٹرول آف اربن کمپونڈ - یہ ایک قسم کا سڈیٹو (مسکن) اور مخرج بلغم ہے جسکے ہر ایک سیال اونس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

GLYCEROLE OF YERBINE CO

اربا سنٹا	۹۰ گرین
لکورس روٹ	۹۰ گرین
گرنڈے لیا	۳۰ گرین
وائلڈ چیری	۳۰ گرین
پوٹاسیم برومیڈ	۷½ گرین
پائین ٹار	۲ گرین
سیانی سلک آسڈ	۲ گرین

گلی سری نم لیا کٹو کاربالیکم - اس مرکب کے تین اقسام ہین -

GLYCERINUM LACTOCARBOLICUM

نمبر ۱ کاربالک آسڈ	۱½ ڈرام
لیاکٹک آسڈ	۲½ ڈرام

گلی سرن	۲۵ ڈرام
نمبر (۲) فینال (کاربالک آسڈ)	۲ ½ ڈرام
لیاکٹک آسڈ	۵ ڈرام
گلی سرن	۲۵ ڈرام
نمبر (۳) فینال (کاربالک آسڈ)	۶ ¼ ڈرام
لیاکٹک آسڈ	۱۷ ½ ڈرام
گلی سرن	۲۵ ڈرام

جلد پر لگاتے ہین۔

گلی سن GLYCIN مترادف آکسی فینیل گلی کوکائل۔

یہ ایک قسم کا ڈے۔ وو۔ لوپر ہے جسکو فوٹوگرافی مین استعمال کرتے ہین۔

گلی فوکائل۔ کمپونڈ سرپ فاسفینٹ کا تجارتی نام ہے جسمین گلی سرو فاسفیٹ آف کیالسیم گلی سرو فاسفیٹ آف سوڈیم GLYPHOCAL گلی سرو فاسفیٹ آف پوٹاسیم۔ گلی سرو فاسفیٹ آف میانگنیز تیم۔ گلی سرو فاسفیٹ آف آئرن پیپسن اور ڈیاس ٹیز موجود ہے۔ اسکے علاوہ اس شربت مین مالٹ اکسٹراکٹ بھی موگلو بن بھی ملایا ہوا فروخت ہوتا ہے۔ اس شربت کو نیوراس تھے نیا برائیٹس ڈزیز کلوروسز اور نیورال جیا (عصبی درد) مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ایک سے ۲ ڈرام تک -

گلی کائی اولن - یہ ایک قسم کی پلپس ہے جس مین کائی اولن اور گلیسرین موجود ہے - GLYKAOLIN

گلی کو تھائی مولن - یہ ایک قسم کا مرکب ہے جسکو ناک - گلے - شکم امعاء رحم اور اندام نہانی کے کہنہ امراض مین استعمال کرتے ہین - بیان کیا جاتا ہے - کہ اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین - GLYCO THYMOLINE

سوڈیم بورک آسڈ	۲۴ گرین
بنزائین	۴ گرین
سیالی سلک آسڈ	۰٫۳۳ گرین
یوکالپٹائل	۰٫۳۳ گرین
تھائی مولن	۰٫۱۷ گرین
بی ٹولالنٹا	۰٫۰۸ گرین
منتھائل	۰٫۰۸ گرین
بائی لس بی مل لو	۰٫۱۷ گرین
گلی سرین اور محلات	حسب ضرورت

ڈاکٹر کوچ صاحب کے کیمیائی تحقیقات بیان کرتے ہین۔ کہ اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

پوٹاسیم کاربونیٹ۔ سوڈیم بنزوٹ۔ سوڈیم سیالی سلیٹ۔ بوراکس۔ تہائی مال بنتہال گلیسرن۔ الکحل۔

گلی کوٹین کمپونڈ۔ اسکے ہر دو چار کے چمچے مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔ GLYCOTINE CO

گلی سرو فاسفیٹ آف لائیم	۴ گرین
گلی سرو فاسفیٹ آف سوڈیم	۴ گرین
گلی سرو فاسفیٹ آف میانگانیز	۴ گرین
گلی سرو فاسفیٹ آف اسٹرکنین	۱/۱۰ گرین

گلی کوجن۔ یہ ایک قسم کا کاربوہیڈریٹ یعنے حیوانی نشاستہ ہے جو جانورون کے گوشت خون جگر اور اسکے علاوہ خمیر مین موجود ہے۔ فرانس کے ایک ڈاکٹر نے اسکو دوا مین استعمال کیا ہے۔ سفید رنگ بے بو اور بے مزہ پانی مین حل ہونے والا سفوف۔ الکحل مین حل نہین ہوتا ہے۔ کیا گک سیا۔ ٹیوبر کیولوسز۔ ورینوراس تھے بنا مین استعمال کرتے ہین۔ GLYCOGEN

مقدار خوراک۔ ۱/۲ سے ۲ گرین تک۔

گلی کوجینال - زرد رنگ سفوف جو پانی مین حل ہوتا ہے - الکحل مین حل نہین ہوتا ہے - بطور ٹانک (مقوی) اور
GLYCOGENAL
بیاک ٹری سائیڈ (ممیت جراثیم) متعدی امراض مین استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۴ ½ سے ۱ ½ گرین تک دن مین ۲ مرتبہ اندرونی استعمال کرین اور بطور زیر جلد ½ گرین تک -

گلی کورونک آسڈ - گاڑھی لگدی شکر کو جلانے سے بنتی ہے
GLYCURONIC ACID
۱۲ ½ ڈرام یہ دوا ۱۶ ½ سیال اونس پانی مین حل کرکے سوڈیم کاربونیٹ سے نیوٹرل یعنے معتدل کرکے بذریعہ حقنہ وہ ذیابطیس جسکے ساتھ سل بھی ہو استعمال کرتے ہین -

گلی کوزون - بے رنگ گاڑھا سیال جسمین گلی سرن اور بمقدار
GLYCOZONE
زائد اوزون موجود ہے -

مقدار خوراک - ۰۶ منم سے ۰۲ منم تک - ڈس پیپسیا (بدہضمی) مین تھوڑا سا پانی ملاکر استعمال کرتے ہین -

گلی کوسال - مترادف - گلی سرن سیالی سٹے ٹڈ + سیالی سلک
GLYCOSAL
گلی سرن الیسٹر -
سفید چمکدار سفوف جو ۷۶ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے - گرم پانی مین فوراً حل ہوتا ہے - مگر ٹھنڈے پانی مین ایک فی صدی سے زیادہ

حل نہین ہوتا ہے۔ کلورو فارم اور ایتھر مین کم حل ہوتا ہے۔ ایکا لائیڈز اور کاربونیٹس کے ملنے سے اسکے اجزا متفرق ہوتے ہین۔ سیالی سلک آئیڈ اور ایل سلیٹس کے عوض مین استعمال کرتے ہین بطور مرہم ۵ سے ۱۰ فیصدی استعمال کرین۔

مقدار خوراک ۔ ۳۰ سے ۶۰ گرین تک۔

گلی کوسال وال ۔ مترادف ۔ انٹی ڈیابے ٹیکم۔

GLYCOSALVAL

گلی کو فارمال ۔ گلی سرن جس مین فارمال ڈی ہائیڈ موجود ہے۔ بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور ڈش ان فکٹنٹ (دافع سم وبائی) استعمال کرتے ہین

GLYCOFORMAL

گلی کو فی نن ۔ سیاکارن کا دوسرا نام ہے۔

GLYKOPHENIN

گلی کوکال پیرا فنے ٹی ڈن ہیڈرو کلورڈ ۔ مترادف ۔ فی نوکال ہیڈرو کلورڈ۔

GLYCOCOLL PARAPHENETIDIN

گلی کو ہیرائین ۔ گلی سرن کا سولیوشن جسمین ۱/۱۶ گرین ہیرائین وائیٹ پائین بارک امونیہ ہائی پو فاسفائیٹ اور بالسم ٹلو موجود ہے۔ شش کے مزمن امراض برائن کائی سس سل اور کہانسی

GLYCO HEROIN

مین استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - جوانون کے لئے ایک چارکا چمچہ - اسال کے بچون کیلئے ½ سے ¾ چارکا چمچہ ۳ سال بچون کے لئے ۵ سے ۱۰ قطرے تک -

گوٹن - GOUTTIN سوڈیم آن ہیڈ روپتھی لیشن اسٹریپٹ کا دوسرا نام ہے -

گوڈروسال - یہ ایک قسم کا دیازوی منٹ (ملاحظہ ہو بیان) ہے GOUDROSOL جس مین ۲۵ فی صدی تار یعنے قطران معدنی موجود ہے -

گوڈی رن - پیٹونیٹ آف آئرن اور میانگانیز کا سولیوشن ہے جسمین GUDERIN حسب ذیل ادویات موجود ہین -

آئرن	۰٫۴ فی صدی
میانگانیز	۰٫۱ فی صدی
البیومن	۴٫۵ فی صدی
شکر	۵ فی صدی
وائین	۱۰ فی صدی

گلی سرن اور اروسیاٹکس (افادیہ) حسب ضرورت -

گورٹ - GORIT زرد رنگ سفوف پانی مین کم حل ہوتا ہے

اسکو پانی مین حل کرتے ہی آکسیجن گیاس نکلتا ہے۔ بطور انٹاسڈ (دافع ترشی) اور ڈس انفکٹنٹ (دافع سم و بائی) اسٹمڈ ڈش پیپسیا (عموضی بدہضمی) اور بچون کے تمرڈ یا ریا مین استعمال کرتے ہین۔ یہ اکثر معجونون مین بھی ملایا جاتا ہے۔

مقدار خوراک ۔۳ سے ۱۰ گرین تک۔

گولڈ ہامرس پلز۔ ان گولیون مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

GOLDHAMMER'S PILLS

بزمتھ سیالی سلیٹ	۰٫۱۱ حصہ
آئیل پیپرمنٹ	۰٫۰۷ حصہ
روبرب	۰٫۰۳ حصہ
کوئیلا	۰٫۰۴ حصہ
زیرہ	۰٫۰۳ حصہ
اکسٹراکٹ آف جنش	۰٫۰۵ حصہ
جیلاٹن	۰٫۰۲ حصہ

ان پلس بی مل کنہاڑ (زکام امعاء) مین بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔

گومی نال۔ GOMENOL میلالین کا وری ڈی فلورا کا سیماب طبع روغن سے جسمین ۶۰ فی صدی سی پائی موجود ہے۔ آلات تنفس کی بیماریون

میں استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۳۰ سے گرین بطور کیاپسلز دن مین ۴ یا ۱۰ مرتبہ استعمال کرین۔ ہونگ کاف (کالی کہانسی) مین بطور اِن سے لیشن یا اسپرے (آبشار) ۴ حصے روغن زیتون ملاکر استعمال کرین۔

گونا پیپسن ۔ دافع سوزاک انجکشن ہے جس مین پیپسن بورک آسڈ اِن فیوژن آف کرین بری اور پانی موجود ہے۔ GONAPEPSIN

گونورال ۔ مترادف سیاں ٹالال۔

GONOROL دو آتشہ روغن صندل ہے۔ بے رنگ شفاف روغنی سیال جسمین خفیف سی صندل کی بو آتی ہے۔ ۱۵ سنٹی گریڈ کی حرارت پر اسکا وزن مخصوص ۰٫۹۷۹ سے ۰٫۹۸۰ تک ہوتا ہے۔ ۳۰۳ سے ۳۰۶ سنٹی گریڈ کی حرارت پر کھولتا ہے۔ ۳ حصے ۷۰ فی صدی الکحل مین حل ہوتا ہے۔ بہ نسبت روغن صندل یہ زود ہضم اور موثر ہے۔

گونوسان ۔ مترادف ۔ کاوا سنٹل ۔

GONOSAN بے رنگ شفاف روغنی سیال جسمین اکسٹراکٹ آف کاوا کاوا اور روغن صندل موجود ہے اسمین بہت ہی خوشبو ہے الکحل ایتھر کلوروفارم مین حل ہوجاتا ہے۔ سوزاک مین بطور کیاپسل استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۴½ سے ۱½ گرین تک -

گونو گلوبیولی - یہ ایک قسم کا فرزجہ ہے جس مین ۳۰ گرین اسٹرنی لائزڈ کی ہوئی شکر اور ۳۰ گرین زائی من موجود ہے - GONOGLOBULI

گوئی اسے پی رال - مترادف - پائی پرائے ڈن گوئی اسے کولیٹ GUAIAPIRAL

گوئی اسے تھال - مترادف - ای تھا کال - GUAIATHOL

گوئی اسے ٹانک - گوئی اسے کال - کریوسوٹ - گوئی من اسٹرکین اور ہائی پوفاسفائیٹس کا مرکب ہے - GUAIATONIC

گوئی اسے ٹیانن - مترادف - گوئی اسے کال ٹیانو سٹیا مائی لیٹ - باریک سفوف جو پانی اور دوسرے محلات مین حل نہین ہوتا ہے - الکالیز مین حل کرنے سے زرد مائل بہ سرخ رنگ عرق ہوتا ہے - پھر حموضات شریک کرنے سے تہ نشین ہوتا ہے - بطور گولی استعمال کرتے ہین - ہر ایک گولی مین ۳½ گرین دوا مذکور موجود ہے - GUAIATANNIN

گوئی اسے سل - مترادف - کیا لسیم - گوئی اسے کال آر ہتو سلفو نیٹ بھورا رنگ سفوف پانی اور الکحل مین ذرا حل ہوتا ہے - اسکے مائی سولیوشن کا بنفشی رنگ ہوتا ہے - زیر جلد بطور مخدر GUAIACYL

استعمال کرتے ہین۔

مقدار استعمال ۔ ۸/۱ سے ۲۵/۱ منم تک ۵ فی صدی کا سولیوشن پچکاری کرین۔ ۱ سے ۲ منٹ تک بے حسی رہتی ہے۔

گوئی اے سینا ئل ۔ مترادف۔ ڈائی ایتھل گلی کو کال ۔ گوئی اے کال

GUAIASANOL ہیڈرو کلورائڈ۔

سفید منشور نما قلمین جو ۱۶۴ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت اور پانی مین حل ہوتے ہین بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) دافع عفونت اور مخدر استعمال کرتے ہین اسکے استعمال سے خراش نہین ہوتی۔ سم نہ ہونے کی وجہ سے اسکی خوراک کو بتدریج زیادہ کر سکتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۱۵ سے ۴۵ گرین تک دن مین کئی مرتبہ زیر جلد ۴۵ گرین ایک ڈرام تک استعمال کرتے ہین۔ ۱۰ سے ۲۰ فیصدی کا سولیوشن بنا کر اوزینا (بخر الانف) اسٹومے ٹائی ٹس (سوزش دہن) سنس ٹائی ٹس (سوزش شانہ) اور الشرز مین استعمال کرتے ہین۔

گوئی اے سی ٹن ۔ مترادف۔ سوڈیم پائی روکیاٹی کن مونو اسی ٹیٹ۔

GUAIACETIN سفید بے بو بلورین ارسفوف جو ۱۳۰ سے ۱۳۱ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے۔ ۱۴۰ سے ۱۵۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر متفرق ہوتا ہے سل مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۷½ گرین ایک کو ۱۵ حصے پانی ملاکر بطور سولیوشن استعمال کرتے ہین۔

گوئی اے فارم ۔ مترادف ۔ جیوفارم ۔

GUAIAFORM فارمال ڈی ہیڈ گوئی اے کال ہے جسکا سفید چمکدار سفوف ہے جسکی بو دیانلا کے موافق ہے۔ الکحل اور الکالیز مین حل پانی اور ایتھر مین حل نہین ہوتا ہے ۔

مقدار خوراک ۔ ۴½ سے ۱۵ گرین تک ۔ پلمونری ٹیوبرکیولوسز اور ٹائی فائیڈ فیور مین استعمال کرتے ہین ۔

گوئی اے کال ۔ لکڑی کے کریوسوٹ کو مقطر کرنے سے یہ بنتا ہے

GUAIACOL بے رنگ روغنی سیال جسکے چکھنے سے جلن ہوتی ہے ۔ ایک کو ۸۰ حصے پانی مین حل اور الکحل ایتھر گلی سرن اور روغنیات مین بخوبی حل ہوجاتا ہے ۔ اسکا وزن متناسبہ ۱۲۴ ہے ۔ یہ دوا اینٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور دافع عفونت ہے اسلئے اسکو بجاے کریوسوٹ سل مین اندرونی استعمال کرتے ہین ۔ بہ نسبت کریوسوٹ زود ہضم ہے ۔ مگر اینٹی سپٹک (مزیل العفونت) طاقت مین کم ہے ۔ اسکو روغن بادام مین حل کرکے جیلیٹن کے کیاپسلز مین ایک سے ۱۵ منم بھر کے دیتے ہین ۔ کاڈلیور آئیل کے ساتھ یہ اکثر ملاکر دیا جاتا ہے ۔ اسکی گولیان بنانا منظور ہو تو صابون یا ملہٹی کے سفوف

کے ہمراہ بناوین۔ اسکو بطور اینٹی پائی رٹیک (دافع حرارت) بھی استعمال کرتے ہین۔ فینا سیٹین اور سوڈیم سیلیسیلیٹ کے مانند یہ بھی بخار کی حرارت کو کم کرتا ہی۔ ایک کو ۵ یا ۱۰ حصے روغن یا لیا نو ہن کے ساتھ ملا کر دجع۔ خاصل آرکائی اٹس (خصیہ کی سوزش) اور نیورال جیا (عصبی درد) مین بیرونی استعمال کرتے ہین۔ ۵ فی صدی کا سولیوشن روغن زیتون مین بنا کر سل مین زیر جلد اور جنجرے مین پچکاری کرتے ہین۔ زیر جلد استعمال کرنے سے بعض وقت تشنج ہوتا ہے۔ اسلئے اسکو اندرونی ہی استعمال کرین۔

مقدار خوراک ۔ ایک سے ۵ منم تک۔

اسکے حسب ذیل مرکبات ہین۔

مسچور اگوی اے کال۔

گوئی اے کال	۴۰ منم
الکحل	۴۰ منم
گلی سرن	۳۰ منم
آئیل سنیمن	ایک منم
پانی	ایک اونس

نمبر (۲) ڈیورنڈز انجکشن

گوئی اے کال	۵ حصے

آئی اوڈین	ایک حصّہ
پوٹاسیم آئی اوڈائڈ	۱۰ حصّے
روغن زیتون (اسٹیری لائزڈ کیا ہوا)	۱۰۰ حصّے

پہلی موزی نہائی ہنر مین اسکی جلدی پچکاری کرتے ہین

نمبر (۳) وے پر گوی اے کال کمپونڈ۔

گوئی اے کال	۲ حصّے
ٹریے بین	۲ حصّے
سپرٹ	ایک حصّہ
نہائی نال	ایک حصّہ
اسپیرٹ آف کلوروفارم	۳ حصّے

۵ یا ۱۰ منم ان ہے لر (آلۂ شموم) مین ڈال کر سل کے بیمار کو سنگھاوین۔

گوئی اے کال کی اور ایک قسم ہے جسکے قلیس ہوتے ہین جسکو بذریعہ حل وعقد کیمیائی بناتے ہین۔ بہ نسبت سیال گوئی اے کال یہ کم استعمال کیا جاتا ہے۔

مقدار خوراک۔ ایک سے ۵ گرین تک۔

گوئی اے کال آئی اوڈو فارم۔ اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

GUAIACOL IODOFORM

گوئی اے کال	۴ حصّے

آئی اوڈو فارم ۔ ایک حصہ

روغن بادام ایک حصہ

ٹیوبرکیولوسز اور پلورسی (ذات الجنب) مین زیر جلد پچکاری کرتے ہین ۔

گوئی اے کال اسی ٹیٹ ۔ مترادف ۔ یوکال ۔

GUAIACOL ACETATE

گوئی اے کال ایتھی لی نیٹ ۔ مترادف ۔ ایتھل ڈائی گوئی اے کولیٹ ۔

GUAIACOL ETHYLENATE

چمکدار سوئی کے مانند قلمین جو ۱۳۸ سے ۱۳۹ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت اور الکحل مین حل ہوتے ہین ۔ مگر گرم پانی مین کم سیل مین استعمال کرتے ہین ۔ گوئی اے کال کے مرکبات کے مانند اسکے بھی خواص و فوائد ہین ۔

مقدار خوراک ۔ ۷½ سے ۱۵ گرین تک ۔ دن مین ۴ مرتبہ ۔

گوئی اے کال بنزوٹ ۔ مترادف ۔ بنزوسال ۔

GUAIACOL BENZOAT

گوئی اے کال ۔ پائی پرا ے ڈن ۔ مترادف ۔ پائی پرا ے ڈن گوئی اے کولیٹ ۔

GUAIACOL PIPERIDIN

گوئی اے کال ۔ پرڈائی نامن ۔ گوئی اے کال اور پرڈائی نامن کا مرکب ہے

GUAIACOL PERDYNAMIN

جس مین ۵ فی صدی پوٹاسیم سلفو گوی اے کولیٹ موجود ہے۔

گوی اے کال ٹیانو سینا مائی لیٹ مترادف۔ گوی اے ٹیانن

GUAIACOL TANNO CINNAMYLATE

گوی اے کال سلفونیٹ آف پوٹاسیم ملاحظہ ہو بیان۔ ٹیوکال۔

GUAIACOL SULPHONATE OF POTASSIUM

گوی اے کال سوماٹوز مترادف۔ گوی اے کوز۔

GUAIACOL SOMATOSE

گوی اے کال سیالال مترادف۔ گوی اے کال سیالی سلیٹ۔

GUAIACOL SALOL

سوڈیم سیالی سلیٹ اور سوڈیم گوی اے کولیٹ پر فاسفورس آکسی کلورائڈ کا اثر ڈالنے سے بنتا ہے۔ سفید چمکدار بے مزہ سفوف جسمین سیالال کی سی بو آتی ہے۔ پانی مین حل نہین ہوتا ہے مگر الکحل ایتھر اور کلوروفارم مین حل ہوجاتا ہے ۱۵ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے۔ بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور انٹی رومیاٹک (دافع وجع مفاصل) استعمال کرتے ہین سل کے اسہال پیچش مرازمش (غذا کی کمی کے سبب سے قوائے جسمانیہ کا باطل ہونا) اور رعشہ مین مفید ہے۔

مقدار خوراک ۔ ۱۵ گرین۔

گوئی اے کال سیالی سلیٹ ۔ مترادف ۔ گوئی اے کال سیالال ۔

GUAIACOL SALICYLATE

گوئی اے کال سینامیٹ ۔ مترادف ۔ اسٹائی راکال ۔

GUAIACOL CINNAMATE

گوئی اے کال فاسفائیٹ ۔ مترادف ۔ گوئی اے کال فاسفال ۔

GUAIACOL PHOSPHITE

سفید سفوف ۔ پانی کلورو فارم گلی سرن اسی ٹون اور غلیظ روغنیات مین حل اور ۵ ر ۱۰۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے ۔ فیرک کلورڈ ملانے سے اس کا سولیوشن سرخ رنگ ہوتا ہے ٹیوبر کیولوسز مین استعمال کرتے ہین ۔

مقدار خوراک ۔ ۳ سے ۱۵ گرین تک ۔

گوئی اے کال فاسفال ۔ مترادف ۔ گوئی اے کال فاسفائیٹ

GUAIACOL PHOSPHOL

گوئی اے کال فاسفیٹ ۔ فاسفورس آکسی کلورڈ کا اثر گوئی اے کال

GUAIACOL PHOSPHATE

سوڈیم پر ڈالنے سے بنتا ہے سفید چمکدار سفوف الکحل کلورو فارم اور اسی ٹون مین حل ہوتا ہے ۔ مگر پانی مین نہین ۔ ۹۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے ۔ بعوض گوئی اے کال سل اور ٹائی فائیڈ فیور مین استعمال کرتے ہین ۔

مقدار خوراک۔ ۱/۲ سے ۳ گرین تک۔

گوئی اے کال کاربونیٹ۔ مترادف۔ ڈیو اوٹال۔

GUAIACOL CARBONATE

گوئی اے کال کاربونیٹ کمپونڈ۔ نرم حل ہونے والے کیپسلز جسکے ہر ایک مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔ GUAIACOL CARBONATE CO.

گوئی اے کال کاربونیٹ	۱/۲ گرین
کیا ئیتھم ہائی پو فاسفائیٹ	۱/۲ گرین
اکتھیال	۱/۲ گرین
اسٹرآن شیم آرسی نائیٹ	۱/۱۲۰ گرین
الیوائیل	مع ادویہ ۵ منم

مقدار خوراک۔ ایک سے ۲ کیپسلز تک ابتدائی پٹوبر کیلوسز اور کرانک نیومونیا (فرسن ذات الریہ) مین استعمال کرتے ہین۔

گوئی اے کال۔ کاکوڈائی لیٹ۔ مترادف۔ کاکوڈائی لیا کال۔

GUAIACOL CACODYLATE سفیدی کو جذب کرنے والا سفوف

۲۰ حصہ پانی مین حل ہوتا ہے۔ الکحل گلی سرین اور غلیظ روغنیات مین فوری حل ہوجاتا ہے۔ سلور نائٹریٹ ملانے سے سیاہی مائل کسیقدر بھورا رنگ تہ نشین

ہوتا ہے مگر بعد تھوڑی دیر کے بھورے رنگ کا تہہ نشین ہو جاتا ہے۔ گرم کرنے سے پھر تہہ نشین حل ہوتا ہے۔

ہائی پوکلورائٹ ملانے سے سرخ رنگ کا تہہ نشین ہوتا ہے۔ ٹیوبر کیولوسز مین روغنی سولیوشن بنا کر زیر جلد استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ½ سے ایک گرین تک۔

گوئی اسے کال۔ کیمفوریٹ ۔ مترادف۔ گوئی اسے کیمفال۔

GUAIACOL CAMPHORATE

گوئی اسے کال۔ گلی سرل ایسٹر۔ مترادف۔ گوئی اسے سر۔

GUAIACOL GLYCERYL ESTER

گوئی اسے کال ویالی ریٹ ۔ مترادف۔ جیوسوٹ۔

GUAIACOL VALERATE

گوئی اسے کوز ۔ مترادف۔ گوئی اسے کال سوما ٹوز۔

GUAIACOSE

سیال سوما ٹوز ہے جس مین ۵ فی صدی لیا سیم گوئی اے کال سلفونیٹ موجود ہے۔ گہرا بھورا رنگ خوشبو دار سیال پانی کے ساتھ مل جاتا ہے۔ سل کے بیمارون کو بطور غذا دیتے ہین۔ یہ پرورش کنندہ بھی ہے اور دافع سل بھی ہے۔

گوئی اسے کولائیڈ ۔ GUAIACOLOID کافور اور

گوئی اسے کال کا مرکب ہے۔ جڑاہی کے وقت ہاتھون کو لگا کر دستکاری یعنے ایپلشن کرتے ہین۔

گوئی اسے۔ کوئن ۔ مترادف ۔ کوئی ہنٹ گوئی اسے کال بائی سلفونیٹ ۔ GUAIAQUIN زرد رنگ اور تلخ مسفوف جس مین ۳۶، ۱۰ فیصدی کوئی ہنٹ اور ۴۸، ۲۳ فی صدی گوئی اسے کال موجود ہے۔ بطور انٹی پیریاڈک (دافع امراض نوبتی) اور ان رٹس ٹی ٹنل انٹی ڈیپتھک (مزیل عفونت امعاء) استعمال کرتے ہین ۔

مقدار خوراک ۔ ۴½ سے ۹ گرین تک ۔

گوئی اسے کوئی نال ۔ مترادف ۔ کوئی ہنٹ ڈائی برومم گوئی اسے کولیٹ ۔ GUAIAQUINOL زرد رنگ منشور نما قلمین پانی مین حل ہوتے ہین بطور دافع ٹیوبرکیولوسس اور انٹی بائی ریٹک (دافع حرارت) استعمال کرتے ہین ۔

مقدار خوراک ۔ ۷½ سے ۱۹½ گرین تک ۔

گوئی اسے کیامفال مترادف ۔ گاکیامفال ۔ گوئی اسے کال کیامفوریٹ ۔ GUAIACAMPHAL

گوئی اسے کال اور کیامفورک آسڈ کا مرکب ہے بے رنگ قلمین یا سفید بے بو اور بے مزہ مسفوف پانی مین حل نہین ہوتا اور الکحل اور کلوروفارم مین حل ہوجاتا ہے۔ سل کے اسہال اور سل مین جو راتون کو پسینہ نکلتا ہے اس مین استعمال

کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔۵ سے ۱۰ گرین تک ۔

گوی اے لن۔ نبزواک ہیتی لن ڈائی گوی اے کال کا الیسٹر ہے جو فارمک آلڈی ہیڈ کا گیاس ذیل کے مرکب مین گذارنے سے بنتا ہے۔ GUAYALIN

نبزواک آہنڈ۔ گوی اے کال۔ فاسفورس آکسی کلورڈ۔

سبز مائل کسیقدر بھورا رنگ سفوف۔ گوی اے کال کی طرح اسکو بھی استعمال کرتے ہین۔

گوی اے مر۔ مترادف۔ اوزی سان + اوزی سال + گوی اے کال + گلیسرل الیسٹر۔ GUAIAMAR

سفید چمکدار سفوف جو ۱۷۵ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے۔ احقے پانی مین حل ہوتا ہے۔ الکحل ایتھر کلوروفارم اور گلی سرن مین بخوبی حل ہو جاتا ہی ٹائی فائیڈ سشائی ہس (سوزش شانہ) اور تپائی نہر (سل) مین بطور انجکشن ٹی نل انٹی سپٹک (مزیل عفونت امعاء) استعمال کرتے ہین۔ آرٹی کیولر ریمیاٹزم (جوڑون کا وجع مفاصل) اور آتشک مین بیرونی استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔۳ سے ۵ گرین تک ۔

گوی اے نی ڈن ٹرائی فی نل۔ یہ ایک قسم کا انٹی سپٹک GUANIDIN. TRIPHENYL

(منرل الفونت) ہے جو الکحل اور ایتھر مین حل ہوتا ہے۔ ۴۳ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے۔

گیارن ٹال GARANTOL ۔ بیضۂ مرغ کو محفوظ رکھنے کے لئے استعمال کرتے ہین جس مین جلا ہوا چونا شریک ہے۔

گیارن ٹوز GARANTOSE ۔ سیاکارن کا دوسرا نام ہے۔

گیاس ٹرن ڈائی جسٹیو ٹیابلٹس GASTRIN DIGESTIVE TABLETS ۔ ان قرصون مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

چارکول	ایک حصہ
کیاسکیارا سگریڈا بارک	ایک حصہ
مگنیزیم کاربونیٹ	ایک حصہ

گیاسٹرو۔ اسٹی نن GASTROSTENIN ۔ آڈری نالن کا الکحل سے بنایا ہوا سولیوشن ہے

گیاسٹروسال GASTROSOL ۔ پیپسن آسڈ البیومن کا الکسر ہے جسکے ہر اونس مین ایک حصہ پیپسن اور ایک حصہ آسڈ البیومن موجود ہے۔

مقدار خوراک ۔ ۳ سے ۴ گرین سے ۷½ گرین تک دن مین ۳ مرتبہ۔

گیاسٹروفان GASTROPHAN ۔ یہ ایک قسم کا ہاضم اور مشتھی مرکب ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

ٹنکچر آف کواسشیا۔ ٹنکچر کارڈیم کمپونڈ۔ ٹنکچر آرنج۔ ٹنکچر آف گیالن گال۔ ٹنکچر اینس۔ آئیل آف آرنج۔

گیاس ٹری سن ۔ اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

GASTRICIN

امونیم کاربونیٹ	ایک فیصدی
امونیم کلورڈ	ایک فیصدی
کریم آف ٹارٹار	۶ فی صدی
روشل سالٹ	۲ فی صدی
کرابزآئز	۵ فی صدی
کاربونیٹ آف مگنیزیم	۳ فی صدی
سٹریٹ آف مگنیزیم	۱۰ فیصدی
لیاکٹیٹ آف مگنیزیم	۵ فی صدی
سوڈیم کلورڈ	۳ فی صدی
سوڈیم سلفیٹ	۳ فیصدی
سوڈیم بائی کاربونیٹ	۶۰ فیصدی

گیاس سٹے رن ۔ شفاف بامزہ پیپن کا سولیوشن ہے جو کتون کے پیٹک جیوس سے بنایا جاتا ہے ۔

GASTERIN

مقدار خوراک - ایک سے ۴ چار کے چمچے تک -

گیاس ٹی روجن - یہ ایک قسم کا ہاضم و مشتہی مرکب ہے جسمین کتون کے GASTEROGEN معدے کے پیپٹک جیوس کے علاوہ ۵ فی صدی رُوبرب ۵ فی صدی سنکونا بارک موجود ہے -

مقدار خوراک - ایک سے ۴ چار کے چمچے تک شوربہ شریک کرکے استعمال کرین -

باب لام

لائی تھال LYTHOL ۔ یہ ایک قسم کا انٹی سپٹک (مزیل العفونت) سولیوشن ہے جسمین پوکا لپٹال تھائی مال آئیل آف وٹنر گرین اور بورک آسڈ موجود ہے ۔

لائی ٹرال LYTROL ۔ بے ضرر لائی سال کا عوض ہے جس مین ۲۰ فی صدی بیٹا نیفتھال کا سولیوشن جو الکحالک پوٹاش سوپ مین بنایا گیا ہے ۔

لائی سارجن LYSARGIN ۔ کالائیڈل سلور ہے جسمین ۶۰ فی صدی نقرہ موجود ہے ۔ نیلے ٹکڑے جو پانی مین حل ہوتے ہین اسکا سولیوشن ہوا مین قائم رہتا ہے مگر روشنی مین متغیر ہوتا ہے یہ جلد مین جلد نفوذ کرتا ہے ۔ اسکو بطور مرہم استعمال کرتے ہین ۔ ورید ون مین پچکاری کرنے سے اسکا اثر جلد ہوتا ہے ۔ بہ نسبت زیر جلد استعمال کرنے سے سو ز اک مین ½ سے ایک فی صدی کا سولیوشن مفید ہے ۔

لائی سال LYSOL ۔ یہ ایک قسم کا انٹی سپٹک (مزیل العفونت) ہے ۔ جو کرنی سال ز اور الکالی کا مرکب ہے ۔ ۲۰۰ درجہ کی حرارت پر کھولتا ہے ۔ بھورا رنگ روغنی سیال جو پانی الکحل کلورو فارم بینزین بنزال اور گلیسرن مین مل جاتا ہے ۔ بہت ہی عمدہ ڈس اِن فکٹینٹ (دافع سم دبائی) ہے ۔ ایک سے

۴ فی صدی کا سولیوشن ہاتھون کو ڈس اِن فکٹ (دافع سم وبائی) کرنے کے لیے اور ۲ سے ۵ فی صدی کا سولیوشن جراحی اوزارات کو اسٹری لائزڈ کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین۔

لائی سال پلز LYSOL PILLS۔ شکر اندودہ گولیان ہین جس مین آئرن اور اے گرین لائی سال موجود ہے۔ بطور شہتی اور ہاضم استعمال کرتے ہین کلورو سز مین بھی مفید ہے۔

لائی سال لائی سوفارم LYSOL LYSOFORM۔ ۵ حصے لائی سال اور ایک حصہ لائی سوفارم کا مرکب ہے۔

لائی سان LYSAN۔ فارمال ڈی ہیڈ اور ٹرپنیز کا مصعد ہے پانی گلیسرن اور الکحل مین مل ہوتا ہے۔ جراحی اوزارات کو اسٹری لائزڈ کرنیکے لئے استعمال کرتے ہین۔

لائی سلفال LYSULFOL۔ لائی سال جسمین ۱۰ فیصدی سلفر ملایا گیا ہے۔ سیاہ مرہم کے مانند لگدی جسکو جلدی امراض مین استعمال کرتے ہین۔

لائی سوپاسٹ LYSOPAST۔ اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

لائی سال	۹۰ حصے
نیوٹرل سوپ	۱۰ حصے

لائی سوفارم۔ فارمال ڈی ہیڈ کا صابونی سولیوشن ہے جو ۱ یا ۱۵ حصے
LYSOFORM فارمال ڈی ہیڈ (۴۰ سنٹی گریڈ کی حرارت کا)
حسب ذیل سولیوشن مین ملانے سے بنتا ہے۔

سافٹ سوپ (نرم صابون) ۶۰ حصے

پانی ۲۴ حصے

بے ضرر بے بو اور کم قیمت قوی انٹی سپٹک (مزیل العفونت) ہے یہ اسقدر قوی بیاک ٹری سائیڈ (ممیت جراثیم) ہے جو ۲ سے ۵ فی صدی کا سولیوشن موثر ہے یہ البیومن کو متفرق نہین کرتا ہے۔ پانی اور الکحل مین بخوبی مل جاتا ہے۔ یہ جراحی کیوقت استعمال کرنے کے قابل ہے اور اوزارون کو بھی ڈسٹ انفکٹ (دافع سم وبائی) کرتے ہین۔ ۵ فی صدی کا سولیوشن ذیل کے نامی بیاسی لی یعنے جراثیم کو ۲۴ گھنٹے مین نیست ونابود کر دیتا ہے۔

نمبر (۱) بیاسی لی۔ ٹائی فی۔ اب ڈومی نالی۔

نمبر (۲) بیاسی لی۔ کولی۔ کم میونس۔

نمبر (۳) اسٹافی لوکاکس۔ پائی اوجی نیز آریس۔

۳ فی صدی کا سولیوشن بیاسی لی انتھراسز کو ۲۴ گھنٹے مین برباد کر دیتا ہے۔

۲ فی صدی کا سولیوشن عام طور سے استعمال کرتے ہین۔ ۴۰ سے ۵۰ سنٹی گریڈ کا گرم پانی مین اس کا سولیوشن بنا کر بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت)

اندام نہانی رحم اور دمامیل دہوتے ہین۔ اس سولیوشن مین اور پانی ملا کے سوریا ہز (قشف الجلد) لیوپس اگزیما مین استعمال کرتے ہین۔

ایپی ٹی گو مین ۵ فی صدی کا مرہم جس مین تھوڑا سا کاربالک آسڈ اور امونی اسے ملڈ مرکبوری بھی ہو استعمال کرتے ہین۔ اسی طاقت کے مرہم مین تھوڑا سا زنک آکسڈ ملا کے اگزیما مین استعمال کرتے ہین۔ ۲۵ سے ۵۰ فی صدی کا مرہم جو لیا نولن کے ساتھ بنایا گیا ہو داد اور ایلوپے شیا ارے ٹائینے دار التعلب مین مفید ہے۔ ۱۰ فیصدی کا مرہم سوریا ہز یعنے قشف الجلد مین لگاتے ہین۔ ۱۰ فی صدی کا مرہم اور ۵ فی صدی ریزارسن ملا کر سی بوریا یعنے بقا مین استعمال کرتے ہین۔ ۱۰ سے ۱۵ فی صدی کا مرہم گال آئنٹمنٹ مین بنا کر بواسیر مین استعمال کرتے ہین ہ پیپ پڑے ہوئے مقامون کو صاف کرتا ہے اور دہان کے خون کو روکتا ہے۔ اسی طاقت کا سولیوشن سمی جانورون کے کاٹے ہوئے مقامون اور جلے ہوئے مقامون مین استعمال کرتے ہین۔ ہاتھون کو ڈس انفکٹ (دافع سم دبائی) کرنے کے لئے ایک سے دو فیصدی کا سولیوشن استعمال کرتے ہین۔ جبوقت کہ ہاتھون کو ملتے ہین تو اس مین سے صابون کا جھاگ بھی نکلتا ہے۔ اور بیاک ٹری سائڈ (ممیت جراثیم) اثر بھی کرتا ہے۔ مکانونکو ڈس انفکٹ (دافع سم دبائی) کرنے اور ازالۂ بدبو اور صاف کرنے کے لئے بہت ہی عمدہ شئے ہے۔ اسکے حسب ذیل مرکبات ہین۔

پیسٹ

لائی سوفارم موتھ واش یعنے لائی سوفارم سے بنایا ہوا منہ دہونے کا عرق لائی سوفارم تھروٹ

یعنی لائی سوفارم سے بنایا ہوا دانت صاف کرنے کا صنا دہے۔

لائی سوفارم توتھ پاؤڈر یعنی لائی سوفارم سے بنایا ہوا منجن۔

لائی سوفارم ڈسٹنگ پاؤڈر یعنی لائی سوفارم سے بنایا ہوا ذرور جسکو بڈسور (زخم بستر) پیپ پڑے ہوئے مقامون اور آتشک کے زخمون مین چھڑکتے ہین۔

لائی سوفارم ٹاپولیٹ سوپ یعنی لائی سوفارم سے بنایا ہوا صابون جو سنگار کے لئے کام آتا ہے۔

لائی سوفارم لیپیرز یعنی لائی سوفارم کا فرزجہ جس مین آئیل آف ہیوبروما اور ۲ گرین لائی سوفارم موجود ہے۔

لائی سی ٹال۔ مترادف۔ ڈائی ہیتل پائی پراسے زن ٹارٹریٹ۔

LYCETOL سفید بے بو اور بے مزہ سفوف جو پانی مین حل ہوتا ہے۔ ۲۴۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے۔ یورک آسڈ ڈیاتھے سز کا بیش قیمت علاج ہے بعوض پائی پراسے زن استعمال کرتے ہین۔ مزمن نقرس اور وجع مفاصل مین مفید ثابت ہوا ہے۔ اسکے استعمال سے معدہ مین کوئی فتور نہین ہوتا ہے۔ اسکو زمانہ تک کھلانے سے بیمار برداشت کرسکتا ہے۔ یہ الکالین کاربونیٹس کے ساتھ نقیض ہے۔

مقدار خوراک۔ ۱۵ سے ۳۰ گرین تک۔ زیادہ پانی مین حل کرکے یا اگر ضرورت ہو تو شکر بھی ملا دین یا لمونیڈ یا سوڈہ وغیرہ مین استعمال کرتے ہین۔

لائی سی ڈین ۔ مترادف ۔ ایتھی لین ایمی نل ڈیامین + میتھل گلی اکسالی ڈین ۔
LYSIDIN سُرخ رنگ کی چمکدار لگدی جو منی کو جذب کرتی ہے ۔ اسلئے
اس کا ۵۰ فی صدی کی طاقت کا سولیوشن فروخت ہوتا ہے ۔ یورک آسڈ کا
بہت عمدہ محلل ہے ۔ بائی پراے زین سے بہتر بیان کیا جاتا ہے ۔ گوٹ (نقرس)
لی تھیاسز اور یورک آسڈ ڈیاتھے سز (خون مین یورک آسڈ کا زیادہ ہو جانا) مین
استعمال کرتے ہین ۔

مقدار خوراک ۔ ۵ اسے ۲۵ منم تک زیادہ پانی مین ملا کر یا لیمونیڈ یا سوڈہ
مین شریک کر کے استعمال کرتے ہین ۔

لائیکر ارجن ٹامی نی ۔ مترادف ۔ ارجن ٹامین ۔
LIQUOR ARGENTAMINI

لائیکر امونیا ارگوٹی نی ۔ بھورے رنگ کا سیال جسکے ہر ۱ منم
LIQUOR AMMONIA ERGOTINI مین ۴ ½ گرین امونیم ارگوٹی نیٹ
موجود ہے ۔ جو برابر ہے ۴۵ گرین ارگٹ سے ۔

مقدار خوراک ۔ ۱۰ اسے ۳۰ منم تک ۔

لائیکر انتھراسز کمپونڈ ۔ حسب ذیل ادویات کا سولیوشن ہے
LIQUOR ANTHRACIS CO

کول ٹار	۱۰۰ حصے

بنزال	۲۰۰ حصے
الکحل	۲۰۰ حصے

باہم ملاکر سلفرٹری زارشن اور سیالی سلک آسڈ ہتوڑا سا شریک کرین بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین -

لائیکر انٹی سپٹیکس (ولک میان) یہ ایک قسم کا انٹی سپٹک (مزیل العفونت) سولیوشن ہے

LIQUOR ANTISEPTICUS (VOLKMAN)

جسمین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

تہائی مائل	ایک حصہ
الکحل	۱۰ حصے
پانی	۱۰۰ حصے
گلیسرن	۲۰۰ حصے

لائیکر بورو بنزولس - یہ ایک قسم کا منہ دہونے کا عرق ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

LIQUOR BORO BENZOATIS

یوکالیپٹس - تہائی مائل - بوراکس - بنزوئنٹ آف سوڈا -

لائیکر تہائی مائل آلکالی لنس - یہ ایک قسم کا انٹی سپٹک (مزیل العفونت اور دافع عفونت

LIQUOR THYMOL ALKALINUS

سولیوشن ہے - جسمین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

تہائی نال مینتھال - یوکالپٹال - سوڈیم بنزوٹ - بوراکس -
ناک اور گلے کے میوکس ممبرین (غابدار جھلی) کے کتھار مین استعمال کرتے ہین -

لائیکر تھیو فاسفی نی ۵ فی صدی پوٹاسیم گوی اے کال سلفونیٹ کا مرکب ہے جسمین لائیم اور فاسفارک آسڈ موجود ہے -

LIQUOR THIOPHOSPHINI

مقدار خوراک - ۱½ سے ۲½ ڈرام تک -

لائیکر ٹرائی ٹی سی - یہ ایک قسم کا سولیوشن ہے جسکے ہر ایک ۱ منم مین ۲۶½ گرین ٹرٹی ٹی کم ری پنیز موجود ہے -

LIQUOR TRITICI

مقدار خوراک - ایک سے ۴ سیال ڈرام تک -

لائیکر ٹونگی سیالی سپلائٹس - مترادف - ٹونگالین -

LIQUOR TONGI SALICYLATUS

لائیکر سپرارینالس - سپراری نل گلانڈ کا مائی رب ہے جس مین ۸ ر۰ فی صدی کلوری ٹون شریک کیا گیا ہے ۱ منم برابر ہین ۵ اگرین تازے گلانڈ سے -

LIQUOR SUPRARENALIS

لائیکر سیالال کمپونڈ - سیالال - روغن بلسان - روغن صندل اور روغن کباب چینی کا مرکب ہے جسکو

LIQUOR SALOL CO.

سوزاک گلیٹ (مزمن سوزاک) اور سسٹائی ٹس (سوزش مثانہ) مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۵ سے ۲۰ قطرے تک۔

لائیکر سیالی آئی اوڈیڈز ہنری مترادف ہین لیکر آئی اوڈوز۔

LIQUOR SALI IODIDES HENRY

لائیکر سیڈنس - اس مرکب کے ہر ایک اونس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

LIQUOR SEDANS

بلاک ہا	۶۰ گرین
ہیڈر اسٹس	۶۰ گرین
جماکا ڈاگ وڈ	۳۰ گرین
اَرومیاٹکس (افادیہ)	حسب ضرورت

احتباس حیض اور سوزش رحم مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ½ سے ایک چاء کے چمچے تک۔

لائیکر فارمال ڈی ہیڈ سیاپونالس - یہ مرکب حسب ذیل طریقے سے بنایا جاتا ہے

LIQUOR FORMALDEHYD SOPONATUS

اولین ۲۰ حصے الکحل ۱ حصے باہم ملاکر حسب ذیل ادویات کے مرکب مین ملاوین۔

پوٹاسیم لیڈ اکسڈ سولیوشن	۲۶ حصے
فارمال ڈی ہیڈ	۴۴ حصے

اسکے ۵ ڈرام مین ۳ قطرے لاونڈر آئیل شریک کرین لائی سوفارم کے مانند یہ بھی انٹی سپٹک ہے۔

لائیکر فراٹی نی۔ LIQUOR FERATINI مترادف۔ فیراٹوز۔

لائیکر فری کمپونڈ۔ کیاسکو فرن کا دوسرا نام ہے۔

LIQUOR FERRI CO.

لائیکر فری وی ٹیلی نی۔ زردی بیضۂ مرغ کا مرکب ہے جس مین LIQUOR FERRI VITELLINI آئرن موجود ہے۔ بطور پرورش کنندہ غذا اور ٹانک بعوض کاڈلیور آئیل استعمال کرتے ہین۔

لائیکر کارنس فیرو پیپٹونالس۔ مترادف۔ کارنی فیرال۔

LIQUOR CARNIS FERRO PEPTONATUS

لائیکر لیان تھرای سیاپونی نالس۔ لیان تھرال۔

LIQUOR LANTHRALI SAPONINATUS جس مین کویل لایا ٹنگچر موجود ہے۔ لائیکر کاربونس کے سے اسکے بھی خواص و فوائد ہین۔

لائیکر ہی می نوالبیومی نالس۔ مترادف۔ ہی مال بیومن سولیوشن۔

LIQUOR HEMINO ALBUMINATUS

لائیکر یوٹے رنس۔ LIQUOR UTERANS اسکے ہر ایک

اونس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

بلاک ہا	۵۵ گرین
بلوکوہاش	۲۸ گرین
جماکا ڈاگ وڈ	۲۵ گرین
ہنیڈراس ہٹس	۵۵ گرین
آرومیاٹکس (افادیہ)	حسب ضرورت

بقاعدگی حیض مین استعمال کرتے ہین۔

لائیکریو کالپٹس کمپونڈ۔ مترادف۔

شہب ٹال۔

LIQUOR EUCALYPTUS CO

لائی کوپاسٹ۔ اسمین ۹۰ فی صدی لائی سال اور ۱۰ فی صدی نیوٹرل سوپ موجود ہے۔ LYCOPAST

لائی کورن۔ لائی کورس رے ڈیاٹا کا الکا لائیڈ ہے۔ بے رنگ قلمین۔ پانی مین کم حل ہوتے ہین۔ الکحل اور ایتھر مین فوری حل ہوجاتے ہین۔ اسے ٹین کے مانند اسکے بھی خواص و فوائد ہین۔ LYCORIN

لائی گوسن۔ مترادف۔ سوڈیم لائی گوسی نیٹ۔ LYGOSIN

سیالی سل آلڈی ہیڈ اور اسی ٹون کا مصعد ہے۔ سبز رنگ قلمین جو ۱۶ حصے پانی مین حل ہوتے ہین۔ اس کا سولیوشن بنتا ہے وہ سرخ ہوتا ہے اور اس سولیوشن کو

گرم کرنے سے اسکے اجزا متفرق نہین ہوتے ہین۔ بعوض نائیٹریٹ آف سلور سوزاک مین استعمال کرتے ہین اور اسکے استعمال سے خراش نہین ہوتی ہے۔ اسلئے زیادہ طاقت کا سولیوشن استعمال کرسکتے ہین۔ عموماً اسکا ۵ فی صدی کا سولیوشن استعمال کیا جاتا ہے۔

لارجن ۔ مترادف ۔ پروٹال بن سلور پروٹال بن۔

LARGIN چاندی اور البیومن کا مرکب ہے۔ جسمین ۱۱ فی صدی فلز مذکور موجود ہے۔ ۱۰ حصے پانی مین حل ہوتا ہے۔ گلی سرن مین بھی بخوبی حل ہو جاتا ہے الکحل اور ایتھر مین حل نہین ہوتا ہے۔ بطور اسٹرنجنٹ (قابض) اور بیاک ٹری سائیڈ (ممیت جراثیم) سوزاک اور امراض چشم مین استعمال کرتے ہین۔ امراض چشم مین ایک دو اور ۱۰ فیصدی کا سولیوشن مفید ہے۔ اور انجکشن کے لئے ۱/۲ سے ۱ فیصدی کا سولیوشن استعمال کرتے ہین۔

لاری ٹن ۔ بے بو اور بے مزہ زرد رنگ قلمین پانی اور الکحل مین کم حل ہوتے ہین

LORETIN اس مین ۳۶٫۲ فی صدی آئی اوڈین موجود ہے۔ اسکو بعوض آئی اوڈوفارم مرہم بنا کر یا خشک سفوف استعمال کرتے ہین۔

لاری سن ۔ LARICIN مترادف ۔ اگے ری سن۔

لاری نال ۔ LAURENOL حسب ذیل ادویات کا سولیوشن ہے الیوی نی ام کلورائڈ ۔ زنک سلفیٹ ۔ کاپر سلفیٹ ۔ بطور ڈس انفکٹنٹ (دافع سم وبائی) استعمال کرتے ہین۔

لاری نٹ - LORENIT لاری ٹن کے موافق اسکے بھی خواص و فوائد ہین -

لازرن - پرو بائسم - بورک آسڈ - ڈرماٹائل - جپ ہی فینائل زنک آکسائڈ اور الکحل کا مرکب ہے - LAZARIN

لازی ما - یہ ایک قسم کے قرص ہین جسمین سوڈیم کولی نیٹ کاربونیٹ سیاری لس ٹراکسی کم ماس ٹریٹم اور سنکونہ موجود ہے - سنگ مرارہ کے علاج مین استعمال کرتے ہین - LAZYMA

لامین - یہ ایک قسم کا الکا لائیڈ ہے - جو لامی نم آلبم سے نکالا جاتا ہے بطور حابس الدم استعمال کرتے ہین - LAMINE

لامولین - LAMOLEIN ول فیاٹ کا دوسرا نام ہے -

لاوو ڈرما - طبی صابون ہے جسکو بطور پیارا سی ٹی سائڈ ممیت جراثیم جلدی استعمال کرتے ہین - اسمین ۳ فی صدی مرکیوری کیازی نیٹ موجود ہے - LAVODERMA

لپ ٹال - کوی نوسال اسنس آف پیرمنٹ یوکالپٹس اور الکحل کا سولیوشن ہے جسکو بطور انٹی سپٹیک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین - LYPTOL

لپ را سیرم - LEPRA SERUM ملاحظہ ہو بیان - لپ رولین -

لیپ رن - گلی سٹرن کا امیلشن جو ٹیوبر کینولن کے برابر ہے - بیاسی لی ہان سن کو پرورش کرنے سے بنتا ہے - جذام مین استعمال LEPRINE کرتے ہین - ۷۰ منم لیکر زیر جلد استعمال کرین -

لیپ رولن - یہ ایک قسم کا انٹی ٹاکسن ہے جسکو جذام مین استعمال LEPROLIN کرتے ہین - شہر رنگون کے ایک دواساز نے تیار کیا ہے - لیپرا بیاسی لی یعنے جذام کے جراثیم کو ۶ ہفتے تک بغیر نمک کے شوربے مین پرورش کرتے ہین - بعد ازان اس سولیوشن کو پاسیٹور فلٹر مین چھان کر اس عرق کا دسوان حصہ رہنے تک پکاتے ہین - ٹیوبر کینولن کی طرح اسکی بھی زیر جلد پچکاری کرتے ہین - اسکے استعمال سے حرارت زیادہ ہوتی ہے اور نبض تیز ہو جاتی ہے - مگر چند دن پچکاری کرنے سے حرارت بھی کم ہو جاتی ہے اور نبض بھی برابر چلتی ہے اور مرض بھی زائل ہو جاتا ہے -

لیپ سن - زنک آکسی نتھیل امیڈو سلفونیٹ اور ڈائی آئی اوڈو فینال LEPSIN سوڈیم کا سولیوشن ہے - جسکو سوزاک مین استعمال کرتے ہین -

لکوڈ - آکسی ہی موگلوبن - مترادف - ہی موفرم -

LIQUID OXY HEMOGLOBIN

لکوڈ - انٹی پائی رٹیک - یہ ایک قسم کا انٹی پائی رٹیک (دافع حرارت)

LIQUID ANTIPYRETIC

انال جے سک (سکن اوجاع) اور انوڈائن (سکن الم) ہے۔ جسکے ہر ایک سیال ڈرام مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

فینا سیٹین	ایک گرین
سیا لال	½ گرین
کیافین سٹرس	½ گرین
انٹی فبرن	¼ گرین
ٹارٹارک آسڈ	¼ گرین
سودہ بائی کاربونس	½ گرین

اسکے استعمال سے قلب پرسستی کم ہوتی ہے۔ ان فلوان زا۔ نیو مونیا دذات الریہ) درد شقیقہ۔ ٹائی فائید فیور۔ وجع مفاصل۔ نیورال جیا (عصبی درد) عرق النسا اور لمبے گو (درد کمر) مین استعمال کرتے ہین۔

لکوڈ پیپٹونائیڈ۔ ہلکا بھورا رنگ سیال جس کا وزن متناسبہ ۱۰۴۷ء سے ۱۰۴۹ء تک ہے۔ LIQUID PEPTONOID

مقدار خوراک۔ ½ سے ایک اونس تک۔

لکوڈ۔ ٹیاکا ڈیاس ٹیز۔ اسکے ہر ایک اونس مین ۲۰ گرین ٹیاکا ڈیاسٹیز موجود ہے۔ LIQUID TAKA DIASTASE

لکوزون۔ LIQUOZONE یہ ایک قسم کا انٹی سپٹک

ہرمی ٹن - فرانس کا بنایا ہوا انٹی سپٹک (مزیل العفونت) ہے جسمین ۵ گرام کلوروڈ کا سولیوشن موجود ہے۔ HERMITINE

ہرمی سل - کیا لومل اور لیا نولین کا مرہم جسکو بطور مانع انٹشک استعمال کرتے ہین۔ HERMESYL

ہرنیا پلز - HERNIA PILLS ان گولیون مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

اکسٹراکٹ ہرنیاری کمپونڈ	۲½ ڈرام
روغن صندل	۱½ ڈرام (وزن کیا ہوا)
سنبالائل	۳۷½ گرین

ہر ایک گولی کا وزن ۷½ گرین ہے۔ سوزاک مین استعمال کرتے ہین۔

ہرنیارین - ہرنیاری گلابی کے پتون کا قوی الاثر جوہر فعال ہے۔ آب مولیوٹ الکحل مین حل ہوجاتا ہے۔ مگر ایتھر مین نہین۔ سلفیورک ایسڈ کے ساتھ اسکے قلمین ملانے سے زرد اور گلابی رنگ کے ہوکر گہرے سرخ رنگ مین HERNIARIN

متفرق ہوجاتے ہین گردے کی پتھریون اور برائیٹس ڈزیز مین بطور ڈائی یورٹیک (مدر) استعمال کرتے ہین ۔

ہرنیال ۔ ہرنیا راگلاب را اور اوداورزی کا اکسٹراکٹ ہے مثانہ اور گردے کی بیماریون مین استعمال کرتے ہین ۔ HERNIOL

مقدار خوراک ۔ ۲۰ سے ۳۰ منم تک ۔

ہری ٹن ۔ HERITINE ہری ٹے زیا جوانی کا سے یہ الکالائیڈ نکالا جاتا ہے بطور انوڈائین (مسکن درد) استعمال کرتے ہین ۔

ہسٹوجینال ۔ HISTOGENOL اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

سوڈیم میتھل آرسی نیٹ	۵ حصے
نک ۔ لے نک آہڈ	۲۰ حصے

ٹیوبرکیولوسس مین استعمال کرتے ہین ۔

ہسٹوسان ۔ گوی اے کال اور بیضۂ مرغ کی سفیدی کا مرکب ہے ۔ HISTOSAN جو بطور شربت یا سفوف فروخت ہوتا ہے ۔ ٹیوبرکیولوسس مین استعمال کرتے ہین ۔ اسکے شربت کو ایک چاپا کے چمچے کی خوراک مین دن مین ۳ مرتبہ استعمال کرتے ہین ۔ اور سفوف ۳ سے ۷½ گرین تک ۔

ہسٹی رال ۔ HYSTEROL بورنل ویالی ریٹ کا تجارتی

نام ہے جو ۳ ½ گرین کے کیاپسلز مین فروخت ہوتا ہے ۔ دلبر یں
کے مرکبات کے مانند اسکو بھی استعمال کرتے ہین ۔

ہکسامین HEXAMINE مترادف ۔ یوروٹروپین ۔

ہکسامیتھی لین امن ۔ مترادف ۔ یوروٹروپین ۔

HEXAMETHYLENAMIN

ہکسامیتھی لین امن میتھی لین سٹریٹ ۔ مترادف ۔ ہل می ٹال ۔

HEXAMETHYLENAMINMETHYLEN CITRATE

ہکسامیتھی لین ٹیٹرامن ۔ مترادف ۔ یورٹروپین ۔

HEXAMETHYLENTETRAMIN

ہکسامیتھی لین ٹیٹرامن آئی اوڈوفارم ۔ مترادف ۔ آئی اوڈوفارمن ۔

HEXAMETHYLENTETRAMIN IODOFORM

ہکسامیتھی لین ٹیٹرامن آکسی میتھل سلفونیٹ ۔ مترادف ۔ ہپتال ۔

HHXAMETHYLENTETRAMINOXYMETHYL SULPHONATE

ہکسامیتھی لین ٹیٹرامن برومم ایتھی لیٹ ۔ مترادف ۔ برومیالن ۔

HEXAMETHYLENTETRAMIN BROM ETHYLATE

ہکسامیتھی لین ٹیٹرامن پروٹیڈ ۔ مترادف ۔ اِن نے رن ۔

HEXAMETHYLENTETRAMIN PROTEID

ہکسامیتھی لن ٹیٹرامن ٹرائی بوریٹ ۔ مترادف ۔ بورو وٹرین ۔

HEXAMETHYLENTETRAMIN TRIBORATE

ہکسامیتھی لن ٹیٹرامن ٹیانن ۔ مترادف ۔ ٹانوپین ۔

HEXAMETHYLENTETRAMIN TANNIN

ہکسامیتھی لن ٹیٹرامن سٹریٹ ۔ مترادف ۔ ہل می ٹال ۔

HEXAMETHYLENTETRAMIN CITRATE

ہکسامیتھی لن ٹیٹرامن سلور نائیٹریٹ ۔ مترادف ۔ آرجن ٹوفارمین ۔

HEXAMETHYLENTETRAMIN SILVER NITRATE

ہکسامیتھی لن ٹیٹرامن سیالی سلیٹ ۔ مترادف ۔ سیالی فارمین ۔

HEXAMETHYLENTETRAMIN SALICYLATE

ہکسامیتھی لن ٹیٹرامن گالیٹ ۔ مترادف ۔ گالوفارمین ۔

HEXAME HYLENTETRAMIN GALLATE

ہکسامیتھی لن ٹیٹرامن لی تھیم بنزوٹ ۔ مترادف ۔ یوری اسٹامین ۔

HEXAMETHYLENTETRAMIN LETHIUM BENZOATE

ہکسامیتھی لن ٹیٹرامن لی تھیم سٹریٹ ۔ مترادف ۔ یوری اسین ۔

HEXAMETHYLENTETRAMIN LILHIUM CITRATE

ہکسامیتھی لن ٹیٹرامن کوی نیٹ ۔ مترادف ۔ کوی نوٹروپین ۔

HEXAMETHYLENTETRAMIN QUINATE

ہکسا ہیڈرو پائی رازن - مترادف - پائی پراے زن -

HEXAHYDROPYRAZIN

ہکسلیز گلی سرو فاسفیٹ سرپ - ملاحظہ ہو بیان گلی سرو فاسفیٹ سرپ

HUXLY'S GLYCEROPHOSPHATE SYRUP

ہکسلیز منتھال انڈ ونٹر گرین کریم - یہ ایک دافع وجع مفاصل ضماد ہے

HUXLEY'S MENTHOL AND WINTERGREEN CREAM

جسمین ۱۰ فی صدی منتھال اور ۱۰ فی صدی ونٹر گرین آئیل موجود ہے -

ہل تھن - پیار اسلف انی لیٹ آف سوڈیم اور امیڈو نیا فتھال ڈائی سلفونیٹ آف سوڈیم کا سولیوشن ہے - جو پانی مین نائیٹر ائیس ہوتے ہین - اسکی آزمایش کے لئے استعمال کرتے ہین -

HELTHIN

ہل کوسال - مترادف ہزمتھ پائی رو گالیٹ -

HELCOSOL

ہل گوٹان - میتھی لین ٹیا ہن کا مرکب ہے - پانی مین حل نہین ہوتا ہے - بیوش ٹیا کو فارم استعمال کرتے ہین -

HELGOTAN

ہل من تھن اکسٹراکٹ - ایک قسم کا اکسٹراکٹ ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

HELMINTHEN EXTRACT

اکسٹراکٹ اسپے لیا ربیر	ایک حصہ
اکسٹراکٹ گرانائی	½ ½ حصے

اکسٹراکٹ اسپی ڈی	۳۸½ حصے
اکسٹراکٹ آب ہن بھی	۱۷۵ حصہ
کیاسٹر آئیل	۵۳ حصے
وایٹل لبن	۰۳ حصے

اسکو اِن ہتل منٹک (طاروُیدان) کی طرح استعمال کرتے ہین ۔

ہِل می ٹال ۔ مترادف ۔ بکسا مینتھی لِن ٹرامن سٹرنیٹ ۔ بکسا مینتھی لِن امن سٹرینیٹ ۔

HELMITOL

سفید چمکدار سفوف جسکو چکھنے سے حموضی مزہ معلوم ہوتا ہے ۔ ۱ حصے پانی مین حل ہوتا ہے ۔ الکحل اور ایتھر مین حل نہین ہوتا ہے ۔ حموضات اور آلکالیز (القلی) کے ملنے سے اسکے اجزا متفرق ہوتے ہین ۔ یہ ایک یورِی نری آنٹی سپٹیک (مزیل عفونت آلات البول) اور جرمی سائیڈ (مُمیت جراثیم) ہے بہ نسبت یورُوٹروپین اسکا اثر فوری ہوتا ہے ۔ سسٹائی ٹس (سوزش مثانہ) پائی لائی ٹس (گردے کے جوف کی سوزش) یورِی تھرائی ٹس (سوزش مجری بول) فاسفے ٹیورِیا (پیشاب مین فاسفیٹس کا نکلنا) مین استعمال کرتے ہین ۔ سوزاک اور ٹائی فائیڈ نیومونیا مین بھی مفید ثابت ہوا ہے ۔

مقدار خوراک ۔ ۱۰ سے ۱۵ گرین تک ۔

ہین ریز تھری کلورائڈز ۔ اسکے ہر ایک سیال ڈرام مین حسب ذیل

HENRY'S THREECHLORIDS

ادویات موجود ہین۔

کیالی سیاکارڈیل	ایک مثقال ڈرام
آئرن پروٹوکلورائڈ	۱/۸ گرین
مرکیورک بائی کلورائڈ	۱/۱۲۰ گرین
آرسی نک کلورائڈ	۱/۲۸۰ گرین

ہین ریز ٹرائی آئی اوڈائڈز۔ مترادف۔ لائیکر سیالی آئی اوڈائڈز ہین ری HENRY'S TRI-IODIDS اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

کالچی سن	۱/۲۰ گرین
ڈی کیان ڈرین	۱/۱۰ گرین
سٹولانین	۱/۳ گرین
سوڈیم سیالی سلینیٹ	۱۰ گرین
آئی اوڈک آسڈ۔ جو برابر ہو۔	۵/۴۲ گرین آئی اوڈین سے
آرسینک کارڈیل	۲ ڈرام

گونٹ (نقرس)، وجع مفاصل اور آتشک مین استعمال کرتے ہین۔

ہوپوگان۔ یہ ایک قسم کا مرکب ہے جسمین گلیسرائم پراگسنڈ۔ گلیسرائم کاربونیٹ HOPOGAN گلیسرائم اگسنڈ اور ملک شگر موجود ہے جب یہ آب آگندہ

حموضات کے ساتھ ملتا ہے تو آکسیجن نکلتا ہے ۔

ہولاڈن ۔ یہ ایک قسم کا اکسٹراکٹ ہے جو بیان کریاس (لبلبہ) سے بنایا جاتا ہے

HOLADIN یہ نشاستہ اور پروٹیڈ کو بہت جلد ہضم کرتا ہے جن امراض مین قصور ہاضمہ کی خرابی ہوتی ہے اسکو استعمال کرتے ہین ۔ اسکے قرص بھی فروخت ہوتے ہین ۔ جسکے ہر ایک مین ۳ گرین دوا مذکور موجود ہے ۔

مقدار خوراک ۔ ایک قرص ہوتے وقت ۔ ایک قرص غذا کے ۲ گھنٹے بعد بتدریج اسکی خوراک ۲ یا ۳ قرص ہوئے تک زیادہ کرین ۔

ہولوکین ۔ مترادف ۔ بیار اوائی ایتھاک سی ایتھی نل ڈائی فینیل امیڈن ۔

HOLOCAIN کوکین کا عوض ہے جسکو بذریعہ حل وعقد کیمیائی بناتے ہین بے رنگ قلمین جو ۱۲۱ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت اور پانی مین حل نہین ہوتے ہین مگر ۹۰ فی صدی الکحل اور ایتھر مین حل ہو جاتے ہین

ہولوکین ہیڈرو کلورڈ ۔ ہولوکین کا ہیڈرو کلورڈ ہے ۔ بے رنگ

HOLOCAIN HYDROCHLORID سوئی کے مانند قلمین ۔ ایک کو ۵۰ حصے پانی ۔۔۔ ۹۰ فی صدی الکحل مین حل ہو جاتے ہین ۔ ایک فی صدی کا سولیوشن آنکھ کی جراحی مین استعمال کرتے ہین ۔ اسکے استعمال سے بخوبی اور فوری بیحسی بغیر کسی قسم کے درد کے ہوتی ہے ۔ اسکے استعمال سے التیاع الحدقہ ہوتا ہے ۔ نہ بلڈ وسلز (ظروف دموی) پر کوئی اثر خبیث کی وجہ سے اسکو زیر جلد استعمال نہین کرتے ہین ۔

اسکے چند قطرے جب آنکھ مین ٹپکاتے ہین تو سوزش ہوتی ہے - مگر کچھ دیر کے بعد کم ہوجاتی ہے - اسکے ایک فی صدی کے سولیوشن کو ۲ مہینے تک ایک کھلی ہوئی شیشی مین رکھنے سے سحابی رنگ نہین ہوا ہے - بیان کیا جاتا ہے کہ اس مین حسب ذیل فوائد ہین -

نمبر (۱) اسکے استعمال سے ہڈیا سنز (التساع الحدقہ) نہین ہوتا ہے -

نمبر (۲) کسی قسم کی بیچینی یا تکلیف نہین ہوتی ہے -

نمبر (۳) آئی رس (طبقۃ العنبیہ) پر بہت دور تک بے حسی پیدا کرتا ہے -

نمبر (۴) بعض دردانگیز ان فلانیشن کے موقع پر کوکین ناکامیاب ہوتی ہے - مگر اسوقت یہ بہت مفید ثابت ہوتا ہے -

نمبر (۵) اسکو صرف زیر جلد یا اندرونی استعمال کرنے سے سمیت کا اثر ہوتا ہے

نمبر (۶) کارنیل ابپی تھی لیم پر اثر نہین کرتا ہے -

نمبر (۷) بہت قوی میدیاسٹم ہے -

چینی کے ظروف مین اسکو محفوظ رکھنا چاہیے - نہ کانچ کے - لیان سٹ نامی طبی رسالہ بیان کرتا ہے کہ اسکو ایک فی صدی کے سولیوشن سے زیادہ نہ استعمال کرین اس وجہ سے کہ زہریلا ہے - جب آئی رس (طبقۃ العنبیہ) کو قطع کرنے کی ضرورت ہو تو اسکے ساتھ کوکین ملا کر بہت تھوڑی کے ساتھ استعمال کر سکتے ہین حسب ذیل نسخہ استعمال کرین -

کوکین ہیڈرو کلورڈ ۲ فی صدی

ہولوکین ہیڈرو کلورائڈ	ایک فی صدی

ایک کو ہزار حصے اوڈری نالین کے سولیوشن مین حل کرلین۔ اور ضرورت کے وقت تازہ تیار کرین۔

ہی بی سن HEBESIN یہ ایک قسم کا غازہ ہے جسمین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

عرق گلاب	۶۸ فی صدی
البیومن (کیازین)	۱۲ فی صدی
آلم	۱۶ فی صدی
کریم آف ٹارٹاز	۲ فی صدی
مگنیشیا	تھوڑا سا

حسب ذیل ادویات ملانے سے اسکا مماثل تیار ہوسکتا ہے۔

کیازین	۱۵ حصے
آلم	۸ حصے
بلغم	۴ حصے
گلی سرن	۴ حصے
رزوز واٹر	۷۰ حصے

ہی ٹال HETOL سوڈیم سینامیٹ ہے۔

سفید سفوف۔ ایک کو ۱ حصے پانی اور ۱۰ حصے گلی سرن مین حل ہوتا ہے۔ ایک کو ۲ حصے کاسولیوشن ٹو شلڈ واٹر یا نارمل سیالائن سولیوشن مین بنا کر اسٹری لائیزڈ کر کے سل مین وریدی پچکاری کرنے سے فائدہ ہوا ہے۔ ۱۰ فی صدی کاسولیوشن ۳ سم کی مقدار سرطان مین ہفتہ مین ۲ مرتبہ زیر جلد پچکاری کرتے ہین۔

مقدار استعمال۔ ۳ سے ۵ گرین تک جلدی پچکاری کرتے ہین۔

ہی ٹال۔ کیافین۔ مترادف۔ کیافین سوڈیم سنیامیٹ۔

HETOL CAFFEINE بے بو اور تلخ سفوف۔ ۲ حصے پانی اور ۵۰ حصے الکحل مین حل ہوتا ہے۔ فرک کلورڈ ملانے سے زرد رنگ ہوتا ہے بعوض کیافین سوڈیم سیالی سلیٹ زیر جلد استعمال کرتے ہین۔

ہی ٹوفارم۔ مترادف۔ بزمتھ سنیامیٹ۔

HETOFORM سفید سفوف جس مین دارچینی کی بو آتی ہے۔ بطور انٹی سپٹک اور اسٹرنجنٹ اندرونی استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ½ سے ۱½ گرین تک۔

بطور سفوف یا ہم بیرونی استعمال کرتے ہین۔

ہی ٹوکریسی سائل۔ مترادف۔ سی نائل کریسی سائل۔

HETOCRESOL بے رنگ قلمین جو ۵۰ سنٹی گرنڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین۔ پانی گلی سرن اور روغنیات مین حل نہین ہوتے ہین۔ اسٹیک اسڈ

اور سیماب طبع روغنیات مین حل ہو جاتے ہین۔ ۱۰ فیصدی کا اسپرے (آبشار) زخمون اور سوجے ہوئے مقامون مین استعمال کرتے ہین۔

ایک سے ۵ فی صدی کا سولیوشن بنا کر رحم وغیرہ دھوتے ہین۔ ایک سے ۲ یا ۸ فی صدی آئی اوڈوفارم ملا کر فسٹیولز (ناسور) مین استعمال کرتے ہین بطور سفوف چھڑکتے ہین۔ اسکے استعمال سے خراش نہین ہوتی ہے۔

ہی جی نال HYGIENAL مخصوص دھونیکا عرق ہے جس مین کلوروفارم فارمالین سیاکارن پیپرمنٹ آئیل الکحل اور نمک موجود ہے۔

ہی ڈل۔ HEIDYL اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

اکسٹراکٹ ہرٹلی کمپونڈ	۹۰ فی صدی
ارومیاٹک الکسٹر	۱۰ فی صدی

ہے ڈن۔ دردسر کا علاج ہے جسمین ۴۰ فی صدی اسپرٹ انی لڈاور HEADINE ۳۰ فی صدی سوڈیم کاربونیٹ موجود ہے۔

ہے ڈن یورک سالوینٹ۔ اس مرکب مین ادویات ذیل موجود ہین۔ HAYDIN'S URIC SOLVENT

آل تہیا آنی سی نالس۔ ای پی گے آری پنیز۔ آئی رسٹس ورسی کلر۔ کمپونڈ اسپیرٹ آف جونی پر۔ یولی ٹرائی کی جونی پر۔ لی تھیم سٹریٹ۔ سوڈیم اسی ٹیٹ۔ پوٹاسیم نائیٹریٹ۔ یورک ایسڈ کو حل کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین۔

ہی ڈونال ۔مترادف ہیتھل یوریتھل کاربی نال یوریہی تھین۔

HEDONAL بے رنگ قلمین یا سفید چمکدار سفوف ۔ٹھنڈے پانی مین کم حل ہوتا ہے ۔مگر گرم پانی مین بخوبی حل ہوجاتا ہے بطور سنوم استعمال کرتے ہین کلوروفارم سے بیہوش کرنے ۱/۲ یا ایک گھنٹہ قبل ۳۰ گرین کہلاوین بعد ازان کلوروفارم سنگھاوین تو تھوڑے کلوروفارم مین بیہوشی ہوجاویگی۔

مقدار خوراک ۔۱۵ سے ۳۰ گرین تک کیاشے مین بھر کر استعمال کرتے ہین۔

ہی رائیڈز HEROIDS اسکے ہر دو ڈرام مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

ہیرائین	۱/۱۲ گرین
ٹرپن ہیڈرٹیٹ	۲ گرین
سرپ وائلڈ چیری	۱۵ منم
بائسم ٹلو	حسب ضرورت
گلی سرن	حسب ضرورت

ہی لونیا ٹیبلٹس ۔اسکے ہر ایک قرص مین حسب ذیل ادویات موجود ہین

HELONIA TABLETS

اکسٹراکٹ اوپیم	۱/۴ گرین

اکسٹراکٹ آف ہی لو نیاس	½ گرین
اکسٹراکٹ آف ہن بین	ایک گرین
سیالی سلک آسڈ	۲ گرین
ٹانک آسڈ	۲ گرین
بورک آسڈ	۳ گرین
تہائی مائل	تھوڑا سا
بوکا لپٹال	تھوڑا سا
آلم	تھوڑا سا

لیوکورنیا (سیلان رحم) مین استعمال کرتے ہین -

ہی - لی اوڈانٹ - یہ ایک قسم کا منھ دھونے کا عرق ہے جسمین مگنیز یم پرآکسائڈ HELIODONT موجود ہے -

ہی - لی - نن - HELENIN مترادف - اَلان ٹوکیا مفرَ -

ہے ما پلاسٹ - HAIMAPLAST اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

فرنک اکسالیٹ	۱۰ حصے
کریم آف ٹارٹار	۵۰ حصے
ملک شکر	۴۰ حصے

ہی ما۔ پیورن پلز۔ HEMAPURIN PILLS ان گولیوں مین

حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

فیرو پیپو میان گن۔ فیرس سلفیٹ۔ میانگنیز آکسائڈ۔

ان ادویات کے علاوہ اس مین ½ گرین سیماب موجود ہے۔ کلورو سز اور اسقاط حمل مین

آتشک مین استعمال کرتے ہین۔

ہی ماٹاک سی لن فارمال ڈی ہیڈ۔ مترادف۔ آل ے مین۔

HEMATOXYLIN FORMALDEHYD

ہی ماٹال۔ اس مرکب مین اسٹری لائزڈ کیا ہوا ہی موگلوبن گلی سرن اور

HAEMATOL کوناک موجود ہے۔

ہی ماٹک ہائی پو فاسفائیٹس۔ اس کے ہر ایک سیال اونس

HEMATIC HYPOPHOSPHITES مین حسب ذیل ادویات

موجود ہین۔

پوٹاسیم ہائی پو فاسفائیٹ	½ گرین
میانگنیز ہائی پو فاسفائیٹ	ایک گرین
اسٹرکنن ہائی پو فاسفائیٹ	½ گرین
فیرس ہائی پو فاسفائیٹ	½ ۱ گرین
کیالسیم ہائی پو فاسفائیٹ	ایک گرین

کوئی ہن ہائی پو فاسفائیٹ ۷ پے گرین

اَنی میا (کمی خون) اعصاب کی کم قوتی اور ٹیوبر کیولوسس مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ایک سے ۲ چاء کے چمچے تک۔

ہی ماٹن - مترادف - ہی ماٹوسن - آکسی ہی مٹن -

HEMATIN گہرے بہورے رنگ کا سفوف - گرم الکحل اور الکالیز مین حل ہوتا ہے - بطور تانک (مقوی) استعمال کرتے ہین۔

ہی ماٹن - اَلبیومن - سُرخ رنگ جو کسیقدر بہورا بھی ہے - بے بو اور بے

HEMATIN ALBUMIN مزہ سفوف خون کے فائبرن سے نکالا جاتا ہے - اَنی میا (کمی خون) مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ایک سے ۴ چاء کے چمچے تک دن مین ۴ مرتبہ -

ہی ماٹو اَنٹی ٹاکسن - ۲۰ فی صدی مارگل لیا نوز ٹیوبر کل اَنٹی ٹاکسن کا

HEMATO-ANTITOXIN سولیوشن ہے - شفاف سیال جس مین الکحل گلیسرن ہی موگلوبن موجود ہے -

مقدار خوراک - ایک میز کا چمچہ یہ دوا ٹیوبر کل کی زیادتی کو روکتی ہے -

ہی ماٹوپان - خشک فوراً حل ہونے والا مائٹ اکسٹراکٹ ہے جسمین

HAEMATOPON ہی موگلوبن موجود ہے -

ہی ماٹوجن - (ہامل) اسمین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

HAEMATOGEN (HE) DR. HOMMEL

صاف کیا ہوا ہی موگلوبن	۷۰ فی صدی
گلی سرین	۲۰ فیصدی
میالاگا وائین	۱۰ فیصدی
ویانل لین	۱۰۰۰ فی صدی

بطور ٹانک (مقوی) ہی مائی ٹک (مقوی خون) اراکائی ٹس (الکساح) آنی میا (کمی خون) انسکروفیولا (خنازیر) ٹیوبرکیولوسس مین استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ایک سے ۲ چار کے چمچے تک بچون کے لئے جوانون کے لئے کئی چمچے -

ہی ماٹوجن - (دی رینس) اس ہی ماٹوجن مین حسب ذیل ادویات

HAEMATOGEN (VERINS) موجود ہین -

خشک کیا ہوا ہی موگلوبن	۸۰ حصے
پانی	۴۲۰ حصے

دونون کو باہم بہگو کر حسب ذیل ادویات ملاوین -

گلی سرین	۸۰ حصے
الکحل	۱۲۵ حصے
سرپ	۶۰ حصے
ٹنکچر آف آرنج	۴ حصے

ٹنکچر ویانیلا	۴ حصے
ٹنکچر سینیمن	ایک حصہ
ارومیاٹک ٹنکچر	ایک حصہ
اسنیٹک ایتھر	۵ حصے

۳ دن رکھکر دوسرے ظرف مین نکال لین۔

ہی ماٹوسن۔ HEMATOSIN مترادف۔ ہی ماٹن۔

ہی ماٹوفا۔ یہ ایک قسم کے بسکٹ ہین جسکے ہر ایک مین ۱/۲ گرین خشک کیا ہوا ہی ماٹوجن موجود ہی۔ HEMATOFFA

ہی ماٹوفر۔ HAEMATOFOR فرد ہپٹپو میانگنیز کا خوشبودار وائین ہے۔

ہی ماٹیکم (گلاش) اس مرکب کا مثل حسب ذیل ادویات ملانے سے بنتا ہے۔ HEMATICUM (GLAUSCH)

الکحل (۹۰ فی صدی کا)	۱۰۰ حصے
ٹنکچر آرنج شائی کارٹکس	۲ حصے
ٹنکچر سنکونہ کمپونڈ	۱۳۰ حصے
ٹنکچر جنشن کمپونڈ	۱۰۱ حصے
ٹنکچر فرائی سیا کارڈے تا	۱۰۰ حصے

سرپ ایمپل ۵۰ حصے

اکواڈسٹلڈ ۴۰ حصے

ہی مارال - HEMORAL مترادف - ہی مورال

ہی مارٹال - خوشبودار اور مزے دار مرکب ہی جو خشک کئے ہوئے HEMARTOL ہی مالو جن سے بنایا جاتا ہے -

ہی مارسین - یہ ایک قسم کے قرص ہین جس مین ہے گرین فرک میتھل آرسی نیٹ HEMARSINE موجود ہے -

ہی مارو بن - یہ ایک قسم کی غذا ہے جس مین ۲۵ فی صدی روغن ماہی اور HEMAROBIN کیقدر ہائی پو فاسفائیٹ آف لائیم ہائی پو فاسفائیٹ آف سوڈیم ہائی پو فاسفائیٹ آف پوٹاسیم ہائی پو فاسفائیٹ آف آئرن ہائی پو فاسفائیٹ آف میانگیز اور پین موجود ہے -

ہی ماسپ سن - اسٹری لائیز ڈ گیا ہوا فارمال ڈی ہیڈ کا سولیوشن ہے HEMASEPSIN جو مارٹل سیالائین سولیوشن مین بنایا گیا ہے -

ہی مانس ٹاٹ - HEMOSTAT اس مرہم مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

کوی ہن سلفیٹ - ٹانک آسڈ - پنز وڈڈ لازڈ

بطور مانع دم نکسیر مین بیرونی استعمال کرتے ہین۔

ہی ماس ٹپ ٹیکم HEMASTYPTICUM۔ یہ ایک قسم کا مرکب ہے جسکو سیلان خون مین استعمال کرتے ہین۔ اس مین ارگٹ اور ہیڈراسٹن کے قوی الاثر جوہر فعال ہین۔

مقدار خوراک۔ ۳ سمندن مین ۴ مرتبہ۔

ہی ماس ٹن۔ HAEMASTIN شکر اندودہ قرص ہین جس کے ہر ۱۰۰ مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

اکسٹراکٹم ہیڈراسٹس	۴۵ گرین
اکسٹراکٹم گاسی پی	۴۵ گرین
اکسٹراکٹم ہی مامیڈس	۴۵ گرین
کوی نن ہیڈرو کلورڈ	۱۵ گرین
ریاڈکس ہیڈراسٹس	۲½ ڈرام

اندرونی جریان خون مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ۳ قرص دن مین ۳ مرتبہ۔

ہی ماس ٹوجن۔ (لوفلر) اس مرکب کے کیمیائی اجزا حسب ذیل ہین۔ HAEMASTOGEN (LOEFLLER)

ہی ماٹن	۶/۶ فی صدی

بلڈ البیومن	۱۵ فی صدی
البیومواز	۵ فی صدی
پیپٹونز	۰٫۴ فیصدی
فری سلفوسائی نائیڈ	۰٫۰۲ فی صدی
ہیڈروکلورک اور فاسفاریک آسڈ	۳ فی صدی
بلڈ سالٹس	۰٫۶ فی صدی
کاربوہیڈریٹس	۴٫۵ فی صدی

آئی میاد کمی خون اور کلورڈ وسہز مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ایک چار کا چمچہ دن مین ۳ مرتبہ استعمال کرین۔

ہی ماٹس لے ٹن۔ سپراری نل گلانڈ سے حاصل کیا جاتا ہے۔ اس کا HEMOSTATIN سفوف بھی ہوتا ہے۔ اسکے علاوہ ایک کو ایک ہزار حصے کا سولیوشن بھی فروخت ہوتا ہے۔

ہی ما فاس کال۔ HAEMAPHOSKOL کولا ہی موگلوبن اور گلی سرو فاسفلیٹ کا مرکب ہے۔

ہی مال۔ بھورا مائل بہ سیاہ رنگ سفوف۔ پانی مین حل نہین ہوتا اور ہی موگلوبن HEMOL (HAE) سے بنایا جاتا ہے۔ کلورڈ وسہز اور آئی میاد کی خون۔ مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۱½ سے ۷½ گرین تک دن مین ۳ یا ۴ مرتبہ قبل از غذا

اِس کے مرکبات حسب ذیل ہین - آرسنِ ہی مائل اس مین ایک فی صدی آرسینک ٹرائی آکسائڈ موجود ہے -

مقدار خوراک - ۱½ گرین -

برومِ ہی مائل - اس مین ۷۰ فی صدی برومین موجود ہے -

مقدار خوراک - ۱۵ گرین آئرن ہی مائل - اس مین ۳ فی صدی آئرن موجود ہے -

مقدار خوراک - ۷½ گرین -

آئی اوڈ ہی مائل - اِسمین ۱۶ فی صدی آئی اوڈین موجود ہے -

مقدار خوراک - ۳ سے ۴½ گرین تک -

کاپر ہی مائل - اس مین ۲ فی صدی مس موجود ہے -

مقدار خوراک - ۱½ سے ۷½ گرین تک - اسکروفیولا (خنازیر) اور اکزیما مین بیرونی استعمال کرتے ہین

زنک ہی مائل - اس مین ایک فی صدی زنک موجود ہے -

مقدار خوراک - ۷½ گرین اسہال اور کلورو سز مین استعمال کرتے ہین -

ہی مائل بیومین - یہ ایک قسم کا سفوف ہے جس مین ہی مائن ہی موگلوبین سیرم البیومین اور پیارا گلوبیولن موجود ہین HEMALBUMIN (HAY)

آب آگندہ الکحل اور گرم پانی مین حل ہوتا ہے - کلورو سز ٹیوبر کیولوسز مین

استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۱۵ سے ۴۵ گرین تک دن مین ۳ یا ۴ مرتبہ -

ہی مال بیومن سولیوشن - مترادف - لائیکر ہی می نو البیومی ناٹس HEMALBUMIN SOLUTION ہی مال بیومن کا عوض ہے -

اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

فرال بیومن	۳۰ حصے
گرم پانی	۶۵۲ حصے
ٹنکچر ویانل لا	۵ حصے
سوبیٹ اسپرٹ آف نائیٹر	۲ حصے
کنفکشن آف کیومیارن (ایک کو ہزار حصے کا)	۲،۰ حصے
اولیوسیا کارینٹ آف روز (ایک کو ۵۰ حصے کا)	۴،۰ حصے
اولیوسیا کارینٹ آف پیرامنڈ (ایک کو ۵۰ حصے کا)	۴،۰ حصے
الکحل	۱۰۰ حصے
سرپ	۲۰۰ حصے

ہی مال بیومن سنکونا الکسیر - یہ ایک قسم کا الکسیر ہے جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین - HEMALBUMIN CINCHONA ELIXER

ہی مال بیومن	۳ فی صدی
سنکونا کا قوی الاثر جوہر فعال	۵ فی صدی

ہی مال بیومن کنڈورنگو الکسٹر۔ اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

HFMALBUMIN CONDURANGO ELIXER

ہی مال بیومن	۳ فی صدی
کنڈورنگو بارک کا قوی الاثر جوہر فعال	۵ فی صدی

ہی مال ٹوسن۔ HEMALTOSIN

اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

البیومن	۳۵ حصے
آرگیانک آئرن	۷ حصے
پرورش کرنیوالے نمکیات	۳ حصے
خون کے نمکیات	۲ حصے
پیپسن	۳ حصے
سوڈیم گلی سرو فاسفیٹ	۵ حصے
لی سی تھن	ایک حصہ
مالٹ	۱۵ حصے
اوٹ میل	۱۵ حصے
کوکا	۱۵ حصے

مقدار خوراک ۔ ایک چار کا چمچہ پانی دودھ یا لموینیڈ مین ملا کر

استعمال کرتے ہین۔

ہی مال مالٹ اکسٹراکٹ ۔ مالٹ اکسٹراکٹ جسمین ۲ فی صدی ہی مال موجود ہے ۔

HEMOL MALT EXTRACT

ہے مان HAIMAN اسکے ہر ۳½ سیال اونس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

آئرن	ایک فیصدی
کیالسیم سالٹ	۵ر۱ فی صدی
ہی موگلوبن	۵ فی صدی
فزیولاجک بلڈ سالٹ	ایک فی صدی
آرگیانک البیومن	۲ر۵ فی صدی
گلی سرو فاسفارک آسڈ	۲ر۵ فیصدی
سوڈیم کلورڈ	ایک فیصدی
گلی سرن	۱۴ فی صدی
وائین	۲۱ر۵ فی صدی
پانی	۵۰ فی صدی

مقدار خوراک ۔ ایک سے ۴ چار کے چمچے تک دن مین ۳ مرتبہ۔

ہی مان ۔ HEMAN مترادف ہیمانگن۔

فرنک سلفو سائی نیٹ اور پیٹونز کا سولیوشن ہے۔ انی میا دکی خون، مین استعمال کرتے ہین۔

ہی مس ٹان۔ HEMISTAN یہ ایک قسم کے قرص ہین جس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

اکسٹراکٹ ہیڈرا سٹس کناڈن سز۔ اکسٹراکٹ ہیمامیلس۔ اکسٹراکٹ کاسی یم۔ کوہی ش پلوس ہیڈرا سٹس۔

جریان خون مین استعمال کرتے ہین۔

ہی مک ٹیا بلٹس۔ HEMEC TABLETS ان قرصون مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

ہی ماٹن	½ گرین
نکس وامیکا	۱/۸ گرین
آرسینس کا سڈ	۱/۱۲۰ گرین

ملیریا اور انی میا دکی خون) مین استعمال کرتے ہین۔

ہی موجن۔ خوشبودار عرق ہے جسمین ہیپو فاسفیٹ کیا ہوا آئرن میانگا نیز HAEMOGEN ہمراہ ہی موگلوبن موجود ہے۔

مقدار خوراک۔ ایک سے ۴ ڈرام تک۔

ہی مورائل HAEMORRHOL مترادف۔ ہی مارائل۔

یہ ایک قسم کا اِن فیوژن (خیساندہ) ہے جو یوکالپٹس برگ گلاب۔ پوست لیمون چائنہ اور گلی سرن سے بنایا جاتا ہے۔

ہی موسوٹر HEMOSOATER۔ مرکیوری کا حل نہین ہونے والا مرکب ہے۔ اسکے استعمال سے کوئی مضر نتیجہ نہین نکلتا ہے۔ بہ نسبت دوسرے مرکیوری کے مرکبات سے۔ آتشک مین استعمال کرتے ہین۔

ہی موفرم HEMOFERRUM۔ مترادف۔ لکوڈ آکسی ہی موگلوبن۔ سیال آکسی ہی موگلوبن ہے جو خون سے تیار کیا جاتا ہے۔ اسکے ہر ایک فلوئیڈ اونس مین ۳۲ گرین آکسی ہی موگلوبن موجود ہے۔ گہرا سُرخ رنگ مزے دار سیال آئی میا دکمی خون، مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ایک سے ۲ ڈرام تک۔

ہی موفینل HEMOPHENYL۔ سفید سفوف جو ٹھنڈے پانی مین حل ہوتا ہے بلورانٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور بیاک ٹری سائیڈ (مُمیت جراثیم) استعمال کرتے ہین۔ افتال میا نیونے نوزائیدہ بچہ کا آشوب چشم، مین ۳ فیصدی کا سولیوشن استعمال کرتے ہین۔ بہ نسبت سلور نائیٹریٹ یہ مفید ہے۔

ہی موکوی نن۔ HEMOQUININE اسکے ہر ایک فلوئیڈ اونس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

پیٹونیٹ آف آئرن	۳۴ گرین

پیپٹونیٹ آف سیانگانیز	۰٫۵ گرین
پیپٹونیٹ آف کوی ہن	۵ گرین
سوڈیم آرسی نیٹ	½ گرین
گلی سرن اور ویاٹکس (افادیہ)	حسب ضرورت

مقدار خوراک - ۲ فلوئیڈ ڈرام -

ہی موگالال - سرخ جوکسیقدر بھورا رنگ سفوف جو ہی موگلوبن اور پائی روگالال سے بنایا جاتا ہے - پانی مین

HEMOGALLOL

حل ہوتا ہے -

مقدار خوراک - ۳ ½ سے ۷ ½ گرین تک قبل از غذا بطور ہی ماٹی نک (مقوی خون) استعمال کرتے ہین -

ہی موگلوبن - خون کے سرخ مادہ کا سفوف ہے بھورا مائل بہ سرخ رنگ

HEMOGLOBIN

سفوف پانی مین حل ہوتا ہے - بطور ٹانک (مقوی) استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۱½ سے ۲ ½ ڈرام تک شربت یا وائین مین ملاکر استعمال کرتے ہین -

ہی موگلوبن (پوہل) - یہ ایک قسم کے قرص ہین جس مین ہی موگلوبن

HEMOGLOBIN (POHEL)

موجود ہے - وائین وغیرہ ملاکر

بطور پرورش کنندہ غذا استعمال کرتے ہین۔

ہی موگلوبن اکسٹراکٹ HEMOGLOBIN EXTRACT ۔سرخ رنگ کی لگدی جس مین ۳۳ فی صدی ہی موگلوبن موجود ہے۔

ہی موگلوبن ٹیابلٹس HEMOGLOBIN TABLETS ۔ہی موگلوبن کے قرص ہین جسکے ہر ایک مین ۷½ گرین ہی موگلوبن موجود ہے پانی مین حل ہوتے ہین۔

ہی موگلوبن کوکو HEMOGLOBIN COCA ۔کوکو کے قرص ہین جس مین ۳ گرین ہی موگلوبن موجود ہے۔

مقدار خوراک ۔۳ سے ۵ قرص تک۔

ہی مولین HEMOLIN ۔ آکسی ہی موگلوبن اور مالٹوز کا مرکب ہے۔

ہی مونین PAEMONIN ۔گوشت کا اکسٹراکٹ ہے جس مین خون کے نمکیات موجود ہین بطور پرورش کنندہ غذا استعمال کرتے ہین۔

ہی می سن HEMESINE ۔سپراری نل گلانڈ کا قوی الاثر جوہر فعال ہے جسکے سلائیڈ یا ٹابلٹ فروخت ہوتے ہین۔موافق اپنی نفرین اور اڈری نالین اسکے بھی خواص و فوائد ہین۔بطور ہی ماس ٹے ٹک اسٹرنجنٹ (قابض مانع جریان خون) اور اینس تھے ٹک (مخدر) استعمال کرتے ہین۔

(ملاحظہ ہو بیان اڈری نالین)

ہی می کرانن - HEMECRANINE اس مرکب مین حسب ذیل دوایات موجود ہین۔

فینا سیٹن	۵ حصے
کیافین	ایک حصہ
سٹرک آسڈ یا ٹارٹارک آسڈ	ایک حصہ

گرین مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۵ سے ۱۰ گرین تک۔

ہی می نال - پرورش کنندہ غذا ہے جو بیل کے خون سے بنائی جاتی ہے اس مین ۹۴/۱ فی صدی فسفرک آکسڈ اور HAEMINOL ۵ فی صدی فاسفارک آسڈ موجود ہے۔

ہیڈرارجرم کالائیڈیل - مترادف - ہرگال۔

HYDRARGYRUM COLLOIDALE

ہیڈرارجری سکسی نی می ڈم - مترادف - مرکیوری سکسی نی ڈ۔

HYDRARGYRUM SUCCINIMIDUM

ہیڈرارجن - یہ ایک قسم کا جاذب کاغذ ہے جو کروسیوسبلی میٹ کے HYDRARGYNE سولیوشن مین بھگو کر خشک کیا گیا ہے ایک کاغذ لیکر ایک کوارٹ لیجئے۔ ۴ اونس پانی مین ملانے سے انٹی سپٹک سولیوشن

تیار ہوتا ہے جسکو زخم وغیرہ کے دُہونے کے لئے استعمال کرتے ہین ۔

ہیڈرارجی رال ۔ مترادف ۔ مرکیوری بیار اسلفونیٹ ۔

HYDRARGYROL بھورے مائل بہ سُرخ رنگ ٹکڑے ۔ موافق کروسیو سبکی میٹ اسکے فوائد ہین پانی اور گلی سرین مین حل ہوتے ہین ۔ بطور انٹی سپٹک استعمال کرتے ہین ۔

ہیڈرارجی رین ۔ مرکیوری کا مرہم ہے جو لیانولین سے بنایا گیا ہے ۔

HYDRARGYRIN گیالی زوس کی صاحب ۔ آنکھ کی آتشک مین حسب ذیل طریقے سے استعمال کرتے ہین ۔ ۷½ سے ۱۵ گرین تک ۵ منٹ تک مالش کرین ۔ دوسرے روز صابون اور گرم پانی سے دھوئین ۔ بعد ازان دس مرتبہ لگا کر دو دن وقفہ کے بعد ۱۰ مرتبہ اور لگا وین ۔ اور ۱۵ یوم کا وقفہ دین ۔ اسی طرح دو سال تک لگائین ۔

ہیڈرارجی روسپٹال ۔ بطور دافع آتشک اس دوا کو استعمال کرتے

HYDRARGYROSEPTOL ہین ۔ مرکیوری آکسی کوی نولین سلفونیٹ اور سوڈیم کلورائڈ کا مرکب ہے ۔ پانی مین حل ہوتا ہے ۔

ہیڈرارجی ری نک لی نس ۔ مترادف ۔ مرکیورال ۔

HYDRGYRI NUCLEINAS

ہیڈرارگال ۔ HYDRARGOL مرکیوری کسی نی ہڈ کا سولیوشن ہے

جو ایک کیوبک سنٹی میٹر یعنے ۱۷ منم کانچ کی نلیون مین فروخت ہوتا ہے جس مین ۱/۱۰ گرین مرکیوری موجود ہے۔ اسکو زیر جلد استعمال کرتے ہین۔

ہیڈرارگوٹن ۔ مترادف ۔ مرکیورس ٹیانیٹ ۔

HYDRARGOTIN سبز مائل کسیقدر بھورا رنگ سفوف جس مین ۵ فی صدی مرکیوری موجود ہے۔ بطور دافع آتشک استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۱/۶ گرین سے ۱/۵ گرین تک ۔

ہیڈرارگولنٹ ۔ ۳۳ ۱/۳ یا ۵۰ فی صدی مرکیوری کا مرہم ہے جو چپلاٹن کے کیاپسلز مین فروخت ہوتا ہے۔ ہر ایک

HYDRARGOLENT کیاپسل مین ۱/۳ یا ایک یا ۱ ۱/۲ ڈرام مرہم مذکور موجود ہے ۔

ہیڈراس ٹال HYDRASTOL ہیڈراسٹس کا مرکب ہے

ہیڈراس ٹن ہیڈرو کلورڈ ۔ بے رنگ قلمین جو پانی مین حل اور ۱۱

HYDRASTINE HYDROCHLORID سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین۔

ہیڈراسٹس کا سا اسکا بھی عمل ہے۔ بیرونی استعمال اب زیادہ تر ہو رہا ہے۔ ایک کو ہزار یا دو ہزار یا ایک کو ۲ فی صدی کا مرہم بنا کر بطور اسٹرنجنٹ (قابض)، بواسیر اور سوزاک کنجنکٹیوائی ٹس (آشوب چشم) اور جلدی امراض مین استعمال کرتے ہین۔

ہیڈ۔ اس ٹی ٹن آسڈ ٹارٹریٹ ۔ سفید سوی کے مانند قلمین

HYDRASTININE ACID TARTRATE

پانی مین فوری حل ہوتے ہین۔ بطور ہپناٹک (مانع جریان خون) استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ½ گرین سے ۱½ گرین تک۔

ہیڈرا سی ٹن ۔ مترادف ۔ آسی ٹل فینل ہیڈرازن۔

HYDERACETIN

ہیڈرا گوجن ۔ یہ ایک قسم کا مرکب ہے جس مین ۳ حصے ٹنکچر ڈیجی ٹیلس ۵ حصے ٹنکچر اسٹرا موئیم سیلی ٹاکس ہیلی بورن HYDRAGOGIN (اسکویل کے قوی الاثر جوہر فعال ہین) اور ایک حصہ آکسی سیا پونن (ہرنے گلابڑا کا قوی الاثر جوہر فعال ہے) موجود ہین۔ یہ ایک عمدہ مدر ہے جسکو استسقاء مین استعمال کرتے ہین۔ بطور کارڈیاک ٹانک (مقوی دل) بھی مفید ثابت ہوا ہے۔

مقدار خوراک ۔ ۱۰ سے ۱۵ قطرے تک ہر ۳ یا ۴ گھنٹے کے فاصلے سے

ہیڈرا ملن ۔ مترادف ۔ امل ہیڈرو ٹ پن ٹائی لن۔

HYDRAMYL

روغن گیاس کو مقطر کرتے وقت یہ مرکب حاصل ہوتا ہے اس کا وزن متناسبہ ۰٫۶۳۴ ہے۔ ۳۵ سے ۴۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر کھولتا ہے۔ بطور مخدر استعمال کرتے ہین۔

ہیڈرا ملن انیتھر ۔ HYDRAMYL ETHER ہموزن ہیڈرا ملن

اور انجھر کا مرکب ہے۔ بطور مقامی مخدر استعمال کرتے ہین۔

ہیڈرامن - ہیڈرو کوی نان اور پیارا امینل ڈیامین کا مرکب ہے۔ فوٹوگرافی مین بطور ڈے ویلوپر استعمال کرتے ہین

HYDRAMIN

ہیڈرو اسٹیرن - یہ مرکب اس طریقے بنایا جاتا ہے۔ ۲۵ ڈرام اسٹیرن کو گداخت کرکے ۲ یا ۲½ ڈرام الکحالک سوڈیا ملاکر اسقدر پانی شریک کرین کہ ایملشن ہو جائے۔

HYDROSTEARIN

ہیڈراکسیل امن ہیڈرو کلورڈ - بے رنگ قلمین جو پانی گلی سرین اور الکحل مین حل ہوتے ہین۔ بعوض کرائی سار وین یا پائی رو گالال سولیوشن یا مرہم بنا کر سوزیاسس (تشقف الجلد) لیوپس ہرپیز زنلہ، پروریائی ٹس (خارش) وغیرہ بین بیرونی استعمال کرتے۔ ارسے ۵ ۰ فی صدی کا سولیوشن الکحل یا پانی مین بنا کر استعمال کرتے ہین۔

HYDROXYLAMINE HYDROCHLORID

ہیڈروجن ڈائی آکسائڈ جنریٹنگ ٹوتھ پاؤڈر - یہ ایک قسم کا منجن ہے۔ جسکے استعمال کے وقت ہیڈروجن ڈائی آکسائڈ نکلتا ہے۔ اس قسم کے منجن مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

HYDROGEN DIOXID GENERATING TOOTH POWDER

بلوس سنوپ	۳ حصے

کیالیسم سوپر آکسائڈ	۵ حصے
پرے سی پٹیڈ چاک	۹۲ حصے
خوشبو	حسب ضرورت

ہیڈرو سال - کالائیڈیل سلور کا سولیوشن ہے جو ڈسٹلڈ واٹر مین بنایا گیا ہے - کہرائی رنگ کے شیشون مین اس کا سولیوشن رکھین - ڈسٹلڈ واٹر مین چند قطرے ٹپکانے سے شفاف سولیوشن ہو جاتا ہے - اگر غلیظ ہو تو سمجھین کہ ہیڈرو سال کا سولیوشن ڈی کمپوز ڈ یعنے تحلیل ہو گیا ہے -
HYDROSOL

ہیڈرو سن - بیان کریاٹن کا مرکب شربت ہے - اس مین سیماب طبع روغنیات بھائی مال اور سینامک آلڈی ہیڈ موجود ہے -
HYDROCINE

ہیڈرو سی رن - یہ ایک قسم کی مرہم کی زمین ہے جسمین موم پٹرولاٹم اور پانی موجود ہے -
HYDROCERIN

ہیڈرو کاربن سلفیورے ٹڈ - ملاحظہ ہو بیان اِتی ٹن -
HYDROCARBON SULPHURATED

ہیڈرو کوی نال - مترادف - ہیڈرو کوی نان + ہیڈرو کی نال - ہیڈرو کی نان پیارا ڈائی آکسی بنزال سفید سوئی کے مانند قلمین جو ۱۶۹ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت اور
HYDROQUINOL

۱۷ حصے پانی مین حل ہوتے ہین۔ الکحل اور اتھر مین بخوبی حل ہوجاتے ہین۔ بطور انٹی
پائی رٹیک (دافع حرارت)، انٹی نیورال جک (دافع عصبی درد) اور انٹی سپٹیک
(مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔
ایک سے ۲ فی صدی کا سولیوشن بیرونی استعمال کرتے ہین۔ اسکا سولیوشن
قائم نہین رہتا ہے اسلئے تازہ تیار کرلیا جاوے۔
مقدار خوراک - ½ سے ایک ڈرام تک روزانہ۔ فوٹوگرافی مین بھی بطور
ڈے ویلپر استعمال کرتے ہین۔

ہیڈرزوکوی نان - مترادف - ہیڈرزوکوی نال۔

HYDROQUINON

ہیڈرزوکی نال - مترادف - ہیڈرزوکوی نال۔

HYDROCHINOL

ہیڈرزوکی نان - مترادف - ہیڈرزوکوی نال۔

HYDROCHINON

ہیڈرزولین - بیان کریاٹن ملایا ہوا کاڈلیور آئیل کا اِملشن ہی۔

HYDROLEINE

ہیڈرزونیا فتہال - یہ ایک قسم کا انٹی سپٹیک (مزیل العفونت) ہے
جس مین نیا فتہال موجود ہی۔

HYDRONAPHTHOL

ہیرائین - HEROIN مترادف - ڈائی اسیٹل مارفن + اسیٹومارفن

سفید بے بو چمکدار سفوف جسمین خفیف تلخ مزہ ہے - ایک کو ۹۰۰ حصے پانی ۴۰۰ حصے (۰.۹ فی صدی) الکحل مین حل ہوتا ہے - آب آگندہ حموضات مین بخوبی حل ہو جاتا ہے -

ہیرائین ہیڈروکلورڈ - مترادف - ڈائی اسی ٹل مارفن ہیڈروکلورڈ اسیٹومارفن ہیڈروکلورڈ - HEROIN HYDROCHLORID

ہیرائین کا ہیڈروکلورڈ سفید بے بو چمکدار سفوف ایک کو ۲ حصے پانی ۱ حصے ۰.۹ فی صدی الکحل مین حل ہوتا ہے - ایتھر مین حل نہین ہوتا ہے - بعض مارفن استعمال کرتے ہین - اسکے استعمال سے قبض نہین ہوتا ہے - اور یہ بالکل کم خوراک مین مورثہ ہے - اکیوٹ اور کرانک برانکائٹس (حاد اور مزمن برانکائٹس) برانکی ایل آسمائیل کی کھانسی اکیوٹ نیومونیا (حاد ذات الریہ) اور پرٹیوسز (کالی کھانسی) مین مفید ہے - سمپل برانکائٹس میزلس (خسرہ) جو ہمراہ برانکائٹس ہو - ان فلوان زا کا برانکائٹس - کرانک کتھارل برانکائٹس سل اور نیومونیا (ذات الریہ) مین جو کھانسی ہوتی ہے اسکو کھلانے سے بخوبی فائدہ ہوا ہے - بعض شدید کھانسی یا اسکے دورہ کے وقت کھلانے سے بہت ہی مفید ثابت ہوا ہے - خصوصاً یہ سل مین بہت ہی اطمینان بخش ہے - بیان کیا جاتا ہے کہ کرانک برانکل کتھار کا یہ علاج شافی ہے -

میزلس (خسرہ) مین جو بران کیل اری ٹے شن (خراش) ہو تو اسمین بھی اسکو استعمال کرتے ہین۔ مارفیا کی طلب کو بھی دفع کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین۔ مگر اسکے استعمال سے بہ نسبت مارفیا غنودگی زیادہ ہوتی ہے۔ اسلئے اسکا استعمال اس کام مین کم کر دیا گیا ہے۔

مقدار خوراک۔ ۱/۴۰ سے ۱/۴ گرین تک بہت ہی کم خوراک مین اسکی ابتدا کرین۔ اسوجہ سے کہ بعض اشخاص پر اسکا اثر بہت جلد ہوتا ہے۔ ۱/۱۰ اور ۱/۱۲ گرین متواتر دینے سے زہر کا اثر ہوا ہے۔

اسکے حسب ذیل مرکبات ہین۔

(۱) الکسٹر ہیرائین کم ٹرپین۔

ہیرائین	۱/۴ گرین
ٹرپین ہیڈریٹ	۸ گرین
الکحل (۹۰ فی صدی کا)	۶ سیال ڈرام
سرپ پرونی ورجینکا	۳ سیال ڈرام
گلی سرن	۳ سیال ڈرام

مقدار خوراک۔ ۱/۴ سے ۲ ڈرام تک۔ اسکے ہر ایک سیال ڈرام مین ۱/۴۰ گرین ہیرائین اور ۲/۳ گرین ٹرپین ہیڈریٹ موجود ہے۔

نمبر (۲) الکسٹر اہنی ٹو مارفن اٹ ٹرپین۔

اسی ٹو مارفن ہیڈرو کلورڈ	۱۰/۱ حصے
ٹرپن ہیڈریٹ	ایک حصہ
الکحل	۴۵ حصے
گلی سرن	۲۲۵/۱۰ حصے
سرپ آف وائلڈ چری مع ادویہ	۱۰۰ حصے

نمبر (۳) گلی سری نم ہیرائین کمپونڈ۔

ہیرائین ہیڈرو کلورڈ	۱۰ گرین
کلوروفارم	۲۰ منم
سرپ آف روز	۱۰ سیال اونس
ڈسٹلڈ واٹر	۲ سیال اونس
الکحل	۴۰ منم
گلی سرن مع ادویہ	۲۰ سیال اونس

ہیرو ٹرپن - ہیرائین اور ٹرپن ہیڈریٹ کا الکسر ہے۔ اسکے ہر دو سیال
HEROTERPINE ڈرام مین ۲ گرین ٹرپن ہیڈریٹ اور ۱/۲۴ گرین
ہیرائین موجود ہے۔

مقدار خوراک - ایک سے ۴ سیال ڈرام تک۔

ہیرو فاسفائیٹس HEROPHOSPHITES ہائی پو فاسفائیٹس اور ہیرائین کا

مرکب ہے۔

ہیرومال ۔ہیرائین اور مالٹ اکسٹراکٹ کا مرکب ہے۔امراض سُشش مین استعمال کرتے ہین۔ HEROMAL

مقدار خوراک ۔ایک چار کے چمچے سے ایک میز کے چمچے تک ۔

ہیلز یوری تھرل کیاپسلز ۔ان کیاپسلز مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔ HEIL'S URETHRAL CAPSULES

میتھی لن بلو	۳/۴ گرین
روغن صندل	۳ گرین
بالسم کوپے با	۳ گرین
سینمن آئیل	۳/۴ گرین

بابیا

یاناٹاس ۔ سنی سکِ نس یعنے غشیان بحری کا علاج ہے حسب تحقیقات سی نبرھام
YANATAS یہ ایک فی صدی کلورل ہیڈریٹ کا سولیوشن جسکو سرخ رنگ دیا گیا ہے ۔

یٹ رائز ۔ اس کے ہر ایک سیال اونس مین حسب ذیل ادویات
UTROS موجود ہین ۔

کرامپ بارک	۳ گرین
ہیڈرا سٹس	۳ گرین
بلاک ہا ۔	۲۰ گرین
اِلٹرس	۱۵ گرین
اسکوا وائین	۱۵ گرین
بُکو کوہاش	۱۵ گرین
کیا سکیارا سگریڈا	۱۵ گرین
سانسناس	۱۲۰ منم

یُٹ رُوجن - ڈائی فیشنل اِمن تہائی مائل کا مرکب ہے جس کے خواص
UTROGEN وفوائد آرہوڈن کے موافق ہین - دمہ امراض شش اور
وجع مفاصل مین استعمال کرتے ہین -

یرٹی کال - اکسٹراکٹ آف یرٹی کے رٹیا ہے - جسکو کرانک
URTICOL یرٹی کے رٹیا (مزمن پتی) مین استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ایک میز کا چمچہ ہر دو گھنٹے کے فاصلے سے استعمال
کرتے ہین -

یرسال - مترادف - یورٹیا سیالی سلیٹ -
URSAL یورٹیا اور سیالی سلک آسڈ کا مرکب ہے - سفید سوئی کے
مانند قلمین جو پانی اور الکحل مین بخوبی حل ہوجاتے ہین - نقرس اور وجع مفاصل
مین استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۱۰ سے ۳۰ گرین تک -

یرسن - کوی نک آسڈ - لی تھیم سٹرینٹ یا کوی نیٹ کا مرکب ہے
URSIN ۵۰ فی صدی کاسولیوشن یا الفروی سنٹ یعنے اُبلنے والا
والا سفوف فروخت ہوتا ہے -

یرگوسان - گوٹوسان اور ہکسامیتھی لن ٹرامن کا مرکب ہے جسکے
URGOSAN جیلاٹن کے کیپسلز فروخت ہوتے ہین جسمین

۴½ گرین گونوسان اور ۲½ گرین ہکسامیتھی لن ٹرامن موجود ہے۔ شانہ کی سوزش اور سوزاک مین استعمال کرتے ہین۔

یوآبین - UABAIN مترادف۔ کوابین۔

یوبیال - EUBIOL صاف کئے ہوئے ہی موگلوبن کا نام ہے جسمین خون کے البیومی نائیڈ موجود ہین۔ بے بوسفوف پانی مین حل کرنے سے سرخ رنگ ہوتا ہے۔

یوبیوز - EUBIOSE ہی ماٹوجن کے سولیوشن کا نام ہے۔

یوپائی رن - مترادف۔ ویانل لن اتھیل کاربونیٹ پیارا فنے لی ڈن EUPYRIN سبز جو کسیقدر بھورا رنگ سوئی کے مانند قلمین جس مین ویانل لن کی بو آتی ہے۔ ۷۰ سے ۸۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین۔ پانی مین حل نہین ہوتے ہین۔ یہ بے سمیت اینٹی پائی رینک (دافع حرارت) ہے۔

مقدار خوراک - ۱۵ سے ۳۰ گرین تک۔ خصوصاً بچون اور نا توانون کو کھلانے کے قابل کا ہے۔

یوپارفن - مترادف۔ اپومارفن ہیڈروکلوریٹ۔

EUPORPHIN سفید مائل بہ زرد رنگ قلمین جو ۸۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین۔ پانی اور الکحل مین حل ہوتے ہین۔ اس کا سولیوشن یا یہ دواہوا مین کھلی رہنے سے بھورے رنگ کی ہو جاتی ہے۔

بہ نسبت ایو مارفن اسکے استعمال سے کم نفرت ہوتی ہے۔
قلب پر بھی اسکا اثر بہت ہی کم ہوتا ہے۔ اسکے ساتھ تھوڑا سا مارفن ملا کر آلات تنفس کے امراض مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ½ سے ۱½ گرین تک۔ روزانہ ½ سے ¾ گرین تک استعمال کر سکتے ہین۔

یوپرزوٹین - EUPROTANE یہ ایک قسم کی پرورش کنندہ غذا ہے جسمین البیومن موجود ہے۔

یوپیان - EUPION یہ مرکب وڈٹار یعنے قطران ہیزم سے نکالا جاتا ہی۔ بطور آنٹی سپٹک (مزیل العفونت) استعمال کرتے ہین۔

یوتھالمن - بے رنگ حل ہونے والے قلمین جو ۸۳ اسنٹی گریڈ EUPHTHALMIN کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین۔
اظہور متسع الحدقہ فی صدی کے سولیوشن کے ۲ یا ۳ قطرے آنکھ مین ٹپکاتے ہین۔ جسکا اثر ۵ یا ۶ گھنٹے تک رہتا ہے۔ اندرونی اس کے فوائد اٹروپین کے موافق ہین۔

یوتھی مال - EUTHYMOL اس مرکب کے ہر ایک اونس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

آئیل آف یوکالپٹس	۳/۸ منم

آئیل آف وِنٹر گرین	۹/۳۲ منم
فلوئیڈ اکسٹریکٹ وائیلڈ انڈی گو	۱/۴ منم
بورِک ایسڈ	۱۰ گرین
منتھال	۵/۶۴ گرین
تھائی مال	۱۵/۶۴ گرین

بطور انٹی سپٹک واش (مزیل عفونت محلول) استعمال کرتے ہین۔

یوٹانی سن ۔ یہ ایک قسم کا مرکب ہے جس مین فلوئیڈ اکسٹریکٹ آف کنڈورنگو بارک سنکونہ بارک جنشن بارک

EUTONICIN

زوبرب۔ آرنج میانگنیز پیٹونیٹ ۱۰ فی صدی موجود ہین۔

مقدار خوراک ۔۔ ۳۰ سے ۶۰ قطرے تک دن مین تین مرتبہ ۔

یوٹرپین۔ EUTERPIN ملاحظہ ہو بیان لے بولاما۔

یوٹونیا ۔ یہ ایک قسم کا مرکب ہے جس مین ہی لو بیاس ہی چلا (یعنی ہی الٹرسا اور ہمی سیو فیوگا موجود ہے ۔ امراض رحم مین استعمال

UTONIA

کرتے ہین۔

یوٹی رو ٹانک کمپونڈ ۔ اس کے ہر ایک سیال اونس مین حسب ذیل ادویات

UTEROTONIC COMPOUND

موجود ہین۔

اسکوا وائین	۴ گرین
بلاک ہا	۴ گرین
جما کا ڈاگ وڈ	۳۰ گرین
گولڈن سیل	۲۰ گرین
بُلو کوہاش	۲۰ گرین
کیاسکیارا سگریڈا	۱۰ گرین
ہِن بِن	۴ گرین
پوٹاسیم برومڈ	۱۰ گرین

یوٹیانن - یہ ایک قسم کا مرکب ہے جس مین گالک آسڈ اور لیا کنوز موجود ہے معدے مین حل نہین ہوتا ہے - مگر امعا مین جاکر متفرق ہو جاتا ہے - EUTANNIN

ٹھنڈے پانی مین حل نہین ہوتا ہے - الکحل اور گرم پانی مین حل ہو جاتا ہے - بطور ان لش ٹی نل اسٹرنجنٹ (قابض امعا) استعمال کرتے ہین پیچش - کرانک ان لش ٹی نل کتھارٹ (مزمن امعا کا زکام) مین مفید ہے -

مقدار خوراک - ۳ سے ۱۱ گرین تک -

یوجی نال - اسیٹ آمڈ - چکدار ٹکڑے جو ۱۰۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پہ گداخت ہوتے ہین - بعض EUGENOL ACETAMID

کوکین بطور مقامی مخدر استعمال کرتے ہین - بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) بھی مفید ثابت ہوا ہے -

یوجی نال بنزوٹ - EUGENOL BENZOATE - مترادف بنزو یوجی نال -

یوجی نال - کاربی نال سوڈیم - مترادف - یوجی نوفارم -
EUGENOL CARBINOL SODIUM

یوجی نوفارم - مترادف - یوجی نال کاربی نال سوڈیم -
EUGENOFORM بے رنگ قلمین جو ۱۶۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت اور پانی مین حل ہوتے ہین - مگر الکحل مین کم - ہیضہ اور ٹائی فس مین معاء کو ڈس انفکٹنٹ (دافع سم وبائی) کرنیکے لئے استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۷½ سے ۱۵ گرین تک -

یوڈاکسن - مترادف - بزمتھ نوسوفی نیٹ + لٹرا آئی اوڈ فینال
EUDOXIN نہالی ان بزمتھ + نوسوفن بزمتھ -

نوسوفن سوڈیم کے سولیوشن پر بزمتھ ٹرائی نائٹریٹ کا اثر ڈالنے سے جو کچھ کہ تہہ نشین حاصل ہوا سکو خشک کرنے سے بنتا ہے - سرخ کسیقدر بھورا بے بو اور بے مزہ حل نہین ہونے والا سفوف - معدہ اور امعاء کے کہنہ مین استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۴½ سے ۷½ گرین تک - بچون کے لئے ½ سے

۳ گرین تک۔

یوڈرمال ۔ مترادف ۔ انکوئن سٹیاری سلیٹ ۔

EUDERMOL بے رنگ چمکدار قلمین جو ۱۱۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین ۔ پانی سیماب ملیع محلولات مین حل ہوجاتے ہین ۔ ترخارش مین ۱۰ فی صدی کا مرہم ہمراہ ویازلین بناکر استعمال کرین ۔

یوڈرموفائیل - EAU DERMOPHILE اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین ۔

الکحل	۱۰۰۰ ڈرام (وزن کیا ہوا)
گلیسرین	۴۰۰ ڈرام (وزن کیا ہوا)
آرجی آل	۲۲½ گرین (وزن کیا ہوا)
برگاموٹ آئیل	ایک ڈرام (وزن کیا ہوا)
جرانیم آئیل	۳۷½ گرین (وزن کیا ہوا)
شنگجہ وانیل لا	۲½ ڈرام (وزن کیا ہوا)
روز واٹر	۲۵۰ ڈرام (وزن کیا ہوا)

ذرا زعفران رنگ دینے کے موافق ۔

یوڈرینن - یہ ایک قسم کا مقامی مخدر ہے جسکو دندانسازی مین استعمال کرتے ہین ۔ اسکے ہر ۷ منم مین ½ گرین EUDRENINE

بٹا یوکین ہیڈرو کلورائڈ ۱/۲ گرین آڈری نالین کلورائڈ موجود ہے۔ جب کوئی دانت نکالنا منظور ہو تو دس منٹ پہلے ۸ سے ۷ منم مسوڑے مین پچکاری کرین۔

یوڈس مال۔ کافور کی سی شئے ہے جو یوکالپٹس آئیل سے نکالی جاتی ہے

EUDESMOL

یوڈومنٹال۔ EUDOMENTOL ۱۰ فی صدی یوڈس مال کا مرہم ہے۔

یوراسپٹیو۔ یوروٹروپن پائی پرائے زن بنزوئٹ آف سوڈیم اور بنزوئٹ آف لی تھیم کا مرکب ہے۔ بلور یوری ٹری اتھی سٹیٹک (مزیل عفونت آلات البول) نقرس مین استعمال کرتے ہین۔ URASEPTIVE

یورال۔ مترادف۔ یورنیا کوی نیٹ۔ یورنیا کی نیٹ۔ کوی نک آسڈ اور یورنیا کا مرکب ہے۔ بے رنگ متشور نما قلمین جو ۱۰۶ سے ۱۰۷ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین۔ نقرس پتھری اور یورک آسڈ ڈیاتھے سز (خون مین یورک آسڈ کا زیادہ ہو جانا) مین استعمال کرتے ہین۔ UROL

مقدار خوراک۔ ۳۰ سے ۶۰ گرین تک گرم پانی مین ملا کر بیدار ہونے کے بعد یا قبل از خواب استعمال کرین۔

یورول کولچی سین UROL COLCHICIN مترادف

یورونوسان۔

یورون۔ URON یورو ٹروپین اور لی ہیمیم بنزوٹ کا مرکب ہے
یورنگ آسٹڈ یا سے شہر مین استعمال کرتے ہین۔

یورو واسٹی رل ٹیا بلیٹس۔ نمبر ایک کے قرص مین ۳ ½ گرین
UROSTERIL TABLETS اکسٹراکٹ پی چی پی چی موجود ہے
نمبر ۲ کے قرص مین ۳ ½ گرین سنیالائل اور ۳ ½ گرین ٹیا ہن ۳ ½ گرین
اکسٹراکٹ پی چی۔ پی چی موجود ہے۔
آلات البول کی بیماریون مین استعمال کرتے ہین۔

یورزوبین۔ مترادف۔ کرائی سارزوبن ٹرائی آسی ٹیٹ۔
EUROBIN زرد مائل بہ سرخ رنگ حل نہین ہونے والا سفوف
جسمین سمیت کا اثر نہین ہے۔ کپڑے پر اسکا دھبہ نہین پڑتا ہے۔ ۲ سے
۲۰ فی صدی کا سولیوشن برابر ہے۔ کرائی سارزوبن کے معمولی مرکبات سے
شوزیا شہر یعنے قشف الجلد مین استعمال کرتے ہین۔

یورو پرگال۔ UROPERGOL اس دوا کے خواص و
فوائد نیو یورزوٹروپین کے موافق ہین۔

یوروٹروپین۔ مترادف ہکسا میتھی لن ٹیٹرا مین + ہکسا میتھی لن ٹرا مین + فارمین +
UROTROPIN

امینو فارم + یوری ٹون پسٹلز + فارمن + کمسا مین -

امونیا کا اثر فارمالڈی ہیڈ پر ڈالنے سے بنتا ہے -

سفید چمکدار بے بو سفوف - ایک کو اڑھائی حصے پانی ۲ حصے الکحل مین حل اور ایتھر مین حل نہین ہوتا ہے -

آلات البول کا یہ ایک قوی ڈس انفکٹنٹ (دافع سم دبائی) ہے سٹالی سس (سوزش مثانہ) ٹائی فائیڈ فیور کے مریضون کے پیشاب کو انٹری لائیزڈ کرتا ہے - اسلئے اسکو مثانہ اور احلیل کے انفکشس یعنے مسری امراض مین استعمال کرتے ہین - یہ ایک بیش قیمت یورک آسڈ کا محلل ہے - اسلئے اسکو نقرس اور روجع مفاصل مین استعمال کرتے ہین - زیادہ خوراک مین استعمال کرنے سے البیومینوریا (البیومن کا پیشاب مین خارج ہونا) اور ہی ماٹیوریا (بول الدم) ہو جاتا ہے - مگر اسکو زیادہ پانی مین حل کر کے دینے سے یہ امراض لاحق نہین ہوتے ہین - اس کا سولیوشن بنا کر اور اس مین تھوڑا سا سیرپ آف آرنج ملا کر یا بطور کیاشے استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۵ سے ۱۵ گرین تک -

اسکو ریس کیپیانیز ٹوڈی برٹش فارماکوپیا لغایت ۱۹۰۸ء کا حسب ذیل اقتباس ہے - ۱۰ گرین کی خوراک مین ٹائی فائیڈ بیاسلس لیوریا (دبا سی لی یعنے جراثیم کا پیشاب مین پایا جانا) اور سسٹالی سس (سوزش مثانہ) مین استعمال کرنے سے تعجب خیز

نتیجہ نکلا ہے۔ اسلئے اسکو ان امراض کا علاج شافی کہہ سکتے ہین۔ ۵ گرین کی خوراک
مین سبسٹائی سس (سوزش مثانہ) مین استعمال کرنے سے اموینہ ملا ہوا پیشاب
حاصل ہوا ہے۔ برٹش میڈیکل جرنل سنہ ۱۹۰۱ء رقم طراز ہے کہ ۲۰ سے ۶۰ گرین
ڈیابیٹک کوما (بیہوشی بسبب شکری ذیابیطس) مین بھی استعمال کیا گیا ہے
برٹش میڈیکل جرنل سنہ ۱۹۰۱ء کا بیان ہے کہ ۵ سے ۱۰ گرین دن مین ۳ مرتبہ
کھلانے سے دو مریضون کو ہی ماٹیورنیا (بول الدم) ہو گیا ہے۔
مثانہ کے کتھارجو ہمراہ ٹائی فائیڈ فیور کے ہو ۱۰ گرین دن مین ۳ مرتبہ
کھلانے سے فائدہ ہوا ہے۔

یورو ٹروپین سیالی سلیٹ ۔ مترادف ۔ سیالی فارمین

UROTROPIN SALICYLATE

یورو ٹروپین کوی نیٹ ۔ مترادف ۔ کوی نوٹروپین ۔

UROTROPIN QUINATE

یورو ٹروپین نیو ۔ مترادف ۔ نیورو ٹروپین ۔ ان ہیڈرو میتھی لین
سٹریٹ ہکسا میتھی لن ٹرامین ۔

UROTROPIN NEW

ان ہیڈرو میتھی لین سٹریٹ اور یورو ٹروپین کو ملانے سے بنتا ہے ۔ بنسبت
یورو ٹروپین یہ موثر ہے ۔ اس مین ۴۰٫۷ فی صدی یورو ٹروپین موجود ہے

مقدار خوراک ۔ ۵ گرین دن مین ۳ یا ۴ مرتبہ ۔

یورو سٹرال - مترادف - ہیپو یورومن سوڈیم سٹریٹ -

UROCITRAL یہ ایک قسم کا مدر ہے جو حسب تحقیقات زرنک صاحب اس مین ۵۲٫۲ فی صدی ہپو یورومن اور ۳۰٫۶ فی صدی سوڈیم سٹریٹ موجود ہے -

مقدار خوراک - ۷½ سے ۱۵ گرین تک -

یوروسن - مترادف - لی تھیم کی نیٹ -

UROSIN ہم وزن کوی نک اسڈ اور لی تھیم سٹریٹ کا مرکب ہے اسکے قرص ہوتے ہین -

یورک اسڈ دیاتھے سز (خون مین یورک آسڈ کا زیادہ ہوجانا) مین استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۶ سے ۱۰ قرص تک -

یورو فن - مترادف - آئی سوبیوٹل آرتھو کری سال آئی اوڈائڈ -

EUROPHEN آئی سوبیوٹل کری سال کے سولیوشن پر آئی اوڈن کا اثر ڈالنے سے بنتا ہے - یہ بو آئی اوڈو فارم کا عوض ہے زرد رنگ سفوف جو پانی مین حل نہین ہوتا ہے - جب یہ زخمون کی رطوبت کے ساتھ ملتا ہے - تو اسکے دو اجزا آئی اوڈن اور کری سال جدا ہوجاتے ہین اسکو بطور ڈسٹنگ پاؤڈر (ذرور) ارسٹال یا یورک آسڈ ملا کر چھڑکتے ہین

یا ۵ سے ۱۰ فی صدی کا مرہم استعمال کرتے ہین - اسکے ساتھہ اسٹارچ (نشاستہ) اور فلزات کے آکسائڈ یعنے زنک آکسائڈ اور مرکیوزک آکسائڈ وغیرہ اور مرکبات سیماب نہین ملانا چاہئے -

یورو فی رن بنزوئٹ - مترادف - ہیپو برومن لی تھیم بنزوئٹ - ہیپو برومن لی تھی ای بنزوس UROPHERIN BENZOATE

سفید سفوف جس مین ۵۰ فی صدی ہیپو برومن موجود ہے - ۵ حصے پانی مین حل ہوتا ہے - یہ ایک قسم کا مدر ہے - جسکے ساتھہ اکثر ڈیجی ٹیلس استعمال کرنے سے اپنا اثر زیادہ تر ظاہر کرتا ہے - استسقاء اور نفرائی ٹس مین استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۵ سے ۱۵ گرین تک -

یورو فی رن سیالی سلیٹ - مترادف - لی تھی ای ہیپو برومن سیالی سیلاٹس - لی تھیم UROPHERIN SALICYLATE

ڈائی یوری ٹن -

سفید بے بو سفوف جو پانی مین بخوبی حل ہو جاتا ہے - بطور مدر استعمال کرتے ہین

مقدار خوراک - ۱۵ سے ۲۰ گرین تک -

یورو کال - مترادف - یورال کالچی سن -

یورال اور کالچی سن کے قرص ہین جسکے ہر ایک مین UROCAL

حسب ذیل ادویات موجود ہین -

نورزائن	۷½ گرین
ملک شگر	۷½ گرین
کانجی سین	۵/۱۰ گرین

نقرس مین استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - روزانہ ۳ سے ۵ قرص تک -

یورولائی سن - UROLYSIN سٹرزائن اور ۱۰ فی صدی کوی نک آسڈ کا مرکب ہے -

یوری اسٹامن - URISTAMINE یورڈوپن کا تجارتی نام ہے -

یوری اسٹامن - مترادف - یکسا میتھی لن ٹیٹرامن لی ہیکسا میتھی لین ٹیٹرامن بنزوٹ URYSTAMINE اس دوا کو نقرس وجع مفاصل اور آلات البول کے کتھارل حالتون مین استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۵ گرین کاربانک آسڈ گیاس ملے ہوئے پانی مین استعمال کرتے ہین -

یوری تھرال - بیل کے طحال کا اکسٹراکٹ ہے (انی میاد کمی خون) اور کلورڈوسز مین استعمال کرتے ہین - EURYTHROL

مقدار خوراک - ایک سے ۲ چار کے چمچے تک -

یوری تھی لین - مترادف میتھل یوری تھین -

URETHYLANE بے رنگ اور بے مزہ قلمیں جو ۵۲ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین - بطور منوم استعمال کرتے ہین -

یوری ٹون - URITONE مترادف - یوروٹروپین -

یوری سال - URISOL لی ہیم سٹریٹ کا کنشن ٹرے ہڈ سولیوشن ہے -

یوری سال - EURESOL یوروٹروپین کا تجارتی نام

یوری سال - مترادف - ری زارسن مون اسی ٹیٹ -

URISOL زرد رنگ گاڑھا روغنی سیال جس مین خاص قسم کی بو آتی ہے - اسی ٹون مین حل ہو جاتا ہے -

انکنے - (مہاسہ) سائی کو سنزسی بوریا (بقا) اور چل بلینز (احراق السرما) مین استعمال کرتے ہین -

۵ سے ۲۰ فی صدی کا مرہم یا اسی ٹون سے سولیوشن بنا کر استعمال کرتے ہین -

یوری سال ون - یوریا اور لی ہیم سٹریٹ کا مرکب ہے -

URISOLVIN بطور محلل یورک ایسڈ استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۳۰ گرین ہر ۳ گھنٹے کے فاصلے سے۔

یوری سن - مترادف - یکسٹامیتھی لن ٹرائمن لی تھیم سٹریٹ -
URESIN لی تھیم اور یکسٹامیتھی لن ٹرائمن سٹریٹ کا حل ہونیوالا نمک ہے - سفید چمکدار سفوف - بلور محلل یورک آسڈ نفرس اور پتھری مین استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۴ ½ سے ۱۵ گرین تک -

یوری سی ڈن - یہ ایک قسم کا مرکب ہے جو یورک آسڈ
URICEDIN ڈیاتھے سز (خون مین یورک آسڈ کا زیادہ ہوجانا) مین استعمال کرتے ہین - اس مین سوڈیم سٹریٹ - سوڈیم سلفیٹ - سوڈیم کلورڈ - سوڈیم آسی ٹیٹ - سوڈیم بکاربنیٹ - سوڈیم مالیٹ - اور ٹارٹریٹ آف سوڈیم موجود ہے حسب تحقیقات زرنک صاحب اس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

سوڈیم کلورڈ	۲۰/۵ فی صدی
خشک کیا ہوا سوڈیم سلفیٹ	۶۶/۵ فی صدی

سوڈیم سٹریٹ - سوڈیم سلفیٹ اور سوڈیم ٹارٹریٹ تھوڑا سا -

یوری فارم - یہ ایک قسم کا کمپونڈ الکحل ہے جس کے
URIFORM ہر دو فلوئیڈ ڈرام مین حسب ذیل ادویات

موجود ہین۔

یورٹروپین	۷٫۵ گرین
سایا لمٹو	۵ گرین
روغن صندل	۲٫۵ گرین
ڈامیانہ	۰٫۱۶ گرین
کوکو	۲٫۵ گرین
نکسٹن امیکا	¼ گرین

مقدار خوراک۔ ایک سے ۲ فلوئیڈ ڈرام تک۔

یورے لن۔ مترادف۔ یورے لیتم۔ کلورل یوریتھین۔

URALINE کلورل اور یوریتھین کا مرکب۔

سفید قلمین جو حل نہین ہوتے۔ ۱۰۲ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین گرم پانی مین ملانے سے متفرق ہوتے ہین۔ بطور منوم استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ۷½ سے ۴۵ گرین تک۔

یورے لیتم۔ URALIUM مترادف۔ یورے لن۔

یوریا ڈائی ایتھل مالونیٹ۔ مترادف۔ ورونال۔

UREA DIETHYL MALONATE

یوریا سیالی سلیٹ۔ مترادف۔ یرسال۔

UREA SALICYLATE

یوریا کوی نیٹ - مترادف - یورال -

UREA QUINATE

یوریا کی نیٹ - مترادف - یورال -

UREA CHINATE

یوریال - UREOL اسکے ہر ایک چاء کے چمچے مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

یوروٹروپین	۶ گرین
سوڈیم بنزوٹ	۴½ گرین
لی تھیم بنزوٹ	۱½ گرین

بطور مدر اور یوری نری آنٹی سپٹک (مزیل عفونت آلات البول) گال اسٹون (سنگ مرارہ) کے علاج کے لئے استعمال کرتے ہین -

یوزون - سوڈیم پر یورٹیٹ سے مماثل ہے -

EUZANE ۷½ حصے ٹھنڈے پانی اور ۲ حصہ گرم پانی مین حل ہوتا ہے - جس وقت اسکو پانی مین حل کرتے ہین تو آکسیجن نکل کر ہیڈروجن ڈائی آکسڈ بنجاتا ہے - ۵ فی صدی سوڈیم پر یورٹیٹ کا سولیوشن برابر ہے ۳½ فی صدی ہیڈروجن ڈائی آکسڈ کے سولیوشن سے بطور ڈسن انفکٹنٹ (دافع سم وبائی) اور مبیض استعمال کرتے ہین -

یوسلفن سوپ - یہ ایک قسم کا صابون ہے جو پانی کے ہمراہ ملانے سے ہیڈروجن سلفڈ گیاس نکلتا ہے -
EUSULFIN SOAP

جلدی امراض مین استعمال کرتے ہین -

یوسوما - مترادف - اکے نے نشیا کمپونڈ -

EUSOMA یہ ایک قسم کا مرکب ہے جسکو بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور آلٹرے ٹیو (مبدل) اندرونی اور بیرونی استعمال کرتے ہین - اسکے ہر ایک فلوئیڈ ڈرام مین حسب ذیل ادویات موجود ہین

اکے نے شیا انگسٹی فولیا	۱۵ گرین
ہیوجا آکسی ڈن ٹیل	۲ گرین
ٹنکچر بیا پٹی سیا	۴ گرین
بورک آسڈ	ایک گرین
الکحل	۶۴ فیصدی

مقدار خوراک - ایک فلوئیڈ ڈرام ہر دوسرے یا چوتھے گھنٹے کے فاصلے سے - بیرونی ایک سے ۴ حصے پانی ملا کر استعمال کرتے ہین -

یوسوما آئنٹمینٹ - ۱۰ فی صدی یوسوما کا مرہم جو زنک آکسائڈ اور پیٹرولاٹم سے بنایا گیا ہے -
EUSOMA OINTMENT

یوسی مین - EUSEMIN اس مرکب مین حسب ذیل ادویات

موجود ہین -

اُڈری نالین (ایک کو ہزار کا)	۱/۴ ڈرام
کوکین	۱۱/۴ گرین
فنزیولاجک سالٹ سولیوشن	۲۵ ڈرام

یہ مرکب کالنج کی نلیون مین فروخت ہوتا ہے -

یوفارمال - EUFORMOL اسکے ہر ایک سیال اونس مین حسب ذیل ادویات موجود ہین -

آئیل آف یوکالپٹس	۳/۸ منم
آئیل آف گالتھیریا	۳/۱۶ منم
تھائی مال	۱/۲ گرین
منتھال	۱۱/۴ گرین
بورک آسڈ	۱۲ گرین
اکسٹراکٹ آف وائیلڈ انڈیگو	۱۱/۴ گرین
سولیوشن فارمال ڈی ہیڈ	۱۰ منم

بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) اور دافع عفونت بیرونی استعمال کرتے ہین

یوفی رن EUFERIN کمپونڈ سرپ آف تھیم کا نام ہے -

یوکاتھائی مین - EUCRTHYMIN یوکالپٹس اور تھیم کا

مرکب ہے۔

ہوپنگ کاف (کُکر کھانسی) مین استعمال کرتے ہین۔

یوکارنی نالن۔ ایک فی صدی ہیڈیا یوکین کا سولیوشن ہے۔ ایک کو
EUCARENALIN دو ہزار سیر اری نالن کے سولیوشن
مین بنا گیا ہے۔ بطور ہی ماس تھے ٹک (مانع جریان خون) اور انس تھے ٹک
(مخدر) استعمال کرتے ہین۔

یوکاسال۔ مترادف۔ یوکالپٹال اَنی ٹال۔

EUCASOL اس مین ۷۵ فی صدی انی ٹن اور ۲۵ فی صدی
یوکالپٹال موجود ہے۔

یوکال۔ مترادف۔ گوی اے کال اَسی ٹیٹ۔

EUCOL بے رنگ سیال جسکا وزن متناسبہ ۱۳۸ ر اسے
۲۳۵ سے ۲۴۰ سنٹی گریڈ کی حرارت پر کھولتا ہے۔ الکحل اور ایتھر مین ملجا تا
ہی اور ۲۰ فی صدی روغن بادام مین حل ہوتا ہے۔ اندرونی اور زیر جلد
بعوض گوے اِے کال استعمال کرتے ہین۔

یوکالائیڈز۔ جنلاٹن کے کیاپسلز مین جس مین ۵ منم آئل آف
EUCALOIDS یوکالپٹس موجود ہے۔

یوکالپٹال آئی اوڈو فارم۔ یہ ایک قسم کا سولیوشن ہے جس مین
EUCALYPTOL IODOFORM

۵ حصے آئی اوڈو فارم اور ۹۵ حصے یوکالپٹال موجود ہے۔

یوکالپٹال آنی ٹال ۔ مترادف ۔ یوکاسال۔

EUCALYPTOL ANYTOL

یوکالپٹس فارمالن ۔ اس مرکب مین حسب ذیل ادویات موجود ہین

EUCALYPTUS FORMALIN

فارمالن	۴۰ فی صدی کا ۲۵ حصے
ٹنکچر یوکالپٹس	۲۵ حصے
الکحل (۹۰ فی صدی کا) معہ ادویہ	۲۰۰ حصے

بیمار کے حجرے کو ڈس انفکٹ (دافع سم وبائی) کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین۔ دو میز کے چمچے ایک لیٹر یعنی ۳۵ اونس سیال اونس پانی مین ملا کر کے بطور انٹی سپٹک (مزیل العفونت) انجکشن استعمال کرین۔ ایک میز کا چمچہ ایک لیٹر پانی مین ملا کر حجرے کو ڈس انفکٹ (دافع سم وبائی) کرین۔

یوکالپٹن ۔ بے رنگ روغنی الکوڈ اکسٹراکٹ ہی جو یوکالپٹس گلوبیولس کے

EUCALYPTIN

پتون سے نکالا جاتا ہے۔ اس مین تھوڑا سا گوی ای کا اور آئی اوڈو فارم بھی موجود ہے۔

متعدی امراض مین زیر جلد استعمال کرتے ہین۔

یوکالپٹیال ۔ EUCALYPTEOL یوکالپٹال کا بے ثبت

عوض ہے۔ جو یوکالپٹس آئل سے نکالا جاتا ہے۔

مقدار خوراک ۔ ۲۲½ سے ۳۰ گرین تک۔

یوکالین ۔ یہ ایک مسم کا مرکب ہے جسکو بطور دافع عفونت اور ڈس انفکٹنٹ

EUCALINE (دافع سم وبائی) استعمال کرتے ہین۔

یوکامل ۔ آئل آف یوکالپٹس کا امِلشن ہے شہد اور گلیسرن سے بنایا گیا ہے

EUCAMUL جسکے ہر ایک سیال ڈرام مین ۲ منم آئل آف یوکالپٹس موجود ہے۔

مقدار خوراک ۔ ½ سے ایک فلوئیڈ ڈرام تک۔

یوکوڈین ۔ مترادف ۔ کوڈین برومو میتھی لیٹ۔

EUCODEIN بے رنگ قلمین جو ۲۶۱ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت اور پانی مین حل ہوتے ہین سل اور کھانسی مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۳ سے ۴½ گرین تک بطور قرص۔

یوکوینن ۔ مترادف ۔ یوکی نن ۔ کوی نن کاربانک ایتھل ایسٹر کوی نن ایتھل کاربونیٹ۔

EUQUININ ملکے وزن بے بو اور بے مزہ ریشم کے مانند قلمین جو پانی مین بہت کم حل ہوتے اور الکحل ایتھر اور کلوروفارم مین حل ہو جاتے ہین۔ کوی نن پر ایتھل کلورکاربونیٹ کا اثر ڈالنے سے بنتے ہین۔ بطور انٹی پائی رٹیک (دافع حرارت) اور

انالجے سک (مسکن اوجاع) استعمال کرتے ہین۔ کوی نن کا یہ بے مزہ عوض ہی۔ ٹیوبرکیولوسز کے ہکنگ فیور (تپ دق) ہوپنگ کاف (کلکر کہانسی) ان فلو اور ملیریا مین بھی مفید ثابت ہوا ہے۔

مقدار خوراک ۔ ۵ سے ۱۰ گرین تک۔

یوکی نال ۔ یہ کوی نن کا کاربا کسی ایتھیل ایتھر ہے جو کوی نن کا بے مزہ عوض ہے۔ EUCHINAL

یوکی نن ۔ EUCHININ. مترادف ۔ یوکوی نن ۔

یوکی نن ٹیانیٹ ۔ اس دوا کو بعوض کوی نن ٹیانیٹ استعمال کرتے ہین۔ EUCHININ TANNATE

یوکی نن سیالی سلیٹ ۔ ایتھیل کاربونیٹ آف کوی نن کا سیالی سلیٹ ہے۔ بے مزہ حل نہین ہوتا ہوا لا سفوف ۱۹۵ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے۔ اس مین ۵۰ فی صدی یوکی نن موجود ہے خصوصاً بچون کے لئے بعوض کوی نن سیالی سلیٹ استعمال کرتے ہین۔ EUCHININ SALICYLATE

یوکی نیز ۔ یہ ایک قسم کا ٹرپسن ہے جو قاز کے ڈیوڈی نم (امعاء عشری) سے نکالا جاتا ہے۔ اسکے کیاپسلز فروخت ہوتے ہین بدہضمی مین استعمال کرتے ہین۔ EUKINASE

یوکیازین - مترادف - کیازین امونیا -

EUCASIN خشک کیازین پر امونیا گیاس کا اثر ڈالنے سے بنتا ہے - بطور غذا استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ایک میز کا چمچہ شوربے کے ساتھ ملا کر دن مین ۴ مرتبہ استعمال کرین -

یوکین - اسکے دو اقسام ہین نمبر (۱) آلفا (اے) یوکین نمبر (۲) بیٹا (بی) یوکین - یہ دونون ادویہ بذریعہ حل و عقد کیمیائی بنائے جاتے ہین اور ان کے خواص و فوائد کوکین کے موافق ہین -

EUCAIN بیٹا یوکین کو طب مین زیادہ تر استعمال کرتے ہین - یہ پانی مین حل نہین ہوتا ہے مگر ۹۰ فی صدی الکحل اور ایتھر مین بخوبی حل ہو جاتا ہے - ایک کو اڈے حصے انی لن آئیل مین بھی حل ہو جاتا ہے - یوکین ہیڈرو کلورڈ - یوکین کا ہیڈرو کلورڈ ہے - اسکے بھی دو اقسام ہین -

نمبر (۱) آلفا یوکین ہیڈرو کلورڈ -

نمبر (۲) بیٹا یوکین ہیڈرو کلورڈ -

بیٹا یوکین ہیڈرو کلورڈ کو خصوصاً طب مین استعمال کرتے ہین اور یورپ مین یہ رواج ہے کہ صرف یوکین ہیڈرو کلورڈ سے بیٹا یوکین ہیڈرو کلورڈ مراد لی جاتی ہے - اگر اس بات کی صراحت کی جائے کہ یہ اے یوکین ہیڈرو کلورڈ

ہو تو اسوقت آلفا یوکین ہیڈرو کلورائڈ دینا چاہیئے ۔

بیٹا یوکین ہیڈرو کلورائڈ مبند بے بو چمکدار سفوف جسکا مزہ تلخ ہی چکھنے سے زبان بیحس ہو جاتی ہی۔ ایک کو ۴۰ حصے پانی ۱۱ حصے ۹ فیصدی الکحل ۴ حصے ۔ انی لن آئیل مین حل ہوتا ہی۔ یہ ایک قوی مقامی بیحس کنندہ ہی۔ بہ نسبت کوکین کے یہ کم موثر ہی اور اسمین سمیت بھی کم ہی۔ اسکو سولیوشن کو گرم کرنے سے (اسٹری لائیزڈ کرنیکی غرض سے) یہ متفرق نہین ہوتا ہی۔ بیٹا یوکین ہیڈرو کلورائڈ بہ نسبت آلفا یوکین ہیڈرو کلورائڈ آمراضِ چشم مین بہتر خیال کیا جاتا ہی۔ اور اسکے استعمال سے خراش نہین ہوتی ہی جیسا مذکور قالا کے استعمال سے ۲ فی صدی مائی سولیوشن کے قطرے ہر ۳ منٹ کے فاصلے سے ۱۰ قطرے ہوئے تک آنکھ مین ٹپکاتے ہین اور ۲ فی صدی کا سولیوشن ۴۰ منم ۔ ۲۰ منم کی مقدار مین ۳ یا ۴ جگھ زیر جلد استعمال کرین ۔ ۵ سے ۱۰ فی صدی کا سولیوشن بطور مقامی مخدر استعمال کرتے ہین۔ جو ایک مختصر دستکاری کے لئے کافی ہی معمولی مقدار اسکی ۲۰ منم ہی مگر ۱۲۰ منم تک بھی استعمال کرنے سے کوئی خراب نتیجہ نہین نکلتا ہی (لیان سٹ ۱۸۹۹ء نمبر ایک صفحہ ۱۳۷) ۱ سے ۵ منم ۵ فیصدی کے سولیوشن کی جو ہموزن انی لن آئیل اور ۹۰ فی صدی الکحل سے بنایا گیا ہو کان کو بیحس کرنیکے لئے استعمال کرتے ہین ۔ (لیان سٹ ۱۹۰۰ء نمبر ایک صفحہ ۱۱۲۵)

بارکر صاحب اسکے سولیوشن کا حسب ذیل نسخہ تحریر کرتے ہین ۔

بیٹا یوکین ہیڈرو کلورائڈ	ایک حصہ
سوڈیم کلورائڈ	۸ حصے
اسٹری لائیزڈ کیا ہوا پانی	۱۰۰۰ حصے

مقدار استعمال - انجکشن کے لئے ۲ ½ سیال ڈرام -

۱۰ ½ اونس بھی استعمال کرنے سے کوئی برا نتیجہ نہین نکلا ہے - ایسی زیادہ مقدار بعض وقت ہی استعمال کرنیکی ضرورت ہوتی ہے (لیان سیٹ ۱۸۹۹ء نمبر ایک صفحہ ۲۸۲ سنہ ۱۹۰۰ نمبر ایک صفحہ ۱۵۱)

کوکین ہیڈرو کلورڈ کے سولیوشن مین ۸ر۰ فی صدی سوڈیم کلورڈ ملانے سے کوکین کے سکن خواص اور زیادہ ہوتے ہین -

بارکر صاحب ایک سولیوشن کا نسخہ تحریر کرتے ہین جسکو بطور مقامی مخدر استعمال کرتے ہین -

بٹیا کوکین ہیڈرو کلورڈ	۳ گرین
سوڈیم کلورڈ	۱۲ گرین
اڈری نالین کلورڈ	½ گرین
ڈسٹلڈ واٹر	۲۵ ڈرام (وزن کیا ہوا)

(لیان سیٹ سنہ ۱۹۰۰ء نمبر ۲ صفحہ ۲۰۴)

ہرنیوٹومی کی جراحی اسکے ذریعہ سے بیحس کرکے کیگئی ہے - ۴۰ منم ایک فیصدی کا سولیوشن زیر جلد پچکاری کرین اور ۲۰ منم دستکاری کرتے وقت زخم مین ڈالین - (لیان سیٹ سنہ ۱۹۰۳ء نمبر (۲) صفحہ ۵۳۰) -

کان ناک اور گلے کو بیحس کرنے کے لئے یہ نسخہ استعمال کرین -

کوکین ہیڈرو کلورڈ	۱۰ حصے
بٹیا کوکین ہیڈرو کلورڈ	۱۰ حصے

اَنی لِن آئیل	۵۰ حصے
الکحل (۹۰ فی صدی کا)	۵۰ حصے

چونکہ سم ہے اور اسکو زیادہ استعمال کرنے کی یہان ضرورت ہوتی ہے۔ اسلئے یہ نسخہ بالا مفید ہے اور اسکے استعمال سے کوئی نقصان واقع نہ ہوگا۔ اس سولیوشن کا رنگ تبدیل ہوجاتا ہے۔ اسلئے اسکے دو سولیوشن بنا دین اور ضرورت کے وقت ملایا کرین۔

نمبر (۱) ۲۔ فی صدی کوکین کا سولیوشن جو ۹۰ فی صدی الکحل مین بنایا گیا ہو۔ نمبر (۲) ۱۵ سے ۲۰ فی صدی میٹا یوکین ہیڈروکلورڈ کا سولیوشن جو اَنی لِن آئیل مین بنایا گیا ہو (لیان سٹ سنہ ۱۹۰۱ء نمبر ایک صفحہ ۶۹۸۔ امراض چشم کے لئے دو فی صدی کا سولیوشن یوری تھرا (احلیل) اور مثانہ کے لئے ۲ فی صدی کا سولیوشن ناک اور گلے اور میوکس ممبرین (لعاب دار جھلی) پر لگانے کے لئے ۵ یا ۱۰ فی صدی کا سولیوشن۔ وندانسازی مین ۲ سے ۵ فی صدی کا سولیوشن استعمال کرتے ہین (برٹش میڈیکل جرنل ایپی ٹوم سنہ ۱۹۰۳ء نمبر ایک صفحہ ۳۶) سولیوشن محفوظ رکھنے کے لئے اسکے ساتھ سیالی سلک آسڈ نہ ملانا چاہیے۔ اسوجہ سے کہ یہ تقیض ہے۔ ٹی ٹانس (کزاز) کے علاج مین نخاع کو بے حس کرنے کے لئے حسب ذیل نسخہ استعمال کرین۔

میٹا یوکین ہیڈروکلورڈ	۱½ گرین

مارفن سلیفیٹ	½ گرین
سوڈیم کلورائڈ	۳ گرین
پانی معہ اوویہ	۳ ½ اونس

۱۵ سے ۶۰ کیوبک سنٹی میٹر (۴ سے ۴ ڈرام ۷ منم تک) سری برو اسپائی نل فلوئیڈ (رطوبت نخاعی) نکال کر ۳ سے ۴ کیوبک سنٹی میٹر (۱۵ سے ۶۰ منم) اس عرق کی پچکاری بدفعات کرتے ہین۔

یوکین اسنف - ملک شگر جس مین ۲ فی صدی بیٹا یوکین ہنڈرو کلورائڈ

EUCAIN SNUFF موجود ہے۔

یہ اور ایک قسم کا ہوتا ہے جسمین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

بیٹا یوکین ہنڈرو کلورائڈ	۳ گرین
اوری ناٹین	½ گرین
ملک شگر	۲ ½ ڈرام

یوکین اسی ٹیٹ - یوکین کا نمک ہے جو بہت جلد حل ہو جاتا ہے

EUCAIN ACETATE بیحس کرنے کے لئے ۴ سے ۵ قطرے تک ۲ فی صدی کا سولیوشن استعمال کرین۔

۳ منٹ مین اسکا محدر اثر شروع ہوتا ہے اور ۵ منٹ تک قائم رہتا ہے اسکے سولیوشن کو پکانے سے اثر زائل نہین ہوتا ہے۔

یوکین آلفا - ملاحظہ ہو بیان یوکین -

EUCAINE ALPHA

یوکین آلفا ہیڈروکلورائڈ - ملاحظہ ہو بیان یوکین -

EUCAINE ALPHA HYDROCHLORID

یوکین اے - ملاحظہ ہو بیان یوکین -

EUCAIN A

یوکین بیٹا - ملاحظہ ہو بیان یوکین -

EUCAIN BETA

یوکین بی - ملاحظہ ہو بیان یوکین -

EUCAIN B

یوکین بیٹا ہیڈروکلورائڈ - ملاحظہ ہو بیان یوکین -

EUCAIN BETA HYROCHLORID

یوکین لیاکٹیٹ - سفید سفوف جو ۴½ حصے پانی اور ۲ حصے الکحل مین حل ہوتا ہے - ۵۵ اسنٹی گریڈ

EUCAIN LACTATE

کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے - یوکین لیاکٹیٹ کا سولیوشن حراست نہین پیدا کرتا ہے - دندانسازی اور آنکھ کی جراحی مین ۲ سے ۳ فیصدی کا سولیوشن بے حس کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین - آنکھ اور گلا اور

کان کے لئے ۱۰ سے ۱۵ فی صدی تک۔

یوگال۔ EUGOL یہ ایک قسم کا انٹی سپٹک (مزیل العفونت) ہے جسمین بٹیا نیا فنہال یوکالپٹال۔ سیالال منتھال۔ بورک آسڈ اکسٹراکٹ ہی مامے لس اور فارمال ڈی ہائیڈ موجود ہے۔

یوگالال۔ مونو اسٹیل پائی روگالال کا ۶۶ فی صدی کا سولیوشن EUGALLOL ہے سیاہ مائل بہ زرد رنگ شفاف گاڑھا سیال پانی مین حل ہوتا ہے۔ سوریاسز (تشف الجلد) مین بعوض پائی روگال استعمال کرتے ہین۔

یوگوفارم۔ بے بو بھورا مائل بہ سفیدی سفوف ڈسٹنگ پاؤڈر EUGUFORM (زرور) یا ۵ سے ۱۰ فی صدی کا مرہم بنا کر بیپ پڑے ہوئے اور جلے ہوئے مقامون اور کارنکل (رشتہ چراغ) مین استعمال کرتے ہین۔ سولیوبل یوگوفارم۔ ۵ فی صدی یوگوفارم کا سولیوشن ہے جو اسی ٹون مین بنایا گیا ہے۔

یولپٹال۔ ULYPTOL یہ ایک قسم کا مانع تخمیر ہے جسمین حسب ذیل ادویات موجود ہین۔

سیالی سلک آسڈ	۶ حصے
فینال	ایک حصہ

یوکالپٹس آئیل — ایک حصہ

یومارفال - یہ ایک قسم کی سیرم ہے جسکو مارفیا کے زہر مین
EUMORPHOL استعمال کرتے ہین - اسکے استعمال سے کم فائدہ
ہوتا ہے مگر مارفیا کی عادت ترک ہوجاتی ہے -

یومڈرین - مترادف - میتھل آڑوبن نائیٹریس ۔ آڑوبن میتھل نائیٹریٹ -
EUMYDRIN میتھل آڑوبن آئی اوڈیڈ پر فلزاتی نائیٹریٹ
کا اثر ڈالنے سے بنتا ہے - سفید چمکدار بے بو سفوف ۱۶۳ اشنٹی گریڈ
کی حرارت پر گداخت ہوتا ہے - پانی اور الکحل مین بخوبی حل ہوتا ہے -
ایتھر اور کلوروفارم مین کم - اسکے ۱۰۰ حصے مین کا آڑوبن برابر ہے -
۹۰ حصے آڑوبن سلفیٹ سے - یہ ایک متسع الحدقہ اور مانع عرق ہے
جسکو بعوض آڑوبن سلفیٹ اندرونی اور بیرونی استعمال کرتے ہین -
بیان کیا جاتا ہے کہ بہ نسبت آڑوبن یہ پتلی کو جلد وسیع کرتا ہے جسکی اتساعی
حالت تھوڑی دیر تک قائم رہتی ہے - نظر بران یہ آڑوبن اور ہی ماڑوبن
کے درمیان ہے - بہ نسبت آڑوبن اس مین کم سمیت ہے - اسلئے زیادہ
مقدار مین استعمال کرتے ہین - خصوصاً یہ انیوری سنرڈیبیٹس مین پیشاب کرنا،
ہوپنگ کاف (کالی کھانسی) اور راتون کے پسینے مین مفید ثابت ہوا ہے -
مقدار خوراک - ½ سے ¼ گرین تک بطور مانع عرق اندرونی

استعمال کرتے ہین ۱/۲ یا اس سے زیادہ طاقت کا سولیوشن بطور متسع الحدقہ بیرونی استعمال کرتے ہین۔

یومی رولا۔ اس مرکب مین فلوئیڈ اکسٹراکٹ ٹیانگ کوی اسپی نم EUMEROLA (یومی نال، اکسٹراکٹ وی برنم اکسٹراکٹ ہیڈرائش لش کناڈن سنہزلیو بیولن فرس برونڈ۔ اَبیال اور صابون موجود ہی امراض بسنوان مین استعمال کرتے ہین۔

یومینال۔ ریاڈکس ٹیانگ کوی کا الکوڈ اکسٹراکٹ ہے جسکو احتاس حیض اور تعسر حیض مین استعمال کرتے ہین۔ EUMENOL

مقدار خوراک۔ ایک چاء کا چمچہ دن مین ۳ مرتبہ۔

یونال EUNOL مترادف۔ نیا فنہال یو کالپٹال۔

یونیاٹرال۔ مترادف۔ سوڈیم اولی ایٹ۔ EUNATROL ہلکی زرد رنگ لگدی جو الکحل اور ایتھر مین بخوبی حل ہوجاتی ہے۔ کولاگاگ یعنی بطور مخرج صفرہ ۳ ۱/۲ سے ۳۰ گرین تک روزانہ استعمال کرتے ہین۔

کولی لی تہیا سہزمین یہ نسخہ استعمال کرین۔

یونیاٹرال	۱۵ حصے
ٹنکچر دلیرین	۱۰ حصے

اکوامتھا پر پٹیا مع ادویہ ۲۰۰ حصے

مقدار خوراک - ایک میز کا چمچہ دن مین ۳ مرتبہ -

یوہم بن - یہ ایک قسم کا الکالائیڈ ہے جو یوہم بی ہی (کوری نان سٹھے یوہم بی) کی چھال سے نکالا جاتا ہے - یہ درخت افریقہ مین YOHIMBIN

پیدا ہوتا ہے - سفید منشور نما قلمین یا سفوف جسپر روشنی کا اثر ہونے سے زرد یا نارنجی رنگ کا ہو جاتا ہے - اس مین بنزال ڈی ہیڈ کی بو آتی ہے - الکحل میتھل الکحل اسی ٹون اور کلورو فارم مین حل ہو جاتا ہے - ایتھر اور بنزن مین کم مگر پانی مین نہین اسکو زیر جلد یا اندرونی بطور رمبی استعمال کرتے ہین - بیان کیا جاتا ہے کہ اسکا مبھی اثر بہ نسبت اسٹرکنن بہت قوی ہے - ۱/۱۰ سے ایک فیصدی کلسولیوشن بطور مقامی محرر لبوض کو کین آنکھ مین استعمال کرتے ہین - اسکے استعمال سے تساع الحدقہ نہین ہوتا ہے - نہ کارنیل ایپی تھی لیم پر کوئی اثر ہوتا ہے - یوہم بن کے استعمال سے خون کا دباؤ کم ہوتا ہے - اسکو بطور ہیڈرو کلورڈ استعمال کرتے ہین -

یوہم بن ہیڈرو کلورڈ - یوہم بن کو ڈائیلوٹ ہیڈرو کلورک آسڈ مین حل کر کے حرارت پر اڑا کر خشک کرنے سے بنتا ہے -

بے رنگ قلمین جو ۲۰۸ سنٹی گریڈ کی حرارت پر گداخت ہوتے ہین - پانی مین کم حل ہوتے ہین - اسکا ایک فی صدی کلسولیوشن زیر جلد استعمال کرتے ہین [illegible] اسکی گولیان بذریعہ ملک سنگ [illegible] بناکر تیار کرتے ہین -

مقدار خوراک ۔ ایک فی صدی کا سولیوشن ۵ سے ۱۵ منم تک ۔

یوہم بن ہیڈرو کلورائڈ ۔ ملاحظہ ہو بیان یوہم بن ۔

YOHIMBIN HYDROCHLORID

تمت بالخیر

فرہنگ

برکاتِ عثمانیہ

المعروف بہ

مخزن ادویہ جدیدہ

نوشتہ امیر حسن لکھنوی عفی عنہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

باب الف ممدودہ

آئینٹمنٹ ۔ مرہم ۔

آئی اوڈائیڈ آف ۔ پوٹاسیئم ۔ دیکھو بیان پوٹاسیئم آئی اوڈائیڈ ۔

آئی اوڈی گن ۔ آئی اوڈین اور البیومن کا مرکب ہے ۔

آئی اوڈیڈ ۔ آئی اوڈیز کا واحد ہے دیکھو بیان آئی اوڈیز در فرہنگ ہذا

آئی اوڈیڈ ۔ آف آئرن ۔ آئی اوڈین کا اثر آہن پر ڈالنے سے تیار ہوتا ہے ۔ اسکے خواص اور فوائد مثل آئی اوڈین اور آہن کے ہوتے ہیں ۔

مقدار خوراک ۔ ایک گرین سے ۵ گرین تک ۔

آئی اوڈیڈ ۔ آف آرسینک ۔ دیکھو بیان آرسینک آئی اوڈیڈ ۔

آئی اوڈیڈ ۔ آف پوٹاش دیکھو بیان پوٹاسیئم آئی اوڈائیڈ ۔

آئی اوڈیڈ ۔ آف پوٹاسیئم دیکھو بیان پوٹاسیئم آئی اوڈائیڈ ۔

آئی اوڈیڈ ۔ آف سوڈیئم ۔ دیکھو بیان

سوڈیم آئی اوڈائڈ۔

آئی اوڈائڈ آف مرکیوری۔ دیکھو بیان مرکیورک آئی اوڈائڈ۔

آئی اوڈائڈ آف میا لگانیز۔ پیا لگانس کاربونیٹ اور ہیڈروآئی اوڈک ایسڈ کا مرکب ہے۔ قلت خون کے سے امراض مین استعمال ہوتا ہے۔

مقدار خوراک۔ ایک گرین سے ۳ گرین تک

آئی اوڈائڈز یہ مختلف قسم کے مرکبات ہین جو آئی اوڈین سے بنائے جاتے ہین۔ مثلاً پوٹاشیم آئی اوڈائڈ۔ سوڈیم آئی اوڈائڈ وغیرہ۔

آئی اوڈزم۔ آئی اوڈین اور اُسکے مرکبات کو عرصہ تک استعمال کرنے سے جو عوارضات لاحق ہوجاتے ہین۔ اُن کو آئی اوڈزم کہتے ہین۔ مثلاً دردسر۔ زکام اور جلد پر ثبور کا نمایان ہونا وغیرہ وغیرہ

آئی اوڈن۔ دیکھو مضامین کتاب

آئی اوڈک آسڈ۔ آئی اوڈین اور نائٹرک آسڈ (تیزاب شورہ) پر آکسیجن کا اثر ڈالنے سے حاصل ہوتا ہے۔ بطور محرق کلگرون مین استعمال کرتے ہین۔ واضح ہو کہ بحالت مزمن وجع مفاصل۔ اسکے ایک مرکب "سوڈیم آئی اوڈیٹ" سے ایک گرین کی مقدار مین جلدی پچکاری کی جاتی ہے۔

مقدار خوراک ½ گرین سے ۳ گرین تک۔

آئی اوڈین۔ یہ ایک قسم کی دریائی گھاس سے نکالا جاتا ہے۔ مرکبات آئی اوڈائڈ بنانے کے لئے کام آتا ہے۔

مقدار خوراک۔ ¼ گرین سے ½ گرین تک

آئی اوڈین سولیوشن۔ آئی اوڈین سے بنایا ہوا محلول۔

آئی اوڈین کلورائڈ خشک کلورین گیس کو

آئی اوڈن پر ڈالنے سے بنتا ہے۔

آئی اوڈن مونو کلورائیڈ۔ اسکا دوسرا نام آئی اوڈن کلورائڈ بھی ہے۔ دیکھو بیان۔

آئی اوڈوائی سال۔ یہ ایک خوشبودار روغنی سیال ہے جو پانی مین حل نہین ہوتا مگر الکحل۔ ایتھر اور کلوروفارم مین حل ہوجاتا ہے۔ یہ نہایت قوی اینٹی سپٹیک (مزیل عفونت) ہے۔

آئی اوڈو اولی اک آسڈ۔ دیکھو مضامین کتاب۔

آئی اوڈو پیٹون۔ آئی اوڈن اور پیٹن کا مرکب ہے۔

آئی اوڈوزم۔ دیکھو بیان آئی اوڈزم

نوٹ۔ دراصل اسکا تلفظ آئی اوڈزم ہے غلطی سے کتاب مین آئی اوڈوزم طبع ہوگیا ہے

آئی اوڈسیالی سلک آسڈ۔ ٹنکچر آئی اوڈن کے چند قطرے بیاری ناک سیالی سلیٹ کے سولیوشن مین اسکی زردی قائم رہنے تک ٹپکائے جائین تو اس سے تین قسم کے آسڈ حاصل ہوتے ہین جن کے کیمیائی اصطلاحات حسب ذیل ہین:-

(۱) مونو آئی اوڈو سیالی سلک آسڈ۔

(۲) ڈائی آئی اوڈو سیالی سلک آسڈ۔

(۳) ٹرائی آئی اوڈو سیالی سلک آسڈ۔

آئی اوڈو سیالی سلیٹ آف مرکھ۔ دیکھو مضامین کتاب۔

آئی اوڈوفارم۔ آئی اوڈن۔ الکحل۔ اور الکلی (القلی) کا مرکب ہے۔ بطور مزیل عفونت پھوڑون وغیرہ پر چھڑکتے ہین۔

آئی اوڈوفارمن۔ دیکھو مضامین کتاب

آئی اوڈوفینال۔ آئی اوڈن اور کاربالک آسڈ کا مرکب ہے۔

آئی او ڈو کیا فین - دیکھو مضامین کتاب -

آئی او ڈول - دیکھو مضامین کتاب -

آئی او ڈو یا زو جن - دیکھو مضامین کتاب -

آئی او ڈی پن - دیکھو مضامین کتاب -

آئی او ڈیزم - دیکھو بیان آئی او ڈزم

آئی بو گا - لے برنیان تھے - یہ ایک درخت ہے جو مغربی افریقہ مین پیدا ہوتا ہے -

آئی ڈیال - نمونہ خوبی و کمال -

آئی رائی لٹس - (عربی) التہاب القرحیہ فارسی) سوزش پردۂ عنبیہ - (اردو) پتلی کے پردے کی سوزش -

آئی رس - (عربی) پردۂ عنبیہ - قزحیہ (اردو) پتلی کا پردہ -

آئی رش ورشی کلر - یہ درخت شمالی امریکہ مین ہوتا ہے - اس کا رب بطور مسہل اور مدر استعمال کرتے ہین -

آئی رس ورہی کلر - دیکھو بیان آئی رس ورہی کلر -

نوٹ - بجائے آئی رش ورسی کلر کے کتاب مین آئی رس ورہی کلر طبع ہو گیا ہے - ناظرین صحت فرمالین -

آئی رش - اس سے مراد آئی رش ماس ہے - دیکھو بیان آئی رش ماس -

آئی رش ماس - اسکو کیرگین بھی کہتے ہین - یہ ایک قسم کی کائی ہے - جو جزیرہ آئرلینڈ سے آتی ہے - اس کا فالودہ اس طرح بنایا جاتا ہے - کہ پہلے ٹھنڈے پانی مین اسکو کتر کے ڈالدیتے ہین - پھر گرم پانی یا یا گرم دودھ مین ملا دیتے ہین - جس مین یہ حل ہو جاتی ہے - اور سرد ہونے پر جم جاتی ہے

مقدار :- ایک حصہ کریگین اور ۳۰ حصے پانی یا دودہ -

آئرن - (عربی، حدید - (فارسی، آہن - (اُردو) لوہا -

آئرن اوکسالیٹ - دیکھو بیان فیرس اکسالیٹ -

آئرن آئی اوڈڈ - دیکھو بیان فیرس آئی اوڈڈ -

آئرن البیومن - البیومن اور آہن کا مرکب ہے - بطور مقوی خون استعمال کرتے ہین -

مقدار خوراک - ۳ گرین سے ۱۰ گرین تک -

آئرن البیومی نیٹ - آئرن اور سفیدی بیضۂ مرغ کا مرکب ہی - اسکو بطور سولیوشن استعمال کرتے ہین علی العموم اس کا فائدہ نمکیاتِ آہن کے مانند ہے -

مقدار خوراک - ۳ گرین سے ۱۰ گرین تک -

آئرن پائی روفاسفیٹ -

سوڈیم پائی روفاسفیٹ اور فیرک سلفیٹ کا مرکب ہی -

مقدار خوراک - ۲ گرین سے ۸ گرین تک -

آئرن پیپٹونیٹ - آہن اور پیپٹون کا مرکب ہے - یہ بطور شربت یا سولیوشن استعمال کیا جاتا ہے -

نوٹ - محض نمکیات آہن کے استعمال سے دانتون اور لعابدار جھلیون پر مضر اثر ہوتا ہی اسلئے اس مرکب کی صورت مین استعمال کرنے سے کوئی نقصان نہین پہونچیگا -

مقدار خوراک - ۳ گرین سے ۱۰ گرین تک -

آئرن پروٹائی لن دیکھو مضامین کتاب

آئرن پروٹوکلورائڈ - اسکا دوسرا نام فیرس کلورائڈ بھی ہے -

ہیڈرڈ کلورک آنڈ کے خشک کیا اس کا اثر

آگ مین سرخ کئے ہوئے لوہے پر گذارنے سے تیار ہوتا ہے۔

آئرن روبورائٹ ۔ دیکھو مضامین کتاب۔

آئرن سالٹ ۔ نمک آہن۔

آئرن سلفیٹ ۔ ہیرا کسیس۔

آئرن سیاکاریٹ ۔ دیکھو بیان فٹرائی سیاکاریٹ۔

آئرن کاربونیٹ ۔ دیکھو بیان فٹرائی کاربونس۔

آئرن کمپونڈ ۔ مرکب آہن مثلاً آئرن البیومی نیٹ اور آئرن یا ئی روفاسفیٹ وغیرہ۔

آئرن گلی سرو فاسفیٹ ۔ دیکھو مضامین کتاب۔

آئرن میاگنا نیز ۔ آہن اور میاگنانیز کا مرکب ہے۔

آئرن میاگنا نیز البیومی نیٹ ۔ آہن میاگنا نیز اور البیومن کا مرکب ہے۔

آئرن نکلی ان ۔ دیکھو مضامین کتاب۔

آئرن ہائی پوفاسفائیٹ ۔ دیکھو بیان فرنک ہائی پوفاسفائیٹ۔

آئی سوفارم ۔ دیکھو مضامین کتاب۔

آئی سونیا فتھال ۔ دیکھو مضامین کتاب۔

آئیس لینڈ ماس ۔ یہ بوٹی یورپ مین ہوتی ہے۔ بطور مُرقق (پھسلانیوالی دوا) ومتغذی (غذا دینے والی دوا) استعمال کرتے ہین۔

آئیل آف آرس ۔ روغن ایرسا۔ یہ روغن ایرسا سے نکالا جاتا ہے۔ خوشبو دینے کے لئے استعمال کرتے ہین۔ نوٹ مفصل کیفیت کے لئے دیکھو بیان آرس روٹ۔

آئیل آف آرنج ۔ (فارسی) روغن نارنج

(اُردو) نارنگی کا تیل۔

آئیل آف۔ آرنج فلور۔ (فارسی) روغن گل نارنج (اُردو) نارنگی کے پھولون کا تیل۔

آئیل آف اسپیرمنٹ۔ (عربی) دہن نعنع الاخضر (فارسی) روغن پودینہ سبز۔

آئیل آف۔ انسکاچ پائین۔ اس کا دوسرا نام آئیل آف پائی نس سلوس ٹرس ہی۔ یہ ایک قسم کے صنوبر کا درخت ہے۔ جسکو لاطینی زبان مین پائی نس سلوسٹرس کہتے ہین۔ اُس سے یہ روغن نکالا جاتا ہے۔ اس کے خواص و فوائد آئیل آف ٹرپین ٹائین کے موافق ہین۔

آئیل آف۔ ان جے لیکا یہ روغن ایک خوشبودار جڑ سے نکالا جاتا ہے۔ جسکو لاطینی زبان مین آرچن جلیکا آفی سی نالس کہتے ہین۔ یہ درخت یورپ اور ایشیا مین ہوتا ہے۔ دافع ریاح و مقوی معدہ ہے۔ دیگر مقویات کے ساتھ معدے کی کمزوری اور قولنج مین مفید ہے۔

آئیل آف۔ انیسس۔ روغن اینیسون۔ روغن بادیان خطائی۔

یہ روغن پمپی نیلا اینی سم۔ یعنے اینیسون اور اِنی کم وُلگیرم یعنے بادیان خطائی کو کشید کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ زیادہ تر یہ روغن مذکورۃ الآخر بادیان سے نکالا جاتا ہے۔ بطور کاسر ریاح مستعمل ہے۔

مقدار خوراک۔ ۲ منم سے ۳ منم تک۔

نوٹ۔ ہندوستان مین بھی ایک قسم کی بادیان ہوتی ہے۔ جسکو لاطینی زبان مین اُنی نی کیولم کیا پل لے سم کہتے ہین۔ چونکہ یہ تینون بادیان قریب قریب حاصل ہین اور اُن کے مشرقی ناموں مین مغالطہ کا احتمال ہے۔ اسلئے ذیل مین ان کے انگریزی

اور لاطینی نام اور بالمقابل اُن کے عربی و
فارسی مترادفات مع وجہ تسمیہ و منبت وغیرہ
بتلائے گئے ہین تاکہ ایک دوسرے سے
بآسانی تمیز ہوسکین۔

(۱) پمپی نِل لا اَنی سم
(انگریزی و لاطینی) اَنی سیڈ۔ انیسون اَنی سم
(یونانی) انیسون۔
(عربی) بزر الرازیانج الرومی۔ حب الحلو۔
کمون حلو (فارسی) بادیانِ رومی۔
(ہندی) رندنی۔
یہ بادیان بلاد یورپ و مصر و شام اور روم
وغیرہ مین پیدا ہوتی ہے۔ اس سے مشہور
و معروف روغن انیسون یعنے انیس آئیل
(جسکو عموماً سونف کا تیل کہا جاتا ہے) کشید
کیا جاتا ہی۔

(۲) اِل لی کم وِیرم۔
(انگریزی) اِسٹار انیس۔

(فارسی) بادیان خطائی۔
اس بادیان کا منبت اقصائے چین ہے۔
چونکہ یہ خطا مین پیدا ہوتی ہے اسلئے بادیان
خطائی کے نام سے مشہور ہے۔ اس سے بھی
انیس آئیل نکالا جاتا ہے۔
(لاطینی) فی نی کیولم ولگیر (فی نی کیولم کیاپل
سے مشتق)
(انگریزی) فینِل۔ فی نی کیولم۔
(عربی) رازیانج۔
(فارسی) رازیانہ۔ بادیان۔
(رومی) شمار۔
(ہندی) سولفہ۔
یہ بادیان ہند اور مغربی یورپ وغیرہ مین
ہوتی ہے۔ اس سے ایک روغن نکالا جاتا
ہی جسکو اُولیم فی نی کیولی کہتے ہین بطور
کاسر ریح مستعمل ہے۔
مقدار خوراک۔ ۱/۲ منم سے ۳ منم تک۔

ڈاکٹر فلک کی جرصاحب نے اپنی مولفہ کتاب فارماکوگرافیا یعنے تاریخ الادویہ مین اِس کی چار قسمین بتائی ہین ۔

(۱) سوئیٹ فینل ۔ بادیان شیرین ۔ یہ فرانس مین پیدا ہوتی ہے ۔

(۲) جرمن فینل ۔ بادیان جرمنی ۔ یہ بادیان ملک جرمنی مین پیدا ہوتی ہے ۔

(۳) وائلڈ یا بٹر فینل ۔ بادیان تلخ ۔ بادیان فرانس مین ہوتی ہے ۔

(۴) انڈین فینل ۔ بادیانِ ہندی ۔ یہ بادیان سوئیٹ فینل (بادیان شیرین) کے بالمقابل ہی ۔

آئیل آف اوری گانم ۔ روغن بقلۃ الغزال ۔ بجائے آئیل آف ۔ اوری گانم کے آئیل آف تھم ۔ بہم مستعمل ہے ۔ دیکھو بیان آئیل آف ۔ تھم ۔

نوٹ ۔ آئیل آف ۔ اوری گانم جس کا دوسرا نام اولیم آری گنی ہے ۔ بجائے اِس کے آئیل آف تھم ۔ عام طور سے یورپ مین مستعمل ہے ۔ چونکہ دونون کی خوشبو قریب قریب ایک ہے ۔ مگر درحقیقت ان دونون کے اشجار مین فرق ہے ۔ اسوجہ سے کہ آئیل آف تھم جس درخت سے نکالا جاتا ہے اُسکو تھائی مَس ۔ ولگیرس یعنے صعتر اور آئیل آف ۔ اوری گانم ۔ جس درخت سے حاصل کیا جاتا ہے اُسکو اوری گانم ولگیر یعنے درخت بقلۃ الغزا کہتے ہین ۔

آئیل آف ۔ اے ہیز ۔ کناڈن ہنز ۔ یہ روغن پائی نس کناڈنِ ہنز کے درخت سے نکالا جاتا ہے ۔ جو ریاستہائے متحدہ امریکہ مین ہوتا ہے ۔ مولف کی تحقیقات سے یہ ثابت ہوا کہ یہ صنوبر کی ایک قسم ہی

اسکا سیال رب اسہال مین مستعمل ہی۔

آئیل آف ۔ برنج ۔ یہ روغن ہیوٹیولا آلبا کی لکڑیون سے نکالا جاتا ہے جلدی امراض اور وجع مفاصل وغیرہ مین اس کا بیرونی استعمال کیا جاتا ہے۔

آئیل آف ۔ برگاموٹ ۔ یہ روغن سٹرس برگامیا (ایک قسم کی نارنگی جو یورپ مین پیدا ہوتی ہے) سے نکالا جاتا ہے۔ خوشبو دینے کے لئے استعمال کرتے ہین۔

آئیل آف ۔ برگاموٹا ۔ دیکھو بیان آئیل آف برگاموٹ۔

آئیل آف ۔ پائین ۔ دیکھو بیان پائی نس ہیوسیلو۔

آئیل آف ۔ پائی نس پی میلو۔ دیکھو بیان پائی نس پیومیلو۔

آئیل آف ۔ پائی نس سلوس ٹرس دیکھو بیان آئیل آف۔ اسکاچ پائین۔

آئیل آف ۔ پائی نی ۔ دیکھو بیان پائی نس ہیومیلو۔

آئیل آف ۔ پیپرمنٹ ۔ دیکھو بیان آئیل آف منتھا پیپریٹہ۔

آئیل آف پیپرمنٹ ۔ دیکھو بیان آئیل آف منتھا پیپریٹہ۔

آئیل آف پیچ ۔ (عربی) دہن النخوخ۔ (فارسی) روغن شفتالو (اردو) آڑو کا تیل۔ اسکا دوسرا نام اولیم اگ ڈالی پرسیکم ہے جسکو بعوض روغن بادام استعمال کرتے ہین۔

آئیل آف ۔ پیلو کارپس لیوز ۔ یہ روغن جبورانڈی کے پتون سے نکالا جاتا ہی۔ اس کا درخت امریکہ مین پیدا ہوتا ہے۔

آئیل آف ۔ تھم ۔ (فارسی) روغن صعتر (اردو) پہاڑی پودینہ کا تیل۔

یہ روغن یورپ مین آئیل آف۔ اوری گانم کے نام سے بھی فروخت ہوتا ہے۔ (دیکھو بیان آئیل آف۔ اوری گانم)

داخلاً مزیل عفونت۔ دافع تشنج۔ کاسر ریاح ہی۔ خارجاً بطور محمر (سرخ کرنے والا) مقابلہ کنندۂ سوزش اور وجع مفاصل مین مستعمل ہے۔

مقدار خوراک۔ ایک منم سے ۵ منم تک۔

آئیل آف۔ تھیوبروما۔ یہ روغن تھیوبروما کو کوسے نکالا جاتا ہی جسکا درخت امریکہ مین پیدا ہوتا ہے۔ اشیاء مقعد بنانیکے لئے مستعمل ہے۔

آئیل آف۔ ٹرپن ٹائین۔ روغن تارپین یہ روغن پائنس سلوسٹرس (ایک قسم کا صنوبر) اور دوسرے اقسام صنوبر سے جو امریکہ وغیرہ مین پائے جاتے ہین نکالا جاتا ہے۔ مقابلہ کنندۂ سوزش اور محمر (سرخ کرنے والا) ہے۔ اور وجع مفاصل مین بیرونی طور پر استعمال کرتے ہین۔

آئیل آف۔ جائی نوکارڈیا۔ روغن چال موگرا۔

جذام اور دوسرے جلدی امراض مین بیرونی استعمال کرتے ہین۔

آئیل آف۔ جونی پر۔ (عربی) دہن ثمرۃ العرعر (اردو) ابہل کے پھل کا تیل۔

یہ روغن جونی پر کم سیولس (نبات العرعر) کے درخت کے نیم پختہ ثمر سے بذریعہ ترکیب تقطیر نکالا جاتا ہے۔

جگر اور قلب کے استسقا مین بطور مدر استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ½ گرین سے ۳ گرین تک

آئیل آف۔ جونی پر۔ برینہ۔ دیکھو بیان آئیل آف جونی پر۔

آئیل آف۔ ریڈسی ڈر۔ یہ روغن جونی پیرس ورجی نیانا کی لکڑی سے

نکالا جاتا ہے جو ع ر یعنی اہبل کی قسم سے ہے۔ درخت مذکور شمالی امریکہ مین ہوتا ہی۔ یہ وہی لکڑی ہے۔ جسکے پنسل بنائے جاتے ہین اور سوزاک مین روغن صندل کے بدل کام آتا ہی اور بطور خوشبو کے بھی استعمال کرتے ہین۔

آئیل آف۔ روز۔ (عربی) عطر الورد (فارسی) عطر گل سرخ (اردو) عطر گلاب۔ اسکا دوسرا نام آٹو آف۔ روز بھی ہے۔ خوشبو دینے کے لئے استعمال کرتے ہین۔

آئیل آف۔ روز مری۔ روغن اکلیل الجبل۔

روز مری آفی سی نالس یعنے درخت اکلیل الجبل کے غنچون سے یہ روغن مقطر کیا جاتا ہی۔ بطور کاسر ریاح داخلاً مستعمل ہے۔ بال بڑھانے کے عرقیات (سر لوشن) مین اسکا اسپرٹ (شراب اکلیل الجبل) ملایا جاتا ہے۔ مقدار خوراک۔ ایک منم سے ۳ منم تک۔

آئیل آف۔ ساسافراس۔ یہ روغن ساسافراس آفی سی نیل کی جڑ سے نکالا جاتا ہے۔ اسکا درخت شمالی امریکہ مین ہوتا ہی بطور محمر (سرخ کرنے والا) اور بطور مسکن مالش کے روغنات مین ملا کر مرہم وجع مفاصل مین استعمال کرتے ہین۔ اور سخن وغیرہ کو خوشبو دینے کے لئے بھی استعمال کرتے ہین۔ مقدار خوراک۔ ایک منم سے ۵ منم تک۔

آئیل آف۔ سٹرونل لا۔ ڈاکٹر محی الدین شریف صاحب نے اسکا نام عطر گنجنی تحریر فرمایا ہے۔ یہ روغن انڈرو پوگن ناردس کی گھاس سے نکالا جاتا ہے۔ پہاڑی مقامات پر پنجاب مین پیدا ہوتا ہے۔ سنگاپور اور سراندیپ مین اس گھاس کی کاشت کی جاتی ہے۔ صابون سازی وغیرہ مین خوشبو دینے کے لئے مستعمل ہے۔

آئیل آف۔ سرپل لم۔ یہ روغن

تھائی مس سرپل لم سے نکالا جاتا ہے۔ جو صعتر
(پودینہ کوہی) کی ایک قسم ہے جو ہند مین ہوتی ہے

آئیل آف سنیمن۔ دیکھو بیان آئیل آف۔
کیاسیا۔

آئیل آف سیج۔ یہ روغن سالویا آفی
سی نالس۔ سے نکالا جاتا ہے۔ بطور مقوی
و قابض دیتے ہین۔

آئیل آف۔ سے ون۔ روغن سابینا
اس کا دوسرا نام آئیل آف۔ سبینا بھی ہے۔
یہ روغن سیبون ٹاپس سے نکالا جاتا ہے۔
یہ بوٹی یورپ مین پیدا ہوتی ہے جو مدر حیض
اور پیدا کنندۂ سوزش ہے۔
مقدار خوراک۔ ایک منم سے ۴ منم تک۔

آئیل آف۔ صندل۔ روغن صندل۔

آئیل آف۔ کلوز۔ (عربی) دہن القرنفل
(اردو) روغن لونگ۔ یہ روغن لونگ کو مقطر
کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ داخلاً بطور کاسر
ریاح و دافع تشنج اور بیرونی محرک (سرخ کرنیوالا)
اور مقابلہ کنندہ سوزش ہے۔
مقدار خوراک ۱ منم سے ۳ منم تک۔

آئیل آف۔ کیاجی پٹ۔ دیکھو بیان
کیاجی پٹ آئیل۔

آئیل آف۔ کیاراوے۔
(عربی) روغن کمون رومی (فارسی) روغن
کرویہ روغن زیرۂ رومی۔
یہ روغن کرویہ کو مقطر کرنے سے حاصل
ہوتا ہے۔ خوشبودار اور کاسر ریاح ہے۔
مقدار خوراک ۱ منم سے ۳ منم تک۔

آئیل آف۔ کیاسیا۔
(عربی) روغن قرفہ (فارسی) روغن تج
قلمی۔ روغن سلیخہ۔ یہ روغن سنے مومم
کیاسیا (جو ایک قسم کی دار چینی ہے)
سے نکالا جاتا ہے۔ اسکا درخت ملک
چین مین پیدا ہوتا ہے۔ روغن دارچینی کے

مطابق اسکے بھی خواص و فوائد ہین۔
مقدار خوراک ½ منم سے ۳ منم تک۔
نوٹ۔ عام طور سے سینمن آئیل یعنے روغن دارچینی جو فروخت ہوتا ہی وہ یہی آئیل آف کیاسیا ہے۔ مولف برٹش فارماسیوٹیکل کا ڈکس نے اس دارچینی کو نقلی قرار دیا ہے۔ اور دوسری انگریزی طبی کتابون مین بھی یہی مذکور ہے اصلی دارچینی کے درخت کا نام سنے مومم زیلانی کم اور اسکے روغن کا انگریزی نام آئیل آف سنیمن ہے۔ اسکا درخت سیلون یعنے سراندیپ مین پیدا ہوتا ہی۔ بجاے آئیل آف سنیمن کے آئیل آف کیاسیا استعمال کرنیکی اجازت کتب مذکورہ مین دی گئی ہے۔

آئیل آف کیڈ۔ روغن عرعر قطرانی۔

یہ روغن جو نی پیرس آکسی سیڈرس (جو ایک قسم عرعر کی ہے) کی لکڑی کو جلانیسے حاصل ہوتا ہے۔ جلدی امراض مین لگاتے ہین۔

آئیل آف گال۔ تھے ربا۔

اسکا دوسرا نام ونٹر گرین آئیل ہے۔ یہ روغن گل تھے ربا پرو کمبنس کے درخت کے پتون سے نکالا جاتا ہے۔ وجع مفاصل مین داخلاً و خارجاً بعوض سیالی سلیشن استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۵ منم سے ۱۵ منم تک۔

آئیل آف لاونڈر۔ روغن خزامی۔

یہ روغن درخت لاونڈولا ویرا کے غنچون سے نکالا جاتا ہے۔ انگلستان اور فرانس مین اس درخت کی کاشت کی جاتی ہے۔ بطور معطر اور کاسر ریاح استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۱/۲ منم سے ۳ منم تک ۔

آئیل آف لیمن ۔ روغنِ لیموں ۔ یہ روغن لیموں کے تازہ قشر (پوست) سے نکالا جاتا ہے ۔ بطور محرک و کاسرِ ریاح و خوشبو مستعمل ہے ۔

مقدار خوراک ۱/۲ منم سے ۳ منم تک ۔

آئیل آف لے وِس ٹی کم ۔ یہ روغن لے وِس ٹی کم آفی سی نیل کے درخت سے نکالا جاتا ہے ۔

آئیل آف مر ۔ یہ روغن مُرہ یعنی بول سے نکالا جاتا ہے ۔

آئیل آف مسٹرڈ ۔ (فارسی) روغن خردل ۔ (اُردو) رائی کا تیل ۔

آئیل آف مِنتھا آر وِن سِز ۔ (عربی) روغن فودینج ہندی ۔ روغن نعنع الہند ۔

یہ روغن منتھا آر وِن سِز سے نکالا جاتا ہے ۔ خواص و فوائد آئیل آف پیپرمنٹ کے مانند ہیں ۔ یہ وہی مشہور و معروف پودینہ ہے جو عام طور پر چٹنی وغیرہ میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

آئیل آف مِنتھا پیپرے ٹا ۔ یہ روغن منتھا پیپریٹہ کے پتوں سے نکالا جاتا ہے ۔ جو ایک قسم کا پودینہ ہے جو عام طور پر یورپ میں پایا جاتا ہے ۔

وجہ تسمیہ ۔ پیپر زبان انگریزی میں مرچ کو اور منٹ پودینے کو کہتے ہیں ۔ چونکہ اس پودینہ کو چکھنے سے مرچ کی سی سوزش ہوتی ہے ۔ اس وجہ سے اسکا نام پیپرمنٹ یعنے نعناع فلفلی رکھا گیا ۔

نظام معدی و معوی کے لئے خوشبودار محرک کاسر ریاح ہے ۔

مقدار خوراک ۱/۲ منم سے ۳ منم تک ۔

آئیل آف نٹ مگ ۔ روغن جوز

یہ روغن جوزسے بذریعہ تقطیر نکالا جاتا ہے
جس کا درخت جزیرۂ ملاکا مین پیدا ہوتا
ہے۔ بطور کاسر ریاح استعمال کرتے ہین
مقدار خوراک۔ ½ منم سے ۳ منم تک۔

آئیل آف۔ نیرولی۔ اِس کا
دوسرا نام آئیل آف آرنج فلور ہے۔
دیکھو بیان آئیل آف آرنج فلور۔

آئیل آف وایولیٹ۔ روغن بنفشہ۔
یہ روغن گل بنفشہ سے نکالا جاتا ہے۔

آئیل آف۔ ورے نا۔
یہ روغن ورے نا اوڈورا ٹا سے نکالا جاتا
ہے۔ چونکہ لیمن گراس آئیل اور آئیل آف ورے نا
کی خوشبو یکسان ہے اسلئے علی العموم
بجاے آئیل آف۔ ورے نا کے آئیل
آف لیمن گراس ہندوستان یورپ
مین فروخت ہوتا ہے۔ چنانچہ رونجنا صاحب
نے اپنی کتاب سنو نمز یعنے کتاب المترادفات
مین آئیل آف۔ ورے نا کا دوسرا نام لیمن گراس
آئیل تحریر کیا ہے۔

ڈاکٹر محی الدین شریف صاحب نے اپنی
کتاب ضمیمہ قرابادین ہندیہ مین آئیل آف
لیمن گراس کو روغن چا کشمیری لکھا ہے۔
بطور محرک کاسر ریاح دافع تشنج و معرق
استعمال کرتے ہین ہیضہ مین بھی مفید ہے
خارجًا وجع مفاصل مین بھی استعمال
کرتے ہین۔

آئیل آف۔ ورم وُڈ۔ روغن افسنتین
یہ روغن افسنتین کی جڑ سے نکالا جاتا ہے۔

آئیل آف۔ ولے رین۔ روغن
ولیرین۔
ولیریانا آفی سی نالس کی جڑ سے یہ روغن
نکالا جاتا ہے۔ چونکہ مثل ولیرین کے اسکے
خواص و فوائد ہین اسلئے بجائے ولیرین
استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک - ۴ منم سے ۵ منم تک -
(مزید صراحت کے لئے دیکھو بیان ولیرین)

آئیل آف ونٹر گرین - اسکا دوسرا نام آئیل آف گل تھے ریا ہی - (دیکھو بیان آئیل آف گل تھے ریا)

آئیل آف - ہالپس - یہ روغن ہیوسیوس لیوپولس سے کشید کیا جاتا ہے - یہ درخت شمالی امریکہ مین پیدا ہوتا ہے - بطور مقوی معدہ - محرک و مدر استہا استعمال کرتے ہین (دیکھو بیان ہاپ)

آئیل آف - یوکالپٹس - یہ روغن یوکالپٹس گلوبیولس سے نکالا جاتا ہے - یہ درخت جزیرہ ٹیاسمی نیا مین پیدا ہوتا ہی بمقام نیلگری اسکی کاشت ۱۸۶۳ء مین کیگئی تھی جس مین اب نہایت کامیابی کے ساتھ زیادتی ہورہی ہے - ڈاکٹر واٹ صاحب نے لکھا ہے کہ اہل مدراس نے اسکو کرپورا مارم کے نام سے نامزد کیا ہے -

آئیل پالی نی - دیکھو بیان پالی نس پیومیلو -

آئیل پیپرمنٹ - دیکھو بیان آئیل آف منتھا - پیپریٹہ -

آئیل کال تھے ریا - دیکھو بیان آئیل آف کال تھے ریا -

آئیل آف - ونٹر گرین - دیکھو بیان آئیل آف گال تھے ریا -

آئیل ہملاک - یہ روغن درخت پائی نس کناڈن سز سے حاصل ہوتا ہے - جو صنوبر کی ایک قسم ہے - ملک امریکہ مین پیدا ہوتی ہے -

آئیل یوکالپٹس - دیکھو بیان آئیل آف یوکالپٹس -

آئیلڈ سلک - تیل مین تر کردہ ریشم روغن لگایا ہوا ریشمی پارچہ ہے جو بھوڑون کو محفوظ رکھنے کے لئے

مستعمل ہے۔

آب آگندہ۔ (عربی) مخلوط الماء (فارسی) آب آمیختہ (اردو) پانی ملایا ہوا جیسے ڈائیلوٹ سلفیورک آسڈ یعنی آب آگندہ تیزاب گندھک۔

آب آگندہ الکحل۔ پانی ملایا ہوا الکحل۔

آب آگندہ حموضات۔ پانی ملے ہوئے تیزاب۔

آبشار۔ دیکھو بیان اسپرے۔

آتو۔ عطر۔

آتو آف۔ آرس۔ عطر ارسا۔ خوشبو دینے کے لئے استعمال کرتے ہین۔

(مزید تفصیل کے لئے دیکھو بیان آرس وٹ)

آتو مائی زر۔ یہ ایک قسم کا آلہ ہے جس مین سیال ادویہ بھر کر اڑائے جاتے ہین۔

آراز۔ ایک قسم کے بحیس کنندہ پتھر کے موجد کا نام ہے۔

آربروی ٹائی۔ یہ درخت امریکہ مین پیدا ہوتا ہے جو ایک قسم کا سرو ہے۔ اسکا دوسرا نام تھوجا آکسی ڈنٹالس ہے۔

آربر ایک لاطینی زبان کا لفظ ہے جسکے معنی شجر کے ہین اور وی ٹائی یہ بھی لاطینی زبان کا لفظ ہے۔ جسکے معنی حیات یعنے زندگی کے ہین۔ اس بنا پر اس کا ترجمہ آربروی ٹائی یعنے شجر الحیات ہے۔ اسکے جوشاندے کو حمام سے متقطعہ یعنے باری کے بخار اور وجع مفاصل مین استعمال کرتے ہین۔

آربیوٹن۔ دیکھو مضامین کتاب۔

آرتھرائٹس۔ (عربی) التہاب المفصل۔ (ہندی) جوڑونکی جلن۔

آرتھو آکسی نیٹرو اک آسڈ۔ سیالی سلک آسڈ کا دوسرا نام ہے۔ دیکھو بیان سیالی سلک آسڈ۔

آرتھو فارم۔ دیکھو مضامین کتاب۔

آرتھو کری سال۔ دیکھو بیان کری سالز۔

آرٹی زیو اسکلی روسز۔ شریانکی دیوارون کا سخت ہوجانا۔

آرٹی کیولر ریومیاٹزم۔ وجع مفاصل کی ایک قسم ہے۔

آرٹی می سیامیاری ٹائی ما۔ (یونانی، ساریقون (عربی)، افسنتین البحر (فارسی) شیح۔ یہ وہی نبات ہے جس سے سنٹونین نکالی جاتی ہے۔

آرجن ٹامن۔ دیکھو مضامین کتاب۔

آرجی آل۔ دیکھو مضامین کتاب۔

آرجی روسز۔ ایک عرصے تک چاندی کے مرکبات استعمال کرنے سے جو دھبے پیدا ہوں اُسکو آرجی روسز کہتے ہیں۔

آرس روٹ۔ (لاطینی، آئی ری ڈس ہی زوما۔ ریاڈکس آئی ری ڈس فلورن ٹینا۔ (یونانی) ایرسا۔ (عربی، جذر سوسن آسمان جونی۔ چونکہ ایرسا کو حکمائے یورپ نے زیادہ تر خوشبو کے لئے استعمال کیا ہے اسلئے طبی افعال وخواص سے قطع نظر کرکے ازروئے تحقیقات جدیدہ اُس کے اقسام اور مناسبت وغیرہ تحریر کرنے پر اکتفا کیجاتی ہے۔

نوٹ۔ معلوم ہوتا ہے کہ لفظ ایچ آئی ری کی بگڑی ہوئی صورت ہے۔

ایرسا ایک خوشبودار جڑ ہے جو حسب ذیل
اقسام کے آئی رس سے نکالی جاتی ہے۔
(۱) آئی رس جرمانیکا۔
(۲) آئی رس پالی ڈا۔
(۳) آئی رس فلورن ٹینا۔
وجہ تسمیہ۔ گل ایرسا کا رنگ قوس قزح کے
مشابہ یعنی مرکب بہ سفیدی وزردی اور
کبودی ہوتا ہے اور لغت یونانی مین
ایرسا کے لفظی معنی قوس قزح کے ہین اسلئے
اسکا نام ایرسا رکھا گیا۔
اسکے ہر سہ اقسام مندرجۂ بالا ملک اطالیا
مین اور بقول ڈاکٹر واٹ صاحب مولف
ڈکشنری آف انڈیا (پیداوار ہندوستان)
ہند مین آئی رس جرمانیکا اور کشمیر مین آئی رس
فلورن ٹینا کی کاشت ہوتی ہے۔
ازمنہ ماضیہ مین یہ بطور مدر اور مسہل استعمال
کیا جاتا تھا مگر زمانہ حال مین منجن اور مختلف
پوڈرون کو خوشبو دینے کے لئے استعمال
کرتے ہین۔
ایرسا سے ایک قسم کا عطر بھی نکالا جاتا ہے
جسکو انگریزی مین آٹو آف آرس کہتے ہین
جو کوئی ایرسا کے مفصل خواص و اعمال
وغیرہ معلوم کرنا چاہتے ہین
مخزن الادویہ و محیط اعظم اور کتاب المعتمد
فی الادویۃ المغروہ اور خواص الادویہ مین
ایرسا و سوسن کا بیان دیکھین۔ ہم متقدمین
اطبا کے نہایت ممنون و مشکور ہین جنہون نے
بیحد دلچسپی و جانفشانی سے ادویہ مفردہ
کی تحقیق و تدقیق کی ہے۔ جزاہم اللہ
خیر الجزاء۔

آرسو فیرن۔ دیکھو مضامین کتاب۔

آرسی کوڈائیل۔ دیکھو مضامین کتاب۔

آرسی لنس آسڈ۔ اس کا دوسرا
نام آرسینک ہے۔

(عربی) سم الفار۔
(فارسی) سنکھیا۔
آرسی نس آکسہڈ۔ اس کا دوسرا نام آرسی نس آسڈ ہے۔
(دیکھو بیان)
آرسی نک۔ (عربی) سم الفار۔ (فارسی) سنکھیا۔
آرسی نک آئی اوڈڈ۔ آئی اوڈن کا اثر سم الفار پر ڈالنے سے تیار ہوتا ہے۔ آتشک اور ٹیوبرکیولوسز (مادہ سل) میں دیتے ہیں۔
مقدار خوراک ۱/۱۰ گرین سے ۱/۵ گرین تک۔
آرسینک آسڈ۔ سم الفار اور تیزاب شورہ کو جلانے سے حاصل ہوتا ہے۔ اسکے مرکب سوڈی آرسی نس اور فرائی آرسی نس استعمال کئے جاتے ہیں۔
آرسینک بروماڈ۔ برومین اور سم الفار کا مرکب ہے۔ ذیابیطس اور صرع میں استعمال کرتے ہیں۔
مقدار خوراک ۱/۱۰ گرین سے ۱/۱۲ گرین تک۔
آرسینک بڑائی آکسہڈ۔ آرسینک کا دوسرا نام ہے۔
آرسینک ڈائی آکسہڈ۔ سم الفار کا ایک مرکب ہے۔
آرسینک کلورڈ۔ ہائیڈروکلورک آسڈ (تیزاب نمک) کا اثر سم الفار پر ڈالنے سے تیار ہوتا ہے۔
آرکائی لس۔ سوزش انثیین۔
آرکائی ٹک گوٹ۔ نقرس بہ سبب سوزش انثیین۔
آرگوٹن۔ دیکھو مضامین کتاب۔
آرگیانک۔ عضوی۔
عالمان کیمیا سے جدید نے حقائق الاشیا یعنے موالید ثلاثہ کی تحقیق کو دو نوع میں تقسیم

کیا ہے۔

صنف اول مین حیوانات و نباتات شامل ہین اور صنف ثانی مین جمادات۔ تقسیم اولی کو اصطلاح کیمیا مین آرگیانک اور تقسیم ثانویہ کو ان آرگیانک کہتے ہین۔ چونکہ حیوانات و نباتات مین مادہ نشو نما ہے اور جمادات مین مادہ نمو نہین ہے۔ اسلئے آرگیانک کا ترجمہ عضوی اور ان آرگیانک کا ترجمہ غیر عضوی کیا گیا ہے۔

آرگیانک آئی اوڈن۔ بنائی آئی اوڈن۔

آرگیانک آئرن۔ بنائی آہن (یعنے نبات سے حاصل کردہ آہن)

آرگیانک آسڈ۔ بنائی تیزاب۔

آرگیانک البیومن۔ وہ البیومن جو نباتات اور حیوانات سے نکالا گیا ہو۔

آرگیانک میاٹر۔ مادۂ عضوی۔

آرنج۔ (فارسی، نارنج اُردو) نارنگی۔

آرنج پیل۔ (عربی، قشر نارنج۔ فارسی، پوست نارنج۔ (ہندی) نارنگی کا چھلکا۔

آرنیکا ٹنکچر۔ یہ ٹنکچر آرنیکا مان ٹے نا کے درخت کی چھال سے بنایا جاتا ہے۔ جو وسط یورپ مین ہوتا ہے۔ موچ وغیرہ مین خارجاً استعمال کرتے ہین۔

آرنیکا ڈیکاکشن۔ جوشاندہ آرنیکا مان ٹے نا۔

دیکھو بیان آرنیکا۔

آرہوون۔ دیکھو مضامین کتاب۔

آرہی نال۔ دیکھو مضامین کتاب۔

آرسیائی رن۔ دیکھو مضامین کتاب۔

آرسیا راجن۔ دیکھو مضامین کتاب۔

آسپیار اگس - (عربی) بلیون -
(فارسی) مارچوبہ -
(ہندی) ناگدون -

آسٹیوملے شیا - (عربی) لین العظام
(اُردو) ہڈیون کا نرم ہو جانا -

آسڈ - (عربی) حامض - (فارسی) تیزاب -

آسڈ البیومین - ڈائیلوٹ ہیڈروکلورک
آسڈ (آب آمیختہ تیزاب نمک) اسی ٹاک آسڈ -
(تیزاب سرکہ) کو سیرم یا سفیدی ہفتہ مرغ
مین ملانے سے جو سفید پرت دار رسوب
حاصل ہون اُنکو آسڈ البیومین کہتے ہین -

آسڈ اولی اک - دیکھو بیان
اولی اک آسڈ -

آسڈ بنزواک - (عربی) حامض حصے
لبان - حامض جاویک -
(ہندی) عود کاست -
یہ آسڈ بذریعہ ترکیب تصعید بنزائن یعنی
الجاوی سے یا بذریعہ صناعت کیمیاوی
ٹولومین سے نکالا جاتا ہے - سیالی سلک آسڈ
کے مطابق اسکے بھی اثرات ہین -
سوزش مثانہ مین استعمال کرتے ہین -
مقدار خوراک ۵ گرین سے ۱۵ گرین تک
نیز مفصل کیفیت کے لئے دیکھو بیان
بنزائن -

آسڈ پیپسن سولیوشن - پیپسن
(دیکھو بیان) کا محلول جو بذریعہ آسڈ
بنایا گیا ہو -

آسڈ وسپ سیا - (عربی) حموضہ مضی
(فارسی) بدہضمی بوجہ ترشی -

آسڈ کیا مفورک - حامض الکافور -
کافور پر نائٹرک آسڈ (تیزاب شورہ)
کا اثر ڈالنے سے تیار ہوتا ہے -
سل مین استعمال کرتے ہین -
مقدار خوراک ۵ گرین سے ۱۵ گرین تک -

آسڈ کیوبے بک - حامض الکبابہ - یہ آسڈ کباب چینی سے نکالا جاتا ہے - سوزاک مین استعمال کرتے ہین - مقدار خوراک - ۵ گرین سے ۱۵ گرین تک -

آسڈ لیا کٹو فاسفیٹ آف لائم - کیالسیم لیا کٹیٹ اور کیالسیم فاسفیٹ کا مرکب ہے -

آسما پاوڈر - وہ سفوف جسکی دھونی دمہ کی بیماری مین دی جاتی ہے -

آسما سگریٹس - مخصوص ادویہ سے بنائے ہوئے سگریٹ جو دمہ مین استعمال کئے جاتے ہین -

آفی شیل سولیوشن - وہ محلول جو مطابق فارما کوپیا تیار کیا گیا ہو -

آکسڈ - آکسیجن جب کسی عنصر کے ساتھ ملے گا تو جو نتیجہ کہ اس فعل و انفعال سے حاصل ہوگا اُس کو آکسڈ کہتے ہین -

آکسڈ آف بزمتھ - دیکھو بیان بزمتھ آکسڈ -

آکسڈ آف زنک - دیکھو بیان زنک آکسڈ -

آکسڈس - آکسڈ کی جمع ہے -

آکسی اسٹرکنین - اسٹرکنین سلفیٹ اور پوٹاسیم نائٹرائیٹ کا مائی سولیشن تیار کرکے ان دونون کو ملاتین تو ایک تہہ نشین حاصل ہوگا - اس تہہ نشین کو آکسی اسٹرکنین کہتے ہین -

آکسی پروبینک آسڈ - اسکا دوسرا نام لیا کٹک آسڈ ہے - (دیکھو بیان)

آکسی ٹیوبرکیولن - دیکھو مضامین کتاب :

آکسی جن - یہ ایک گیاس یعنی غاز ہے جو ۱۷۷۴ء مین دریافت ہوا تھا - یہ گیاس ہوا اور پانی مین موجود ہے - چنانچہ جب ایک حصّہ گیاس کا دو حصے ہیڈروجن کے ساتھ ملتا ہے تو پانی ہو جاتا ہے - انسانکی زندگی کا انحصار اس ہی گیاس پر ہے -

آکسی جن گیاس - دیکھو بیان آکسی جن

آکسی ڈائزڈ - جب کسی دہات پر آکسی جن کا اثر ہو تو اس کو آکسی ڈائزڈ کہتے ہین -

آکسی سائی نائیڈ آف مرکیوری - سائی نوجن گیاس اور سیماب کا مرکب ہے خناق وبائی و سرخ باد اور جلدی امراض مین خارجاً استعمال کرتے ہین -

آکسی کے ٹڈ فرس سلفیٹ - اس کا صحیح تلفظ اکسی کے ٹیڈ فرس سلفیٹ ہی - مگر اس طرح طبع ہو گیا ہے جو غلط ہے اسلئے دیکھو بیان آکسی کے ٹیڈ فرس سلفیٹ

آکسی ہی موگلوبن - وہ ہی موگلوبن جس مین آکسی جن موجود ہو -

آلائین - یہ جوہر آلو زبارہ دونہ یعنے صبر بدی سے نکالا جاتا ہے - بطور مسہل مستعمل ہے -

مقدار خوراک - ½ گرین سے ۲ گرین تک -

آل اس ٹونیا گنس - یہ درخت ملک آسٹریلیا مین ہوتا ہے اسکی چھال کو ملیریائی بخارون کے دفع کرنے کے لئے استعمال کرتے ہین

آل بارجن - دیکھو مضامین کتاب

آل بھیا آفی سی نالس - (عربی) بنات خطمی خیرو -

آل تھی پاؤڈر - سفوف بیخ خطمی -

آل ٹرے ٹیو - مبدل -

آل چی ملیا وسکے رس - یہ جڑ یورپ مین پائی جاتی ہے جسکو بطور اندمال زخم اور قابض استعمال کرتے ہین -

آلڈر بارک - اس کا دوسرا نام فرانگیولا بارک ہے - یہ جڑی یورپ مین پیدا ہوتی ہے - اسکے لکھوڈ اکسٹراکٹ کو بطور مسہل استعمال کرتے ہین -

آلڈر فلور - دیکھو بیان الڈر فلور -

آلسٹرز - دیکھو بیان آلسٹرز -

آلفا یوکین ہیڈرو کلورڈ - دیکھو بیان یوکین -

آلفا نیا فتہال - نیافتہال کی ایک قسم ہے جسکو بطور انٹی سپٹک استعمال کرتے ہین -
مقدار خوراک ۲ گرین سے ۵ گرین تک -

آلم - (فارسی) شب یمانی -
(ہندی) پھٹکری -

آلوز - (عربی) صبر -
(ہندی) ایلوا -

آلوز سکوٹرینا - صبر سقوطری -

آلہ شموم - سونگھنے کا آلہ -

آلیو آئیل - روغن زیتون -

باب الف مقصورہ

اب ڈومن - (عربی) بطن -
(فارسی) شکم -

ابڈاس ٹال - دیکھو مضامین کتاب -

ابڈن - دیکھو مضامین کتاب -

اب سولیوٹ الکحل - خالص الکحل یعنے جس مین پانی نہو -

ابسارپیا سج - ہوا کی نالیون کا بالائی حصہ -

اَپریشن - (عربی) اعمال یا لید - عملیہ (فارسی واُردو) جراحی -

اَپو کوڈین - یہ ایک قسم کا اَلکا لائیڈ جو کوڈین سے نکالا جاتا ہے - نہایت عمدہ مخرج بلغم ہے -

اَپو لائی سن - دیکھو مضامین کتاب -

اَپو مارفن - یہ ایک قسم کا اَلکا لائیڈ ہے - جو مارفن سے نکالا جاتا ہے - جسکو بطور مقوی زیر جلد استعمال کرتے ہیں -

اِپیال - دیکھو مضامین کتاب -

اِپی کیاک - درخت سائی کو ٹریا اِپیکاکوانا کی جڑ کا سفوف ہے -

½ گرین سے ۲ گرین تک مخرج بلغم - ۵ گرین سے ۳۰ گرین تک مقیٔ ہے -

اِپی لیپ سی - (عربی) صرع - (ہندی) مرگی -

التساع الحدقہ - حدقہ کو پھیلانیوالی دوا -

اَٹاک سِل - دیکھو مضامین کتاب،

اَٹرابی لن - دیکھو مضامین کتاب -

اَٹروپین - یہ جوہر درخت بلاڈونا کی جڑ سے نکالا جاتا ہے -

التساع القرنیہ (آنکھ کی تلی پھیلانے کے لئے) بطور سولیوشن مستعمل ہے -

اَٹروپین سلفیٹ - اٹروپین اور سلفیورک آسڈ کا مرکب ہے - التساع القرنیہ یعنے آنکھ کی تلی پھیلانے کے لئے بطور سولیوشن مستعمل ہے -

اثنا عشری دیکھو بیان اعضائے اثنا عشری -

اجمود - دیکھو بیان اے یم پیڑو سلی نم -

احراق السرما - یا لامارنا (سردی کھانا)،

اَڈیپس لیانی - اسکا دوسرا نام اَن ہیڈرس لیانولن یا صرف وُل فیٹ

یا اُن ہیڈرس وُل فیاٹ ہے - یہ ایک قسم کی چربی ہے جو بکرون کے اون یعنی پشم سے نکالی جاتی ہے - بطور زمین مزاہم مستعمل ہے - جب اسکے ۷۰ حصے میں ۳۰ حصے پانی ملایا جاتا ہے تو اُس کو لیانولین یا ہیڈرس وُل فیاٹ بھی کہتے ہین -

اُڈرن - دیکھو مضامین کتاب -

اُڈری نال - دیکھو مضامین کتاب -

اُڈری نالن - دیکھو مضامین کتاب

اُڈری نالن سولیوشن - اڈری نالن کا سولیوشن (دیکھو بیان اڈری نالن)

اڈری نالن کلورائیڈ - دیکھو بیان اُڈری نالن -

اُڈری نالن کلورائیڈ سولیوشن - دیکھو بیان اڈری نالن در مضامین کتاب -

اُڈری نالن کلورائڈ - دیکھو بیان اڈری نالن در مضامین کتاب -

اُڈری نالن ہیڈروکلورائڈ دیکھو مضامین کتاب در بیان اڈری نالن -

اُڈلٹ - جوان -

اُڈلف رن - سپراری نل گلانڈ کا قوی الاثر جوہر فعال ہے - اسکے خواص و فوائد اڈری نالن کے مطابق ہین - دیکھو بیان اڈری نالن -

اُڈولس وُرنالس - یہ ایک قسم کا درخت ہی جو ہندوستان مین نہین ہوتا بلکہ ایشیا اور یورپ کے مختلف ممالک مین پیدا ہوتا ہے اسکو انگریزی مین برڈس آئی وُڈ کہتے ہین اس مین ایک گلوکوسائڈ پایا جاتا ہے جس کا نام اڈونالی ڈن ہی اسکے اثرات ڈیجی ٹیلس سے ملتے ہین -

اُڈی سن ڈزیز - چونکہ اس مرض کو سب سے پہلے ڈاکٹر اڈی سن صاحب نے دریافت

کیا ہے اسلئے صاحب موصوف کے
نام سے موسوم ہے۔ اس مین گردیکی
ٹوبیان ماؤف ہوجاتی ہین جسکی وجہ سے
دل کمزور اور خون مین کمی اور جلد کی رنگت
نحاسی ہوجاتی ہے۔

اَڈی سَنز ڈزیز۔ اڈی سن صاحب کے
امراض (دیکھو بیان اڈی سن ڈزیز)

اَڈی نائی اُلس۔ غدود کی سوزش

اِرارروٹ۔ حسب تحقیقات ڈاکٹر واٹ صاحب
اسکی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ باشندگان میکسیکو
(امریکہ) زہر آلود تیر استعمال کرتے تھے
جس کا زخم اس جڑ کے بیرونی استعمال
سے چنگا ہوجاتا تھا۔ اسلئے اس کا نام
اے رو روٹ یعنے تیرون کے زخم کو
شفا بخشنے والی جڑ رکھا گیا۔

یہ ایک قسم کا نشاستہ ہی یا رن ٹا آہن
ڈی نے شیا کے اصول السبطر یعنے
گڈون سے نکالا جاتا ہے۔ جو جزائر
ویسٹ انڈین مین پیدا ہوتے ہین۔
جزائر مذکورہ جنوبی امریکہ کے ساحل پر
واقع ہین۔ سینٹ ونسینٹ نامی جزیرہ
بھی وہین واقع ہے جہان اراروٹ
بالخصوص نہایت نفیس اور اعلیٰ ہوتا ہے۔
ولایت کے مشہور و معروف مارٹن کمپنی کا
جو اراروٹ ہوتا ہے وہ اسی جزیرہ کی
پیداوار ہے۔ غالباً آپنے مارٹن کمپنی
کے اراروٹ کے ڈبے کے لیبل پہ
ملاحظہ فرمایا ہوگا۔

جزیرہ برمیوڈا کا اراروٹ بھی نہایت
مشہور و معروف ہے غرضکہ متعدد قسم
کے گڈون سے اراروٹ حاصل کیا جاتا
ہے۔

ڈاکٹر واٹ صاحب کا یہ قول ہے
کہ ہند مین بھی ایک قسم کے اراروٹ کے

گڈے ہوتے ہین جنکو لاطینی زبان مین
گرّ کیوما انگنس ٹی فولیا" اور ہندی
مین تی کھر اور دکھنی مین ارارروٹ کے
گڈے کہتے ہین۔
اِرباسنٹا۔ اِی ریوڈکٹی ین۔
کیالی فورنی کم کے خشک پتے ہین۔ یہ
درخت ملک کیالی فورنیا مین پیدا ہوتا
ہے۔ دمہ اور کرانک برانکائی ٹس مین
استعمال کرتے ہین۔ آلات البول کی سوزش
مین بھی مفید ہے۔ یہ بطور فلوئیڈ اکسٹرکٹ زیادہ مستعمل ہے
مقدار خوراک ۱۵ منم سے ۶۰ منم تک
اَرٹی ریو اسکلی روسز۔ شریانونکی
دیوار کا سخت ہو جانا۔
اَرٹی کے ریا۔ (فارسی) شری
(ہندی) پتی۔
اَرٹیکل۔ دیکھو مضامین کتاب
اَرگٹ۔ سی کیل سی رئیل جسکو انگریزی
مین رائی کہتے ہین۔ یہ گندم کے قسم کا اناج
ہے اور یورپ مین ہوتا ہے۔
ڈاکٹر خلیل خیر اللہ صاحب نے اپنی مولفہ
کتاب قاموس طبی مین اسکا عربی نام شلیم
اور جوید ار بتلایا ہے۔
ڈاکٹر واٹ صاحب نے اسکا ترجمہ پراڈکٹس
آف انڈیا (کتاب پیداوار ہندوستان)
مین بہ زبان افغانی گندم وار کیا ہے۔
کلاوی سپس پرپیوریا جو ایک قسم کا
فنگس (دیکھو بیان پوری لی یم اوری
زی فنگس) یعنے قطر ہے جب اس کا
اثر مزروع سی کیل سی رئیل یعنے جوید ار
پر ہوتا ہے۔ تو ارگٹ مین مبتدل ہو جاتا
ہے۔ اور فنگس کا اثر اناج مذکور پر گویا
ایک مرض کا لاحق ہونا ہے۔ چنانچہ ہند
مین اسی قسم کا مرض گیہون اور جو پر بھی
ہوتا ہے جسکی وجہ سے وہ سخت و زہریلے

اور ناقابل استعمال ہو جاتے ہین۔

اِرگٹ رحم کو سکیڑتی اور جریان خون کو روکتی حمل کو ساقط کرتی ہے۔

مقدار خوراک ۳۰ گرین سے ۶۰ گرین تک۔

اِرگوٹن دیکھو مضامین کتاب در بیان اِرگوٹنز۔

اِرگوٹی ننکرسٹل۔ یہ ایک قسم کا الکلائڈ ہے جو ارگٹ سے نکالا جاتا ہے۔

اَرومیاٹک۔ (عربی) افاویہ (اردو) خوشبودار ادویہ۔

اَرومیاٹک ایسیٹک آسڈ۔ خوشبودار تیزاب سرکہ یعنے ایسی ٹک آسڈ۔

اَرومیاٹک الکسر۔ کمپونڈ اسپرٹ آف آرنج یعنے مرکب شراب نارنج۔ شراب سادہ الکحل اور آب مقطر کا مرکب ہے۔ بطور بدرقہ استعمال کرتے ہین۔

اَرومیاٹک پاوڈر۔ اس کا دوسرا نام پلوس سینمن کمپونڈ یعنے مسفوف دارچینی مرکب ہے۔

یہ مسفوف دارچینی دانہ ہیل اور زنجبیل خشک سے مرکب ہے۔

معدی دمعوی کا سریر راج ہے اور اسہال مین استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۱۰ گرین سے ۴۰ گرین تک۔

اَرومیاٹک ٹنکچر۔ یہ ایک قسم کا خوشبودار ٹنکچر ہے جسمین الائچی لونگ وخولنجان وغیرہ شریک ہین۔ بطور محرک ومعطر استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک ۔ ۳۰ منم۔

اَرومیاٹکس۔ اَرومیاٹک کی جمع ہے۔ (دیکھو بیان)۔

اَرومیاٹک فلوئڈ اکسٹریکٹ کیا سکیارا اسگریڈ۔ خوشبودار

سیال رب کیا سکیارا سنگرینڈا خوراک
وافعال واستعمال اکسٹراکٹ کیا سکیارا
سنگرینڈا کے مطابق ہین (دیکھو بیان)
اَرومیاٹک کارڈیل - اس کا دوسرا
نام ارومیاٹک الکسر ہے (دیکھو بیان)
اَرومیاٹک واٹر - خوشبودار
عرق جیسے لونڈر واٹر - یا کلان واٹر -
اِری تھی ما - جلد کا سرخ ہونا -
اِری سپلاس - سرخ باد -
اِری کائنٹ (عربی) نوفل -
(اردو) سپیاری -
اسپائیک نارڈ - (عربی)
سنبل الطیب ہندی (اردو) جٹامانسی
اِسپائی نل - (عربی) نخاع -
(اردو) حرام مغز -
اِسپائنل کنال - ورٹیبرل کالم
کی نالی - مجرائے فقرات ظہری - ریڑھ
کے ستون کی نالی - حرام مغز کے گذرنیکی
نالی -
اِسپارٹین - ایک قسم کا الکالائیڈ
ہی جو درخت برُوم ٹائپس سے نکالا جاتا ہے
یہ درخت یورپ مین ہوتا ہی -
اِسپارٹین سلفیٹ - اسپارٹین کا
سلفیورک آسڈ ملایا ہوا مرکب ہی -
اِسپازموڈک آسمانشنی دمہ
اَسپٹک - مادہ فاسدہ سے
یعنے جراثیم سے پاک وصاف کیا ہوا -
اَسپٹک آئیل - اسٹری لائزڈ
کیا ہوا روغن زیتون جسکو بذریعہ حرارت
جراثیم سے پاک کر لیا گیا ہو اس قسم کے
تیل مین دوسری ادویہ ملاکر جلد کے نیچے پچکاری کرتے ہین
اَسپٹک سولیوشن - اسٹری لائزڈ
کیا ہوا محلول یعنی جسکو بذریعہ حرارت جراثیم
مادہ سے پاک وصاف کیا ہو -

اسپرٹ ۔ روح شراب ۔

اسپرٹ آف ۔ امونیا ۔ (انگریزی امونیا فوزٹ اور الکحل کا مرکب ہے ۔ بطور دافع تشنج اور محرک استعمال کرتے ہیں ۔

مقدار خوراک ۱۰ منم سے ۳۰ منم تک ۔

اسپرٹ آف ۔ ایتھر نائٹرس ۔ اسکا دوسرا نام نائٹرک ایتھر ہے ۔ جو تیزاب شورہ تیزاب گندھک مس ۔ (تانبا) اور الکحل کو باہم ملا کر کشید کرنے سے بنتا ہے ۔

یہ اسپرٹ دافع حرارت ۔ مقرق ۔ ۔ ۔ اور مدر محرک ہے ۔

مقدار خوراک ۶۰ منم سے ۹۰ منم تک ۔

اسپرٹ آف ۔ پیپرمنٹ ۔ (عربی) شراب النعناع ۔

(اردو) پودینہ کی شراب ۔

روغن پودینہ ایک حصہ الکحل (۱۰ فیصدی) ۱۰ حصے تک ۔ یہ ایک قوی ہاضم اور کاسر ریاح ہے ۔

مقدار خوراک ۵ منم سے ۲۰ منم تک ۔

اسپرٹ آف ۔ ٹرپن ٹائین ۔ اس کا دوسرا نام ٹرپن ٹائین ہے (دیکھو بیان)

اسپرٹ آف ۔ روز ۔ شراب گل سرخ ۔

بعض ادویات میں خوشبو کے لئے شامل کیجاتی ہے ۔

اسپرٹ آف ۔ روزمری ۔ ڈاکٹر واٹ صاحب نے اپنی مولفہ کتاب پراڈکٹس آف انڈیا میں روزمری کا ترجمہ عربی میں اکلیل الجبل کیا ہے اس بنا پر اسپرٹ آف روزمری کو شراب اکلیل الجبل کہہ سکتے ہیں ۔

خوشبودار اور کاسر ریح ہے ۔

اسپرٹ آف ۔ کلوروفارم ۔

دیکھو بیان اسپرٹ ایتھر کلورائی۔

اسپرٹ آف۔ کیا مُقَر۔ شراب کا نور محرک مسکن۔ دافع تشنج کا سریع۔ مخرج بلغم ہے۔

مقدار خوراک ۵ منم سے ۲۰ منم تک۔

اسپرٹ آف۔ گلونائین۔ اسکا دوسرا نام سولیوشن آف نائٹروگلی سرن ہے (دیکھو بیان)

اسپرٹ آف۔ لِمن۔ شراب لیموں ادویات مین خوشبو پیدا کرنیکے لئے استعمال کیجاتی ہے۔

اسپرٹ آف مِسٹرڈ۔ (عربی شراب خردل۔

اسکو بیرونی استعمال کے لئے مقام درد پر لگاتے ہین۔

اسپرٹ آف۔ نائٹر۔ دیکھو بیان اسپرٹ آف ایتھر نائٹرس۔

اسپرٹ امونیا آرومیاٹک۔ آئیل آف رَنٹ مگ (روغن جوز) آئیل آف لیمن (روغنِ لیموں) الکحل۔ آب مقطر اور لائیکر امونیا فورٹ کا مرکب ہے۔

بطور محرک استعمال کرتے ہین۔

مقدار خوراک۔ ۲۰ منم سے ۶۰ منم تک متعدد مرتبہ دینے کے لئے اور ایکوقت کے لئے ۶۰ منم سے ۹۰ منم تک۔

اسپرٹ ایتھر کلورائی۔ اس کا دوسرا نام کلورک ایتھر ہے۔

یہ ایک عمدہ قوی محرک اور دافع تشنج ہے

مقدار خوراک ۵ منم سے ۲۰ منم تک

جب متعدد وقت دینا ہو۔ اور ایک وقت کے لئے ۳۰ منم سے ۶۰ منم تک

اسپرٹ کلورو فارم۔ دیکھو بیان اسپرٹ کلورائی۔

اسپرٹ لاونڈر۔ (عربی) شراب خزامی۔

(اُردو) شراب لاونڈر۔

اسپرٹ لیامپ۔ یہ ایک قسم کا چراغ ہوتا ہے جس مین بجائے تیل اسپرٹ جلائی جاتی ہے۔

اسپرٹس ایتھر۔ ایتھر اور الکحل کا مرکب ہے۔

تحریک کرنے والا۔ دافع تشنج اور کاسر ریح ہے۔

مقدار خوراک۔ اگر ٹھہر ٹھہر کے دینا ہو تو ۲۰ منم سے ۶۰ منم تک۔ اگر ایک وقت دینا ہو تو ۶۰ منم سے ۹۰ منم تک۔

اسپرٹس ایتھر نائٹرس۔ دیکھو بیان اسپرٹ آف ایتھر نائٹرس۔

اسپرمیاسی لی۔ شحم السمک۔ وہیل مچھلی کے سر کی چربی ہے جسکو بطور رخاوت یعنے جلد کو ملائم و نرم کرنیکے لئے استعمال کرتے ہین۔

اسپرمین۔ دیکھو مضامین کتاب۔

اسپرو۔ (عربی، قلاع (فارسی) جوشش دہن (اُردو) مُنھ پکنا۔

اُسپرے۔ (فارسی) آبشار۔ ایک قسم کا آلہ ہے جسمین سیال مادہ بھر کر بذریعہ ہوا اُڑایا جاتا ہے۔

اسپنج۔ اسفنج۔

اسپیانش پیپر۔ یہ ایک قسم کی مرچ ہے جو ملک اندلس (اسپین) مین پیدا ہوتی ہے۔

اسپی ناچ۔ اس کا صحیح تلفظ اسپی ناخ اور یہ دراصل اسفاناخ (بالک) کی بگڑی ہوئی صورت ہے۔ دافع قبض سریع الہضم۔ اور عرقت البول (پیشاب کی جلن) کو مفید ہے۔

اِسپی نَال - دیکھو مضامین کتاب -
اَس سِتھنے نیا - کم قوتی -
اِسٹارچ - (عربی) نشا (اُردو) نشاستہ -
اِسٹافی لوکاکس پائی اوجی نیز پیس - یہ ایک قسم کے جراثیم ہین جو ہوا اور پانی اور پیپ مین پائے جاتے ہین -
اِسٹاگ ہن - دیکھو مضامین کتاب -
اَسِٹ اَنی لِڈ - یہ انٹی فبرن کا دوسرا نام ہے (دیکھو بیان)
اِس ٹپ ٹک - (عربی) حابس الدم (اُردو) خون کو روکنے والی دوا -
اِس ٹپ ٹی سِن - دیکھو مضامین کتاب -
اِسٹرامونیم - دھتورے کی ایک قسم ہے -

تشنج کو دفع کرتا ہے - اور اُس دمہ مین جو بوجہ تشنج ہو مفید ہے -
نوٹ - ڈاکٹر واٹ صاحب نے اپنی مولفہ انگریزی کتاب پراڈکٹس آف انڈیا - (پیداوار ہندوستان) مین جوزماثل یعنی دھتورے کے ۵ اقسام بتائے ہین جن مین یہ بھی شامل ہے - مگر اسکا مشرقی زبانون مین کوئی نام نہین بتلایا گیا ہے لہذا ناظرین اسکو جوزماثل کی ایک قسم سمجھین -
اِسٹرامونیم لیوز - (عربی) اوراق جوزماثل (اُردو) دھتورے کے پتے (دیکھو بیان اسٹرامونیم)
اِسٹرانشیم آئی اوڈڈ - اس مرکب مین اسٹرانشیم (ایک قسم کی دھات) اور آئی اوڈن موجود ہے -
دمہ - وجع مفاصل اور غشار جوف قلب کی

سوزش مین مفید ہے۔
مقدار خوراک ۵ گرین سے ۲۰ گرین تک
اِسٹرانشیم آرسینک۔ اس مرکب مین اِسٹرانشیم (ایک قسم کی دھات) اور سنکھیا موجود ہے۔
بطور مبدل اور مقوی جلدی امراض مزمنہ اور ملیریا مین استعمال کرتے ہین۔
مقدار خوراک ½ گرین سے $\frac{1}{15}$ گرین تک۔ گولی بناکر استعمال کرتے ہین۔
اِسٹرانشیم فارمیٹ۔ اِسٹرانشیم دھات اور فارمک آسڈ کا مرکب ہے
اِسٹرانشیم فاسفیٹ۔ اِسٹرانشیم دھات اور فاسفارک آسڈ کا مرکب ہے۔
اِسٹرانگ۔ قوی۔
اِسٹرانگ سولیوشن آف امونیا۔ اسکا دوسرا نام لائکر امونیا فورٹ ہے۔ امونیا گیاس کا قوی عرق جو ایک اکال زہر ہے۔ اسکو صرف بیرونی استعمال کرتے ہین۔
اِسٹرنٹو کاکسی۔ جراثیم کی ایک قسم ہے۔
اِسٹرکچر۔ تضیق۔ تنگی۔
کسی دباؤ یا سوجن کی وجہ سے نالیونکا تنگ ہوجانا۔
اِسٹرکنن سلفیٹ۔ اسٹرکنن اور سلفیورک آسڈ کا مرکب ہے۔
اِسٹرکنین۔ جوہر کچلہ۔
یہ ایک قسم کا الکلائڈ ہے جو جب الغا یعنی کچلہ سے نکالا جاتا ہے۔ قوی ترین زہر مانا گیا ہے۔ تقویت معدہ و دل اور عام کمزوری مین مفید ہے۔
مقدار خوراک ½ گرین سے $\frac{1}{15}$ گرین تک۔
اِسٹرکنین سلفیٹ۔ دیکھو بیان

اسٹرکنن سلفیٹ -

اسٹرکنن فاسفیٹ - جوہر کچلہ کے ساتھ فاسفورس ملایا ہوا مرکب ہے - اسکے افعال و خواص و خوراک اسٹرکنین کے مطابق ہین -

اسٹرکنین گلی سرو فاسفیٹ - گلی سرو فاسفارک آسڈ اور اسٹرکنیا کا مرکب ہے -

اسٹرکنین میتھل آرسی نیٹ - جوہر ازاراقی مرکب بہ سبزل افارمین میتھل کا کیمیاوی ذرہ ملانے سے تیار ہوتا ہے - اس مین بہ نسبت اسٹرکنیا کے تشنجی مادہ بہت ہی کم ہے -

اسٹرکنین نائٹریٹ - جوہر ازاراقی اور تیزاب شورے کا مرکب ہے امراض بواسیر الفراش و رعشہ اور وجع المعدہ مین مفید ہے -

مقدار خوراک - ۱/۲۰ گرین سے ۱/۱۵ گرین تک

اسٹرکنین ہائپو فاسفائیٹ - اسٹرکنین اور ہائپو فاسفارک آسڈ کا مرکب ہے -

اسٹرکنیا - اسٹرکنن کا دوسرا نام ہے دیکھو بیان اسٹرکنین -

اسٹرنجنٹ - قابض -

اسٹروفیان تھن - درخت اسٹروفیان تھس کوم بی کے تخم ہین - یہ درخت مشرقی افریقہ مین پیدا ہوتا ہے اور بطور ٹنکچر استعمال کئے جاتے ہین - مقوی قلب و مدر ہین -

مقدار خوراک - ۱/۲ گرین سے ایک گرین تک -

اسٹروفیان تھن - یہ جوہر اسٹروفیان تھس سیڈس سے نکالا جاتا ہے -

مقدار خوراک - ۱/۲۰ گرین سے ۱/۱۲ گرین تک -

اسٹرُوما۔ (عربی) خنازیر۔ (ہندی) کنٹھ مالا۔

اسٹری لائنرڈ۔ خوردبینی جراثیم کو بذریعہ حرارت فنا کرنا۔ مثلاً جب ہسٹالوجیکل کو اسٹری لائزڈ کرنا منظور ہو تو اُسکو کسی مصفیٰ برتن مین آنچ دیتے رہین یہانتک کہ دو جوش آجائین۔

اسٹمکیک۔ مقوی معدہ۔

اسٹوراکس۔ (عربی) میعہ سائلہ (یونانی) اسطرک (اردو) سلارس۔

اسکا دوسرا نام لکوئڈ امبر بھی ہے۔ مثل بالسم پیرو اسکے بھی اثرات ہین۔ ایک کو چار حصے کا مرہم بنا کر جلدی امراض اور خارش مین استعمال کرتے ہین۔

نوٹ۔ معلوم ہوتا ہے کہ اسٹوراکس یونانی اصطرک کی بگڑی ہوئی صورت ہے۔ ڈاکٹر واٹ صاحب نے اپنی مولفہ انگریزی کتاب پراڈکٹس آف انڈیا پیداوار ہندوستان مین اور ڈاکٹر ہان بری صاحب مولف فارماکوگرافیا نے بحوالہ تاریخ الادویہ لکھا ہے کہ اُنکی تحقیقات سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ متقدمین اطبا مثلاً دیسقوریدوس وغیرہ نے جس اصطرک کا ذکر کیا ہے وہ اسٹائی ریاکس آفی سی نالس کا زفت یا بس (خشک رال) ہے جبکا درخت روم و شام و ایشیائی کوچک وغیرہ مین ہوتا ہے۔ مگر اب یہ بالکل ناپدید ہے اصطرک صادق کے مانند ایک قسم کا زفت سیال یعنے میعہ سائلہ درخت لکوڈ امبر اوریان ٹالس سے نکلتا ہے جو فی زمانہ بجاے اصلی کے مستعمل ہے محیط اعظم و مخزن کا مطالعہ کرنیکے بعد میری یہ راے ہے کہ دیسقوریدوس نے

جس صنع کا ذکر کیا ہے غالباً وہ یہی رنگ
یا بس یعنی اصطرک ہوگا جو شجر رومی سے
نکلتا ہے جبکا منبت بھی اقصای روم ہے
اسٹوئکیک - دیکھو بیان اسٹمگیک -
اسٹوسیڈا فلوریس - (عربی)
الہتاب الفم رتفاع (فارسی اسورش
دہن -
اسٹومی کیک - دیکھو بیان
اسٹمگیک -
اسٹومیٹن - دیکھو مضامین کتاب
اسٹی رک آسڈ - حموض شحمی -
یہ ایک قسم کا تیزاب ہے جو چربی مین
ہمراہ بال می نک آسڈ اور اولی اک آسڈ
کے پایا جاتا ہے -
اسٹی رن - اسکا دوسرا نام اسٹی رک آسڈ
ہے - (دیکھو بیان)
اسٹی رولین - زرد رنگ روغنی

سیال جو شینا نک آسڈ یعنے حامض دارچینی
سے نکالا جاتا ہی -
اسٹی ری سال - دیکھو مضامین
کتاب -
اسٹی رے سن - سلارس کا جوہر
ہے - بطور انٹی سپٹک اور محرک استعمال
کرتے ہین -
اسٹی ری لن - دیکھو مضامین
کتاب -
اسٹیم - بخار - بھاپ -
اسٹیو ہلنٹ - محرک -
اسفاسلی نک آسڈ - یہ ایک قسم کا
آسڈ یعنے حموض ہے جو ارگٹ مین
پایا جاتا ہے -
اسفاسی لی نک آسڈ - دیکھو بیان
اسفاسلی نک آسڈ -
اسفنگ موجی ہن - دیکھو مضامین کتاب

اسفیاگ نال - دیکھو مضامین کتاب -

اسقاط حمل - حمل کا گرنا -

اسکا پیولی - (عربی) کتف - عظم الدوح - (فارسی) شانہ - (ہندی) کھوا -

اسکارلٹ فیور - تپ سرخ - ایک قسم کا متعدی بخار ہے جس مین گلا متورم ہو جاتا ہے - اور دو روز کے بعد جسم پر سرخ دھبے نمودار ہوتے ہین -

اسکا مونی - (یونانی) سقمونیا - (عربی) محمودہ -

